دست اور پا کا تو کہ جنمین ایک شخص کا بیٹا تو اور لگا دیوین اور انسان کو تو
باندہ کر جھوٹہ اور بہتانکو تو یا کہ وہ بن جنا ہوا بیٹا تو ڈالین اور پر وہ جھوٹہ لگاتے
سید الانبیا نے فرمایا تو یون حدیث صحیح مین آیا تو کہ لگا دین جو اور کو طوفان تو
جبکہ بیٹی سے اور کی نسوان تو تو ہی بولی بہت اوسپہ حرام تو مولوی نے کیا ہے
یون ارقام تو اور نہ بحکم وہ چلین ہو کر تو تجھسے احکام شرع مین یکسر تو تین بیعت
قبول کرا وینسے تو یعنے اقرار اجر پر اوسنے تو اور معافی اونہین خدا سے چاہ تو
یعنے بخشائے اونکے حق سے گناہ تو کہ ہے اللہ بخشنے والا تو مہر والا بیان سے بالا تو
فتح کے روز اوتری آیت یہہ تو یون ہی انوار مین روایت یہہ تو کہتے ہین بیعت
رجال سے جب تو بیٹھے فارغ ہوئے نبی عرب تو یہ چین بیعت کیواسطے نسوان تو لگے
بیعت لگی نبی زبان تو کہ اس آیت کو لائے روح امین تو حق نسوان مین نبی کی تو
اور حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہین کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یبایع
النساء بالکلام بھذہ الایۃ لا یشرکن باللہ شیئا وقالت وما مست ید رسول اللہ صلعم ید امراۃ الا امراۃ یملکھا
یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہ بیعت لیتے تھے عورتون سے ساتھہ کلام کے اس آیت سے
لا یشرکن باللہ شیئا اور کہا اونہون نے کہ نہین چھوا حضرت کے دست مبارک نے ہاتھہ
کسی عورت کا مگر اوس عورت کا ہاتھہ کہ مالک ہوتے وہ اوسکے اور اسمینہ ہے رفیقہ
مروی ہے کہ کہا اونہون نے کہ بیعت کی ہمنے حضرت رسول اللہ علیہ وسلم سے بہت
عورتونمین اور عرض کی ہمنے کہ مصافحہ کیجیے ہمسے فرمایا آپنے مصافحہ عورتون سے نہین
کرتا ہون سوا اسکے نہین کہ قول میرا ایک عورت کے لئے مثل قول ہر ایک کے
سے واسطے سو عورتونکے پس پیری و مریدی یہہ اصل ہے مگر ان دونون مین

اگر غور کرکے دیکھین تو ظاہر ہوسکتا ہے کہ شرائیط اور حقوق پیری اور مریدی کے
مہمل اور پراگندہ ہین نہ ہمکو آثار حقایق پیری سے خبر ہے اور نہ اخبار دقایق مریدی کا
اثر اگر شمہ صفت پیری و مریدی کی شرح کیجائے تو اسمین شک نہین ہے کہ اقصائے
عالم کے پیر و مرید یہہ گمان کرین کہ ہم سب خطا و غلطی پر ہین - ہیہات کہان پیری
اور کجا مریدی نقل ہے کہ حضرت ابو القاسم گرگانی قدس سرہ جو پیر جن و انس کے
تھے اور کئے ہزار مریدان صاحب دل رکھتے تھے باینہمہ یہہ فرماتے تھے کہ مین
چاہتا ہون کہ جہان مین کوی میرا مرید ایسا ہو کہ اوسکا پوست تن سے جدا کرکے
گھاس اوسمین بھرون اور آفتاب کی گرمی مین لٹکاؤن تا جہانیان کو ظاہر
ہو کہ مرید کیا ہے جو مرید کہ اپنے پیر کے تصرف سے آگے قدم بڑہائے اوسکو مرید
حقیقی نہ کہینگے — اور مرید حقیقی جبکہ کلی ارادت اور اختیار سے خالی ہوگیا اور
کمالیت معرفت و سعادت مین منتہی تو اعیان مین کامل ہوجاتا ہے بیت تا
ترک مراد خود نگیری صد بار نکبار مراد در کنارت ناید و اور خداوند تعالے
اصحاب رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مبایعت مین پہلے اسی مفلسی اور نامرادی کے
تلقین فرمایا ہے فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینہم ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت
ویسلموا تسلیما یعنے ایمان انہون کا جب کامل ہوگا کہ جسوقت تجھے ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم
اپنا حاکم گردانین اور وہ جو کچھہ انہون کو تو حکم فرماوے دلون مین انہونکے
سرگرانگی اور گرانی نرہے اور بالکلیہ تیرا حکم تسلیم اور قبول کرلیوین — جبکہ
صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے ارادت اور اختیار سے پیش حکم رسالتمآب کے
پاک و صاف ہوئے اسوقت کمالیت دین اور تمامی نعمت و سعادت

حاصل کئے۔ الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا نص ہی
اوپر اس ماجرے کے جبکہ جناب رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام
کو ساتھ اس کمال کے کمل یا یا دو سرون کو واسطے ہدایت اُنونکے ارشاد فرمایا
اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اھتدیتم اور پھر جملہ تابعین اور تبع تابعین کی کہ علمائے
امت ہے تعریف کرکے فرمایا کہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل۔ العلماء ورثۃ الانبیاء ماسوا ہے
انکے متابعت کرے اور بیعت انکے وسیلہ سعادت آخرت اور نجات اور
درجات عقبیٰ سمجھے بظاہر شرط پیری کے اول یہہ ہے کہ پیر مسلک صحیح رکھتا ہو
دوسری یہہ کہ پیر ادای حق شریعت بین قاصر اور متہاون نہو تیسری
شرط یہہ کہ عقاید درست موافق مذہب سنت وجماعت کے ہو اور ان تینون
شرطونکا بیان مختصر یہہ ہے کہ۔ شرط اول جو مسلک صحیح ہے مرید صادق کو
لازم ہے کہ تفحص درست سلسلہ کا کرے چونکہ اکثر جا خلط ملط ہوجاتا ہے چنانچہ
اکثر ایسا ہوتا ہے کہ درویش اپنی زندگانی مین بباعث غفلت یا کم توجہی
اور کوی دوسرے سبب سے اپنے فرزند کو خلافت نہین دیتے اور اوس مقام کے
لوگون کو بہی وصیت نہین کرتے کہ بعد میرے میرا خرقہ میرے فرزند کو
پہناؤ اور اوسکو میرے جائی پر بہٹلاؤ مگر لوگ اوس مقام کے بر زرسوم
خرقہ پدر کا پسر کو پہناتے ہین اور اوسکو بجائے پدر بہٹلاتے ہین لیکن صحت اور
غیر صحت سے کچہہ کام نہین رکہتے ہین اور عامہ خلایق بیعت مین اوس
فرزند کی اسیر ہوجاتی ہے اور وہ بے اجازت اور بے رخصت پدر پیر
بن جاتا ہے اگرچہ خرقہ پدر کا بطریق متروکہ وارث ملک پسر ہوا مگر شرط صحت

پیری کا بالاجمال

بیعت رخصت و اجازت ہے نہ مجرد پوشش خرقہ پدر یہہ کچھہ ضلالت سے
کم نہین ہے نوع دوسری وہ ہے کہ اولیاے سلف کہ قطب اور غوث تھے
انہونکے فرزند بی بی بے صحت استاد اور بغیر رخصت اور بلا اجازت کے صرف
بیک نسبت فرزندی خلایق کو مرید کرتے ہین اور لوگ اوس مقام کے فخر یہہ
کہتے ہین کہ پیوند درست ملا اور ہم خانوادہ ہین فلان قطب و غوث کے ہین حالانکہ
اسکو بی گمراہی کہنا چاہئیے - جاننا چاہئیے کہ سلسلہ بی درست کرنا شرط اول ہے
جملہ شرایط پیری سے شرط دوسری یہہ ہے کہ پیر عالم اور عامل ہوے اوپر
جملہ عبادات یعنے فرایض اور واجبات اور سنن اور نوافل اور مستحبات کے
اور ادا کرنے ہین احکام شریعت کے قاصر اور سستی نکرے اور اگر انواع
عبادت پر عالم ہو تو عامل بی ہو سکیگا لہذا پیر کو نہ چاہئیے کہ مقام حقیقت سے
گر کر طریقت پر قرار لے اور جو شخص کے طریقت سے گر کر شریعت پر قرار پاوے
اور شریعت سے بی گرے پس سمجھا جائیگا کہ وہ گمراہ ہے اور مرد گمراہ پیر کے لایق نہین ہے
اسواسطے کہ درویشی مرجع خلق اللہ کی ہے اور اکثر خلایق بیعت پر اوسکی رجوع
ہوتی ہے پس اوسکو احتیاط جزئیات شریعت پر فرض و لازم ہے چاہئیے کہ
ایک دقیقہ دقایق شرع سے فوت نہونے پاوے تا باعث گمراہی مریدون کا نہو
اگر احیانا پیر سے کوی خلاف شرع لغزش ہو جاے تو مریدین اوسکو وثیقہ کرکے
یہہ حجت نکرنا چاہئیے کہ میرے پیر نے ایسا کام کیا ہے روایت ہے کہ امیر المومنین
رئیس التابعین حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ نے ایک دن ایک
مست کو دیکھا کہ راستہ چلتا تہا اور قدم اوسکا ڈگمگاتا تہا لہذا حضرت نے

اوس مست کو فرمایا کہ ای مست قدم استوار اور مضبوط رکھہ تا لغزش نکرے
مست نے کہا کہ حضرت خود اپنا قدم مبارک استوار رکھین تا لغزش نکرے
کیونکہ اگر میرا پاؤن لغزش کریگا تو خلایق کہیگی کہ مست ہے اور معذور اگر
قدم حضرت کا لغزش مین آئیگا تو شاید وسیلہ زلت کل عالم کا ہوگا کیون کہ
عالم کی اقتدا حضرت کے اقتدا پر ہے پس مرید جبکہ پیر کو ساتہہ ان شرطونکے
موصوف پاوے تب اوس سے بیعت کرنی جایز اور مستحسن سمجھے اور اگر کسی
شخص نے بوجہ نادانستگی کے ظاہر بیعت کیا ہو اور یہہ تینون شرطون مین سے
ایک ہی شرط پیر مین مفقود پائے جاوے تو ممکن ہے کہ بیعت مذکور سے پھر کر
سلسلہ اپنا درست کرے تا وسیلہ آخرت کا ہوے اور پیر کو دو باتین چاہئین
اور دو نچاہئین ایک بیعت لیکر مرید کو ہدایت اسلام کرنا چاہئیے دوسری
خداوند تقدس تعالی کی رزاقی پر متوکل ہونا چاہئیے پوشیدہ نرہے کہ توکل
خداوند جلشانہ پر اعتماد کرنے اور خلق سے انقطاع کرنیکو کہتے ہین اور یہہ صفت
حمیدہ انبیاء علیہم السلام کی عادت ہے اور اسیکے وجہ سے خدا بعض بندونکو
بعض پر فضیلت دیتا ہے اور جسکو یہہ عادت نصیب ہو وہ بڑا ہے سعادتمند ہے
مختصر آ فائدہ یہہ ہے کہ متوکل مبرا ہے بغض وحسد سے اور غضب وشہوت
اور دیگر جرایم سے بھی محفوظ رہیگا اور یہہ توکل ہر امر مین ہونا چاہئیے پس
اگر ملازم ہے تو امید بخدا رکھے کہ الہی تو رزاق ہے اس نوکر یکا کچھہ اعتبار نہین
اور نوکری پر تکیہ نکر لیوے کہ بس اب مین نوکر تو ہو چکا ہون مجھے کیا پروا ہے
اور تجارت مین توکل یہہ ہے کہ امید خدا سے رکھے کہ الہی تو ہی فائدہ دیگا

ورنہ تو قادر ہے چاہے نفع یا نقصان دے اور زراعت مین یہہ توکل ہے کہ
کام کرکے نظر خدا کے طرف رکھے اور مالک نفع و نقصان کا ہر حال مین اوسیکو
جانے اور غیر اللہ پر اعتماد کرنا یا غم و فکر کرنا ضد توکل ہے اور توکل نہونیسے
خدا نہایت ناراض ہوتا ہے بندہ توکل کرکے جو کام کریگا خدا اوسمین برکت
عطا فرمائیگا — اور اللہ جلشانہ قرآن شریف مین فرماتا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَ
یعنے خدا دوست رکھتا ہے توکل کرنیوالونکو وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ یعنے جسنے توکل
کیا خدا پر پس وہ اوسکو کافی ہے وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ اور مومنونکو واجب ہے کہ
خدا ہی پر توکل کرین پس یہہ توکل ہر مومن پر لازم ہے اور یہہ پست ہمتونکا
کام ہے جو کہتے ہین کہ ہم دنیادارون سے کیونکر توکل ہوسکیگا ہم تو بے ضرورت
حیف ہے کہ دانستہ بے صبر اور ناشکر بنتے ہین اگر اپنے حال پر شکر ادا کرین تو
کچھہ اونکا نقصان نہوگا اور شکایت و ناراضی سے کچھہ دولت و نعمت
بھی نہین ملجاتی ہے بلکہ توکل و شکر سے حسب وعدہ خدا تعالےٰ کی رحمت اوسپر
نازل ہوتی ہے اور حق عبودیت بھی ادا ہوتا ہے حق تو یہہ ہے کہ جسکے تقاضا
مین مادہ شر کا ظہور ہونا لکھا ہوتا ہے وہی ناشکیبائی کرتا ہے پس ثمرہ علم
کا یہی ہے کہ خداوند تعالےٰ کی ذات اور صفات اور رسالت رسول اللہ علیہ وسلم
پر ایمان لاوے اور اونکے اتباع کی عادات اور افعال مین مناسبت پیدا
کرے اور خود بنفس پاکیزہ ہو جائے اور توکل چھوڑ کر اپنے علم اور ہنر
نازان نہووے کیونکہ یہہ ظہور طینت شریہ کا ہے جو افعال و عادات انسانکی
طینت شریہ سے ظاہر ہوتے ہین وہ کئی ہین جنکی وجہ سے انسان کو دنیا اور

آخرت مین تکلیف و ذلت حاصل ہوتی ہے یعنے بخل و حسد و طمع و شہوت
و ظلم و کذب و تکبر بخل وہ ہے جو منع کرتا ہے دلکو فیضرسانی سے اور اپنے
فائدہ کیطرف زیادہ دوڑاتا ہے پس جب خلق خدا کے لئے اسنے در خیر
بند کر دیا تو مبدء فیاض اسپر بھی بند ہوجاتا ہے اسلئے اسکو آخرت مین کوئی حصہ
نہین ملتا شعر بخیل اربود زاہد بجز دبر تو بہشتی نباشد بحکم خبر تو پس مومن کامل
وہ ہے کہ سب ارکان دین کو بجالاوے اور خوبیان حاصل کرے صرف کلمہ گو
زبانی کو مومن نہین کہتے ہین اور دنیا مین بخیل کا یہہ حال ہوتا ہے کہ کسی جا
اوسکی عزت نہین ہوتی سگ ناپاک کیطرح ہر جگہہ سے دھتکارا جاتا ہے مگر
وہ اپنے نشہ طمع مین ایسے ذلت فاحش کا خیال نہین کرتا ۔ اور حسد
جسکو رشک بھی کہتے ہین اس وصف والا شخص دوسرے کی نعمت کا زوال
چاہا کرتا ہے اسکے لئے آخرت مین بھی وبال ہے اور دنیا مین بھی ہر ایک ایسے
شخص کا دشمن ہوجاتا ہے اور حاسد شب و روز دنیا مین جب کسیکو کچھہ اوج
موج پر دیکھتا ہے آتش حسد مین جلتا ہے اکیدم اسپر آرام سے نہین گذرتا رفتہ رفتہ
یہہ آتش حسد اسکو جہنم مین پہونچاتی ہے اور طمع لالچ کو کہتے ہین اور حریص بھی
طامع کی صفت ہے اور نتیجہ اسکا یہہ ہے کہ یہہ شخص اتلاف حقوق کیا کرتا ہے
نعوذ باللہ منہ طامع کو وقت بازپرس کی بڑی مشکل پڑیگی جسوقت کہ حقوق سے
سوال ہوگا اور طامع اوسکا جواب نہ دیسکیگا اور حق تلفی سے زیادہ کوئی گناہ
نہین اسلئے دنیا مین بھی طامع ہمیشہ ذلیل و خوار رہتا ہے شہوت خواہش نفسانی
کا نام ہے خواہ جماع کی ہو خواہ کھانے پینے کی پس جو شخص اس مرض مین گرفتار

ہوتا ہے تو وہ ہر دم و ہر ساعت نفس کے ہاتھہ مین مقید ہوتا ہے اکثر اوسکو
حرام اور ناسزا باتونمین گرفتار کرتا ہے کہ جسکے وجہ سے عقوبت آلہی مین
گرفتار رہوتا ہے اور دنیا مین خوار ہوتا ہے اور مثل وحوش کے یہہ شخص
ہوجاتا ہے پس گویا وہ انسانیت سے خارج ہوجاتا ہے فائدہ بخل مرکب ہے
سختی قلب اور بیعقلی سے یہان سختی قلب سے وہ مراد ہے کہ جسکی دلمین رحم
نہو اور ترس نکہا دے اور بے عقل انجام کار نہین دریافت کرتا ہے تول
و فعل مین اور بخیل حتی الامکان کوئی چیز نہین دیتا جب تک کہ ناچار نہو اور
حسد مرکب ہے ایذا رسانی اور بیعقلی سے اور طمع مرکب ہے حیرت اور بیعقلی سے
اور شہوت مرکب ہے لذت اور جہالت سے اور جہالت ضد عقل ہے جسوقت
نور عقل جاتا ہے تو جہالت کی تاریکی مین ڈوب جاتا ہے اور ظلم ایک چیز کا
بے موقع رکہنے کا نام ہے پس کسیکو مارا یا ستایا یا مال چہین لیا یہہ سب ظلم ہے
کہ ان امور کو بے موقع عمل مین لایا ظالم سے زیادہ آخرت مین کوئی بدنصیب
نہین اور دنیا مین بہی خلق خدا اسکی دشمن رہتی ہے حدیث شریف مین آیا ہے
کہ مسلمان وہ ہے کہ جسکے ہاتھہ و زبان سے کسیکو ایذا نپہونچے کذب جہوٹ اور
خلاف واقع بیان کو کہتے ہین پس جسنے اس وصف کو اختیار کیا آخرت مین رسوا اور
دنیا مین بہی اسکا اعتبار جاتا رہتا ہے یہہ وصف بہی نہایت بد ہے حدیث شریف مین
جہوٹ کی بہت برائیان آئی ہین اور تکبر ضد خاکساری ہے متکبر اپنے کو سب سے
اعلی جانتا ہے حالانکہ انسانونکی یہہ سمجہہ بہت بری ہے تکبر خاصہ ذات باری
عزاسمہ کو لازم ہے۔ بندہ کو خاکساری ہی چاہیئے ع تکبر عزازیل را خوار کرد

پیر کو جو دو باتین کہ نہ چاہئین وہ یہہ ہین کہ مرید کو ایسی خدمت کا بار کہ اوس
ناگوار ہو دیوے اور کسی سے سائل ہووے ۔ اور پیر کرنا ایسے مسلمان کو چاہئے
کہ جسمین یہہ چار باتین ہون جو اوپر مذکور ہوئی ورنہ کچہ پیر بنانا ضرورت نہین پیر سے
بیعت صرف تعلیم طریقت اور توبہ کیواسطے کرتے ہین پس جس پیر مین یہہ اوصاف
نہون تو اوس سے غرض حاصل نہوگی اور توبہ خود آدمی کر سکتا ہے جسطرح
کہ شریعت کے رو سے ثابت ہے ۔ دنیا دار تلاش پیر کامل کے تو کرے مگر کسی
اور تلاش مین فکر نکرے کیونکہ وہ اپنے کاروبار ضروری سے معطل ہو جائیگا
واضح ہو کہ جو دنیا دار فقیر سے طلب حاجت دنیا کرے وہ اپنے مشقت مین
خام ہے اور جو فقیر دنیا دار سے طالب ہو تو وہ اپنے عمل مین ناقص ہے کیونکہ
فقیر کے لفظ مین (ف) سے فاقہ پر عادت ہونی چاہئیے اور حرف شکایت
زبان سے نہ نکالے اور (ق) سے قناعت پر عمل ہونا چاہئیے اور (ر)
سے یہہ مراد ہے کہ یار ہو عیاری نکرے اور (ر) یہہ مراد ہے کہ ریاضت
اور مشقت عبادت الٰہی مین مستقیم رہے پس جسمین یہہ اوصاف نہین حقیقت مین
وہ فقیر نہین اور جو فقیر نہین وہ صاحب تسخیر نہین اور جو صاحب تسخیر نہین
اوس سے کچہہ فائدہ نہین ہان بندہ خدا جانکے اوس سے ملنا اور اوسکی خدمت
کرنا آدمیت ہی نہ حصول مطلب کے لئے کیونکہ قاضی الحاجات خود خداوند تعالے ہے مگر
بزرگونکا وسیلہ دعا مین بہتر ہے نہ طلب حاجات خود اوسنے کرے کیونکہ
یہہ خلاف دین اسلام ہے اور دنیا دار کو لازم ہے کہ اپنے مجازی نام کے
الفاظ پر عمل کرے تاکہ حق تعالے اوسکے سب کام آپ روا کرے پس (د) سے

سے یہہ مراد ہے کہ درویش صفت ہو یعنے جو صفت فقیر کی ہو وہی اپنے مین
حاصل کرے اور (ن) سے انجام کار پر نظر ہونا مراد ہے کہ ہر کام مین
نظر انجام پر کرے اور (یای) سے یاد اور مددگار اپنا خداوند کریم کو جانے
اور (الف) سے یہہ مراد ہے کہ اللہ تعالی کے جمیع صفات کا دل سے یقین کرے
اور اوپر عمل کرے اور (دال دوسری) سے یہہ مراد ہے کہ دیانت اور امانت
اوقات بسری کرے یعنے حقوق تلف نہون اور (الف) سے یہہ مراد ہے
کہ ہر امر مین استقامت اختیار کرے اور (ر) سے ریاضت اور مشقت کا
بار دنیوی اور اسلام مین جہد اور کوشش کرنا مراد ہے پس جب دنیا دار اپنے
نام کا عامل ہو تو اوسکو فقیر سے حاجت طلب کرنے کی کیا ضرورت باقی رہتی ہے
دنیا دار کو یہہ تین باتین ضرور ہین تلاش معاش فکر معاد اجتناب گناہ سے
جب دنیا دار عامل اور فقیر بھی عامل دونون سے خدا کی رضامندی ظاہر
ہووے تو وہ اب دونون مستحق آرام ہین اب اوسکو کیا ضرورت ہے جو
اپنا کام چھوڑ کر دوسرے کے کام مین کوشش کرے اگرچہ طریقت مین شرائط بہت ہین لیکن اشارتاً چند شرائط بیان کئے جاتے ہین پہلی شرط یہہ ہے کہ پیر کو
لازم ہے کہ اکل حلال مین احتیاط کلی کرے اصلاً اور قطعاً لقمہ شبہ کے گرد نہ پھرنے
دوسری صدق مقال ہے پیر کو چاہیئے کہ کبھی جھوٹ اور غیبت اور فحش زبان سے
نہ نکالے تیسری ترک کرنا حرص دنیا کا ہے اور لذات اور شہوت اور عدم التفات
رجوع اور قبول خلق اللہ کا ہے اگرچہ اغنیا اور سائر خلق رجوع ہووے لیکن پیر کو
لازم ہے کہ اوسپر رغبت و التفات نکرے اور بباعث قبولیت انہونکی فخر

شرائط پیری بالتفصیل

کہ حضرت قطب عالم خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی قدس سرہ العزیز نے
اوس قلندر سے فرمایا کہ اے قلندر اگر تجھ میت اور حیات چاہتا ہے تو
اوس وقت یہانسے بھاگ جا پس وہ بھاگ گیا اور ایسے مقام پر گیا جسکا
پتہ نملا کتے ہین کہ ایک درویش نے حضرت قطب عالم کے نزدیک ایک خط
بھیجا کہ بایسے جفا شعار دن سے تحمل کرنا چاہیئے اگر حضرت مکافات نہین
کرتے ہین تو مجھکو اجازت دین تا ایسے مردم جفا پیشہ کو کیفر کردار کو پہونچاؤن
حضرت قطب عالم نے جواب مین اوس مکتوب کے صرف یہہ بیت لکھہ دی
بیت چون حوالہ تہائے این ضربت زجای دیگر است ۔ تو منگم آید گر بگویم
کز فلان رنجیدہ ام ۔ المختصر بعد ایک مدت کے حضرت قطب عالم نے زخمون سے
صحت پائی جفا و فساد دہلی کے سننے وہ یہہ ہی کہ بادشاہ وقت نے تمامی مشایخ
اور درویشون کو تکلیف دیا کہ تم سب مین سے ایک ایک شخص میری خدمت
اختیار کرو اور وہ خدمت کو بوقت معہود ادا کرو اور غافل نرہو الغرض جملہ
درویشون نے بنظر ناچاری خدمت بادشاہ کی قبول کی لہذا حضرت
قطب عالم خواجہ نصیر الدین محمود قدس سرہ کو بہی تکلیف دی گئے آپنے عذر کیا
اور منتون سے پیش آئے اور فرمایا کہ مجکو معاف رکہو مگر وہ بادشاہ برسر
ظلم آیا اور نہین مانا اور تقاضا کرنیکو حکم نافذ کیا یعنے نیچے استخوانہای گلو کے سوراخ
کروا اور وہ بڈیان کو رسی سے مضبوط باندہکر بلندی پر لٹکا تجب تک یہہ
ایک خدمت میری قبول نکرین چنانچہ ملازمین بادشاہ ویسا ہی کرنا چاہتے
کہ ناگاہ تیغ اہل بہشت کی غیب سے پیدا ہوی قریب تہا کہ بادشاہ کی خبر

جفا و فساد دہلی

اور وہ ہلاک ہوا اوس حالت مین حضرت قطب عالم نے بادشاہ کو اپنے
پناہ مین لیا اور اپنے آستین مبارک کو سر پہ بادشاہ کے دراز کی چنانچہ
آستین قطع ہوی اور بادشاہ سلامت رہا سبحان اللہ ایسی جفا اور قفا پر
باوجود قدرت انتقام کے تحمل کرنا اور درگذرنا انہی اقطاب کا دل و جگر ہے
دوئین ترک کرنا ذنوب اور معاصی کا ہے چاہیئے کہ حق سبحانہ کی فرمان واجب الاذعان کی
تعمیل اور نافرمانی سے اجتناب کرنا بروجہ اتم اپنے پر لازم گردانے —
دسوین یہہ کہ طالب کشف و کرامت کا نہوے بلکہ طالب استقامت ہوے
کیلئے کہ استدراج بے دینون یعنے جوگیون اور گوسائیون وغیرہ سے ہی ہوتا ہے
الاستقامة فوق الکرامة اگرچہ شرایط پیری نامحصور ہین ان شرطون پر
کچھہ حصر نہین ہے لیکن طالب صادق کو چاہئے کہ پیر کو جبکہ ان شرطون سے
موصوف پاوے پیوند انابت صدق ارادت اور حسن اعتقاد سے درست کرے کیونکہ
جسقدر صدق ارادت اور اعتقاد مریدکا زیادہ بڑہتا جائیگا اوسیقدر اوسکو دینمین نفع ہوگا
مناقب جنسے دیکہا مرشد آگاہ کو تو اوسنے چھوڑا دنیوی کے جاہ کو تو دیسے
پہچانا نبی و جاہ کو تو اور کیا حاصل خدا کی راہ کو تو رکہہ شکوہ شاہد رسول اللہ کو تو
نفس پر رکہتے ہین ہم اللہ کو تو وقت پر جب شغل کے لب کہولنا تو دید کو میرا
دم کے تولنا تو موتیان وحدت کی مخفی رولنا تو اللہ حاضر اللہ ناظر بولنا تو
برزخ اپنا مرشد مشفق مین دیکہہ تو برزخ نور نبی مطلق مین دیکہہ تو اور
خدا کی ذات ذات حق مین دیکہہ تو شغل شیطان و میں احمق مین دیکہہ تو اور یہہ
بہی جاننا چاہیئے کہ بعضی مسائل بیعت کے مبنی اوپر مسئلہ نکاح کے ہین اور بعضے مسائل

اوسکے مبنی ہین اوپر مسائل امام اور مقتدی کے اور بعضے مسائل مانند ان اور
شراکے ہین اور ان تینون مسایل کا بیان درانے ہے مگر بعد درجہ نبوت کے
کوئی درجہ فاضلتر درجہ نیابت نبوت سے نہین ہے دعوت خلق مین ساتھہ حق سبحانہ
کے بطریق متابعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مراد شیخی سے یہہ نیابت
ہے پس درجہ شیخی اور تربیت کا افضل درجات ہے مضمون اس حدیث
صحیح کا وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَئِنْ شِئْتُمْ لَاُقْسِمَنَّ لَکُمْ اَنَّ اَحَبَّ عِبَادِ اللّٰہِ اِلَی اللّٰہِ
اَلَّذِیْنَ یُحَبِّبُوْنَ اللّٰہَ اِلٰی عِبَادِہٖ وَیُحَبِّبُوْنَ عِبَادَ اللّٰہِ اِلَی اللّٰہِ یَمْشُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِالنَّصِیْحَۃِ دلیل ہے اوپر
علو مرتبہ شیخی کے اور یہہ گروہ مشایخ وہ ہے کہ بسبب روشنی نور شریعت کے
انکے دلونمین ایک ایسی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے کہ ماسوائے ذات باری تعالی
کے کسی کی طلب انکے دلون مین نہین رہتی ہے اگر غم ہے تو یہی ہے اور
خوشی ہے تو اسکی ہی اور اوس حالتمین جسقدر ممکنات ہے سبکا وجود ظلی
اور فانی دیکھتے ہین اور اوسکے درمیان سے واحد حقیقی نظر آتا ہے کسی
عارف کا قول ہے مَارَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا رَاَیْتُ اللّٰہَ یعنے نہین دیکھی مینے کوئی چیز مگر دیکھا مینے
اللہ کو اوسمین ع جدہر دیکھتا ہون اودہر تو ہی تو ہے تو اپنی ہستی کو
خدا کے ہستی مین فنا کرنا اور پھر اوسکی بقا سے باقی رہنا خاص اسی فرقہ
کام ہے پس جب انکی یہہ حالت ہوجاتی ہے تو نہ اب انکو دوزخ کا ڈر نہ
جنت کی خواہش رہتی ہے نہ انکو موت ہے نہ فنا چنانچہ خواجہ حافظ فرماتے ہین
ع ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما
پس جاننا چاہیئے کہ پیروی کرنا پیر کی عین اطاعت رسول اللہ صلعم کے ہے

اور تابعداری کرنا رسول صلعم کی عین خدا پرستی ہے ۵ ای شکوہ مرشد
کو رہبر جاننا ۵ مسجد و محراب و ممبر جاننا ۵ پیر کو ذات پیمبر جاننا ۵ ۵
نزخ اللہ اکبر جاننا ۵ نقل ہے کہ ہر روز دربار گاہ رب العزت سے ہزار بار
ندا آتی ہی کہ کیا نیک بخت بندہ ہے فرید الدین گنجشکر اجودھنی چنانچہ حضرت
سلطان المشایخ لقب یافتہ بارگاہ رسالت پناہی خواجہ راستین ملک الفقرا
والمساکین رحمۃ العالمین مطاع المسلمین نظام الحق والشرع والہدی والدین
محبوب الٰہی قدس سرہ فرماتے ہین بیت پیر ما پیر است مولانا فرید ۵
ہمچو او در خلق مولانا فرید ۵ ۵ بودے اگر نبوت بعد از نبی روا ۵
گفتے تمام خلق مرا و را پیمبر است ۵ اور صاحب راحت القلوب نقل کرتے
ہین کہ بدر العارفین سید العابدین خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی
خدا کی عادت ہی کہ جو کوی شخص ہمسایون مین سے انتقال کرتا تہا آپ ہی
برابر جنازہ کے رونق افروز ہوتے یہانتک ٹہہرے رہتے کہ تمام خلق بعد دفن کے
واپس ہوجاتے اور آپ بعد چلے جانے خلق کے بر سر گور بیٹہ جاتے اور حو اوراد
منقول ہین وہ تمام پڑہتے اور پہر مسترد ہوتے چنانچہ ایک شخص نے ہمسایون مین
حضرت کے اجمیر مین انتقال کیا پس حسب عادت حضرت بہی جنازہ کے ہمراہ
تشریف لیگئے اور تجہیز و تکفین مین شامل ہوئے جسوقت خلق چلی گئی آپ
بر سر گور بیٹہے رہے بعد تہوڑی دیر کے اوٹہے حضرت خواجہ قطب الاسلام
خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین اوسوقت موجود
دیکہا کہ ایکطرح رنگ چہرہ مبارک آنحضرت کا تغیر ہوکر پہر بدستور ہوگیا اور فرمایا

کہ الحمد اللہ مریدی بھی کیا نیک چیز ہے اور طرف خواجہ قطب الاسلام کے
متوجہ ہوکر فرمایا کہ جسوقت مردہ کو دفن کرکے خلایق چلی گئی دیکھا ہمنے
کہ فرشتے عذاب کے وارد ہوئے اور چاہتے تھے کہ اوسکو عذاب کرین پس
اوسوقت میرے پیرنے یعنے حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہ کے
جو ہاتھہ مین عصا تھا آئے اور فرشتون کو آواز دی اور کہا کہ زنہار
اوسکو عذاب ندو کیونکہ وہ میرے مریدونمین سے ہے جبکہ یہ سخن فرشتون نے
سنا اوسی دم خداوند جلشانہ کا فرمان ہوا کہ اے فرشتو کہو کہ یہ شخص تمہارے
راہ و روش پر نہین تھا اور برخلاف تمہارے تھا خواجہ عثمان ہارونی
نے جواب دیا کہ اگرچہ ہمارے برخلاف تھا لیکن اس شخص نے اپنے کو
پلہ مین اس درویش کے ڈالا ہے پس مین نہین چاہتا ہون کہ اوسپر
عذاب کیا جاے فرمان ہوا کہ اے فرشتو ہاتھہ اپنے عذاب کا اوٹھالو کیونکہ
مین نے اوسکو بخش دیا۔ چنانچہ اسوقت خواجہ معین الدین چشتی حبیب خدا
چشم پر آب کئے اور یہہ فرمایا کہ کیا نیک چیز ہے اپنے کو کسیکے پلہ مین
باندھنا بیت گر نیک ام مرا بدنشان گیرند ور بد باشم مرا بدنشان نخشند
اور اسی محل پر حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی کیا خوب فرماتے ہین
شنیدم کہ در روز امید و بیم ترا بدان را بہ نیکان ببخشد کریم تو مرید ہوکر تمہین
کئے فوایدہین اول یہہ ہے کہ مرید بمجرد بیعت کے گناہان گذشتہ سے پاک و صاف
ہوجاتا ہے گویا کہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا بمضمون حدیث شریف کے
اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَہٗ دوسرا فایدہ یہہ ہے کہ حفاظت و حراست مرید کی خود

مرشد پر لازم ہوتی ہے کہ دنیا مین ہی وقت مصائب مددگاری کرتا ہے
بشرطیکہ مرید دلمین محبت مرشد کی رکھتا ہو فائدہ تیسرا یہہ ہے کہ بروقت اتار
موت گرسنگی وتشنگی صاحب نزع پر بہت ہی ہوتی ہے اگر صاحب نزع کے تمام
جہانکو منہہ مین دالدیوین تو ایک لقمہ کرڈالے اور پانی تمامی دریاؤن کا پیلا
ایک گھونٹ ہوے اوس نازک وقت مین ابلیس لعین طعام و شراب دکھلا کر
کہتا ہے کہ اگر تو کفر اختیار کرتا ہے تو دیتا ہون اسوقت نازک مین ہی مرشد
درمیان شیطان لعین اور مرید کے حائل ہو جاتا ہے اور شیطان کو مرید کے
نزدیک آنے ہی نہین دیتا وہ مرید بفضل خداوند تعالے کے بسلامتی ایمان انتقال
کرتا ہے چوتھا فائدہ یہہ ہے کہ پیر کے امداد عالم برزخ مین پہنچتی ہے اور شفاعت
پیر کی خاصتاً مریدونکو آخرت مین مشہور و معروف ہے اور اس فرقہ مین
بھی دو گروہ ہوتے ہین ایک گروہ سالک اور دوسرا گروہ مجذوب پہلے ہم
گروہ سالک کا حال بیان کرتے ہین باور کرنا چاہیئے کہ تعلیم انکی حضرت علی کرم اللہ
آغاز ہے اور اونکو شب معراج سے حصہ ملا ہے روایت ہے کہ فرمایا حضرت
اسد اللہ الغالب علی کرم اللہ وجہہ نے کہ جب تشریف لائے حضرت خواجہ عالم
صلی اللہ علیہ وسلم معراج سے اور کیا مجھسے معانقہ پس حاصل ہوا بہرہ مجھکو اوسے
ستر ہزار علوم کے کہ وہ علم معرفت خداوند تعالے کے ہین چنانچہ سینہ بسینہ وہی
علم آخیتک نسل سادات اور گروہ سالک و مجذوب مین چلا آتا ہے اور وہ
جسکو عطا کرین وہی اوس سے مستفیض ہوتا ہے اور تعلیم طریقہ اسطور پر ہے
کہ پہلے اپنا طالب بناکر عادت اپنی تعلیم کرتے ہین اگرچہ بظاہر یہہ منزل سہل

معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت مین بہت ہی مشکل ہے یعنے حروف شہوت اور
غضب کو لوح خلقت سے مٹا دینا انسان کا کام نہین الا ما شاء اللہ یعنے جسکو چاہے
اللہ تعالے جب اوس مرید نے اس منزل کو بسہولیت و دیانت طے کر لیا تب
اوسکو ضرب لگانا کہ آئینہ قلب کے زنگ کو کہوتا ہے تعلیم کرتے ہین جسوقت
طالب نے زنگ آئینہ سے کہو دیا پھر سالک اوس آئینہ کو توجہ سے جلا دے
جسکی صورت اوس آئینہ مین نظر آئے پس طالب اوسکا عاشق ہوگیا شعر
آئینہ ہر دار تا بینی در و جان جانان خوش نشستہ رو برو تو اور اوسکے
طلب مین مستعد ہوکر منزلین جدا اور محنت و مصیبت کی طے کرنے لگا نقل ہے
کہ عادل بادشاہ ملک یمن کی ایک دختر خوب صورت اپنے محل پر کہ جو کنارہ
دریا واقع تہا کھڑی ہوئی تماشا دیکھہ رہی تہی کہ یکایک شاہزادی کی نگاہ
ایک شخص پر جا پڑی اور اوسکے اوپر وہ والہ و شیفتہ ہوگئی اور طپش دل سے
بیقرار ہوکر اپنی دایہ کو اوسکے بلانے کو بہیجا وہ حاضر ہوا شاہزادی نے اوسکو
حکم حاضری کا دیا اور وہ شخص ہمیشہ بعد فراغ کام اپنے محل شاہی مین آتا اور
شاہزادی لیل و نہار اوسکے ہمراہ عیش و عشرت مین مشغول رہتی اتفاقاً ایک دن
شاہزادی اوس شخص کے اشتیاق مین بالاخانہ پر سیر کر رہی تہی کہ اتنے مین
ایک سوداگر بچہ جہاز پر دوربین ہاتہہ مین لئے تماشا دریا کا دیکہتا ہوا آتا تہا
دفعتاً نظر سوداگر بچہ کی بادشاہزادی پر جا پڑی دیکہتے ہی وہ اوسکے جمال کا
شیفتہ اور فریفتہ و عاشق ہوگیا اور یہہ شعر ورد زبان کیا شعر آزار عشق
مجہے آرام ہو چکا تو اپنا بیک نگاہ غرض کام ہو چکا تو پس سوداگر بچہ نے

اپنے دلمین کہا کہ یہہ شاہزادی ہے ہین اوسکی سودا گر ہون اوسکا ملنا کیونکر
کب ہو سکتا ہے اس سے یہہ بہتر ہے کہ سب مال و متاع و نقد و جنس خدا کے نام
لٹا کر فقیر ہو جاؤن اور جسطرح ممکن ہو اوسکے ملنے کی کوشش کرون پس جبکہ
حضرت عشق نے غلبہ کیا تو یہہ بات دلمین یقین مانکر کل مال اور متاع نقد و
جنس لٹا کر یہہ شعر زبان زد کیا کفر و کفر و ایمان کی مجھے جھگڑے سے فارغ کر دیا
آفرین صد آفرین ای میری وحشت واہ واہ ؎ الغرض بامید حصول مطلب
دیدار اوس مہ لقا کے لباس فقیری زیب تن کر کے کنارہ دریا پر ایک خاص
جگہہ مقرر کر کے بود و باش اختیار کی چونکہ شاہزادی خود ہی پہلے ایک شخص پر
عاشق تہی ؎ جس پہ ہم مرتے ہین سو وہ اور پر مر رہا ہے ؎ جو طبیب اپنا ہے
اوسکا دل کسی پر زار ہے ؎ ایک روز شاہزادی وقت نصف شب کمند
ڈالکر اپنے محل سے اتری اور اپنے دوست کے گھر جا کر اوسے اپنے ہمراہ محل مین
لائی اور وہ سوداگر بچہ عشق کا مارا جو فقیرانہ یہان بسر کرتا تہا یہہ سب
ماجرا دیکھہ رہا تہا قضا کا راس روز شہزادی اور وہ شخص ایسے غافل سوئے
اونکو اپنے تن کی مطلق خبر نہی جسوقت کہ عابد شب زندہ دار نے بانگ دی
دونون بیدار ہوئے آنکھہ کہلتے ہی قریب تہا کہ اوس شخص کے ہوش پرواز
کر جائے اور خمار نشہ شب کا ہرن ہو گیا ؎ اجازت وصل کی شب دی جو چرخ
کینہ پرور نے ؎ تو زاہد نے کر ڈالا تری اللہ اکبر نے ؎ نہایت گہبرا کر شہزادی
کے روبرو مانند ابر نوبہار کے زار زار رونے لگا پس شاہزادی نے سبب گریہ و
زاری استفسار کیا کہ کیا بے موجب اسقدر بیقراری اور رونے کے وجہ کیا ہے

اوس شخص نے کہا کہ میں ہر روز ایک دل ماہی کا باورچیخانہ شاہی میں داخل کرتا
ہوں کیونکہ بادشاہ کو ایک مرض ایسا لاحق ہے کہ جسکے لئے طبیبان حاذق نے بہ
تشخیص بالاتفاق مچھلی کا دل تجویز کیا ہے الغرض بادشاہ نے امتحاناً دل ماہی
طلب فرماکر تناول کیا چنانچہ اوسی روز سے تھوڑی تسکین ہوئی اور مرض
گھٹتا گیا لہذا مجھکو تاکید فرمایا کہ ہر روز بلاناغہ قبل از طلوع آفتاب ایک
دل مچھلی کا باورچیخانہ میں پہنچایا کرو ورنہ سزاوار قتل کئے جاؤگے المختصر میں حسب الحکم
نصف شب سے اوٹھکر دریا پر آتا اور جال ڈالکر بہت سے مچھلیاں پکڑتا اور
اونمیں سے ایک بڑی مچھلی دیکھکر اوسکا دل نکالکر باورچیخانہ شاہی میں سر روز داخل
کرتا تھا مگر آج صبح ہوگئی میرے معمول میں فرق آگیا کہ پیام اجل آیا پس مقرر آج قتل
کیا جاؤنگا بادشاہ زادی نے تامل سے جواب دیا کہ تو گھبرا نہیں تجھکو دل ملگیا
پھر کیا خوف ہی یہہ کہکر ایک چھری ہاتھ میں لیکر کمند کے راہ سے اتری اور اوس
سوداگر بچہ فقیر صورت کے نزدیک گئی سوداگر اوسکو دیکھکر اپنے دل میں نہایت
شاد ہوا شہزادی نے کہا کہ اس جنگل میں تیرے رہنے کا کیا سبب ہے جواب دیا کہ
تجھہ پر پرورماہ طلعت کی امید وصال پر میں نے اپنا مال و متاع راہ خدا میں لٹاکر
فقیری اختیار کی ہی شاہزادی نے جب یہہ سخن سنا کہا کہ اگر تو میرا عاشق ہے تو
میں تجھہ سے ایک چیز طلب کرتی ہوں اوسنے جواب دیا کہ فقیر کے پاس اسوقت کوئی
چیز تمہارے لایق نہیں ہے الا جان حاضر ہے پس وہ سفاک شاہزادی بولی کہ
اگر تجھکو اپنی جان میرے نذر کرنی منظور ہے تو مجھکو اپنا دل نکال کر دے سوداگر
نے کہا ؎ دل تو اول ہی گیا تجھکو خبر ہو کہ نہیں ۔ تو قاتل اب دیکھہ کہ سینے میں

جگر ہے کہ نہین تو اے ماہ رو اگر یہی منظور ہے کہ ہماری یاد ہی نکر سکے اور نہ
دل مین ہمارا خیال ہے نہ لا سکے تو بہتر ہے چہری لا اور دل لے شعر دل لیکے میرا
مفت مین برباد کرو گے تو لو ہم تمہین دل دیتے ہین کیا یاد کرو گے تو چونکہ
شاہزادی کا رد پہلے ہی ہمراہ لائی تھی اوس عاشق صادق کے ہاتھہ مین دی
شعر جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا تو جو پوچھا مین کہا دل دیکھتا تھا تو پس ہاتھ
اپنا پیٹ مین ڈالکر دل نکال دیا اور وہ دل لیکر بادشاہزادی اوسی راہ سے
محل مین آئی اور وہ دل اوس شخص کو دیا اوس شخص نے بصد خوشی دل لیکر باورچیخانہ
شاہی مین داخل کیا ۔ اوس عاشق بے دل یعنے سوداگر بچہ کے جسم مین جو کچھ
دم حیات باقی تھا کافور ہو گیا ۔ زان بعد شاہزادی نے اوسکے لاش کو ایک صندوق
مین طرح طرح کی خوشبو سے معطر کرکے رکھی اور تہ خانہ مین سپرد خاک کیا جبکہ
وہ شخص بادشاہ زادی سے دل لیکر داخل باورچیخانہ کرکے چلا گیا پس باورچی نے
دل کو صاف کرکے بھوننے کو آگ پر رکھا تو وہ آگ کی گرمی پاکر برتن سے اچھل
زمین پر گرا پھر باورچی نے زمین سے اوٹھا کر آگ پر رکھا پھر وہ اوسی طرح
دوبارہ تڑپ کر ظرف مین سے باہر ہو گیا المختصر باورچی نے سوچا کہ یہہ دل
اب تو نہیں بہتر ہو سکتا ہے رومال سے صاف کر رکابی مین رکھہ سرپوش
ڈھانک ساتھہ داروغہ مطبخ کے بادشاہ کے پاس حاضر ہوا سرپوش اوٹھاتے ہی جسکے ہوا
دل سے ہای ہای دلبرہای دلبر کی صدا بلند ہوئی بادشاہ نہایت متعجب ہو کر
حکم دیا کہ تمام شہر کے دانشمند اور حکما کو حاضر کرو تا کیفیت اسکے دریافت کرین
اور وہ شخص جس نے یہہ دل لایا تھا بلوا لیا اور اس سے پوچھا گیا اوسنے کہا میرے

کچھہ معلوم نہین ہین بدستور دل ہاہی کالایا خدا عالم الغیب ہی ہین اس اسرار سے
واقفیت نہین رکھتا قصہ کوتاہ اوس دل کو ایک چڑاؤ مرجع کا رتنالی ہین رکھکے
بازار کے چوک ہین رکھوایا اور تاکید کی کہ حفاظت سے رکھو شاید کوئی فقیر صاحب کمال
آجائے جس سے یہہ مشکل حل ہو راز کھلجائے اور یہہ خبر دور دور مشہور و معروف
ہوئی چنانچہ صاحب قصہ حیرت فزا کہتے ہین کہ جبکہ اتفاقاً شیخ سعدی شیرازی علیہ الرحمہ کا
گذر شیراز سے طرف یمن کے ہوا اور شہر ہین داخل ہوکر بسر بازار چوک ہین
جہان کہ وہ دل تہا اور جس سے صدا ہای دلبر ہای دلبر کی بلند تہی پہنچے
پس نزدیک جاکر دل سے کہا کہ اے دل تیرے دلبر نے تجہہ سے کیا کیا اور کیا
وفا اور جفا تجہہ سے کی بجہ دسنے اس بات کے دل چپ ہوگیا پس نگہبان حاضر
حاضر ہے حضرت شیخ سعدی کو گرفتار کرکے بادشاہ کے پاس معہ دل مذکور حاضر لائے
اور ماجرا بیان کیا پس بادشاہ حضرت شیخ سعدی سے مستفسر ہوا حضرت نے
کہا کہ اور کچھہ ہین نہین جانتا ہان ایک بات سرسری طور پر کہدی تہی کہ اے
دل دلبر نے تجہہ سے ایسا کیا کیا جو تو اسقدر دلبر کو یاد کرتا ہے یہہ بات سب پر
ظاہر ہی ہے کہ یہہ دل کسی عاشق کا ہے سوائے عاشق کے اور کسیکو دلبر کے یاد
کرنے سے کیا غرض ہے پس چونکہ یہہ دل عاشق کا ہے اور عاشق ہی کیسا
معشوق کا ستم اوٹہایا ہوا ہے کیونکہ بار بار ہائے دلبر ہای دلبر اوس سے
صدا نکلتی ہے ہائے بغیر درد اور درد کہے کبہی زبان سے نہین نکلتی اس سبب سے
یہہ بات مجھے کہدی تہی آگے کچھہ اسکے حقیقت سے آگاہ نہین ہون بادشاہ نے
کہا تا وقتیکہ ماہیت اور حقیقت اس اسرار کی مفصل معلوم نہوگی جانے نہین دونگا

پس شیخ سعدی نے دیکھا کہ ناحق ہلاہین پہنسا ناچار ہوکر بعد عرض بسیار کے بادشاہ سے
کہا کہ یہہ دل حضور مین کیونکر آیا تہا اوسکا حال بیان کیجئے تب بادشاہ نے
کہا کہ ایک شخص ہر روز ایک دل ماہی کا میرے کہانیکو لاتا تہا ایک دفعہ یہہ دل
لے آیا غرض ابتدا سے انتہا تک کل کیفیت اسکی بادشاہ نے بیان فرمائی شیخ سعدی
رحمتہ اللہ علیہ نے سب احوال سنکر بادشاہ سے کہا کہ اوس شخص کی طلب ہو اور
اوسپر اور مجھپر حضور غصہ ہوکر دونون کو حکم قتل کا دیوین جب کہ مین حضور مین
مہلت طلب کرون حضور میری عرض کو قبول کرکے حکم دین کہ اچہا آج
ان دونون کو ایک کوٹہری مین بند کرکے چوکیدار متعین کیے ہون بس بادشاہ نے
ویسا ہی کیا جبکہ وہ شخص اور شیخ سعدی ایک جا بند ہوئے وہ شخص نہایت گبہرایا
اور رونا شروع کیا المختصر اوس رات کے رات مین شیخ سعدی قدس سرہ نے
فرمایا کہ ای شخص بہلا اب دو گہڑی رات اور باقی ہے اور تو جانتا ہے کہ
صبح کو تو بہی اور مین بہی دونون قتل کئے جائینگے بہتر یہہ ہے کہ جو کچہہ اس وقت کا
حال تجکو معلوم ہو ظاہر کرتا کہ جان بخشی ہو اور قتل سے امن ملے فرد بہتر ہے جو
حال دل سنائے تا رہجاے نہ بات جی کی جی مین تا آخر الامر اوس شخص نے
سوچا کہ واقعی صبح مقرر مارا جاؤنگا ناچار ابتدا سے انتہا تک قصہ کہہ سنایا جبکہ مرغ
سحر نے بانگ دی بادشاہ نے بلوایا اوسوقت شیخ سعدی نے کہا کہ مین اس قصہ کو
تنہائی مین کہونگا پس اوس شخص کو زندان مین بہیجا گیا اور شیخ سعدی نے
کیفیت بیان کی اور کہا کہ اب شہزادی کو اور مجھکو ایک جا قید کرینگا بموجب
پہلی وصیت کے حکم صادر ہو چنانچہ ویسا ہی بادشاہ نے کیا جسوقت کہ بادشاہ

اور شیخ سعدی دونون ایک جا قید ہوئے تب حضرت شیخ سعدی نے کہا اے
شاہ زادی کل کے روز ہم اور تم دونون ناحق قتل کئے جائینگے اور کئی حرفی
حکایات اور قصص حسب حال زبان پر لاکر اوس سے بھی دریافت کرنا شروع کئے
الغرض شاہزادی نے کہا اے درویش خدا رسیدہ نہین معلوم کہ تو ساحر ہے
یا صاحب کمال ہے یا کوئی فرشتہ ہے یا ولی ہے تو نے یہہ قصے موافق حال سنا کر
میرے دلکو ایسا کر دیا کہ جسقدر حال پوشیدہ وظاہر ہے سب تجھہ سے بیان کرون
مگر یہہ مثل مشہور ہے کہ گویم مشکل وگر نہ گویم مشکل تو نے جتنے قصے شب مین بیان
کئے اُن مین کوئی عاشق نہ تہا اور نہ کسی نے عشق کرنا جانا نہ معشوق کو پہچانا
عشق نفسانی تہے الا اس شخص کا عشق صادق تہا کہ جسکا یہہ دل ہے تب
شیخ سعدی نے کہا کہ وہ کون تہا اور اوسکا دل کیونکر ہاتہہ آیا شاہزادی نے بہی
کل کیفیت اسکی شیخ سعدی سے ظاہر کی کہ میرے ایک دفعہ کے کہنے سے اوس
شخص نے فی الفور دل نکالدیا۔ اور سب سرگذشت پہر دوسرائی اتنے مین
صبح ہوئی بادشاہ تخت پر جلوہ افروز ہوا اور اون دونون کو طلب کیا دونون
حسب الطلب حاضر ہوئے بادشاہ نے شیخ سعدی سے ماجرای شب دریافت کیا
سعدی نے فرمایا کہ حضور علیحدہ تشریف فرما ہون اور شاہزادی کو محل مین
بھجوادین تب۔ بادشاہ نے اپنی دختر کو محل کے اندر جانے کا حکم دیا اور دربار
عام سے اوٹہکر خاص مین آیا شیخ سعدی نے شاہزادی اور اوس شخص کا
اور سوداگر بچہ کا حال ابتدا سے انتہا تک حرفاً حرفاً کہہ سنایا بادشاہ نے بعجب
سنے اس کلام کے وہ لاش تہ خانے سے نکلوا کر دربار خاص مین منگوائی

اور اوس شخص کو کہ جو دل لایا تہا قتل کا حکم دیا پہر سعدی سے بادشاہ نے کہا
کہ اس لاش کو بطور اور مردون کے تجہیز و تکفین کرکے نماز وغیرہ پڑہکر دفن
کرا دو پس شیخ سعدی نے کہا کہ اس لاش کی شادی اپنی دختر سے کر دو بادشاہ
نے کہا ای فقیر تو احمق ہے یا مجہکو نادان تصور کرکے ایسا کہتا ہے کہین مردونکا
زندون کے ساتہ یا زندونکا مردون کے ساتہ بیاہ ہوتا ہے سعدی نے کہا
بادشاہ سلامت ذرا غور فرمائیے اور منصفی کیجئے کہ اس سوداگر نے وقت مرگ
یہہ کہا تہا ربا عی جانان مرا بمن بیارید تو این مردہ تنم بدو سپارید تو گر بود
دہد بریں لبانم تو تا زندہ شوم عجب مدارید تو پس اے شاہ آزمایش و تجربہ
کرنا اسبات کا ضرور ہے بادشاہ نے ناچار کہنا شیخ سعدی علیہ الرحمتہ کا قبول کیا
اور شاہزادیکو طلب کرکے حکم دیا کہ ہمارا کہہ سر اس نکرد جس طرح یہہ فقیر کہے
اوسپر عمل کرو پس شاہزادی کو بر سر لاش کہڑا کیا سبحان اللہ کیا جذبۂ عشق
صادق ہے کہ ایک مصرعہ کے مضمونکی تعبیر تو درست ہوئی یعنے جانان مرا بمن
بیارید پس معشوق اس کے لاش پر موجود ہے پہر شیخ سعدی نے کہا اے شاہزادی
اس دل کو اپنے ہاتہہ سے اس لاش کے شکم مین رکہدے اور بوسہ اس کے
لب پر دے شاہزادی نے دلکو مضبوط کرا اور مستقل مزاجی کو کام فرماکر
دل اندر شکم اس لاش کے رکہا اور بوسہ اوپر لب اس عاشق بے جان کے
دیا فردوسی کو لب معشوق کی مین بات سناؤن تو عیسی ہی اگر بولے تو صلوٰۃ
سناؤن تو از بس کہ اعجاز دم عیسوی کا اثر ہے معشوق مین تہا بوسہ دیتے
تن بیجان مین جان آئی مردہ نے حیات دوبارہ پائی اور کلمہ طیبہ لا الٰہ

محمد رسول اللہ پڑھکر اوٹھ بیٹھا اوس وقت بادشاہ اور حاضرین اس معاملہ کو
دیکھکر حیرت زدہ ہوئے اور بادشاہ حضرت شیخ سعدی کے قدم مبارک پر
گر پڑا اور خواہان عفو تقصیر ہوا اور شادی شاہزادی کی اوس سودا گر
بچہ سے کر دیا شعر نہ تہا وصل اسطرح کا درمیان مین آ خدا نے کیا آن کی آن مین
جبکہ عشق حقیقی ہو تو کیونکر خیال اوسکو دنیا و مافیہا کا رہیگا پس جو طالب ہے
وہ بیخبر ہے اور جسمین اس صفت کی ساتھہ ہے وہ سالک ہے یہانتک اوسکو
مراتب حاصل اور لطایف غیبی قلب مین منور ہونے لگتے ہین کہ تعلق مشاہدہ
سے رکہتے ہین کچھہ ارباب دانش و بینش سے مخفی اور محتجب نہین ۔ گروہ
اولی مین چہار درجہ ہین پہلا درجہ فنا فی الوجود کا ہے اسکا اصول یہہ ہے
ہستی اور خودی فنا کرکے طالب محبوب ہو لیکن یہہ درجہ مبتدیونکا ہے
اور روح اونکی عالم سفلی مین رہتی ہے اعلی مرتبہ مین تلاش اور عشق سب
جاتا رہتا ہے دوسرا درجہ فنا فی الشیخ کا ہے یعنے خودی اور وجود فنا کرکے
شیخ یعنے محبوب کا وجود موجود جانے جیسا کہ مجنون نے انا لیلے یعنے مین لیلی
لیلی کہا تہا اور روح اونکی عالم علوی کو جاتی ہے اور یہہ قایم مزاج اور سہو
و غضب پر غالب ہو جاتے ہین سالک کا درجہ اول یہہ ہی ہے اور یہہ مبتدیکو
تعلیم کر سکتے ہین اور مجیب الدعوات ہی ہوتے ہین اور عالم سفلی انکا مسخر
ہوتا ہے جو کچھہ انسے ظاہر ہوا اوسکو کرامات کہتے ہین وہ انکی تسخیر کا باعث ہے
اور لطف عشق مین مستغرق رہتے ہین بجز مطلوب کے اور کسی کے طالب نہین
ہوتے اگر کوئی چاہے ایسی تعلیم پہلے تو قبول نہین کرتے مگر جب رحم آجاوے تو

طریقہ محنت بتا دیتے ہیں اگر اوسکی محنت بارگاہ صمدیت میں قبول ہوگئی تو
وہ عبد مقبول ہوجاتا ہے - بہت دوست خداوند تعالے کے ایسے ہی ہیں کہ
جسکو چاہتے ہیں طالب مولا کر دیتے ہیں اور منزل مقصود کو پہونچا دیتے ہیں
اور محنت ایک روز کی نہیں لیتے چنانچہ نقل ہے کہ حضرت امین الدین اعلیٰ
علیہ الرحمہ خلیفہ عاشق شاہباز عارف سرفراز الجامع بین الحقیقت والمجاز
قطب اہل راز و نیاز بلند پرواز آگاہ سر راز صاحب کشف والکرامات
سید السادات حضرت خواجہ سید محمد حسینی بندہ نواز گیسو دراز قدس سرہ کی
عادت تھی کہ ہفتہ میں ایک دو مرتبہ حجرہ خاص سے باہر رونق افروز ہوتے
اور خلایق کہ دمہ حاضر درد ولت ہوکر اپنے اپنے مراد اور منزل مقصود کو
پہونچتے ایک روز حسب عادت حضرت علیہ الرحمہ برآمد ہوئے تھے اور تمام شہر
بیجاپور میں شہرت حضرت کے برآمد ہونے کی زبان زد خلایق ہوئی اتفاقاً
بیجاپور میں حضرت سید میراںجی حسینی قدس سرہ بھی حیدرآباد سے آئے تھے اور
اونکے آنیکا سبب یہ ہوا تھا کہ آپ والی حیدرآباد دکن کے سرکار میں ملازم
اور اعلیٰ درجہ کی خدمت سے سرفراز تھے حاکم وقت نے حضرت کو کسی مہم
خاص کے لئے کرناٹک والی بیجاپور کی خدمت میں بھیجا تھا پس آپ بھی بنظر حصول
استفادہ حضرت امین الدین اعلیٰ علیہ الرحمہ کی خدمت شریف میں حاضر ہوئے
اوسوقت میں حضرت امین الدین اعلیٰ علیہ الرحمہ سر اپنا نیچے کئے ہوئے مشت
مبارک زمین پر مارتے ہوئے فرماتے تھے کہ (امین الدین کیا بیہودہ) بمجرد اس
ارشاد مبارک کے سید میراںجی حسینی قدس سرہ عرض پرداز ہوئے کہ

امین الدین جو تھے سو خدا ہی اور خدا امین الدین ہیں پس امین الدین
اعلی علیہ الرحمہ سر بالا فرما کر اپنے حجرہ مبارک مین مع سید میرانجی حسینی قدس سرہ
تشریف فرما ہوئے بعد از مریدی کے آناً فاناً مین جو کچھ کہ سرفراز فرما
حق تھا سرفراز کر کے منزل مقصود کو ایک توجہ مین پہونچائے بعد تھوڑی دیر کے
جبکہ حضرت سید میران حسینی قدس سرہ حجرہ مبارک سے باہر تشریف لائے
حضار مجلس جو کہ موجود تھے پہچان نہین سکے اور یقین جانا کہ خود حضرت ہی
رونق افروز ہوئے چنانچہ سب کے سب تعظیم کو اوٹھہ کھڑے ہوئے پھر کچھ
ایک عرصہ کے بعد حضرت امین الدین اعلی علیہ الرحمہ بھی رونق افروز ہوئے
اوسوقت جو خلایق موجود تھی کیا غریب کیا امیر آپس مین ایک دوسرے کو دیکھہ کر
متحیر ہوئے اور شناخت سے قاصر تھے اور شرمندہ ہوئے المختصر بعد زمانہ جنانچہ
حضرت کے ارشاد کے موافق پھر حیدرآباد مین آئے نوکری تو اول ہی ترک
کر دی تھی صرف واسطے ہدایت خلق کے مسند ارشاد پر جلوہ افروز رہے
آپ جنکا مزار گوہر بار کہ کہے گنبد واقع مستعد پورہ بیرون شہر حیدرآباد مین
موجود اور زیارت گاہ خلق اللہ ہے چنانچہ منشی قادر خان صاحب اپنے رسالہ
در بیان اولیاء اللہ حیدرآباد کے تحریر کرتے ہین کہ بعد زمانے چند بیجاپور مین
حضرت امین الدین اعلی رحمت اللہ علیہ کے خدمت مین چند اشخاص نے عرض کی
کہ یک زمانہ گذرا نہ کوئی سید میرانجی حسینی قدس سرہ کے طرف سی خط آیا اور
نہ پیام زبانی معلوم ہوتا ہے کہ اونہون نے اپنے دوکان مستیخت کی لگا بیٹھے اور
حضرت کو بھولگئے حضرت نے فرمایا کہ یہہ تمہارا گمان اچھا نہین ہے وہ ایسے نہین

جیسا کہ تم گمان کرتے ہو چنانچہ اوسوقت ایک کتا روبرو سے گذرا آپ نے اوسکو
اشارہ کیا وہ حاضر آیا اور سگ مذکور کے گلے مین ایک ٹھیکرے پر کچھ خط اگشت
مبارک سے کھینچکر باندہی اور جو کہ مخالفین اور گمان بد رکھتے تھے انہون سے
فرمایا کہ پیچھے اوس سگ کے چلے جاؤ چنانچہ وہ کتا بیجاپور سے روانہ ہوکر قریب
حیدرآباد آیا تھا کہ حضرت سید میران حسینی قدس سرہ معہ اصحاب رونق افروز ہوئے
آپنے فرمایا کہ مجھے میرے پیر کی بو آتی ہے پس معلوم ہوا کہ وہ کتا تین کوس کے
فاصلہ پر اترا تھا آپنے اوسوقت بادشاہ کے پاس واسطے سواری جلوس کے
کہلا بھیجا بادشاہ نے بمجرد ارشاد حضرت کے سوار اور جمعیت پیدل اور ہاتھیونپر
زردوزی کام کے جھولین پڑی ہوئین معہ سامان جلوس شاہی حضرت کی
خدمت مین روانہ کیا آپ اوس جلوس کو ہمراہ لیکر جہان وہ کتا اترا تھا تشریف
فرما ہوئے اور اوس کتے کو آداب بجالاکر اپنے خاص سواری کی پالکی مین بٹھلا کر
آپ خود اوس پالکی کے ڈنڈے کو کاندہے پر رکھکر پا برہنہ ہمراہ جلوس بسر
چرک اپنی فرودگاہ پر لائے پھر چند روز کے بعد اوسی تکلف سے رخصت فرما
حاصل کلام طالب خدا کردنیا حضرت امین الدین اعلی رحمۃ اللہ عنہ کا طرز قرۃ العین
حضرت سید میرانجی حسینی قدس سرہ کو بلا محنت اور بے طریقہ مشقت ایک دن کے
کوئی تعجب کی بات نہین کیونکہ یہہ اختیار اور درجہ فنافی الرسول اور فتح اللہ
والونکو حاصل ہوتا ہے تیسرا درجہ فنافی الرسول ہے یہہ بزرگ نہایت ہی درجہ کے
ہوتے ہین اور عالم ارواح انکا مسخر ہوجاتا ہے و جملہ مخلوقات محکوم و مطیع انکی
ہوتی ہے کیا بعید ہے کہ شہوت اور غضب وغیرہ کو کسی انسان کی دلسے دور

درجہ فنافی الرسول

کردین کہ وہ بھی ایک شے ہے اور شے عالم ہین اور عالم مطیع انکا الا یکہ اللہ تعالے
اور جو کچھہ کرنا چاہتے ہین قول وفعل اونکا موافق حکم اللہ تعالے کے ہوتا ہے کیونکہ
روح انکی ہر وقت مقرب بارگاہ احدیت رہتی ہے پس جو کچھہ الہام ہوتا ہے اوسپر
عمل کرتے ہین چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مردے زندہ کئے تو حضرت شمس تبریز
قدس سرہ نے بھی ایسا کیا۔ نقل۔ ہرگہ انکدن ایک شخص خدمت بابرکت مین حضرت
خواجہ خواجگان خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری حبیب خدا کے
بحال پریشان اور چشم گریان با دل بریان حاضر ہوکر بچشم اشکبار عرض کیا کہ
حاکم وقت نے از راہ ظلم میرے فرزند کو بے جرم وبیگناہ قتل کر ڈالا ہے اب
بارگاہ عالیہ حضرت پر امید وار انصاف ہون پس حضرت خواجہ خواجگان
حبیب خدا نے جبکہ یہہ آہ وزاری سنی ہمراہ اوس شخص کے چلے جسوقت کہ
بالین مقتول پر پہونچے سر مقتول کا جسم سے ملحق کرکے فرمایا کہ ای جوان اگر حاکم
ظالم نے تجکو ناحق قتل کیا ہو تو بحکم الٰہی زندہ ہوجا چنانچہ وہ مردہ جنبش کرکے
زندہ ہوگیا مثنوی خواجہ معین الدین حسن اجمیری چشتی سنجری تہ سپہر عالمگیر
ماکز ہرچہ گویم برتری ۞ ظلمت دل را ز نور معرفت پر نور کردی ۞ قطب عالم
معدن نور وجمال حیدری ۞ نور او شد بہر کامل از کمال حیدری ۞ در شب
تاریک عالم ہمچو شمع انوری ۞ سیرت او سیرت ذات محمد یافتہ ۞ عین نور وی
خصال او خصال حیدری ۞ بر رخ زیبای عالم زیب ور چون زیور است ۞
صورت مہتاب گشتہ بر فلک جلوہ گری ۞ بندہ اش را یوسف مصر ولایت
گفتہ اند ۞ در جہان کمتر گدائش ثانی اسکندری ۞ خاک پایش را بچشم مردم

ذات عالی مرتبہ اش از جملہ عالم برتری ۞ ہر کہ باشد خاک پوسش یافت اکسیر
عظیم ۞ تاج سر دانند قدش را زین چرخ چنبری ۞ شد وجود پاک او کان
کرامت در زمین ۞ سید السادات عالی ذات نسل حیدری ۞ جسم پر نورش
سراپا شد عیان از نور حق ۞ زان بہ خیل اولیا دارد سراسر سروری ۞
اعجاز نبی در ذات پاک او عیان ۞ ظاہر آمد از وجود او جلال حیدری ۞
فعل او فعل نبی رحمۃ اللعالمین ۞ قال او بس معتبر آمد چو قال حیدری ۞ سید والا
مناقب آن شہ عالیجناب ۞ وصل شد با نور حق از اتصال حیدری ۞ طرفہ تر
رنگین گل زیبا ز بستان رسول ۞ خوش ثمر در باغ دنیا از نہال حیدری ۞ یافت
آن لخت جگر از جد خود ارث بزرگ ۞ نور معراج نبی قرب وصال حیدری ۞
عید آمد در جہان شد دور غم در درد و الم ۞ شد عیان بر چرخ دین چون
این ہلال حیدری ۞ اور صاحب تبصرۃ الخوارق لکھتے ہین کہ کسی درویش انکیجا
باتفاق باہم بیٹھے تھے اس اثنا مین ایک گاے کا روبرو سے اون فقیرون کے
گذر ہوا اور کوئی وارث او سوقت نہین تہا لہذا اون درویشان بے سعی نے
اوس گاو بچہ کو ذبح کیا اور گوشت او سکا خوب پکہا اتنے مین دیوان نے
پیادون کو دوڑایا تا اونہونکو حاضر کرین پس وہ درویش حیران دستمیں
سکونت کی بجای سے روپوش ہوکہ بارگاہ عالیہ مین حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز
قدس سرہ کے حاضر ائے اور سرگذشت بیان کی پس حضرت خواجہ بندہ نواز
گیسو دراز نے بعد از سماعت حال فرمایا کہ اوس گائے خوردہ ہین ہے
باقی بہی ہے عرض کی کہ کچہہ نہین ہے ہان پوست و استخوان باقی ہین فرمایا

عالمین

وہ استخوانہای موجودہ کو پوست مین بھروا ور ایک لکڑی بمقدار ایک گز
عطا کرکے ارشاد فرمایا کہ اس چوب سے اوسکو مارو اور کہو کہ بھی تھی ویسی
پھر ہو بہ برکت محمد صلی اللہ علیہ وسلم چنانچہ اُن فقیرون نے ویسا ہی کیا پس وہ
گاؤ مردہ بحکم قادر ذوالجلال زندہ ہوگئی نظم ہر کسی کان شاہ دین را بندہ
فرمان شود ۔ گر کشور ملک جہانش در تہ فرمان شود ۔ ہر فلک باشد سعادتش جبین
ہلال ماہ نو ۔ ہر کہ پیش خنجر ابروے او قربان شود ۔ گر ببارد بر کسی بارانِ لطف
آفتاب ۔ از فلک خیل ملک بروی گہر افشان شود ۔ گشت منظور نظر ہر کس
بآن منظور حق ۔ از عنایاتش قبول درگہہ یزدان شود ۔ مہربانی اینچنین
زور جلالت این قدر ۔ مردہ گردد زندہ از وی اہل جان بجان شود ۔ گل خرد
ہر کس ز عشقش بر دل پر داغ خویش ۔ داغہای سینۂ او غیرت بستان شود ۔
رحم فرما بر من بیچارہ یا مشکل کشا ۔ کن مدد بر وے کہ کار مشکلش آسان شود ۔
اسی طرح اور اولیاء اللہ کی کرامت اور حکایات بہت ہین اور انکے اہل تسخیر
ہونیکی پہلی وجہ یہہ ہے کہ روح اوسکی عالم علویہ کی صحبت مین فایز ہوتی ہے
پس سبب امتیاز و اغراض کی اُنکے لئے تمام عالم مطیع اور فرمان بردار ہوجاتا ہے
دوسری وجہ یہہ ہے کہ جب وہ طالب خدا ہوئے تو خدا ہی انکا طالب ہوتا ہے
پس جبکا خدا طالب ہو تمام بندے اوسکے تابعدار ہوگئے مَنْ کَانَ اللّٰہُ مَوْلَاہُ فَلَہُ کُلُّ شَیْءٍ
وجہ ہے کہ کرامات اوسنسے ظاہر ہوتی ہین جیسا کہ معجزہ واضح ہو کہ معجزہ ایسے خلاف
عادت امر کو کہتے ہین جو کسی مدعی نبوت سے ظاہر ہوا ور مخالف اوسکے مثل لانے سے عاجز
ہوجاوے جیسا مردہ کو زندہ کردینا اور چاند کو اشارہ سے شق کرنا اور خشک لکڑی کا کلام

پس جو کوئی شخص مخلوقات سے مقبول بارگاہ خدا اور ممتاز جناب کبریا
ہوتا ہے تو جمیع مخلوقات اوسکی مسخر اور تابعدار ہوجاتی ہے پس وہ شخص
جس چیز کو خواہ وہ ذی روح حیوانی ہو یا نہو حکم کرتا ہے تو وہ چیز فوراً
اوسکے حکم کو قبول کرتی ہے چنانچہ حضرت سعدی علیہ الرحمہ فرماتے ہین ؎
تو ہم گردن از حکم داور مپیچ ۔ کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ ۔ حضرت داؤد علیہ السلام
کے لئے آتش کی روح مسخر تہی کہ وہ ہاتہہ مین لوہے کو موم کر دیتی تہی اور اسکی
زرہ بناتے تہے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے ہوا مسخر تہی کہ اونکے حکم سے جہان
چاہتے تہے لیجاتی تہی اور تخت زمردین کو جو گوناگون جواہرات سے مرصع بنایا گیا
تہا اوسکو اوڑاتی تہی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام جب ہاتہہ بغل مین ڈالکر نکالتے تہے تو
ید بیضا آفتاب کے مانند روشن ہوجاتا تہا اور ایک لکڑی کہ جسکو عصا کہتے ہے
انکے حکم سے اژدہا بن جاتا تہا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ارواح خبیثہ کو قہراً
دفع کرتے تہے اور مردہ کو باذن الٰہی زندہ کر دیتے تہے اور اندہی کی آنکہین
روشن ہوجاتی تہین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تمام عالم کیا علویات
کیا سفلیات سبکو خدا نے مسخر کر دیا تہا فلکیات مین تصرف کرتے تہے چاند کو اشارہ
سے شق کر دیا آفتاب کو لوٹا دیا سفلیات مین ایک مشت خاک سے کام لیا کہ
بذریعہ ہوا اوس خاک نے صدہا لوگون کو اندہا کر دیا درخت و حجر غیر ذی روح
حیوان کو گویا کر کے اپنی رسالت کے منکرون کے روبرو گواہی دلوائی حیوانات
کے سخت سخت امراض کو دست مبارک پھیر کر اچھا کر دیا اندہون کو بینا کیا جذامیون
وغیرہ کو مسخر اور تلقین دین فرمائی مردون کو زندہ کیا شعر حسن یوسف

دم عیسی ابد بیفتاد اری ترا نچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ترا سکے سوا
اور صدہا تصرفات ہین کہ جنکے ذکر کے رسالہ ہذا مین گنجایش نہین پہر انکے بعد
اصحاب اور تابعین نے وہ وہ تصرفات عالم مین کئے کہ شاید کسی نبی نے کئے ہونگے
چنانچہ ایک رقعہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دریائے نیل تہم گیا صدہا کوس سے
ساریہ کو پکارا تو اوسکو آواز سنائی دی اسیطرح آل عظام و سادات کرام سے
صدہا خوارق اور اولیاء کرام سے آجتک بیشمار کرامتین صادر ہوتی چلی
جاتی ہین پوشیدہ نرہے کہ جو ایسے خوارق عادات کہ نبی سے صادر ہون
اونکو معجزہ کہتے ہین اور جو نبی سے قبل نبوت سرزد ہو تو اوسکو ارہاص کہتے ہین اور جو نبی کے
کسی مومن مطیع سے سرزد ہون خواہ وہ مومن اوس نبی کے اہل بیت مین
سے ہو خواہ صحابی ہو خواہ بعد مین کوئی ہو بشرطیکہ وہ ولی ہو تو اوسکو کرامت
کہتے ہین اور اگر کافر سے صادر ہون تو اونکو قضاء حاجات کہتے ہین اور
اسکی دو قسم ہین پس اگر کسی ایسے شخص سے سرزد ہون کہ وہ امر اوسکا تعلیم
و تعلم سے دوسرے کو بہی حاصل ہو سکے تو اوسکو سحر کہتے ہین ورنہ استدراج کہتے ہین
اور تیسری وجہ یہہ ہے کہ ہم جنس سے محبت ضرور ہے پس ایسی حالت مین
کہ ارواح اولیاء ارواح علویہ کی ہم صحبت ہون اور سفلیہ اونکی مسخر ہون تو
کیا بعید ہے کہ اوس شخص سے وہ کام ظاہر ہون جو عقل مین نہ آوین
یعنے کرامت مگر ان اللہ علی کل شئی محیط سے علیحدہ نہین ہین یعنے خدا کے اختیار مین انکے
تو قیر و کرامت ہے جب وہ چاہے اونسے ظاہر ہو ورنہ خود یہہ اختیار نہین
رکہتے ہین بقول حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی علیہ الرحمہ

ولایت

گیے بر طارم اعلی نشینم ۔ گیے بر پشت پائے خود نہ بینم ۔ چونکہ او ہمہ جانا
حجاب ظاہر یکا قلب اولیاء سے ادنی بات ہے مگر وہ بھی قدرت قادر
ہین ہے اسیطرح سے اظہار کرامات کا ہے جاننا چاہیئے اگرچہ وہ مجیب الدعوات
ہے مگر بے پروا بھی ہے جو اوسکو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے اور دنیا
اس گروہ سے قطب اور غوث اور ابدال وغیرہ بھی مشہور ہین جیسا کہ
ایک سررشتہ مین حاکم اور محکوم ماتحت اور بالادست ہوتے ہین اگرچہ
سب ایک ہی سررشتہ کے کہلاتے ہین مگر حسب قرارداد اپنے اپنے درجہ پر
ہوتے ہین شیخ داؤد قیصری وحضرت سید محمد بن جعفر المکی قدس اللہ سرہما
ہین مراتب شاہدان لایزال کو یون تحریر فرماتے ہین کہ قطب عالم زمانہ
وعصر ہین ایک ہی ہوتا ہے اور وجود جمیع موجودات سفلی وعلوی کا تمام
وجود سے قطب عالم کے قایم ہے اور فیض قطب عالم کو حق تعالے سے بیواسطہ ملتا ہے
اور قطب عالم کو قطب مدار بھی کہتے ہین یعنے مدار موجودات علوی وسفلی کا
اونکے وجود کے برکت سے ہے اور قطب مدار کے دو وزیر ہین ایک سیدھے
جانب دوسرے بائین جانب جو بدست راست رہتے ہین اونکا نام عبدالملک ہے
اور وہ روح سے قطب مدار کے فیضاب ہوکر اہل علوی کو فیض پہونچاتے ہین اور
جو جانب یسار ہین اونکا نام عبدالرب وہ دل سے قطب مدار کے فیضاب
ہوکر اہل سفلیہ کو فیضان سے بہرہ مند کرتے ہین اور جسوقت کہ قطب عالم
دنیا فانی سے رحلت فرماتے ہین یہہ عبدالملک وزیر یمین قایم مقام قطب مدار کے
ہوجاتے ہین اور قطب مدار کا نام عبداللہ ہوتا ہے اگرچہ اور دوسرے ناموں سے

ذکر اقطاب

معروف ہوں مگر آسمان و زمین میں عبداللہ ہی کے نام سے مشہور ہوتے
ہیں اور وزیر سیار قایم مقام وزیرین کے ہو جاتے ہیں اور جو ابدال
قلب پر حضرت اسرافیل علیہ السلام کے ہوتے ہیں وہ بجائے عبدالرب اور عبدالربیع
عبدالملک اور عبدالملک قایم مقام قطب مدار ہوتے ہیں ایسا ہی تا روز قیامت باقی
ہیں فاما الاقطاب فهم على قلوب الانبياء عليهم السلام فالواحد منهم
على قلب نوح عليه السلام والثانى على قلب ابراهيم عليه السلام والثالث على
قلب موسى عليه السلام والرابع على قلب عيسى عليه السلام والخامس
على قلب داؤد عليه السلام والسادس على قلب سليمان عليه السلام والسابع
على قلب ايوب عليه السلام والثامن على قلب داؤد عليه السلام والتاسع على
قلب لوط عليه السلام والعاشر على قلب هود عليه السلام والحادى عشر على قلب
صالح عليه السلام والثانى عشر على قلب شيث عليه السلام والاقطاب المذكورة
اثنا عشر قطبا وعيسى عليه السلام ومهدى خارجا عنهم بل يكونان من المفردين
كما قال عليه الصلوة والسلام علماء امتى كانبياء بنى اسرائيل انهين علماے اولیاے
مراد ہی کیلیئے کہ علماے ربانی ہیں واما قطب المدار فواحد واسمه عبدالله وكان
اعظم ساكنا فى سواد الاعظم وفيضه لاهل العلويين والسفلى
والاقطاب المذكورة كانوا كلهم مامورين به قطب المدار
یعنے قطب عالم اور بارہ اقطاب ہیں کہ وہ اقالیم میں رہتے ہیں ہر اقلیم میں
ایک قطب اسیطرح ساتھ اقلیم میں ساتھ قطب ہیں باقی پانچ قطب اور ولایتوں میں
رہتے ہیں انکو قطب ولایت کہتے ہیں اور فیض قطب اقلیم کا اقطاب ولایت پر وارد ہوتا ہے اور فیض اقطاب

ولایت کا اولیا پر اور فیض قطب مدار کا اقطاب اقالیم پر وارد ہوتا ہے یہ سلسلہ
تا قیامت ایک دوسرے سے فیضاب ہوتے ہیں اور جب ولی ترقی کرتا ہے قطب
ولایت کے مرتبہ پر پہونچتا ہے اور قطب ولایت کو جسوقت ترقی ہوتی ہے تو
قطب اقالیم کے درجہ پر ہو جاتا ہے اور قطب اقالیم بجاے عبد الرب وزیر
سیار قطب مدار کے مرتبہ پر اور وزیر سیار بجاے وزیرین اور وزیرین کو
جب ترقی ہوتی ہے تو قطب عالم کے مراتب سے سرفراز ہو جاتا ہے جسوقت
قطب عالم کو حیات فاخرہ ہو کر سلوک ہستی میں ترقی فرما دے تو مقام فردانیت
کو پہونچتا ہے وما للفردون فمنهم من هو على قلب على كرم الله وجهه وعلى قلب محمد عليه
الصلوة والسلام كما قال عليه السلام تعلى انت نظيري اى مثلى فى الولاية التى ۔ معائنة الحق
وهذا قال عليه السلام ما يراني على الحقيقة التي خلقني الله تعالى عليها غير علي بن ابي طالب
جاننا چاہیئے کہ افراد کامل اور افراد غیر کامل افضل ہیں اویس قطب مدار یعنے
قطب عالم کے لیکن افراد کامل مظاہرہ وجہ تفرد روح کلی حضرت علی کرم اللہ وجہ
کے ہیں اور غیر کامل مظاہرہ وجہ تعلق روح حضرت علی کرم اللہ وجہ کے ہیں مگر
درمیان تفرد اور تعلق کے بہت فرق ہے لیکن طایفہ افراد بہت ہیں الا بحشیم
خلق کی ظاہر سے مستور رہے بعض شخص اونکو اقطاب جانتے ہیں جسوقت کے افراد
کامل مظاہر وجہ تفرد علی کرم اللہ وجہ کے سلوک میں ترقی فرماتے ہیں تو قلب مبارک
حضرت رسالت مآب علیہ السلام سے شرف حاصل کرتے ہیں اور حضرت علی کرم اللہ
وجہ شرف آنحضرت علیہ السلام کے روح مبارک سے پاتے ہیں پھر مشارب قلبی آنحضرت
علیہ السلام سے سلوک میں ترقی کرتے ہیں تب قطب حقیقی کے درجہ پر پہونچتے

اور مقام قطب حقیقی سے مقام معشوقی کا مراد ہے یعنے قطب وحدت پس
اس مقام دو درجہ ہین بجز ان دو شخصونکے کل اولیا اللہ سے مقام معشوقیت
ہین بہ طفیل حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت علی کرم اللہ وجہ کے
کوئی دوسرا نہین پہونچا ہے وہ دونون حضرات یہہ ہین ایک تو حضرت
شیخ عبد القادر جیلانی اور دوسرے حضرت شیخ نظام الدین احمد بدایونی قدس اللہ
سرہما اور انہین دونون کو مشارب روح احمدی تہا حضرت سید محمد بن جعفر
المکی الحسینی قدس سرہ سے منقول ہے کہ وہ فرماتے ہین ایک روز مین کشتی
دریا نیل واقع مصر مین ہمراہ حضرت خضر علیہ السلام کے سوار تہا اور بیاتا بدان
لایزالی مین گفتگو ہو رہی تہی اوسوقت حضرت خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ
فی الحقیقت شیخ عبد القادر جیلانی اور شیخ نظام الدین محبوب الٰہی مقام محبوبی
اور معشوقی مین ہین اور مانند ان دونون کے اولیا اللہ مین درمیان
زمین و آسمان کے دوسرا نہین ہے اور نہ ہوگا اور اوتاد و اقطاب کے
یہہ ہین قطب اول جو حضرت نوح علیہ السلام کے قلب پر ہین اونکا سورہ یسین اور
ہے قطب دوم جو قلب پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہین اونکا اور راد
سورہ اخلاص ہے قطب سوم جو قلب پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہین اونکا
اور راد سورہ اذا جاء نصر اللہ ہے قطب چہارم جو قلب پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کے ہین سورہ فتح اونکا اور راد ہے قطب پنجم جو قلب پر حضرت داؤد علیہ السلام
کے ہین اونکا سورہ اذا زلزلت اور راد ہے قطب ششم جو حضرت سلیمان علیہ السلام
کے قلب پر ہین اور اونکا سورہ واقعہ ہے قطب مقسم جو قلب پر حضرت ایوب علیہ السلام

کے ہے اوسکا اور اد سورہ بقرہ ہے قطب ششم جو قلب پر حضرت الیاس علیہ السلام
کی ہین سورہ کہف اور اد ہے قطب نہم جو قلب پر حضرت لوط علیہ السلام کے ہین
سورہ نمل اور اد ہے اور قطب دہم جو قلب پر حضرت ہود علیہ السلام کے ہین
سورہ انعام اور اد ہے قطب یازدہم جو قلب پر حضرت صالح علیہ السلام کے ہین
سورہ طٰہٰ اور اد ہے اور قطب دوازدہم جو قلب پر شیث علیہ السلام کے ہین سورہ
اور اد ہے سات اسکے یہ بھی معلوم کر لینا چاہئیے کہ مراتب اقطاب اور قطب عالم کے

مراتب اقطاب

کیا ہین مراتب اقطاب کے وہ ہین کہ وہ اگر چاہین دلی کو ولایت سے معزول
کر دیوین اور بجاے اوسکے دوسرے کو اس رتبہ سے سرفراز کرین اور مرتبہ قطب عالم
کا یہ ہے کہ وہ اگر چاہین اقطاب کو مقام قطبیت سے معزول کرین اور وہ جب
قطبیت سے ترقی فرما دین تو مقام فردانیت مین نزول کرین اور تصرفات
یہ بھی ہو جاتے ہین اور مقام فردانیت مقام انبساط اور محبت سے مراد ہے
حضرت مخدوم عالم خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی قدس سرہ اٹھائیس
سال تین ماہ دو روز قطب عالم رہے بعدہ بشرط تکمل و کمال کے مقام
فردانیت مین نزول فرمایا اور اوس عالم فردانیت مین جانب
ملک بقا رحلت فرمائی ۔ پوشیدہ نہ رہے کہ سات شخص بدلا مین جنکے

ابدال

حق فرمایا خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدلا اُمتی سبعۃ اور یہ ساتون
ابدال ساتہ اقلیمون مین رہتے ہین اور جبکہ ان ابدالون مین سے
کوئی عالم بقا کو تشریف لیجاتے ہین ایک صوفی اونکے مرتبہ سے سرفراز
ہوتا ہے اور نام ان ساتون ابدالون کی جدا گانہ ہین اور ان ابدالون

بہی مشارب انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام اجمعین کے مانند ہے جو ابدال اقلیم
اول مین ہین قلب پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہین اور اونکا
نام عبد الحی ہے اور جو ابدال اقلیم دوم مین ہین وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام
کے قلب پر نام اونکا عبد العلیم ہے اور تیسری ابدال جو اقلیم سوم مین
رہتے ہین حضرت ہارون علیہ السلام کے قلب پر ہین اونکا نام عبد المجید
ہے اور چوتھی ابدال جو اقلیم چہارم مین ہین اونکا نام عبد القادر اور
وہ قلب پر حضرت ادریس علیہ السلام کے ہین اور پانچوین ابدال جو
پانچوین اقلیم مین ہین وہ قلب پر حضرت یوسف علیہ السلام کے ہین اونکا
نام عبد القاسر ہے چھٹی ابدال جو چھٹی اقلیم مین رہتے ہین وہ قلب پر
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہین اونکا نام عبد السمیع ہے ساتوین ابدال جو
ساتوین اقلیم مین ہین وہ قلب پر حضرت آدم علیہ السلام کے ہین اونکا
نام مابین ابدالونکے عبد البصیر ہے لیکن یہہ ساتوین ابدال قلب پر حضرت
خضر علیہ السلام کے ہین اور دو ابدال انہین ساتون ابدالون مین سے
ایک عبد القادر اور دوسرے عبد القاسر ولایت مین یا ایک قوم مین کہ
قہری نامزد ہوتے ہین اور مقہوری اوس ولایت کی یا مقہوری
اوس قوم کی انہین حضرات کے اقدام سے ہوتی ہے اور یہی تین سو
ساتون ابدال ہین تین سو ابدال تو قلب پر حضرت آدم علیہ السلام کے
ہین اور وہ کوہستان مین ساکن ہین اور معرفت مین کمال کے مقید ہین
طاقت سیر وطیر کے نہین اونکی خوراک سلم درختان اور بلخ بیابان ہے

کما قال علیہ الصلوۃ والسلام الی اللہ تعالے فی الارض ثلث مائۃ قلوبھم علے
قلب ادم علیہ السلام ولہ اربعون قلوبھم مثل قلب موسی علیہ السلام واربعون
قلوبھم مثل قلب ابراھیم علیہ السلام ولہ خمسۃ قلوبھم مثل قلب
جبرئیل علیہ السلام ولہ ثلثۃ قلوبھم مثل قلب میکائیل علیہ السلام
وواحد قلب مثل قلب اسرافیل علیہ السلام فاذا مات الواحد
منھم ابدل اللہ مکانہ من الثلاثۃ فاذا مات واحد من
الثلاثۃ ابدل اللہ مکانہ من الخمسۃ فاذا مات من الخمسۃ
ابدل اللہ مکانہ من السبعۃ فاذا مات من السبعۃ
ابدل اللہ مکان من الاربعین فاذا مات من الاربعین ابدل
اللہ مکان من ثلث مائۃ فاذا مات من ثلث مائۃ
ابدل اللہ مکانہ من عامۃ المسلمین بھم
یرفع اللہ تعالے البدلا من ھذہ الامۃ

تین سو ابدال جو قلب پر حضرت آدم علیہ السلام کے ہیں اونکے اوراد
رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا ہے اور چالیس ابدال جو قلب پر حضرت
موسی علیہ السلام کے ہیں رَبِّ اِنِّی ظَلَمْتُ نَفْسِی فَاغْفِرْ لِی
فَغَفَرَ لَہٗ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اوراد ہے اور ساتھ ابدال جو
قلب پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہیں اونکے اوراد رَبِّ ھَبْ لِی
حُکْمًا وَّاَلْحِقْنِی بِالصّٰلِحِیْنَ ہے اور پانچ ابدال جو قلب پر حضرت
جبرئیل علیہ السلام کے ہیں اونکا علم تجاوز نہیں کرتا ہے مقام حضرت جبرئیل علیہ السلام

اور تین ابدال جو قلب پر حضرت میکائیل علیہ السلام کے ہین یہہ بھی تبادل
نہین کرتے ہین مقام میکائیل علیہ السلام سے اور ایک ابدال جو قلب پر حضرت
اسرافیل علیہ السلام کے ہین اونکا علم بھی تبادل نہین کرتا ہے مقام اسرافیل
علیہ السلام سے اور یہہ ہی ابدال مقام عبد الرب پر پہنچتے ہین اور نام ابدال
جو کہ تین سو قلب پر حضرت آدم علیہ السلام کے ہین صفی نام ہے اور چالیس
ابدال جو حضرت موسی علیہ السلام کے قلب پر ہین اونکا نام موسی ہے اور
ساتہہ ابدال جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قلب پر ہین اونکا نام بھی ابراہیم ہے
اور پانچ ابدال جو قلب پر حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ہین جمال الدین نام ہے
اور تین ابدال جو قلب پر حضرت میکائیل علیہ السلام کے ہین محمد نام ہے
ایک ابدال کا نام احمد ہے جو قلب پر حضرت اسرافیل علیہ السلام کے ہین
اب رہے اوتاد وہ چار ہین یہہ چار اوتاد چار مقام پر ہین ایک مغرب
اور دوسرے مشرق تیسرے جنوب چوتھے شمال ہین جو مغرب ہین
رہتے ہین اونکا نام عبد الوجود ہے جو مشرق ہین ہین اونکا نام عبد الرحمن ہے
جو جنوب ہین ہین اونکا نام عبد الرحیم ہے اور جو شمال ہین ہین اونکا
نام عبد القدوس ہے جسوقت کہ ان حضرات سے کوئی رحلت فرماتے
عالم بقا ہوتے ہین ایک شخص تابعون ہین سے اونکے جا پر مامور ہوجاتا ہے
اور یہہ ہی چار اوتاد سر چار رکن عالم ہین ساکن ہین اور چار رکن
عالم مامور بوجود انہین اوتادون کے ہے جیسا کہ پہاڑ باعث سکون زمین
کے ہین اور یہہ ہی چار اوتاد معمورہ اس جہات اربع کے ہین اور تمام عالم

آبادی اور پہاڑ و زمین کا قیام انہین کی ذات بابرکات سے متعلق ہے
اور نقیب تین سو ہین اور نجیب ستر ہین اور بدلا چار سو چار ہین تین سو
ساٹھ کا ذکر کیا گیا باقی چالیس اور دوسرے ہین کما قال علیہ السلام
ابدلاء امتی اربعون رجلا اثنی عشر بالشام وثمان عشرون بالعراق
واسمھم احمد فاذا مات الواحد منھم ابدل اللہ مکانہ من الاخر فی
مکان الاخر ابدل اللہ مکانہ من الزاھدین الصوفیین
اور نام کل نقیبونکا علی ہے اور نام کل نجیبون کا حسن ہے اور ساٹھ اخیار کے
نام حسین ہے اور عمدہ چار شخص ہین اونکا نام بھی محمد ہے اور غوث ایک
عبداللہ نام ہے جبکہ غوث رحلت فرمائے عقبی ہوتے ہین تو اون چارون
عمدہ مین سے ایک شخص غوث کے مرتبہ سے سرفراز ہوتا ہے اور بجائے
عمدہ اخیارون مین ایک شخص اونکے قایم مقام ہوتے ہین اور بجائے اخیار کے
نجیب اور بجائے نجیب کے نقیب ہوجاتے ہین اور نقیب زمین مغرب
مین یعنے زمین سوئدہ اور بجا مصر مین اور اخیار علی الدوام سیاحت
اور عمدہ زوایائے ارض مین اور مقام غوث کا مکہ معظمہ اور قطب مدار
بڑے شہر ہین لیکن قطب عالم کی تصرف مین تمامی اقالیم اور اقطاب
اقالیم بلکہ عرش سے تا تحت الثری ہے چونکہ قطب عالم یعنی قطب مدار ہمیشہ تجلی
صفات مین اور افراد علی الدوام تجلی ذات مین ہین افراد اخص ہین
و قطب مدار خاص ہے پس جاننا چاہیئے کہ بعضے اولیا اللہ کو تجلی افعال اور
بعضون کو تجلی اسمائے اور بعضون کو تجلی آثاری اور بعض مقام صحو مین اور

بعض سکر ہین اور بعضون کو یہہ ہر دو مقامات حاصل رہتے ہین مگر یہہ
مقامات عالم کثرت ہین ہین اور اہل فردانیت ان مقامات تجلی سے
ماسر ہین جنکو کہ افراد کہتے ہین کیونکہ مقام فردانیت بلا مکان و بیرون
از پیش حدود و جہت فردانیت حدوث ہے اور یہہ مقام لاہوت ہے
لاہوت دراصل لاہو ہے حرف تا زاید پس لاہو یعنے نہین ہے تجلے صفات
مر طایفہ افرادین کو اور ہو اسم ذات ہے یعنے لاہو ہو مگر تجلی ذات
کے ہو پس افراد کو علی الدوام مقام لاہوت ہے اور اسفل مقام لاہوت
سے مقام جبروت ہے یعنے جبر و کبر خلایق پس یہہ مقام قطب مدار ہے
وہ متصرف عرش سے تا تحت الثرے اور مقام جبر و کبر داخل بہشت ہے
اور مقام جبروت کو جبروت اسلئے کہتے ہین کہ جبر و کبر جیسا کہ کرامات
اولیاء اللہ اور معجزہ انبیا علیہم الصلواۃ جسوقت کہ مقام جبر و کبر سے
ترقی فرماتا ہے تو مقام فردانیت سے سرفراز ہو جاتا ہے بیت
گم گوند من ازین پس اسرار خوبرویان تو این درچہ میکشائی دیوار
گوش دارد تو حاصل کلام افراد قطب عالم یعنے قطب مدار سے افضل ہین
کسلئے کہ وہ ہمیشہ تجلی ذات بین ہین لیکن خلایق اور اہل ظواہر انکو عالم
صحو مین جانتی ہین مگر یہہ سہو عظیم ہے اگرچہ قالب طایفہ افراد کسوت
بشریت مین بطریق تشبیہ و تمثل یا اہل ظواہر کے نمودار ہین لیکن یہہ لوگ
محو نور ذات کے ہین نہ وہان مکان اور نہ زمان پس قالب ہای طایف

یعنے قانون عربی است کہ چون کلام بہ غلظہ کونید چیز ہے خفیف کنند و چیز ہای تا ہندی تا تحریر نمایند و مقصد باسعد

افراد تجلی ذات نور ہین چنانچہ قالب حضرت احمد مجتبیٰ و محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وسلم کو حضرت عزت جلت قدرتہ کلام مجید مین تمام بیان فرماتا ہے
قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین پس قالب آنحضرت کا نور ہی نور تھا
کہ سایہ زمین پر نہین پڑتا تھا اگر قالب آنحضرت کا مثل دوسرے قالبونکے
ہوتا تو تراھم ینظرون الیک وھم لا یبصرون یا اہل ظواہر فرمان نہوتا و یا چونکہ
بیان نکرتے کہ کان یمشی لا ظل لہ پس طایفہ افراد کا یہہ ہے مقام ہے چونکہ
تجلی ذات متجلی ہوتی ہے تو وجود انہون کا نور ہو جاتا ہے اور اسفل مقام
جبروت سے مقام ملکوت ہے یہہ مقام فرشتون کا ہے یعنے مقام طاعت
وعبادت بے فتور اور بے قصور کما قال اللہ تعالےٰ یسبحون اللیل والنہار
لا یفترون پس جو وقت کہ عبادت بے فتور درویش کرتا ہے تو وہ
مقام عبادت ملائکہ کا ہے یعنے مقام ملکوت عبادت بے فتور ہے
اور عبادت بے عادت عالم ناسوت ہے یعنے مقام ناسوت عادتی کی
علامت بے سعادت ہے پس اول مقام عبادت عادت کا ہے جبکہ
درویش اس عادت پرستی سے گزرتا ہے تو بمقام فرشتگان جسکو
ملکوت کہتے ہین یعنے عبادت یا اخلاص کے پہونچتا ہے اور جبکہ باخلاص
پہونچے تو عادت پرستی سے خلاص پاکر پہنچ مقام جبروت کے آتا ہے بر طاعی
کافرون سے سن کہانی جبروت کان دہر تو انکہون سے اپنے صورت
ملکوت کر نظر تو اور سے بیان یمنی کا ناسوت سر بسر تو منہہ بند کر کے
دیکھہ لے لاہوت بے خطر تو اور جناب مولانا بدر الدین سہرندی نقشبندی

رحمتہ اللہ علیہ سے روایت ہے اور وہ حضرت کتاب حضرت القدس
میں رقم کرتے ہیں کہ میں اتفاقات زمانہ سے وارد دہلی ہوا اور مزار
دسر مارپیر جناب قدوۃ العارفین زبدۃ السالکین حضرت خواجہ محمد باقی باللہ
قدس سرہ کے حاضر آکر طرف مزار مبارک کے متوجہ ہوا اور بیٹھ گیا حضرت
خواجہ باقی باللہ قدس سرہ نے عنایت بے غایات ارزانی فرما کر اپنے
نسبت خاص عطا کی الغرض بعد فراغ زیارت حضرت کے میں زیارت
بابرکت سے مزار پر انوار سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی
قدس اللہ روحہ کے مشرف ہوا ارشاد ہوا کہ ہمارے نسبت میں محبوبیت تمام
جو نسبت خواجہ باقی باللہ سے ہے وہ نسبت متعلق بہ نسبت عاشقی اور نیاز مندی
کی ہے پس وہی نسبت تمہارے واسطے بس ہے پھر وہاں سے زیارت
حضرت خواجہ قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی و حضرت خواجہ
خواجگان خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ سے مشرف ہو کر فیض یاب ہوا
صاحب تبصر الخوارق نقل کرتے ہیں کہ ایک دن چند اصحاب خدمت بابرکت
حضرت قطب عالم خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی قدس سرہ میں حاضر تھے
اسی عرصہ میں حضرت عاشق شہباز بلند پرواز عارف سرفراز الجامع
بین الحقیقت والمجاز قطب اہل راز و نیاز آگاہ سر راز جناب خواجہ سید
محمد حسینی گیسو دراز بندہ نواز قدس سرہ بھی خدمت مبارک میں حضرت
خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی کے حاضر ہوئے حضرت مخدوم خواجہ نصیر الدین
قدس سرہ نے حضرت خواجہ سید محمد گیسو دراز بندہ نواز کو سب اصحاب

حاضرین سے بالا دست بٹھلایا اوسوقت مین اصحاب موجودہ گواہی
مکدر خاطر ہونے پائے تہے کہ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی نے
نور باطن معلوم کرکے فرمایا کہ تم سب صبح کو آوین اور مرتبہ سید محمد گیسو دراز
کو دیکہین تا تمکو معلوم ہوے حاصل کلام وہ صحابی صبح کو آئے پس حضرت
مخدوم خواجہ نصیر الدین محمود قدس سرہ نے انہون کے طرف متوجہ
ہوکر ارشاد فرمایا کہ ہر نجیب مراقبہ ہوکر دیکہو البتہ مرتبہ سید محمد گیسو دراز
معلوم ہوگا الغرض وہ سب کے سب مراقب ہوئے اور دیکہا کہ واقعی
حضرت سید محمد گیسو دراز کنگرہ عرش پر طواف مین مصروف اور
جولانگری کر رہے ہین پس وہ سب عالم متحیر مین ہوئے اوسوقت پہر
حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی قدس سرہ نے ارشاد فرمایا
کہ مرتبہ سید محمد اس سے زیادہ ہے دیکہو منکشف ہوگا فی الجملہ پہر سب
مراقبہ ہوکر دیکہا کہ واقعی بالاے عرش ایک محل چنین وچنین ہے اور
اس محل مین ایک صورت ایسے ویسی ہی فرد شرمندہ ظلش سہ مہر
اور زیر دست اوس صورت کی تمامی ارواح اولیاء اللہ کی موجود
ہتی اور اس محل مین حضرت رسالتمآب نبی آخرت الزمان محمد الرسول
صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہین پس ملایک نے پیشگاہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی عرض کیے کہ سید محمد گیسو دراز حاضر ہوئے ہین آنحضرت
صلعم نے بلوایا اور بالا دست بیٹہنے کو ارشاد کیا حضرت سید محمد گیسو دراز
کچہہ ایک تامل کیا اسلئے کہ یہہ صورت دین ہے اور ارواح اولیاء اللہ کی

زیر دست بیٹھے ہین مین بالا دست کیونکر بیٹھون یہہ خیال کرنا ہی تہا
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہاتہہ مین ہاتہہ سید محمد گیسو دراز قدس سرہ
کا لیکر بالا دست بٹھلایا اور فرمایا کہ یہہ صورت دین ہے لیکن تو صدر
دین ہے اور قوام دین تجسے ہی چنانچہ اسیوقت ارواح اولیاء نے
حضرت سید محمد گیسو دراز کی دست بوسی کر کے مرحبا کہے اس روز سے
ابتک آسمان اور عرش و ملائکہ مین سید محمد گیسو دراز قدس سرہ صدر دین
مشہور اور دنیا مین سید محمد گیسو دراز معروف ہین چنانچہ حضرت قطب عالم
قدس سرہ فرماتے ہین ؎ ہر کو مرید سید گیسو دراز شد ۔ او اللہ خلاف
نیست کہ او عشق باز شد قصیدہ لکہہ نہین سکتا کہ کیا ہین خواجہ بندہ نواز
سر پرست اولیا ہین خواجہ بندہ نواز آپ ہین ال نبی سے اور اولاد
علی ۔ جان محبوب خدا ہین خواجہ بندہ نواز ۔ او سکے کشتی کی تبا ہے
کسلئے ہوگی بہلا ۔ آپ جسکے ناخدا ہین خواجہ بندہ نواز ۔ او نیہ اہل دل
تصدق کیون نہ ہونگے جانسے ۔ دلسے جو تیر فدا ہین خواجہ بندہ نواز ۔
دو جہان مین نامور اونکو کیا اللہ نے ۔ آپ جنکے پیشوا ہین خواجہ بندہ نواز ۔
عاشق نور خدا محبوب رب العالمین ۔ دلربائے مرتضی ہین خواجہ
بندہ نواز ۔ طالبان حق بہی سایہ دہونڈتے ہین آپکا ۔ عاشقونکی رہنما
ہین خواجہ بندہ نواز ۔ رتبہ عالی دیا حضرت کو یہہ اللہ نے ۔ خواجہ
سر دوسرا ہین خواجہ بندہ نواز ۔ عاجز خستہ کے بہی حاجت روائی جلد
آپ ۔ حاجت روا ہین خواجہ بندہ نواز ۔ سیر محمدی مین لکہا ہے کہ

سید السادات خواجہ بندہ نواز گیسو دراز سید محمد حسینی قدس سرہ سولہ
برس کے عمر مین ۷۳۶ھ کو معہ حضرت اپنے بھائی سید چیدن حسینی قدس سرہ
کے ماہ رجب المرجب مین علی الصباح خدمت بابرکات مین حضرت
خواجہ شیخ نصیر الدین محمود اودہی چراغ دہلوی قدس سرہ حاضر ہوکر
مرید ہوئے اور کم و بیش بیس برس تک مجاہدہ و ریاضت وغیرہ مین
مصروف رہے ایک روز مولانا علاؤ الدین الہندی خالہ زاد بھائی
ملک حاجی قدس سرہ ہی واسطے صحبت کے خدمت بابرکت مین خواجہ
حضرت شیخ نصیر الدین محمود اودہی قدس سرہ کے حاضر آکر مرید ہوئے
اسوقت حضرت نصیر الدین محمود قدس سرہ نے فرمایا کہ اے ملک زادہ
تمکو میری مصاحبت ممکن نہین ہان تم صحبت ان یارون مین سے
کسیکی اختیار کرو تو مناسب ہے مولانا علاؤ الدین الہند قدس سرہ نے
طرف سید السادات سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کے اشارہ کیا پس
اسوقت حضرت شیخ نصیر الدین محمود قدس سرہ نے سید محمد گیسو دراز
قدس سرہ کو یاد فرماکر مولانا علاؤ الدین قدس سرہ کو سپرد کرکے
ارشاد فرمایا کہ سید محمد گیسو دراز ان کو تعلیم و تلقین کرو حاصل
بحسب ارشاد سید السادات سید محمد گیسو دراز قدس سرہ نے مولانا
علاؤ الدین قدس سرہ کو اپنی صحبت مین مقام مین خطیرہ شیر خان
جہان پناہ کے تخمیناً دس سال تک رکھا اور تعلیم و تلقین وغیرہ فرماتے
رہے اور جو جو واقعات و مکاشفات اور تجلیات سے فایز ہوتے

بلا ناغہ خدمت بابرکت مین حضرت مخدوم قطب عالم شیخ نصیر الدین کے
حاضر آکر عرض کیا کرتے تھے اور ہر وقت ملازمت و معروضہ حالات
کے قطب عالم بہت خوش ہوتے تھے ایک روز ۸۰۳ ہجری مین حضرت
سید السادات خواجہ غریب نواز سید محمد گیسو دراز قدس سرہ خدمت
بابرکت قطب عالم مین حاضر آئے تھے اور قاضی عبد المقتدر اور شیخ محمود
اور دیگر اصحاب بھی واسطے قدمبوسی کے حاضر ہوئے تھے چنانچہ اسوقت
قطب عالم نے قاضی عبد المقتدر اور مولانا شیخ محمود وغیرہ اصحاب کو نکالنے
باد فرمایا اور ارشاد ہوا کہ خواجہ بشیر تم سید محمد گیسو دراز کو کہو کہ کچھ عرض
طلب رہین پھر ایک ساعت کے بعد اون اصحاب کو قطب عالم نے اجازت
و رخصت دیکر فرمایا کہ اب تم جاؤ اور سید محمد گیسو دراز کو بھیجو چنانچہ قاضی
عبد المقتدر قدس سرہ نے سید السادات حضرت سید محمد بندہ نواز حسنی قدس سرہ
سے کہا کہ اب آپ جائین حضرت قطب عالم نے یاد فرمایا ہے اور ہمکو رخصت فرمایا
اسوقت خواجہ غریب نواز سید السادات سید محمد گیسو دراز خدمت بابرکت
مین قطب عالم کے گئے اسوقت قطب عالم بالاے بام رونق افروز تھے۔
پس از قدمبوسی کے عرضہ داز ہوئے کہ حالت مرض مین مین نے دیکھا ہے
کہ ایک ایک جامہ علیحدہ علیحدہ ایک کے بعد دوسرا ایسے چار جامہ مجھے عنایت ہوئے
اور ارشاد ہوتا تھا کہ یہ جامہ ولایت ہے اور یہ جامہ رسالت اور نبوت
اور اتحاد اور ربوبیت و ہویت کا ہے مین نے پہنا پھر تمامی اشیائے مختلف کو
بصورت متفاوت بیک حقیقت بازگشتہ دیکھا اوسوقت چہرہ مبارک قطب عالم کا

مارے خوشی کے چمکتا تہا اور سر بار فرماتے تہے کہ ہان دیگر ہان اور
بنایت خوش ہوکر دست مبارک چہرہ پر سے پہیرا کر فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اور چند الفاظ اسی قسم کے زبان مبارک پر لاکر
حضرت سید السادات سید محمد گیسو دراز کا ہاتہہ مین ہاتہہ لیکر فرمایا
کہ سید محمد یہہ کام مجہسے قبول کر یعنے دست بیعت دے پہر فرمایا کہ
قبول کیا تمنے قبول کیا تمنے ایسا دو تین مرتبہ تکرار کیا اوسوقت بندہ نواز
حسینی قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین نے عرض کیا کہ قبول کیا مینے اور
دو وصیت کرکے فرمایا کہ میرے متعلقون سے رعایت کرنا اس عرصہ مین
مولانا زین الدین قدس سرہ بہی آئے چنانچہ اسوقت قطب عالم نے مولانا
زین الدین قدس سرہ سے فرمایش حلوی کی کرکے فرمایا باہر جاؤ جسوقت
کہ مولانا زین الدین باہر گئے اسوقت نہالچہ بہی قطب عالم نے حضرت خواجہ
سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کو عنایت فرمایا بعدہ پندرہوین تاریخ شب
سہ شنبہ ماہ رمضان المبارک مین مزاج قطب عالم کا ناساز ہوا اور اوسی
ناسازی مزاج مین بعضے یارون مین سے قطب عالم سے عرض کئے کہ
بعض مسترشدان قطب عالم کے اعلی اعلی رتبہ اور مقامات سے سرفراز اور
مکشوفات وتجلیات سے فایز اور ممتاز اور یگانہ عصر ہین اگر کسیکو
انہین سے ممتاز موافق طریقہ خواجگان کے کرین تو کیا بعید ہے قطب عالم
نے فرمایا کہ انہون کے نام لکہہ لاؤ مولانا زین الدین قدس سرہ لکہہ لائے
حاصل کلام قطب عالم نے بعد از سماعت و ملاحظہ نام حضرت سید محمد گیسو دراز کے

اوسی تذکرہ پر تعلیم خاص صاد فرما کر شب جمعہ اٹھارویں ماہ رمضان المبارک
۷۵۵ھ ہجری کو رحلت فرمائے اور بعد از زیارت فاتحہ سوم کے سجادہ ولایت
اور مشیخت پر حضرت خواجہ بندہ نواز سید محمد گیسو دراز قدس سرہ نے
جلوس فرما کر دست بیعت خلق اللہ کو دئے اور طالبان حق کو باندھ
حضرت مخدوم قطب عالم شیخ نصیر الدین محمود قدس سرہ کے ارشاد و تلقین
اور تعلیم اور تربیت کرتے رہے اسوقت عمر مبارک حضرت سید السادات
سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کے چالیس سال سے تجاوز کر گئے تھے پیر حکم
انیزدی ۸۰۱ھ ہجری میں دہلی سے جانب دکن شہر حسن آباد حال عرف گلبرگہ شریف میں
رونق افروز ہوئے نظم نام نامیش شد چہار روشن ز نور او گشت
جا بجا روشن ز زلف او گشت سورۂ واللیل ز رخ او مثل والضحیٰ روشن ز
مہربان سیدے سراپا نور ز شد در او لاد مرتضیٰ روشن ز آن شہ اولیا
ملک دکن ز ظل حق بر تو جا بجا روشن ز رخ پر نور مثل ماہ تمام ز
گشت در جیل اولیا روشن ز ذات پاکش یکے ستارہ دین ز گشت
بر چرخ اتقا روشن ز یہ وہی سلطان الاولیا خواجہ راستین ملک الفقرا
والمساکین مطاع المسلمین نظام الحق والشرع والہدیٰ والدین محبوب الٰہی کا
فیضان ہے کہ تمامی ملک دکن و دیار عرب و عجم میں جاری و ساری
اور یہہ وہی فیضان ہے کہ خواجہ غریب نواز حضرت قطب المشائخ خواجہ
معین الدین حسن سنجری حبیب خدا سے جاری و جلوہ گر ہے قصیدہ
چاندنی اس چاند کی روشن ہے گہر گہر نور کے ز گویا دنیا پر بچھائی

ہے یہہ چادر نور کی تو پر تو افگن آپ سے ہے نور ربانی مدام تو کان ملک
اک آپ جون خورشید انور نور کی تو آفتاب و مہتاب و جن و انسان و
ہے یہہ برکت آپ کی اللہ اکبر نور کی تو ہون سراپا لطف جسپر معین الدین
جناب تو بای صورت صورت ماہ منور نور کی تو سامنے آجاے جو اس
چہرہ پر نور کے تو شکل بنجائیگی اوسکی بس سراسر نور کی تو نور ہے جسکے
روشن مردم چشم جہان تو واہ کیا تابان ہے یہہ مشعل جہان پر نور کی تو
آپ سے رہتے ہین خادم طالب انوار عشق تو بخشدو اس بندہ خاکی کو
پیکر نور کی تو علاوہ حضرت سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کے میر سید محمد
بن جعفر المکی الحسینی اور ملک زادہ احمد اور مولانا معین الدین عمر نے اور
حضرت مولانا میر سید علاؤ الدین اور حضرت سید یوسف حسینی صاحب
تحفۃ المصابیح و مولانا محمد وجیہہ الدین ادیب و مولانا سید علاؤ الدین کشوری اور
قاضی عبد المقتدر اور قاضی محمد ساوی فاضل اور شیخ سلیمان رودلی
و شیخ محمد متوکل کشوری و شیخ دانیال اور شیخ قوام الدین و شیخ صدر الدین
و شیخ سعد اللہ کیسہ دار وغیرہم اجمعین یہہ تمامی حضرات خلقای نامدار
قطب عالم مخدوم شیخ نصیر الدین محمود قدس سرہ کے برحق ہین اور سلسلہ
حضرت کا جاری و ساری ہے اور سبع سنابل مین لکھا ہے کہ ایک دن
مخدوم جہانیان جہان گشت قدس سرہ مکہ معظمہ مین حاضر تھے آدھی رات
گذر چکی تھی کہ بیت اللہ شریف نظر سے مخدوم جہانیان کے غائب اور دکھائی
نہین دیتا عرض کیا خداوندا کعبہ نظر مین نہین آتا ہے فرمان ہوا کہ کعبہ

بمقام دہلی واسطے طواف شیخ نصیر الدین محمود کے گیا ہے پس خاطر مبارک مین
مخدوم جہانیان قدس سرہ کے گذرا کہ سبحان اللہ مین واسطے طواف
کعبہ کے آؤن اور کعبہ بطواف شیخ نصیر الدین محمود قدس سرہ کے جاؤن
بہتر ہے کہ مین ہی وہان جاکر طواف کرون وہان سے تین نیتین کرکے
روانہ ہوئے ایک طواف کرنا دوسری وضو کا پانی بنانا تیسری حوض دہلی
سواری کو حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین قدس سرہ کے کہانے پر لینا
جسوقت دہلی مین آئے اور خدمت بابرکت مین حضرت مخدوم
شیخ نصیر الدین قدس سرہ کے حاضر ہوئے حضرت شیخ نصیر الدین رح
بقبلہ وضو کر رہے تہے مخدوم جہانیان روبرو کھڑے رہے اس عرض سے
کہ جب حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین قدس سرہ وضو دوگانہ سے
فارغ ہون تو ملاقات کرین جسوقت مخدوم شیخ نصیر الدین قدس سرہ
مسح سر سے فراغ پاکر رخ مشرق کیطرف کیا اسوقت مخدوم جہانیان
بھی اوسی جانب بمقابلہ حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین کھڑے ہوئے پس از
فراغ وضو کے قبلہ رو ہوکر محاسن مبارک مین شانہ کیا پھر اسوقت
مخدوم جہانیان وہانسے ہٹ کر روبرو حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین
قدس سرہ کے کھڑے رہے جبکہ حضرت شیخ نصیر الدین قدس سرہ
دوگانہ نماز سے فارغ ہوئے ملاقات کئے اور بروقت ملاقات
حضرت شیخ مخدوم شیخ نصیر الدین قدس سرہ نے ارشاد فرمایا کہ اے
مخدوم تمنے جو نیت طواف کی کی تہی طواف حاصل ہوگیا اب پانی وضو کا

جو اوس کو زہ مین باقی ہے پیئے لو اور جو نبت چود ڈل اٹھانے کی
کہے تھے اپنا ہاتھہ ڈنڈی سے چوڈول کے لگا دیں ہے کیونکہ تم
سید آل رسول ہو اور ایک ازار بھی حضرت مخدوم شیخ نصر الدین
قدس سرہ نے بہ نیت خلافت عنایت فرمائے چنانچہ اس ازار کو
مخدوم جہانیان قدس سرہ نے اپنے سر مبارک سے باندہا اور
بعد تکمیل حالات و تحصیل کمالات کے رخصت ہوئے - اور صاحب
خزینۃ الاصفیا نقل کرتے ہین کہ جناب شیخ وجہ الدین عثمان سیاح
قدس سرہ پہلے مرید اور خلیفہ حضرت شیخ رکن الدین ابو الفتح سہروردی
قدس سرہ ملتانی کے تھے اور تفرید و تجرید مین یگانہ روزگار تھے
حتی کہ اسباب دنیا سے بجز ایک تہد کے اور کچھہ نہین رکھتے تھے انہون
نے بعد عطاے خرقہ خلافت سیاحی روے زمین کے بہت کی اور زیارت
بیت اللہ شریف اور مدینہ طیبہ اور بیت المقدس وغیرہ اور مقابر انبیا
اور اولیا سے مشرف اور مشایخ روے زمین سے ملمت وافر حاصل کی
ایک دن بطواف کعبہ مصروف اور موسم گرما بشدت تہا اوسوقت خود حضرت
خضر علیہ السلام نے انپر سایہ فرمایا اور انہون نے بہت معذرت کی پس
حضرت خضر علیہ السلام نے آپ خود اپنی دستار اور لباس پہنائی اور فرمایا
کہ اب تم دہلی مین بخدمت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی کے جاؤ چنانچہ
حضرت شیخ وجہ الدین عثمان بموجب فرمان حضرت خضر علیہ السلام کے
دہلی مین آئے اور حضرت سلطان المشایخ خواجہ نظام الحق والدین رحمۃ اللہ علیہ

سے مستفیض ہوئے اور درجہ کمالیت کو پہونچے اور سعادت دارین کی
حاصل کی تظم آپکا جسکے طرف روئے عنایت ہو جائے تو معدن نور خدا
بحر ولایت ہو جائے تو محنت کش مکش دور جہان سے ہو پاک تو جسکو
محبوب الٰہی سے محبت ہو جائے تو ذرۂ خاک وہین صورت خورشید بنے تو
قطرہ بقید وہان ابر کرامت ہو جائے تو پشت پر جسکے ہو وہ پشت پناہ
عالم تو رستم عرصۂ دین شاہ ولایت ہو جائے تو روبرو آپکے کر کوئی
گنہگار آجائے تو عفو ہو سارے گنہ مورد رحمت ہو جائے تو حاصل کلام
جسکے ولایت سے حصہ ہوتا ہے اوس سے ہی ملتا ہے دوسرے سے نہین ملتا
پس فنافی الشیخ والی حضرات صاحب کمال نہین کر سکتے ہین تا وقتیکہ
فنافی الرسول اور فنافی اللہ کے درجہ کو نہ پہونچین اب رہا درجہ فنافی اللہ کا
وہ یہہ ہے کہ اس درجہ والے دریاے عشق الٰہی مین مستغرق رہتے ہین
اور پارۂ دل انکا آتش شوق مین سوزان رہتا ہے فرمائے ایسا انسان
کسکی خبر رکھتا ہے بلکہ اوسکو اپنی وجود سے بھی خبر نہین رہتی المختصر فنافی الرسول
والی معشوق خدا اور یہہ عاشق خدا کہلاتے ہین اور بمقتضاے وجود ظاہر کے
ہوش کے باتین بھی کرتے لگتے ہین گو جمال الٰہی مین متحیر اور محو رہتے ہین
اور قول و فعل انکے محض ارادہ الٰہی سے ہوتے ہین اور جو کلمات کہ دنیا کے
معاملہ مین انکے زبان مبارک سے نکلجاتے ہین اکثر اوسکو خدا مظہر کرتا ہے
نقل ہے کہ ایک دن خانقاہ مبارک حضرت خواجہ راستین فلک الفقرا و
المساکین سلطان المشایخ والاولیا نظام الحق والشرع والہدی والدین

مطاع المسلمین رحمتہ العالمین مین طعمۂ الوان ترتیب پاکر صلائے عام
دی گئی ہی چنانچہ سرادنی اور اعلی بر سر اوس مایدہ کے حاضر ہوکر ازانعمت بے
بہرہ وافر اوٹھاتا چنانچہ شاہزادہ محمد متعلق ہی حاضر آیا اور بعد فراغ بحصول
اجازت رخصت ہوا الغرض بعد روانہ ہونے بادشاہ دہلی اور برخاست
مجلس کے حسن علاؤ الدین اجودہ پہلے کانگوئی ہمن نامی منجم دہلی کے پاس
ملازم تھے اور کمال فلاکت روزگار سے گزران کیا کرتا تھا اور تنگی معاش
سے دل تنگ تہا وہ بہی داخل خانقاہ شریف اس امید پر کہ بندگی غرض کرکے
شرف ملازمت سے مشرف ہوا تہا کہ جناب محبوب الہی نے فرمایا کہ اسلطانے
رفت و سلطانے آمد قبل از اس بات کے کہ کوئی آنے سے اوسکی غرض کہے
آپنے ارشاد فرمایا کہ ایک شخص باہر دروازہ کے کہڑا ہے اور اوسکا حلیہ
ایسا ہے اوسکو حاضر کرو اوسیوقت خدام دوڑے اور اوسکو بلا لائے
حضرت نے اوس کیطرف متوجہ ہوئے اور بہت التفات فرماکر احوال پرسی
کئے چونکہ مایدہ ہوگیا تہا جو روٹی کہ حضرت کے افطار کیلئے طاقچہ مین رکہی
ہوئی تہی آپ نے اوس روٹی کو انگشت مبارک پر رکہکر اوسکو عنایت کی
اور فرمایا کہ یہہ چتر شاہی ہے تو تری زمانہ اور دیر مین ملک دکن کا بادشاہ
ہوگا چنانچہ ویسا ہی ہوا کہ تہوڑی مدت مین حسن علاؤ الدین زمرۂ مصنبداران
بادشاہ دہلی کے شریک ہوکر وارد دولت آباد ہوا اور وہان سے واسطے
مقابلہ باغیون اور سرکشون کے دار الخلافت حسن آباد گلبرگہ شریف مین
آیا چنانچہ عماد الملک ترکمانی معرکہ جنگ مین زندگانی کو جواب دیا اور

اہل لشکر بعضے بیدر کے طرف اور بعض قندہار کیجانب بہاگ گئے اور
آپ سریر پادشاہی پر متمکن ہوا تاریخ فرشتہ ناطق ہے کہ جسوقت حسن
نے قدم تخت شاہی پر رکہا پہلے یہی حکم صادر کیا کہ پانچ سن طلا اور دس من
نقرہ معرفت سے حضرت مولانا برہان الدین غریب جو خلفاے انحضرت سے
دولت آباد مین ہین واسطے ترویج روح پر فتوح حضرت سلطان المشایخ
والاولیا محبوب آلہی قدس سرہ کے کہ ہان پہونچاوین ۵ جو آپ چاہین تو
مشکل کو سربراہ کرین تو گدا کو چاہین تو ایک پل مین پادشاہ کرین تو
قصیدہ مدحیہ آنکہ محبوب آلہی نامور شد نام او تو کرد حق از بادہ
عرفان لبالب جام او تو نعمت عظمی ز خوان نعمت حق یافتہ تو عالم شد
بر آدم وجن وملک انعام او تو یافت محبوب آلہی عظمت عظمی ز حق تو
شد مکرم از ہمہ اہل کرم اکرام او تو قدر والا یافت در درگاہ علام الغیوب تو
شد خبیر گیر دل ہر یک بشر الہام او تو جسم علوی دشت پاک از اختلاط آب گل تو
بلکہ شد پیدا از نور معرفت اندام او تو جملہ گل خوردند گل از رشک آن رشک
چمن تو جلوہ گر شد در گلستان چون رخ گلفام او تو **حکایت** ہے کہ
سلطان غیاث الدین تغلق بعد قتل خسرو خان کے تخت نشین ہوا جسکے
مہم بنگالہ سے مراجعت کی اتفاق راہ سے حضرت محبوب آلہی کے جناب مین
اس مضمون کا خط لکہا کہ جسوقت مین دہلی مین آؤن آپ غیاث پور سے
باہر چلے جاوین کیونکہ آپ کے سکونت کے باعث سے بہت لوگ وہان
رہتے ہین اور متوسلان بادشاہی کے لئے جائے نہین ملتی چنانچہ اون دنون

حضرت کا مزاج ناساز تہا بعد ملاحظہ خط کے فرمایا کہ ہنوز دہلی دور است
بس ویسا ہی ظاہر ہوا کہ بادشاہ دہلی مین آنے نہین پایا اور بتلق آباد
زیر قصر آکر مرگیا چنانچہ ضرب المثل ہنوز دہلی دور است اہل ہند مین اب
مشہور ہے قصیدہ ثانی ہو کون اوس شہ عالی مثال کا ذکر کرتا ہے کون
سامنا اونکے جلال کا ذ معدن ہے ایک عظمت عز و کمال کا ذ مخزن ہے
ایک دولت حسن و جمال کا ذ موصول حق ہے واصل درگاہ ایزدی ہے
باعث ہر ایک کو ہے خدا کے وصال کا ذ لاکہون پڑے ہین در پہ دہان
گرچہ خاکسار ذ محبوب ہے جناب شہ ذوالجلال کا ذ مشکل نیاز سخت ہے
آسان یہہ کرین ذ ممکن یہان وقوع ہے امر محال کا ذ خزینۃ الاصفیا
ناقل ہے کہ ایک روز چند سفہاء منکران اولیاء خدمت بابرکت مین
حضرت امام صلحاء و منہاج الاتقیا خواجہ حذیفۃ المرعشی رحمۃ اللہ علیہ کے حاضر
ہوکر بدگوئی کی پہلے خواجہ نے پند و نصایح سے انہونکو سمجہایا اور غداب
حق سے ڈرایا مگر اونہون نے دست مبارک حضرت کا پکڑ کر ریش سفید
اور کہا کہ اگر تو مرد خدا ہے تو حق مین ہمارے دعائے بد کر المختصر حضرت نے
تین مرتبہ لفظ آہ کی تکرار کی بجرد اسکے ایک آگ دہن مبارک سے حضرت
کے برآمد ہوی اور اون منکرون کے جسم مین پہیل گئی اور جلا کر خاکستر
کر ڈالی نعوذ باللہ من غضب الاولیاء نظم ای خسرو ملک بقا مردود نو
مردود حق ذ وی سرور روز جزا مردود تو مردود حق ذ مقبول درگاہ خدا
مقبول درگاہ خدا ذ دانند مردم جا بجا مردود تو مردود حق ذ تخصیکہ منکر شد

زتو باشد جہنم جائے او ۔ گر دید بچون وچرا مرد تو مرد و حق نقل ہے کہ
حضرت شیخ المشائخ محمد سلیمان صاحب قدس سرہ وطن شریف سے پیر کے
عرس پر توسہ شریف کو ہمیشہ آیا کرتے تھے ۔ مرتبہ رنجیت سنگھ نامی بادشاہ نے
اٹک کے کشتی بانون کو حکم دیا کہ حضرت کو واسطے سواری کے کشتی ہرگز نہ دیجائے
دیجائیگی تو ضرر ہوگی غرض رنجیت سنگھ کی یہہ تھی اور شیطانی وسوسہ پیدا ہوا تھا
کہ دیکھنا چاہیئے کہ اگر اونکو کشتی نہ دیجائے تو وہ کیسے ولی کامل ہین جو بدون
سواری کشتی جا سکینگے جسوقت کہ حضرت معہ مریدان کنارہ دریائے اٹک پر
تشریف لائے فرمایا کہ کشتی لاؤ کشتی بانون نے پروانہ مہری رنجیت سنگھ کا
دکھلا دیا اور گذارش کی کہ ہمکو حکم رنجیت سنگھ کا یہہ ہے کہ ہرگز کشتی نہ دیجائے
ہم لاچار ہین اور کشتی بھی یہان نہین ہے کہتے ہین کہ آپ نے تین مرتبہ
طلب کیا ہر مرتبہ اونسے وہی جواب دیا پھر میان باران صاحب کے جانب
متوجہ ہوکر فرمایا کہ باران دریا مین سے یہہ لوٹا بھر لاؤ کہتے ہین میان باران صاحب نے
بموجب حکم کے لوٹا بھر لائے بعد لمحہ کے حکم دیا کہ مجکو دریا اوتار پر معلوم ہوتا ہے
لوگون نے عرض کیا کہ حضرت یہہ دریا بہت گہرا ہے کبھی پایاب نہین ہوتا
مکرر فرمایا کہ مجکو اوترا ہوا معلوم ہوتا ہے بھلا دیکھو تو بموجب حکم کے جو دیکھا
تو ظاہر ہوا کہ واقعی دریا مین ٹخنے برابر پانی ہے یہہ حالت عرض کی گئی پس
آپ معہ ہمراہی پایاب چلے گئے کہتے ہین کہ آپ جسوقت عین دریا مین پہنچے
اوسوقت یہہ شعر طبعزاد زبان مبارک سے فرمایا ؎ بہ بین کرامت خضر
چو معجزۂ موسیٰ ۔ کہ اژدہا نیل گذشت است و این بدریا ستدہ ۔ شیخ عالم

حضرت بدرالحق والدین سے نقل ہے کہ ایک دن منجلی بیگم صاحبہ نواب
سکندر جاہ والی حیدرآباد کی بہن نے مخدوم العارفین قدوۃ
السالکین حضرت خواجہ سید شاہ بابا معین الدین چشتی القادری سے
عرض کیا کہ ہمنے سنا ہے کہ اکثر گروہ اہل ہنود کے اپنے چیلون کو تیرتہ کو
(اگرچہ وہ یہان سے منزلون دور مسافت بعید پر واقع ہے) دکھلاتے ہین
کیا اب ہماری قوم مین بھی کوئی ایسا شیخ ہے کہ زیارت حرمین شریفین کو
وہ بھی منزلہاے دور پر واقع ہے یہان سے بیٹھے کرا دے مخدوم العارفین
نے تھوڑے دیر وقفہ فرماکر ارشاد فرمایا کہ ہمارے وظایف کے بعد
باوضو جاکر مصلی پر دوزانو آنکھہ بند کرکے بیٹھہ جاؤ اور دیکھہ لو کہ خداوند
قادر ہے پس بیگم صاحبہ موصوفہ نے ویسا ہی کیا جیسا کہ ارشاد ہوا
بعد نشست کے خود کو حرمین شریفین مین حضرت مخدوم العارفین کے
ساتھہ دیکھا اور طواف و زیارت کعبہ سے شرف حاصل کیا معروف شاہ صاحب سے
نقل ہے کہ وہ کہتے ہین کہ میری زوجہ کی حالت وبا کی شدت سے قرب المرگ ہوئی
اوسوقت وہ اپنے مرشد کے پاس جنکا نام نامی حضرت مرزا حسن بیگ قدس سرہ
تھا جانا چاہے یہ نزار وقت میانہ مین سوار کرا کر حضرت موصوف کے
مکان کو مین لے گیا بعد دو پہر رات کے دست و پا مریض کے حرکت سے
معطل ہوگئے بر و اطراف ہوگیا اور بینائی چشم بھی زائل ہوگئی تھی جونکہ
مین چار روز سے استراحت نہین کیا تھا سرہانے مریض کے کسیقدر
میری آنکھہ بند ہوگئی تو مین کیا دیکھتا ہون کہ میری زوجہ مریض کی

رحلت ہوگئی غسل وغیرہ کی تیاری ہورہی ہے اور حضرت موصوف صحن خانہ میں
زیر سما اشکبار ہین اور جناب باری مین حیات مریض کی دعا کررہے
ہین آسمان سے ندا ہوی کہ اگرچہ اس مریض کی موت ہوگئی تہی لیکن اے
حسن بیگ تیری خاطر سے ہمنے اوسکو حیات تازہ بخشا یہہ خوشخبری سنتے ہی
میری آنکھہ کہل گئی تو دیکہا کہ فوراً مریض نے استعانت دیگری باہوش وحواس
اوٹہہ بیٹہے آثار صحت کے بالکلیہ نمودار ہین دوسرے روز طاقت آمد ورفت کی
پیدا ہوگئی چنانچہ بفضلہ آجتک بخیریت زندہ ہین۔ **نقل** حضرت مخدوم
حافظ کلام ربانی بدر الحق والدین فرماتے ہین کہ مینے نہین دیکہا کہ کوی شخص
جو حضرت قبلہ عالم مخدوم العارفین قدوۃ السالکین شاہ مرزا حسن بیگ
چشتی نظامی القادری النقشبندی الابو العلائی قدس سرہ کے ہان سے
بلا مقصود چلا گیا ہو اکثر فیضیاب ہوتے تہے اور کسیطرح کا حضرت قبلہ عالم
مزاج مبارک مین تکلف نہ تہا بلکہ اہل ظاہر تمیز نہین کرتے تہے کہ یہہ صاحب
کرامت ہین اور آپ مسند قضاءت پر واقع چہاونی زریدلسی بلدہ حیدرآباد
دکن کے ہی جلوہ افروز رہتے فرماتے ہین کہ قبل از وصال کے حضرت نے
فرمایا تہا کہ ہمنے جمعہ کا دن مقرر کیا ہے چنانچہ ویسا ہی ہوا کہ حضرت نے
بروز جمعہ انتقال فرمایا **مولف** کہتا ہے کہ ایک روز مین سویا ہوا تہا
پچہلی رات ایسی نہوی ہوگی کہ دیکہا ایک مسجد مین حضرت نماز ادا کررہے ہین
اور مین مقتدی تہا اور صحن مسجد مین راگ ہورہا تہا مگر مطرب صورت
ندارد تہی صرف دف کا باجہ تہا اور کچہہ مزامیر کے قسم سے نہین تہا

پس از فراغ نماز کے مین داخل سماع ہوا مجھہ پر جو حالت اور کیفیت
گزری مین نہین کہہ سکتا کہ کیا تھی چنانچہ کئی دن اوسکا نشہ اور حالت
مستی مجھہ پر طاری رہی - القصہ اس گروہ سے مجذوب اور سالک
ہوتے ہین جسکا قدم شوق مین مستقل رہا وہ سالک اور جسنے سماع صبر و
قرار معشوق کے دربار مین پیشکش کی وہ مجذوب ہوا اکثر مجذوبون پر جو
بوجہ خلاف کرنے احکام شریعت کے حد شرع جاری ہوی - اوسکا یہ
باعث ہے کہ شریعت ایک عام ہے خداوند تقدس تعالے کیطرف سے
جو اسکے خلاف کرتا ہے سزا پاتا ہے پس اگر بتقاضاء بشریت انسی کوئی
خطا سرزد ہوئی تو حد شرع اوپر واجب آئی اور سیوا اسکے یہ بات بھی ہے
کہ ناز معشوق کو عاشق پر ہوا کرتا ہے اور جو الطاف معشوق سے ہوتے
وہ خفیہ ہوتے ہین اور اظہار اوسکا بے ادبی اور باعث عتاب ہوتا ہے
اور جسکا ظہور حد سے ہو ورنہ کسکو کیا مجال ہے کہ واصلان خدا کو مجذوب
کر سکے نقل ہے کہ حضرت منصور علیہ الرحمتہ اکثر قید خانہ سے غایب ہوجاتے
تھے ایک روز حضرت منصور علیہ الرحمتہ نے عالم رویا مین دیکھا کہ ایک خیمہ کے
اندر آنحضرت علیہ السلام تخت نشین ہین اور ایک روزن ہے کہ اس سے
دھوپ چہرہ مبارک پر پڑتی ہے تب آن حضرت صلعم نے منصور سے ارشاد
کیا کہ اگر چاہتا ہے کہ یہ روزن موقوف ہو تو اپنا سر فدا کر یعنے یہ خیمہ
شرع ہے اور تو یا تیری سرکار رخنہ ہے پس موقوف کر بعد بیدار ہونے کے
منصور نے سولی پائی پس اسطرح پر حال ہے اولیاء اللہ کا کہ رضا ہے

راضی ہو ظاہر ہے کہ خدائے تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور
اسی شرف کے باعث سے اوسکو قلب سلیم عطا فرمایا ہے کہ جو مبدء
ادراکات ہے اور یہ اسلئے دیا کہ یہ اپنی شرف کے سبب کو حاصل کرے
اور وہ شرف خدائے تعالیٰ کے ساتھ محبت اور اوسکی اطاعت اور اوسکا
شوق اور آخر اوسکی ساتھ مصاحبت اور معیت ہے کہ جسکے وجہ سے
تمام مخلوقات پر عالی مرتبہ ہو جاتا ہے دیکھو مٹی بذات خود کچھ خوشبو
نہیں رکھتی مگر پھول کی ہمنشینی سے کیسی خوشبودار ہو جاتی ہے اسیطرح
عارف خدا کے مصاحبت میں عجب شان پیدا کرتا ہے سعدی
کمال ہمنشین در من اثر کرد وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم پس جسکو
یہہ بات نصیب ہو گئی تو وہ اصلی مقصد کو پہنچ گیا اور جس شخص نے کہ
اپنی ہستی خدا کے ہستی میں فنا کر دے تو وہ نہایت ہی اعلیٰ درجہ میں پہنچا
اور وہ اوسی فرقہ سے ہو جاتا ہے جسکو نہ جنت کا شوق اور
نہ جہنم کا خوف رہتا ہے وہ شوق دیدار میں ہے مصروف ہے شعر
عاشقان نہ حور خواہند نہ بہشت الا بسر آن کہ فارغ اند از کتخدائے خانمان
کردہ خراب کہ جو عاشق مجازی ہے اوسکو بھی مذاق حاصل ہے دیکھو
اونکے نزدیک درد ہجر محبت سے بدتر کوئی درد نہیں اور آتش جدائی
سے زیادہ کوئی سوزش نہیں اور وصل سے بہتر کوئی آرام نہیں اس
بیان سے ثابت ہوا کہ اس گروہ کو نہ خوف و فزع اور نہ شوق جنت
چنانچہ قرآن شریف ناطق ہے ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

لیئے نہ خدا کے دوستون کو خوف آیندہ ہے نہ کسی گذشتہ چیز کا رنج ہے
اگرچہ یہہ اشارہ قیامت کے دن کا ہے مگر اب انکے امور ش اور آرام
مین کوئی کلام نہین اور فرقہ مجذوبون کا مختصر بیان یہہ ہے کہ ایک
حالت سکتہ مین ہے اور سکون نہ کسی سے خوف اور نہ کسی نقصان سے
سراس اور نہ کسی آرام سے خوشی پس جب انکو یہہ حالت نصیب ہوتی ہے
اسی کو بجات یہی جنت یہی فوز کبیر یہی یہہ دنیا ہی مین داخل جنت ہین
کیونکہ حقیقت مین جنت رضای الہی کا نام ہے اور دوزخ اوسکے غضب کا
مقام ہے نعوذ باللہ منہ اسی مقام پر ایک نقل ہے کہ جناب سید النطق
عدیم المثل حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی الدین قدس سرہ کے عادت تھی
ہمیشہ روزہ طی رکھتے اور بعد تین دن کے سبزی بے نمک سی افطار کرتے
اگر اوس سبزی بے نمک مین سے کوئی شخص کچھہ تھوڑی سے تناول کرتا
تو مجذوب ہوجاتا۔ اور فوایدالسالکین مین مذکور ہے کہ حضرت
خواجہ حذیفتہ المرعشی قدس سرہ کو ستر سال گذر گئی ہے مگر آپنے جاڑے
سجادہ گرمی سے پای مبارک باہر نہین رکھا اور کہین تشریف نہین
لیگئے مگر ہر سال مسافران اور حاجیان جو واسطے زیارت خواجہ کے
آتے ہے اور عرض کرتے ہے کہ ہم نے حضرت کو بیت اللہ شریف
اور بیت المقدس مین دیکھا ہے۔ حکایت ہے کہ جبکہ حضرت
خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہ کو اشتیاق خانہ کعبہ کا
غالب ہوا تو فرشتون کو فرمان ہوا کہ خانہ کعبہ کو اوٹھا کر چشت مین

ذکر مجذوب

کرامات اولیاء اللہ

خواجہ کے نظر مین لاتے آپ جبہ طواف کعبہ سے فراغ حاصل کرکے
نماز وقتیہ ادا کرتے پھر کعبہ کو فرشتے واپس لیجاتے۔ نقل ہے کہ ایکدن
قاضی حمید الدین ناگوری اور مولانا علاؤ الدین کرمانی و سید نور الدین سبزواری
اور سید شرف الدین و مولانا علیم الدین وغیرہم اجمعین خدمت
بابرکت حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہ کے
حاضر تھے اوسوقت مین مسافران خانہ کعبہ کے بھی حکایت تھی پس حضرت
خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہ نے فرمایا کہ جس جگہ
بندگان خدا رہتے ہین کعبہ کو فرمان ہوتا ہے کہ اوس جگہ جاوے
پس ہنوز یہہ بات پوری ختم نہونے پائی تھی کہ جتنے اصحاب موجود تھے
سب کے سب اوٹھے اور عالم تحیر مین مشغول ہوئے یہان تک کہ اپنی بھی
خبر نہین رکھتے تھے حضرت شیخ الاسلام فرید الدین گنج شکر اجودھنی
قدس سرہ فرماتے ہین کہ مین بھی اوسوقت حاضر تھا اوٹھا اور تکبیر بلند
بلند جیسا کہ طواف مین کہتے ہین کہا یہان تک تکبیر کہا کہ ہر ایک عضو مین
نا سیرہ خون روان ہوا اور ہر قطرہ نقش تکبیر باندھتا تھا اوسوقت مین
اور تمامی اصحاب جو کہ حاضر تھے بچشم ظاہر دیکھا کہ خانہ کعبہ آگے کھڑا ہے
جبکہ کعبہ کو دیکھا ہم نے اوسکے آداب بجالائی اور چہار مرتبہ طواف کیا
تبھی کہ ہاتف غیب سے ندا آئی کہ ای عزیز دہمتے حج اور نماز تمہاری قبول کی

نقل ہے کہ یک قطعہ زمین زر خرید حضرت شیخ الاسلام زہد الانبیا
خواجہ فرید الدین گنج شکر کے تھی ناحق ایک شخص نے دعوی ملکیت زمین

ر کا حاکم دپالپور کی نزدیک پیش کیا الغرض بعد تحریر اظہار مدعی
ے حضرت شیخ الاسلام سے جواب دعوی بذریعہ تحریر طلب کیا آپنے
ب اوس تحریر کے کلمہ بھیجا کہ تحقیقات مقدمہ ہذا کے ساکنان اجودہن
ئے کہ وہ واقف حال ہین پس حاکم نے بجواب اوس تحریر کے
ب دیا کہ یہہ مقدمہ بے پروائی سے فیصل نہین ہوگا تا وقتیکہ
ں حاضر نہ آوے اور سند زمین پیش نکرے اس سخن سے درویش
خاطر مبارک رنجیدہ ہوی اور فرمایا کہ اوس نا انصاف اور
ن شکستہ حاکم کو کہو کہ نہ ہم سند رکھتے ہین نہ گواہ اگر ہماری قول کا
بار نہین ہے تو خود بر سر زمین متنازعہ جاوے اور خود زمین سے
چھے کہ تو ملک کس کی ہے زمین خود ظاہر کریگی حاکم نے جبکہ یہہ سخن
استحانا بر سر زمین گیا اوس وقت بہت لوگ ساکنان اجودہن
سوار پیدل ملازم سرکار اور خاص و عام موقع مذکور پر حاضر تھے
ں حاکم نے اوس مدعی کاذب کو اشارہ کیا کہ زمین سے دریافت
استفسار کر لہذا اوس شخص نے باواز بلند کہا کہ اے زمین سچ کہہ کہ
یری ملک ہے یا شیخ کی زمین سے کچھہ جواب نہوا پھر ایک خادم حضرت کا
حاضر تھا آواز دی کہ ای زمین حکم خواجہ فرید الدین کا ایسا ہے کہ
چ کہہ کہ کسکی ہے زمین سے اواز فصیح بلند ہوی کہ یہ ملک ہے
اجہ فرید الدین گنج شکر کے ہون بظہور اس کرامت کے غلغلہ عظیم برپا ہوا
ر مدعی کاذب منفعل ہوا و حاکم بعد تحقیقات مقدمہ جسوقت دپالپور

روانہ ہوا راستہ مین گھوڑے سے گر پڑا اور گردن شکستہ ہوگئی۔ اور
خزینہ الاصفا کی روایت ہے کہ ایک دن غیب سے حضرت شیخ بہاؤ
زکریا ملتانی قدس سرہ کو بشارت ہوئی کہ آج کے روز کوئی شخص شہر ملتان
دیکھیگا آتش جہنم اوسپر حرام ہے نظر بران حضرت بہاؤالدین زکریا
ملتانی قدس سرہ ہاتھی پر ہودج مین سوار ہوکر شہر مین برآمد ہوئے تاکہ کوئی
کوی محروم نرہجائے اور ہر ہر کوچہ و بازار مین رونق افروز ہوتے
گئے تا مردم آتش جہنم سے باز رہے المختصر ایک ہجوم انبوہ ہمراہ سواری کے
اور شہرت بریا تھی اتفاقاً حضرت شیخ الاسلام زبدۃ الانبیا خواجہ فریدالدین
گنج شکر قدس سرہ بھی ملتان مین تازہ وارد اور رونق افروز ہوئے
جسوقت سواری حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی قدس سرہ کے
پیش مکان حضرت شیخ الاسلام کے گذرے بہوترا نامی ایک خادم
اور ایک غلام حضرت کے ہمراہ تھے بمجرد سنے اس خبر کے اونہون نے
پشت بجانب سواری شیخ بہاؤالدین زکریا قدس سرہ کے کرکے کہا
کہ اگر کفش برداری سے حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر قدس سرہ
آتش دوزخ حرام نہوگی تو صرف دیکھنے سے نہ حضرت شیخ بہاؤالدین
قدس سرہ کے سبب آتش دوزخ حرام ہوویگی جبکہ یہہ حال ہے تو ریاضت حضرت
خواجہ فریدالدین گنج شکر قدس سرہ پر منکشف ہوا آپنے بظاہر ہی آشنا
حال فرمایا اونہون نے پھر وہی عرض کیا پس حضرت خواجہ فریدالدین
گنج شکر قدس سرہ نے ارشاد فرمایا کہ شاید یہہ مرتبہ ہی بہاؤالدین زکریا

قدس سرہ کو بدعاے غریب فقیر فرید کے عطا ہوا ہوگا اور جانے کہ خواجہ
کہ مرید فرید اور مرید مریدان فقیر فرید کے ہین اور جو کوئی کہ تا قیام قیامت
زمرہ مریدان فرید مین آوینگے حق سبحانہ تعالے نے اونہون پر آتش دوزخ
حرام فرمائی ہے - اور اخلاق و مقامات اور احوال و کشف علویات
سفلیات اکثر پیران طریقت کو قبل از بیعت بہی ہوتا ہے - نقل ہے کہ
حضرت شیخ الاسلام زہد الانبیا خواجہ فرید الدین شکر گنج اور مخدوم
شیخ بہاو الدین زکریا اور مخدوم شیخ نجم الدین کبری قدس اللہ ارواحہم
بہ نیت بیعت خدمت مین حضرت شیخ شہاب الدین قدس سرہ کے گئے تہے
پس مخدوم شیخ شہاب الدین قدس سرہ نے حضرت شیخ الاسلام زہد الانبیا
خواجہ فرید الدین شکر گنج قدس سرہ کو فرمایا کہ تمہارا نصیب خانوادہ
عالیہ چشتیہ مین ہے اور پیر قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین
بختیار کاکے اوشی قدس سرہ شہر دہلی مین ہین وہان جاؤ اور مرید ہو اور
باقی وہ دونون حضرات کو دست بیعت دیا اور مرید کیا چنانچہ ایک دانہ
خدمت مین مخدوم شیخ شہاب الدین قدس سرہ کے ملازم تہے اونسے
ارشاد حضرت کے طشت اور آفتابہ لائے تا ہاتہہ مہانوکلی دہولائے اولا
حضرت شیخ الاسلام زہد الانبیا خواجہ فرید الدین شکر گنج قدس سرہ کے
پیش کی چنانچہ شیخ الاسلام نے یہان تک ہاتہہ مبارک دہونے مین پانی
صرف کیا اور دیر تک دہوئے کہ تمام پانی آفتابہ کا صاف ہوگیا پہر وہ
دائیہ کہتہ دوسرونکے ہاتہہ دہولانے کو اور پانی لائے اور دہولایا حاصل کلام

جسوقت طعام دسترخوان پر آیا اور تناول بین سب مصروف ہوئے
اوسوقت شیخ بہاو الدین زکریا اور نجم الدین کبری قدس اللہ سرہم نے
حضرت شیخ الاسلام خواجہ فرید الدین شکر گنج قدس سرہ سے استفسار فرمایا
کہ اے مخدوم دیر تک ہاتھہ دھونیکا کیا سبب تہا ہمکو کچھہ معلوم نہین ہوا
پس حضرت شیخ الاسلام قدس سرہ نے فرمایا کہ یہ دایہ کہنہ باوجود اسکے
کہ ایسے شیخ بزرگوار کے خدمت مین رہتی ہے نام اوسکا لوح محفوظ پر
دوزخیون مین لکہا رہنا مجکو افسوس و دریغ آیا لہذا مین نے اتنی مدت کے
اندر اُن حروفونکو لوح محفوظ سے دہوا اور محو کرکے اوسکا نام بہشتیون مین
ثبت کر دیا چنانچہ مخدوم شیخ بہاو الدین زکریا اور مخدوم نجم الدین کبری
قدس سرہ کو عجب آیا اور تفحص کرکے دیکہا تو واقعی ویسا ہے نظر آیا
جیسا کہ حضرت شیخ الاسلام نے فرمایا تہا۔ اور راحت القلوب مین
مذکور ہے کہ جسوقت کوئی بارادہ شیخی یا عالمی یا صاحب ولایتی لینے کو
رجوع لاوے تو شیخ کو چاہئے کہ پہلی حرکات اور سکنات مین اوسکی نظر
کرے کہ یہہ بیچارہ صرف مبتلائی نفس امارہ ہے یا نفوس ثلثہ قال اللہ
وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء پہر نفس لوامہ پر اوسکی نظر کرے
قال اللہ تعالے فلا اقسم بالنفس اللوامۃ بعدہ نفس مطمئنہ کے طرف نظر ڈالی
یا ایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ
پہر اوصاف قلوب ثلاثہ مین نظر کرے کہ قلب سلیم رکہتا ہے یا نہین پہر
بصیقل نظر ضمیر اوسکا روشن گردانے بعدہ دست بیعت دیوے اور شرف

بہ بیعت کرے اگر کوی بطریق سنت مشائخ اور سلوک و مقراض چلانا
نجانے تو باور کرے کہ وہ گمراہ ہے اور وہ بیچارہ جو کہ مرید ہوا اوسکو
بھی گمراہ کیا اور شیخ کو چاہئے کہ احوال مرید سے عارف رہے اگر شیخ
اسیقدر قوت ہووے کہ آنیوالا نیت ارادت سے خدمت مین اوسکے
آوے تو بنظر نور معرفت اور قوت ذات خود زنگار سینہ اوسکا صیقل
کرے تاکہ کچھ کدورت سینہ مین اوسکے باقی نرہے اور آئینہ کے مانند
روشن ہوجاوے اور اگر اتنی قوت نہین رکھتا ہے تو شیخ کو نچاہئے کہ اوسکو
مرید کرے صاحب اسرار العارفین فرماتے ہین کہ جسوقت آدمی چاہے
مرید ہووے پہلے غسل کرے اور تمام شب بیدار رہکر نیت اپنی اور
بہ بیعت پیر کی درگاہ حضرت الوہیت جل جلالہ سے درخواست کرے
اگر قوت شب بیداری کی نہین رکھتا ہو تو بروز پنجشنبہ بعد از غسل
عزیزون اور صالحون کو جمع کرے اور رو بہ قبلہ بیٹھے بعدہ دو رکعت
نماز پڑھے پھر شیخ اوس مرید کو اپنے روبرو بٹھلا کر آیۃ قوارع پڑھتا ہے
اور اوسپر دم کرے اوسوقت مقراض ہاتھ مین لیوے اور تکبیر
تین مرتبہ باواز بلند کہے لیکن تکبیر کہنے مین اور مقراض چلانیمین ہمیشہ
اہل سلوک کے مختلف مسئلہ ہے حاصل کلام یہہ ہے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فی الجملہ تکبیر کے کہنے مین حکم یہہ ہے کہ نفس امارہ کو
مارے جیسا کہ رسم اور سنت غازیون کی ہے کہ محاربہ مین تکبیر باواز
بلند کہتے ہین تا بار دیگر وسوسہ نہ آوے جسوقت فراغ حاصل ہووے

مرید کو کہے اکیس ۲۱ مرتبہ کلمہ توحید تکرار کرے اور اکیس بار صلواۃ انبیاء
علیہ السلام پر بھیجے اور اکیس مرتبہ استغفار کہے جبکہ توحید اور صلواۃ
و استغفار سے فراغ ہوے مقراض مرید کے سر پر چلائے اور ایک
تار موی پیشانی سے لیوے اور کہے کہ ملکا یا دشاہا بندہ گریختہ تیری
درگاہ سے امان طلب کرتا ہے شعر باز آمد بندہ بگریختہ تو آبروے
تعوذ عصیان ریختہ تو تاکہ حد بندگی مین اوے اور چاہتا ہے کہ جو کچھ
کہ غیر حق ہوے اوس سے غیرت پکڑے پھر ایک تار موئے دوسری طرف
ناصیہ چپ اور راست سے لیوے زیادہ نہین لیوے اور یہ تینون
تارون کو ایک جا کر کے گرہ دیوے اور دفن کرے بعض مشایخ فرماتے
ہین کہ صرف ایک ہی تار موے ناصیہ سے لیوے زیادہ نہ لیوے
لیکن قول صحیح وہ ہے جو امیر المومنین رئیس التابعین خواجہ حسن بصری
رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ امیر المومنین امام المسلمین حضرت
علی ابن ابی طالب اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ نے بھی ایسی ہی
مقراض چلای ہے اور تین تار موئے ہین پس اس طریقہ کی رعایت
کرنا بہتر ہے کیلئے کہ خلیفہ اہل صفہ ہین جنکے شان مین حدیث شریف
آنحضرت نے فرمایا اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا مقراض چلانا
ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام سے مروی ہے لیکن تلقین جبرئیل
علیہ السلام سے ہے۔ اور پیران طریقت نے واسطے ثبوت بیعت
اور برادری کے دو طرح کی علامت رکھی ہے ایک کاغذ جسمین اسماء سبعہ

پیرون کے لکھتے ہین اور اوسکو شجرہ کہتے ہین کہ مناسبت درخت سے
رکھتا ہے جیسا کہ بیعت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب
رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین کے ساتھہ زیر درخت واقع ہوئی تھی
اوسکو کتبہ کرکے مریدون کو دیتے ہین اور علامت دوسری یہہ ہے
کہ کلاہ عطا کرتے ہین جسکی اصلیت راحت القلوب مین یون لکھا ہے
کہ ایک روز جبرئیل علیہ السلام چار کلاہ بہشت سے خدمت مین جناب
رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ایک ترکی اور دو ترکی اور تین
ترکی اور چہار ترکی اور کہا کہ مجھے فرمان ہوا ہے کہ یہہ چارون کلاہ
آپ اپنی سر مبارک پر رکھین پھر جسکو مناسب سمجھین عطا فرماوین
پس رسول اکرم علیہ الصلواۃ والسلام نے وہ چار کلاہ کو اپنے سر پر
رکھکر پھر ایک کلاہ ایک ترکی سر پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
کے رکھے اور فرمایا کہ یہہ کلاہ تمہاری ہے جسکو مناسب جانو دیدو
اور کلاہ دو ترکے سر پر حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ کے رکھے
اور فرمایا کہ یہہ کلاہ تمہاری ہے جس کسیکو مناسب جانو دو اور
کلاہ سہ ترکی سر پر حضرت عثمان رضی علیہ عنہ کے رکھے اور فرمایا
کہ یہہ کلاہ تمہاری ہے جسکو مناسب جانو دیجئے وہ لایق ہووے
اور حق اس کلاہ کا بجالاوے اور کلاہ چار ترکے سر پر حضرت
علی ابن طالب اسد اللہ غالب رضی اللہ عنہ کے رکھے اور فرمایا کہ
یہہ کلاہ تمہاری ہی جس کسیکو مناسب سمجھو دو کیونکہ مجکو فرمان تہا

کہ کلاہ چار ترکے علی کو دیجاوے ۔ روایت ہے کہ جسوقت حضرت
خواجہ عثمان ہارونی علیہ الرحمتہ والغفران نے خرقہ خلافت کا اپنے
پیر روشن ضمیر کے پہنا اور حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی قدس سرہ
نے کلاہ چار ترکی بھی سر پر حضرت خواجہ عثمان قدس سرہ کے رکھے
فرمایا کہ مراد کلاہ چار ترکی سے چار ترک ہے اول ترک دنیا دوم
ترک عقبی سیوا سے ذات حق کے کچھ مقصود نہووے تیسری ترک
خواب وخور الا قدرے موافق سد رمق کہ ضروریات سے ہے
چوتھی ترک خواہش نفس یعنے جو کچھ کہ نفس کہے خلاف اوسکے کرنے
پس جو شخص کہ یہہ چار چیز ترک کرے کلاہ چار ترکی کا پہنا سزاوار ہے
والا فلا ربا عی گر کلاہ فقر خواہی سر بسر تو از خود و جملہ جہان کیسر تو
این کلاہ بے سر است ای بشر تو کے دہندت تا تو می نازی بسر تو
صاحب انوار الحسن تحریر فرماتے ہین کہ ایک روز حضرت سلطان
المشایخ نظام الحق والدین محبوب الٰہی قدس سرہ باولی کے کنارے
رونق افروز تھے کہ ناگاہ ایک پنجہ دست پانی سے نمودار ہوا اور
حضرت سلطان المشایخ قدس سرہ نے اپنی کلاہ اوس پنجہ پر رکھدی
اور وہ پنجہ دست غائب ہوگیا مردمان حاضرین نے استفسار اور
استکشاف کیا حضرت نے فرمایا کہ یہہ پنجہ شاہ شرف الدین بوعلی قلندر
کردہ باوصف استعداد عالی نسبت کے بیعت ظاہری نہین کرتے تھے
اسلئے میرے روبرو آئے ہین نے خلعت خلافت عطا کی راحت القلوب مین

لکھا ہے کہ جناب رسالتمآب رسول علیہ السلام نے شب معراج مین
خرقہ پایا اور جسوقت کہ معراج سے مراجعت فرمائے اصحاب رضوان
اللہ علیہ اجمعین کو طلب کیا اور فرمایا کہ مین نے خرقہ پایا ہے اور
فرمان ہے کہ جو کوئی سوال کا جواب دیوے یہہ خرقہ اوسکو دیا جاوے
لہذا مین تم سے جواب پوچھتا ہون معلوم نہین کون جواب دیوے
چنانچہ پہلے رو ئے مبارک جانب امیر المومنین حضرت ابا بکر صدیق
رضی اللہ عنہ کے کرکے فرمایا کہ اگر یہہ خرقہ مین تمکو دون تو
تم کیا کروگے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ صدق کو
بڑہاؤنگا اور طاعت خدا تعالی کی کرونگا اور وہ جو کچھہ کہ مال
دنیا سے مجھے ملے گا اوسکو راہ مین خدا تعالے کے بخشش کرونگا
پھر طرف امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ کے متوجہ ہوئے اور استفسار
فرمایا اونہون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر یہہ خرقہ
مجھے عطا ہوئے تو عدل کرونگا اور انصاف اور داد مظلومونکی کھینچی
سنکر دریافت کرونگا اور انصاف کو پہونچاونگا من بعد جناب رسالتمآب
حضرت امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اگر یہہ خرقہ تم کو
دون تو تم کیا کروگے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر مجکو یہہ خرقہ
عطا ہوئی تو باتفاق ایک دوسریکے کام کرونگا اور جو کچھہ حق اس خرقہ کے
ہوے بجالاؤنگا اور سخاوت کرونگا بعدہ حضرت امیر المومنین علی ابن
ابو طالب کرم اللہ وجہہ سے استفسار فرمایا کہ اگر یہہ خرقہ تمکو دیون تو

تم کیا کروگے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر مجھکو یہہ خرقہ
عطا ہوے تو مین پردہ پوشی کرونگا اور عیب بندگان خداوند تعالے
کا پوشیدہ کرونگا پس جناب رسالتمآب نے فرمایا کہ لو یہہ خرقہ مین نے
تمکو دیا کسلئے کہ مجھکو فرمان تہا کہ جو یہہ جواب دیوے خرقہ اوسکو دینا
اسپر قیاس کرنا چاہئیے کہ درویشی سے مراد پردہ پوشی ہے اور مقاصد بہی
منجملہ ایک بہید ہے اور اسرار الٰہی سے پیری اور مریدی کچھہ آسان
کام نہین ہے جیسا کہ آجکل کے پیر اور مرید اور خلافت بخش اور خرقہ پوش
بہت سے پیدا ہوئے ہین نظم زہد وتقوی نیست این گر بہر خلق ؎ صوفی
باشی و پوشی کہنہ دلق ؎ شانہ ومسواک وتسبیح ودعا ؎ جبہ ودستار و
قلب بے صفا ؎ پیش وپس گردد مرید ناخلف ؎ چون خرابہ بے آب و
علف ؎ دام اندازی برای مرد وزن ؎ خویش را گوئی منم شیخ من ؎
صاحب ارشاد الطالبین نے پوشش خرقہ پانچ قسم کا یون بیان کیا ہے
اول خرقہ اصل جو لم یزل نے چاہا کہ کسوت خلق موجودات کو پہنائے
بقولہ تعالے اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ
آفرینش خرقہ اصلی ہے جو دو عالم کو پہنایا دوم خرقہ عرش سوم خرقہ
چہارم خرقہ لیل ونہار ہے قولہ تعالے وَجَعَلْنَا اللَّیْلَ
لِبَاسًا وَّجَعَلْنَا النَّہَارَ مَعَاشًا پنجم خرقہ بیم - پہر خرقہ اصلی
دو طور پر ہے اول یہہ کہ جملہ موجودات کو کتم عدم سے صحرائے وجود مین
لایا اور یہہ وجود معدوم تہا جب انکو نیستی سے ہستی مین لایا اور خرقہ دیا

دوم عشق ہے - پیروکاران طریقت باور کرنا چاہئے کہ حقوق عبودیت
کے ادا کرنیمین توجہ سالک اسوقت درست آوے کہ ہوا و ہوس
اور دشمنی و فساد کے جڑ کو اپنے دلسے اوکھاڑ ڈالے اور ہر رسوم
اور عادتون باطلہ اور اعتقادات فاسدہ سے اپنے کو بری کرے
اور نور جمال ازلی کے مشاہدہ کے لئے دیدہ بصیرت کھولے اور علم یقین
اور دلیل متین سے جانے اور دیکھے اور گواہی دے کہ مستحق عبادت کا
کوئی نہین الا واجب الوجود جسکا وجود ازلی ہے اور بقا اور ہمیشگی
بذات خاص اوسیکو واجب ہے اور کل صفاتین کمال کے علم و قدرت
ارادت وغیرہ سے اوسکے ذات پر ثابت ہین اوسکے عزت کامیان
وہم و فہم کے تردد سے خالی ہے اور اوسکے بلند یکا پایہ خیال از قیاس
کے نردبان سے نہایت بلند ہے اور زمین و آسمان اور جو شئے
کہ وہ صورت وجود کی پائی ہے کل پیدا کی ہوئی اوس آفریدگار کے
ہین اور ملایک اور رسول برگزیدہ حضرت کے اور پہونچانیوالے
اوسکے احکام کے اور مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نبی برحق ہین اور دین
وملت اور کتاب شریعت اونکے سب دینون کے ناسخ ہے اور آنحضرت
نے جو کچھ کہ حشر اور نشر اور صواب و عقاب سے خبر دی ہے مخصص صدق
اور عین صواب ہے اور اہل بیت اور اصحاب اونکی رضوان اللہ تعالے
علیہم اجمعین کہ وارث علم کے اور حامل قرآن کے ہین برکت قبول آثار
وحی سماوی سے اور مشاہدہ انوار اطوار نبوی سے صفای قلوب کی اور طہارت

انفاس کے انہون نے پای ہے اور اونکا دین بصیرت نور یقین سے
منور ہوا ہے سالک کو چاہئے کہ اپنے نفس امارہ کو ایسا قابو مین
لاوے کہ کسی وقت اوسکے حکم کا وابستہ نہووے اور ہر حال مین
احکام آلہی کے تابعداری اور خواہش ربانی کے رضامندی کو اپنے
ہمت کے ذمہ پر لازم جانے تو سالک کا نور ایمان روز بروز زیادہ ہوگا
اور ہر چند نفس خود ایمان روشن اور صاف ہے مگر نور عمل کا جو اوسکے
پیوند ہوگا تو نور اعلی نور ہو جاویگا اور اول مرتبہ عمل سالک کا کلمہ طیبہ کے
مزاولت اور مداومت ہے بیان سے اون شرایط کا بیان ہے جن
سالک کو پابندی چاہئے پہلی شہوت کی گرفتاری مین اور شہوتونکی
تابعداری مین قانون اسلام سے اور راہ شریعت سے منحرف ہووے
اور حضرت آلہی کے توجہ مین ایسا مستقیم ہو کہ کسیوقت اوسکے غیر کطرف
التفات نکرے دوسری یہہ ہے کہ ہمیشہ باوضو اور باطہارت رہے
بمصداق آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِیْنَ تا بزرگی مین محبت کے
مخصوص ہو تیسری یہہ کہ خلوت اختیار کرے اور سب غیر حق متعلقونسے
یکسر ہو کر گوشہ نشینی مین عبادت و ریاضت مین شاغل ہووے
اسواسطے کہ حواس ظاہری کا رستہ جو اپنے اوپر بند کر دیگا تو حواس
باطن کا دروازہ اوسکے روی حال پر کھل جاویگا چوتھی یہہ کہ
اکثر اوقات غیر ذکر حق تعالے سے اپنی زبان کو قید رکھے اسلئے
تا ذکر قلب مین خلل نہ آجاوے کیونکہ معمول ہے کہ جسوقت زبان تکلم مین

شرایط طریقہ سالک

آتی ہے تو ذکر سے دل بھی مشغل ہو جاتا ہے ۵ بہر جائیکہ باشی ذکر
میگو ۵ بہر حالی خدا را شکر میگو ۵ بہر جائیکہ باشی با خدا باش ۵ زخود بیگانہ
باحق آشنا باش ۵ پانچوین یہہ کہ کہانا اور پینا اور لباس نشابہ کا
جو ظالم اور فاسق کے لباس سے مشابہ ہو قطعاً اوس سے پرہیز کرے
یفوا لے مَنْ تَشَبَّهَ قَوْمًا فَهُوَ مِنْهُمْ وَهُمْ قَوْمٌ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ
چھٹی یہہ ہے کہ کہانا پینا موافق کہانے کے بمصداق كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا
ساتوین یہہ کہ خواب کمتر کرے تا اجزاء بدنی کے فوت ہونیکی اور
تکلف کے سبب سے ضعف ہو اور شب مین مضمحل ہو جائین اس حالت
مین شغل عبادت مین توجہ بہت ہوتی ہے آٹھوین یہہ کہ ہمیشہ افضل الاذکار
کہ نفی و اثبات ہے مشغول رہے نوین یہہ کہ رابطہ دلکا شیخ کے تصور مین
رکھے کہ وہ رفیق ہے اور سلوک مین اس راہ پر کہ وجود شیخ کا جملہ مقدمات سے
مقدم تر ہے کہ اَلرَّفِيْقُ ثُمَّ الطَّرِيْقُ آیا ہے دسوین یہہ کہ اپنی توقیر اور
منزلت کے توہم سے حضرت عزت مین پر حذر رہوے اور عبودیت کے
حد سے اور عجز و مسکنیت کے اظہار سے ہرگز تجاوز نکرے گیارہوین
یہہ کہ اکثر سرشت بشر کی اخلاق زشت سے خالی نہین ہوتی ہے چاہیئے
کہ ریاضت شاقہ سے اوسکو ترک کرے اور نیک عبادت اختیار کرے
اور سالک کو چاہیئے کہ یہہ چند آداب ہمیشہ ملحوظ رکھے تا راہ مین خطا نپاوے
پہلا آداب یہہ ہے کہ رحمت اور مغفرت کی سوال مین اور عاصیون
پر عذاب نکرنے مین حق سبحانہ تعالے سے امر و نہی کا خطاب نکرے

آداب سالک

چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جسوقت اپنے امت کے گنہگار ہونیکے
بارگاہ آلہی مین دعا کیے اور کہا مَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّکَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اور یہہ کہا اِغْفِرْ لَهُمْ وَاِنْ تُعَذِّبْهُمْ
دوسرا ادب یہہ کہ اگر کسب و ریاضت اور شغل و اذکار کے واسطے
در رحمت سے کوئی دروازہ سالک کے روی حال پر مفتوح ہو جاوے
اور اسرار آلہی مین سے کسی راز پوشیدہ سے آگاہی ہو جاوے تو افشائے
راز ہرگز نکرے اسلیئے کہ افشائی راز سالک کو قرب اور منزلت سے
دور کر دیتا ہے اور حدیث شریف مین آیا ہے کہ اِفْشَاءُ سِرِّ الرَّبُوْبِیَّةِ
کُفْرٌ تیسرا ادب یہہ کہ دعا اور سوال اور سکوت اور خاموشی کے
وقتون کے رعایت کرے اسلیئے کہ جو کوئی اس ادب کی رعایت نکرے
یعنے دعا کیوقت خاموش رہے اور خاموشی کیوقت دعا کرے تو اوقات
اوسکی رائیگان جاوے ؎ دو چیز تیره عقل است لب فرو بستن
بوقت گفتن و گفتن بوقت خاموشی ؛ چوتھا ادب یہہ کہ کلام آلہی جو
کسی غیر کے زبان پر جاری ہو تو ادب اوسکا ایسا بجا لاوے کہ گویا متکلم
حقیقی سے ہی سنتا ہے اور اپنی یا غیر کی زبان کو فقط واسطہ جانے لیکن ان
چارون ادبونکی رعایت جناب آلہی سے نسبت ہے پانچوان ادب
یہہ کہ جسطرح حق تعالے کو ہمیشہ اپنے سب ظاہر اور باطن کے حال پر مطلع
اور آگاہ جانتا ہے اسیطرح جناب رسول اللہ کو بھی اپنی سب احوال
ظاہر اور باطن پر دانا اور بینا جانے اور اونکی مخالفت سے ہر ادنیٰ
محترز ہووے اور اونکے صحبت کے آداب سے کوئی دقیقہ فروگذاشت

تکرے چھٹا ادب یہہ کہ کسیوقت اپنے خاطر مین نہ لاوے کہ کسی بندہ کو ایسی قرب و منزلت اور علو مرتبت جو اونکو حضرت باریتعالی مین ہے ممکن ہے کہ اور کوی سالک بغیر ہدایت اور دلالت اونکی حضور کبریا مین راہ پاسکے ساتوان ادب یہہ کہ اونکی سنت کی رعایت مین بہت ہی بڑی سعی صرف کرے اور تعویق و درنگ اوسمین جایز نہ سمجھے اور بالیقین جانے کہ حضرت باری مین قرب نہ پائیگا مگر اونکی سنت کی رعایت اور اونکی اطاعت سے بحکم اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ حق کے اطاعت کے مقرون سمجھے آٹھوان ادب یہہ کہ جو جناب رسول مقبول صلعم سے نسبت رکھتا ہے خواہ صورت مین خواہ معنی مین مثل سادات اور علما اور مشایخ کہ اونکی علم کی وارث ہین سبکو اونکے محبت کے واسطے دوست رکھے اور حرمت اور تعظیم اونکی واجب جانے ان چارون آداب کی رعایت خاص جناب رسالت پناہی کی نسبت سے ہے - نوان ادب یہہ کہ اپنے شیخ سے ایسا اعتقاد رکھے کہ ہدایت اور ارشاد اور تادیب اور تہذیب مین اوسکے عصر مین اوس سے کامل زیادہ دوسرا نہین ہے - دسوان ادب یہہ کہ صحبت شیخ کی مداومت پر عزم مستحکم رکھے اور اعتقاد مضبوط رکھے رد کرنے اور نکالنے سے شیخ کے اپنے ارادت اور عقیدت سے برگشتہ نہوا سواسطے کہ مریدون کے دریافت حال کے لئے شیخ بہت امتحان کرتے ہین گیارہوان ادب یہہ کہ تصرفات شیخ مین اپنے کو بیدخل کرے اور ہر حال مین شیخ کا مطیع اور تابعدار ہووے اور اپنی ظاہر و باطن

تصرفات شیخ پر کسیوجہ سے مجال اعتراض کی نرہے ۵ بھی سجادہ نشین
کرت پیر مغان گوید کہ سالک بیخبر نبود زراہ و رسم منزلہا ۶ اور حسبوقت
تصرفات شیخ سے کوئی ادسپر دشواری آوے اور سبب اوسکا ادسپر
منکشف نہوے تو حضرت موسی اور حضرت خضر علیہما السلام کے قصہ کو
یاد کرے اور خاموش ہو رہے بارہوان ادب یہہ کہ کسی امر مین
امور دینے اور دنیوی سے بے اجازت اور اشارت شیخ کے شروع
اور دلیری نکرے یعنے نہ کہا وے اور نہ پیئے اور نہ پہنے اور نہ دیوے
اور نہ لیوے اور نہ خواب کرے الا باجازت شیخ مضایقہ نہین اور
اسیطرح عبادات مین بھی مانند روزہ اور افطار اور کثرت نوافل و قرا
کے قصر پر اور ذکر اور تلاوت اور مراقبہ وغیرہ مین بغیر اجازت شیخ کے
شروع نکرے اور جس چیز سے شیخ کی خاطر کراہیت کرے ادس سے
خود بھی کراہیت رکھے اوسپر پیش قدمی نکرے تیرہوان ادب
یہہ کہ جو حالت کشف مین یا خواب مین یا بیداری مین واقع ہو اظہار اوسکا
شیخ سے کرے چودہوان ادب یہہ کہ شیخ کے روبرو آواز بلند
بات نکہے اسلئے کہ بزرگون کے حضور مین چلا کر کلام کرنا محض ترک ادب ہے
پندرہوان ادب یہہ ہے کہ امور دینی مین سے یا دنیوی مین سے
جو شیخ سے بات کرنا چاہے تو پہلے حال شیخ کا دریافت اور معلوم کرے
کہ فرصت کلام سننے کی حاصل ہے یا نہین جلدی سے کلام مین پیشدستی
نکرے سولہوان ادب یہہ کہ جس حال مین کرامت اور واقعات

وغیرہ سے شیخ اخفا کرے اور سالک کو اوسکی اطلاع ہو جاے تو
افشار راز او سکا نکرے اسواسطے کہ شاید نظر شیخ کی اوسمین مصلحت
دینی یا دنیوی پر ہووے کہ علم اور عقل سالک کی اوسمین نہ پہونچے
شروان ادب یہہ کہ اپنا اسرار شیخ سے ہرگز پنہان اور پوشیدہ
نہ رکھے اور جو کرامت اور موہبت کہ بارگاہ کبریا سے اسکو پہونچے
اوسکو شیخ سے عرض کرے کسلئے کہ وجود شیخ کا مابین مرید ونکے
تذکرہ ہے مانند وجود یا جوج بنی علیہ السلام کے درمیان اصحاب کے
اَلشَّیْخُ فِیْ قَوْمِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمَّتِہٖ اور بزرگون سے روایت ہے
کہ اگر کوی مرید کسی پیر کے ولایت کا مرد دہووے تو کوی اور
شیخ اوس مرید مردود کو منزل مقصود تک نہین پہونچا سکیگا ہان البتہ
مرید صادق پیر کے خدمت مین نہ تربیت پایا ہو اور کسی ایک عذر سے
رہگیا ہوے پس جسوقت کہ وہ مرید دوسرے شیخ کے خدمت مین
ارادت لاوے بیشک شیخ اوس مرید صادق کو منزل مقصود تک
پہونچا سکتا ہے اور مرید کو لازم ہے جو کچھہ فیض شیخ سے حاصل کرے
اور فتوحات پہونچے اوسکو آثار قبولیت اپنے پیر کا جانے چنانچہ نقل ہے
کہ ایک دن سواری مبارک جناب سلطان المشایخ نظام الحق والشرع والدین
والدین محبوب الٰہی قدس سرہ کے چھڈول مین جا رہے تھے کہ اتفاقاً
ایک کہار رنجور ہوکر چھڈول سے معذور ہوگیا وہان پر ایک قلندر
جو کہ حاضر تھا اوسنے بجاے کہار رنجور کے چھڈول کے ڈنڈی کو خوش

اعتقادی سے اپنے کہاندے پر لیا اور پہونچا دیا جسوقت کہ حضرت
سلطان المشایخ محبوب آلہی چوڈول سے فرد کش ہوے استفسار فرمایا
کہ یہہ کون شخص ہے پس اصحاب حاضرین نے عرض کیے کہ یہہ قلندر ہے
اور جو خدمت کہ قلندر مذکور سے ظہور مین آئی تہی سب نے عرض کیا
حضرت محبوب آلہی نظر الطاف سے اوسکے جانب متوجہ ہوئے چنانچہ
اوسیوقت زنگ کدورت باطن سے قلندر مذکور کے صاف مانند آئینہ
ہوکر عالم علویات اور سفلیات قلندر مذکور پر منکشف ہوگیا قلندر وجد مین
آیا اور حالت جوش عرفان لاحق حال ہوی اور مست حام معرفت ہوکر
کہنے لگا فیض میرے پیر کا مجھکو پہونچا اور میرے پیر نے دستگیری کی
میرے پیر کے عنایت مجھہ مین اثر کی اوسوقت اصحاب حاضرین نے
کہا کہ ای قلندر قلندری کو چھوڑ یہہ نعمت عظما اور دولت کبرا صرف
بنظر شفقت حضرت سلطان المشایخ کے تجکو پہونچی تو کہان اور تیرا پیر کہان
قلندر نے کہا کہ اے یارو اگر میرا پیر مجکو پہلے قبول نکرتا تو حضرت محبوب الہی
دربار مین کیسی رسائی ہوتی اور یہہ نظر عنایت کب ہوتی اور ارزانی
اور جو فیض کہ جناب حضرت محبوب آلہی سے مجکو پہونچا ہے باعث اثنا
قبولیت میرے پیر کا ہے چونکہ پہلے اوسنے مجکو قبول کیا تہا المختصر یہہ باتین
حضرت جناب محبوب الہی پر بہی منکشف ہوین آپنے سخن اور اعتقاد
قلندر کا پسند فرمایا اور ارشاد کیا کہ مرید کو ایسا ہی اعتقاد اپنے پیر سے
رکہنا چاہیئے مثنوی خاص بندے ہوتے ہین عام تیرے ہاتہہ سے

نامور جگمین ہوئے گمنام تیرے ہاتھہ سے تو نام نامی ہے نظام الدین
ترا یا شاہ دین تو زندہ اور روشن ہوا اسلام تیرے ہاتھہ سے تو جیا
سرشار و مست از صد شراب عشق مین تو عشق کا جنے پیا ہے جام تیرے
ہاتھہ سے تو نامراد آوے اگر در پر تیرے ہو بامراد تو کامیاب کا
ناکام تیرے ہاتھہ سے تو خار ہو گلزار تا تیرہ قدم سے آسکے تو
جو ہو مین خام تیرے ہاتھہ سے تو ہو گئے پختہ ہزارون سوم تیرے
سیکڑون کافر ہوئے ہین رام تیرے ہاتھہ سے تو یہانتک آداب مرید
مذکور ہوئے اب جو شرط اور آداب کہ شیخ کو اوسکی رعایت ضرور ہے
وہ بیان کئے جاتے ہین - اوّل یہہ کہ قبل از تصرف مرید کے شیخ کو چاہیئے
مرید کے استعداد پر نظر کرے اگر استعداد اور اوسکی سلوک مقرر ہو تو
قابل دیکھے اوسکو بطریق حکمت کے روشنی احوال اہل قرب سے دعوت
کرے اور جب اوسکی استعداد نہین رکھتا ہے تو فقط نصایح نیک اور
بشارت و تہدید سے ہدایت فرماوے دوسرا یہہ کہ مال پر مرید کے
یا خدمت پر اوسکے کسیطرح طمع نکرے اور خاطر کو اوس سے ملتفت نکرے
اور جو مرید چاہے کہ مال اور املاک سے یکبارگی انقطاع کرے تو شیخ کو
اجازت دینی اوسوقت مسلم ہوگی جبکہ مقابلہ مین اوسکے وہ حال کہ
مرید کی تسلی اور جمعیت خاطر کا سبب ہو عوض دیوے تیسری یہہ کہ
قول شیخ کا موافق حال اور فعل شیخ کے ہو اسلئے کہ جسوقت کسی فعل کے
شروع کرنیکو یا ترک کرنیکے مرید کو دعوت کرے تو وہ فعل شیخ کی حالت

ظاہر ہوا ہو۔ چوتھی یہہ کہ جسوقت مرید سے بیدلی اور ارادت مین
ضعف مشاہدہ کرے تو جانے کہ نفس امارہ کی مخالفت اور پسند خاطر
چیزونکے ترک کرنیمین نیت اور قصد صادق نہین رکھتا ہے پس اوس سے
آشتی اور دوستی کرے اور زیادہ باعث نہووے شاید کہ طول مدت
اور کثرت مخالفت سے کچھہ اثر اوسمین پیدا ہوجاے پانچوین یہہ کہ
جب کسی مرید کے مکروہ یا بدکام پر اطلاع پاوے تو چاہیئے کہ مرید کو
اس سے جھڑکی یا سرزنش کرے اور تصریح اور تعین کی بات نکہے
بلکہ بطور کنایہ کے لوگون سے بات کہے کہ مفہوم اوسکا اوس پر دلالت
کرے چھٹی یہہ کہ راز مرید کا نگاہ رکھے اور مکاشفات و واقعات
اوسکے جو کچھہ کہ معلوم ہووے اوسکا اعلان اور اظہار نکرے بلکہ خلوت مین
روبرو مرید کے اوسحالت کے حقارت کرے یہانتک تزکیہ اور تخلیہ کا
بیان ہے تزکیہ صفت کرنا نفس کا ہے صفت فنا مین اور وہ دنیا اور
حرص و ہوا کے ترک کرنے سے حاصل ہوتا ہے ریاعی خواہی کہ دل تو
چون شود آئینہ تو ۔ وہ چیز برون کن ز درون سینہ تو کذب و حسد و
بخل و حرام و غیبت تو ۔ شہوت و حرص و ہوا و طمع و کینہ تو اور یہہ
اول ہی مرتبہ ہے زہد کا اور دوسرا مرتبہ عبادت ہے اور وہ تخلیہ
اتصاف نفس کا ہے صفت بقا مین اور وہ خوش خوئی یعنے تخلق باخلاق
الٰہی سے ہوتا ہے اور جو خلق کہ سب اخلاق سے اول ہے وہ صدق ہے
قال اللہ تعالے کونوا مع الصادقین اور علامت صدق کی یہہ ہے کہ

اگر از روی سر کے ہو یا علانیہ حال پر اوسکے تمام خلق عالم کے مطلع ہوجاے
تصفیر اور شرمندہ نہو خلق دو قسم بذل یعنے خرچ ہے اور وہ چند طرح
ہے اول یہہ کہ دوسرے کے بذل کے برابر بڑے اوسکو مکافات
کہتے ہین دوسرا یہہ کہ بر سبیل ابدا یعنے ہدیہ کے اور کشادگی کے ہووے
مکافات کے توقع کے لیے اوسکو مناجرہ کہتے ہین اور یہہ دونون قسمین
عوام کا خواص ہے تیسرا یہہ کہ بر سبیل ابدا ہووے مگر بے توقع
مکافات ہو اوسکو ایثار کہتے ہین خلق سوم قناعت ہے اور وہ عبارت
ہی سکون نفس سے حد قلت اور کفایت پر اور قطع طمع پر طلب کثرت
اور زیادتی سے اور جو ان صفتون مین سالک متصف ہووے
اور اس خلق مین مخلوق ہووے تو دنیا اور آخرت کی خیر اور
توانگری اور فراغت کا گنج اوسکے لئے مسلم ہوا اور ابد کی راحت
اور ہمیشگی کے عزت کو پہونچا۔ خلق چوتھا تواضع ہے اور وہ عبارت ہے
وضع یعنے تربیت نفس اپنے حق کے ساتھہ مقام عبودیت مین اور خلق ہے
مقام انصاف مین وضع نفس حق کے ساتھہ اور مقام عبودیت مین
انقیاد یعنے اطاعت امر و نہی سے ہووے یا قبول تجلیات صفات سے
یا فنای وجود سے تجلی ذات مین انقیاد اور امر و نواہی کا نفس مین
یہہ تواضع مبتدیون کی ہے اور قبول کرنا تجلیات صفات کا قلب مین
اپنے مشیت یعنے مرضی کی فنا سے مرضی حق مین یہہ تواضع متوسطون کی ہے
اور قبول کرنا تجلی ذات کا روح مین اپنے نفس کے فنا سے وجود

مطلق ہین یہہ تواضع منتہیان کی ہے لیکن وضع نفس یعنے ترتیب نفس
کے مقام انصاف ہین یا خلق ہین یا قبول ہین ہووے بارعایت حقوق
یا ساتھہ ترک ترقع یعنے غرور کے اور توقع کے ہووے اور مراد قبول
حق سے یہہ ہے کہ مناظرات و محاورات ہین جسوقت کہ حق دوسرے
کیطرف دیکھے تو حق کو نچھوڑے بلکہ تسلیم کرے اور گردن رکھے
اور مراد رعایت حقوق سے یہہ ہے کہ حق دوسرے کا اپنے حق پر مقدم
اور مراد ترک کرنے ترقع اور توقع سے یہہ کہ اگرچہ وہ اوس مرتبہ کے
مستحق نہووے پر لازم ہے کہ اپنے کو خلق سے محل فوق ہین نہ لاوے
اپنے کو بلند رتبہ بجانے فروتنی کرے بلکہ اپنے مرتبہ کی رعایت توقع
اور دنی ہی نرکھے خلق یا بخوان حلم اور علم اوسکو کہتے ہین کہ غضب
کے حالت ہین اپنے کو نگاہ رکھے اور جو کچھہ کہ شایان غضب کے ہے
مغضوب پر روا نہ رکھے وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ خلق چھٹا عفو ہے اور وہ درگذر کرنا ہے
جزای بدسی قال اللہ تعالے خُذِ الْعَفْوَ خلق ساتوان احسان ہے
اور احسان یہہ ہے کہ بدی کے عوض نیکی کرے خلق آٹھوان یہہ کہ
شگفتگی اور تازہ روی سالک کو بسبب دوام بصیرۃ کے مشاہدۂ جمال
ازلی اور کمال لم یزلی سے جو ہمیشہ امداد فیض قدس کی دل و جان
پر اوسکے پہونچتی ہے اوسکی پیشانی پر ظاہر ہووے اور ہمیشہ بشاش
اور تازہ رو رہے خلق نوان تودد اور تالیف آدمیون کے ساتھہ

جملہ اخلاق کریمہ اور اوصاف شریفہ سے ایک خلق ہے اور آدمیونکے
ذات مین یہ خلق بہت ہوتا ہے اور خیر و نیک بختی اوس مین بہت
ہوتی ہے اب بیان سے مقامات سالک کا اجمالاً بیان کیا جاتا ہے
اوّل مقام توبہ ہے اور توبہ چند قسم کی ہے ایک توبہ ظاہر کی اور
وہ گناہ اور منہیات سے پرہیز کرنا ہے اور امر الٰہی کے خواہش رکھنا ہے
دوسری توبہ باطن کی ہے یعنے جسطرح گناہون سے ظاہر مین احتراز
کرے باطن مین بھی خطرات بد اور وساوس زشت سے محترز
ہووے اور یہہ اول توبہ سالک کی ہے کہ عموماً خلایق کے توبہ ہے
ملی ہوئی ہے **دوم** توبہ زاہدونکے اور وہ لذایذ نفسانی سے پرہیز کرنا
ہے **تیسری** توبہ اہل حضور کے اور وہ توبہ غفلت سے ہے ساتھ حضور
چوتھی توبہ متحققین کے اور وہ رجوع کرنا ہے اخلاق زشت سے ساتھ
اخلاق حسنہ کے **پانچوین** توبہ عارفون کے اور وہ رجوع ہے دیکھنا
اپنے احسانات کو ساتھ حق کے اسلئے کہ عارف جسوقت اپنے طرف
نیکیون کے نسبت کرے تو اوسپر واجب ہے کہ اوس سے توبہ
کرے اور اپنے فعل کے تصور سے فعل حق کے تصور کیطرف پھر جاے
چھٹی توبہ مرجوع ہے کہ اور وہ رجوع ہے ماسوے حق سے حق کیطرف
اور اس قسم کو توبہ سے توبہ کرنا کہتے ہین اسواسطے کہ اہل توحید جسوقت
غیر حق کے طرف نظر کرتے ہین تو اوسکو گناہ جانتے ہین اور اوس سے
توبہ واجب سمجھتے ہین **دوسرا مقام** ورع ہے جسکو پرہیزگاری کہتے ہین

وہ یہہ ہے کہ از روے قول اور فعل کے ظاہر و باطن مین شبہات
اور فضول امرونکا ترک کیا جاے چنانچہ حضرت شبلی قدس سرہ
فرماتے ہین کہ ورع یعنے پرہیزگاری تین قسم پر ہے ایک ورع
باللسان یعنے زبان کی ہے اور وہ خاموشی ہے فضول اور لایعنے
باتین کرنے سے دوسری ورع بالارکان اور وہ ترک کرنا شبہات
اور خطرات کا ہے تیسری ورع بالجنان ہے اور وہ ترک کرنا دلکے
ارادہ بدکا اور دلکے برے باتونکا ہے تیسرا مقام زہد ہے اور مراد
زہد سے انحراف رغبت کا ہے متاع دنیا سے اور اعراض قلب
یعنے پھیرنا دلکا ہے اوسکے عوضون سے اور یہہ زہد عوام سے
اور زہد خواص زہد اور ترک زہد ہی کہا ہے کہ زہد اول ترک لذائذ دنیا ہے تحصیل
لذائذ عقبی کے تمنا پر اور یہہ بات میدان توحید پر اور عرفان کی
شہسوارون کے نزدیک ہیچ ہے شبلی علیہ الرحمہ فرماتے ہین
اَلزُّھْدُ غَفْلَۃٌ لِاَنَّ الدُّنْیَا لَاشَیْءَ وَالزُّھْدُ فِیْ لَاشَیْءٍ شَیْءٌ غَفْلَۃٌ چوتھا مقام
فقر ہے اور فقر عبارت اوس سے ہی کہ اسباب دنیا کا مالک نہو چنانچہ
شبلی علیہ الرحمہ سے کسینے پوچھا کہ فقر کیا ہے اونہون نے کہا ان
لایستغنی بشیء دون الحق اور فقرا متحقق کے چند طایفہ ہین ایک
گروہ ایسی ہے کہ جو کچھہ دنیا کے نعمت اونکو ملتی ہے تو وہ سبکو اثار
کر دیتی ہے اور اوسکے عوض کچھہ توقع دنیا اور آخرت مین نہین رکھتے
اور ایک گروہ ایسی ہے کہ باوصف اس صفت کے کہ بیان ہوی طاعات

اور عبادات جو وہ بجالاتی ہے اوسکو اپنے ذات سے نہیں سمجھتی
اور اوسپر امید عوض کی نہیں رکھتی اور ایک حالت ایسی ہے کہ
باوجود ان دونون صفتون کے کہ مذکور ہوئے اپنی ذات و حق کو
اپنی نہیں جانتے اور نسبت خودی سے بالکل نکل گئی اور ذات حق میں
محو ہوگئی اور ایک گروہ فقیر کا ایسا ہے کہ انہون نے محو کو محو کیا ہے
اور یہہ مقام سب سے بالاتر ہے اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ اسی مقام کا اشارہ ہے
پانچوان مقام صبر ہے اِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ
اور فرمایا مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلْاِیْمَانُ نِصْفَانِ نِصْفٌ شُکْرًا
اور صبر مراد استقلال سے ہے وقوع واقعات اور حادثات کے
حالتین کہ مامول اور مقصود کے مخالف ہووے یہہ مقام شکر سے
اور شکر علما کے محاورہ مین اظہار کرنا نعمت منعم کا ہے بواسطہ اقرار دل
و زبان کے اور بعضونکے نزدیک اعمال جوارح اپنے اعمال اعضا کے ہین
اوس چیز ہین کہ اوسکے جہت سے مخلوق ہووے مثلاً اگر کہا کہ زبان
ایک نعمت ہے شریف ترکہ نطق کے لئے پیدا کی شکر اس نعمت کا تلاوت
قرآن شریف اور کہنا کلمۃ الحق کا اور نصیحت اور موعظمت کا ہے اور
آنکھ ایک نعمت ہے شکر اوسکا مشاہدہ کرنا آیات قدرت کا اور حکمت
الٰہی کا صحایف اور الواح سموات اور ارضین سے یعنے آسمان و زمین سے
اور اسیطرح سب اعضا سے کہ حق تعالی نے کرامت فرمائے ہین اور
معلوم ہووے کہ نعمت دو قسم پر ہے نعمت دنیوی اور نعمت اخروی

پس نعمت دنیا کے صحت اور عافیت وغیرہ ہے اور نعمت عقبی کے
ایمان اور اعمال صالحہ اور فقر اور مثل اوسکے اور اہل شکر کے دو فرقہ
ہین مبطلان اور محققان مبطلان وہ ہین کہ سوائے نعمت ظاہری دنیا کے
شکر نہین کرتے ہین اور نعمت باطنی اخروی پر منہہ ہمت کا حق ہے پہنچاتے
ہین اور محقق وہ گروہ ہے کہ ثابت رہنا فقر پر اور تحمل کرنا بلای فقر کو
نعمت شمار کرتی ہے اور جانتی ہے کہ بلا ایک نعمت خاص ہے کہ حق تعالے
اوسکو اپنے خاص بندونکو عطا کرتا ہے اسلئے کہ اوس حالت مین
شکر زیادہ کرین۔ **ساتوان مقام** خوف ہے اور وہ ضد طمانیت
کی ہے **نقل** ہے کہ ایک روز جبرئیل علیہ السلام حضرت رسالت پناہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آئے اور اثر خوف کا اونپر ظاہر تہا
حضرت نے اوسکا سبب دریافت فرمایا جواب دیا کہ جس روز سے
معلم الملکوت کو تسبیح اور تقدیس کرنیوالون ملاء اعلی مین سے قہر ازلی
کے ہاتہہ نے باہر کہینچا ہے اور اوسکی پیشانی پر داغ لعنت کا رکہا ہے
ہم مین سے عبادتخانہ قدس مین کوی ایک بہی سر پر امن و قرار پر نہین رہے
اور وقوع سے مثل اوس حال کے بخوف اور مطمئن نہین ہوا ہے اور خوف
دو چیز سے ہوتا ہے ایک خوف عذاب اور سیاست سے یہہ عوام
مومنون کے لئے ہوتا ہے دوسری خوف سوء عاقبت سے یعنے دور
ہوجانے مراتب قرب حضور سے اور یہہ ابتدای حال مین سالکون کو
ہوتا ہے اور منتہی اور واصلونکو بمصداق لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

۲۵ رجا

کچھہ خوف اور ڈر نہین ہوتا ہے اٹھوان مقام رضا ہے اور وہ
ارتیاح قلب ہے یعنے شاد ہونا دل کا امید کرم آلہی سے اگر بنکہا
رجا کا یعنے امید کا خوف کرنیوالون کے دلون کو ہوا ندیتا تو خایفون کے
دل حرارت خوف سے سوخت ہوجاتی حکمت آلہی نے مومن کے
دلمین خوف و رجا دونون کو تعبیہ کیا ہے اسواسطے کہ دونونکے ملنے سے
اعتدال ظاہر ہووے اور مزاج انکا مستقیم ہوجائے اور اہل رجا کے
دو گروہ ہین ایک طالب حظ ہین اور دوسرے طالب حق ہین اور
خوف و رجا خاص کر سالکون کے واسطے مانند دام کے ہے اوس سے
حق کے طلب مین قطع منازل و مراحل کرتے ہین کبھی قدم خوف سے
ہلکہ ناکامی سے گذرتے ہین اور کبھی قدم رجا سے یاس و حرمانکے
مخمصہ سے باہر آتے ہین نہ امن قرار ہے کہ طلب کے مرض کو شفا بخشی
اور نہ یاس و حرمان ہے کہ طمع وصل سے قطع کرے گویا مضمون
اس شعر کا اونکے حال کے مناسب ہے ؎ دو گونہ رنج و عذاب است
جان مجنون را ۔ بلاے فرقت لیلی و صحبت لیلی ۔ ثوان مقام
توکل ہے اور وہ سپرد کرنا امر دنکا ہے اوپر تدبیر وکیل علی الاطلاق
کے اور اعتماد کرنا کفیل رزاق کی کفایت پر عَمَّتْ نِعْمَاتُهُ
وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَاؤُهُ اور توکل حقیقت ایمان کا نتیجہ ہے
قال اللہ تعالے وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اور علامت
توکل کی یہہ ہے کہ سالک زمام تدبیر کو تقدیر کے قبضہ مین دیدیوے

اور متوکل حقیقی وہ ہے کہ اوسکی نہود بینے روبت کے نظر مین سبب
وجود کے سوائے دوسرے کیا وجود نہین سماتا ہے اور توکل اوسکا وجود
اور عدم اسباب سے متغیر نہین ہوتا ہے **روایت** ہے کہ حضرت
ابراہیم خواص رحمتہ اللہ علیہ چالیس روز سے زیادہ ایک مقام پر
نہ ٹہرتے تہے اور اپنی حال کے مخفی کرنیکے لئے نظر خلق سے احتیاط بلیغ کرتے
اسواسطے کہ اونکے توکل سے کوی آگاہ نہووے اور آگاہی خلق کی
اوسکے توکل پر اسباب رزق سے کوی سبب اونکے لئے نہ ہو جائے

دسوان مقام رضا ہے اور مراد اوس سے یہہ ہے کہ احکام قضا
و قدر سے کراہت نکرے اور یہہ مقام سالکون کے مقامات کے
انتہا ہے اور جو کوی کہ رضا الہی کے مقام پر آجائے اور نظر طرف رضا کے
ہووے تو اوسکی سب عیب صواب معلوم ہووین اب بعض حالات
سالک کے بیان کئے جاتے ہین جملہ حالات سالک مین سے ایک محبت ہے
کہ سب حالات عالیہ کے بنا اوپر ہے اور محبت دو نوع کی ہے
ایک محبت عام ہے کہ وہ خواہش دلکی ہے جمال صفات الہی کے
مطالعہ کیطرف دوسری محبت خاص ہے اور وہ خواہش روح کی ہے
طرف مشاہدہ جمال ذات نامتہی کے محبت عام سبب آمیزش غرضونکے
مثل اوس شراب کے ہے کہ صفای اور کدورت اور لطافت اور
کثافت کی حاصل ہو اور محبت خاص لطف اور صاف و مصفا ہوتی ہے
اسلئے کہ آمیزش اغراض سے خالی ہے اور حقیقت محبت کے اتحاد کے

حالات سالک

رابطون مین سے ایک رابطہ ہے محبت کو اوپر محبوب کے اثر
بخش کرتا ہے اور ایک جذبہ ہے معشوق کے جذبون مین سے کہ
عاشق کو اپنے طرف کھینچتا ہے اور بتدریج اوصاف بشری سے
اوسکو خالی کرتا ہے اور لباس صفات سرمدی کا بخشتا ہے اور
محبت الٰہی کے حالات بہت ہین ایک اونمین سے یہہ ہے کہ دنیا
اور آخرت کی محبت سے دل خالی ہوتا ہے اور جس دل مین محبت
الٰہی جاگیر ہوگئی ہے محبت غیر کی ہرگز نہین سماتی ہے مگر شفقت
تغیر پر کرنا البتہ ہوسکتا ہے اور آدمی اوس شفقت کو محبت جانتے ہین
اور امتحان شفقت اور محبت کا اسطرح پر ہے کہ جس شخص مین
دونو صفتین ہون اگر اوسکو ان دونون صفتون مین مختار کردین
تو وہ شخص شفقت کو ترک کرے اور محبت کو اختیار کرے نقل ہے
کہ ایک دفعہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے حضرت امیر المومنین
علی اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ سے دریافت کیا کہ اے پدر
عالی قدر آپکو مجھسے محبت ہے حضرت نے جواب دیا کہ ہان پس حضرت
امام حسین علیہ السلام نے کہا کہ آیا ایک دل مین محبت اور شفقت ہوسکتی ہے
جناب علی مرتضی رضی اللہ عنہ نے چاہا کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کے
آزمایش کیجائے ارشاد کیا کہ اس باب مین تمہارا کیا قول ہے
اوسوقت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر آپکو میرے
قتل کرنے پر اور ایمان کے چھوڑنے پر مختار کرین تو آپ ان دونون

باتون مین سے کسکو اختیار فرمائینگے جناب علی اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ
ارشاد کیا کہ مین تمہارے قتل کو اختیار کرون امام حسین علیہ السلام نے
کہا کہ یہہ شفقت ہے جو آپ مجھسے رکھتے ہین نہ محبت اسلئے کہ شفقت ترک
ہوتی ہے اور محبت ترک نہین ہوسکتی ہے اور شفقت و محبت مین
یہی فرق ہے - حالت دوسری یہہ ہے کہ اگر کسی غیر کا حسن و جمال
اوس سے بیان کرین تو وہ عاشق اوسپر التفات نکرے اور
حسن محبوب کے دیکھنے سے آنکھہ دلکی نہ اوٹھالے تیسری حالت یہہ ہے
کہ جو شخص وصل محبوب کا مانع ہوگو وہ اپنا باپ ہی ہو تو اوس سے
پرہیز کرے چوتھی حالت یہہ ہے کہ محبوب کی تھوڑی رعایتونکو
بہت جانے اور اپنے بہت اطاعت کو تھوڑا سمجھے بمصداق فرمودہ
حضرت رسالت پناہ مَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ وَمَا عَرَفْنَاكَ
حَقَّ مَعْرِفَتِكَ پانچوین حالت یہہ ہے کہ جمال محبوب کے دیکھنے سے
نظر عاشقونکی پر تو شعاع نور سے عاجز اور رنجور ہوجاتی ہے چھٹی حالت
یہہ ہے کہ شوق ہے سبب دریافت ہونے مہربانی اور بخشش اور
احسان محبوب کے ساتوین حالت یہہ ہے کہ شوق محبان ذات کا
ساتھہ دیدار اور وصال و قرب معشوق کے کہ یہہ شوق نہایت کمیاب ہے
اسوجہ سے کہ اکثر اشخاص رحمت الٰہی کے طالب ہین طالب خدا نہین
ہین آٹھوین حالت قرب ہے اور اہل تصوف کی اصطلاح مین یہہ قرب
استغراق وجود سالک ہے اپنی جمیع صفات کے عین غیبت مین اوس

انتہا تک کہ صفت قرب اور استغراق اور غیبت یعنے ناپدید ہونے
اپنے سے بھی غائب ہووے اور قرب حق سبحانہ تعالے کا سالک کے
دلمین ساتھہ اندازۂ قرب دل سالک کے ہووے ساتھہ حق سبحانہ تعالے
یعنے سر چند دل اوسکا ساتھہ خدا کے نزدیک تر ہووے مگر خدا اوسسے
بہت نزدیک ہے نوین حالت قبض اور بسط ہے سالک راہ حقیقت کا
جو مقام عام سے گذرے اور محبت خاص کے اول درجہ مین پہونچے تو
اصحاب قبول اور ارباب احوال کے زمرہ مین داخل ہووے اور
قبض اور بسط کا حال سالک کے دل پر آنے لگے اور مراد قبض سے
کینچ لینا حظ کا ہے اور مراد بسط سے انشراح یعنے روشنی قلب کی ہے
روشنیون نور سرور سے اور سبب وجود قبض کا اوصاف نفس کا
ظہور ہے اور حجاب اور حائل ہونا اوسکا ہے اور سبب بسط کا ظہور
حجاب نفس کا ہے دلکے روبرو ہے اور جو قبض اور بسط جملہ احوال
سے ہین مبتدیونکو اون سے نصیبا نہووے اور منتہی سبب خارج ہونے
تحت تصرف حال ہے اوس سے گذر جاتے ہین پس قبض اور بسط
حال متوسطونکا ہے اور مبتدیونکو بجاے قبض اور بسط کی خوف اور
رجا ہووے اور منتہونکو بجاے اونکے فنا اور بقا ہے دسوین حالت
فنا اور بقا ہے فنا عبارت ہے نہایت سیر الی اللہ سے اور بقا عبارت
بدایت سیر فی اللہ سے سیر الی اللہ اسوقت حاصل ہووے کہ صحرا
وجود کو یکبارگی قطع کرے اور سیر فی اللہ اسوقت متحقق ہووے کہ

سالک بعد فنا مطلق کے وجود اور ذات کو لوث حدثان
پاک پاوے اسواسطے کہ اوسکے سبب سے عالم انصاف مین
اور عالم تخلق مین اخلاق نامتناہی سے ترقی کرتا ہے
کہ مرید دو قسم کے ہوتے ہین ایک رسمی اور دوسرے حقیقی
جو شخص کہ پیر یکو نچاہے اوسے کلاہ اور شجرہ لیوے او
دلسے سچا رکھے اور اوسنے جو کچھہ کہ مرید کو کہا ہے اوسپہ
رہے اور جس چیز سے کہ منع کیا ہے اوس سے قطعاً پرہ
مرید حقیقی وہ ہے کہ ظاہر اور باطن مرید کا متابع ظاہر و با
ہووے اور جملہ حرکات اور سکنات اوسکے موافق ح
سکنات پیر کے ہووے بلکہ کبھی دم اور قدم مخالف راہ
نہ مارے اور پیر کو بھی چاہیئے کہ جسوقت مرید مین صدق
اوسکو مخلوق کرے اور خرقہ پہنائے اور تلقین ذکر ا
کرے اور خلوت مین بٹھلاوے و مجاہدہ اور ریاضہ
اور مانند اپنے تربیت کرے لیکن لبس خرقہ چاہیئے کہ
کو خالصاً اور مخلصاً للہ پہنائے نہ کہ واسطے رونق و دکا
اور مشیخیت اور ناموری و شہرت کے نعوذ باللہ ا
صادق سکہ حلق اور خرقہ عنایت سے پیر و مرشد کے پا
کہ اس سکہ کو دولت دارین اور سعادت کونین جانے ا
و فکر فضول کو دور کرے اور اس سکہ مذکور سے روگر

اقسام مرید

یعنے زبان پر بھی نہ لاوے کہ فلان بزرگوار نے مجھے یہہ سکہ پہنایا اور
عطا کیا یہہ سب باعث انکے عنایت کا ہے والّا نہ مین کب اس خرقہ کے
لایق تہا اور اس وجہ سے پہر موی سر پر رکہے اور خرقہ عطیہ کو
صرف تبرکاً رکہہ چہوڑکر دوسرا لباس پہنے لیکن اپنے عدم لیاقت
اس سکہ مین جاننا ہی کمال سعادت ہے اور فکر صواب و مفتاح خزینۂ
اور فتح الباب الّا اس سعادت سے باہر نہ جانا چاہیئے نظم پنجۂ پیر
نقش اللہ است ۞ کی ازین رمز ہر کس آگاہ است ۞ از یدُ اللہ
فوق ایدیہم ۞ شد یقینم کہ مرشد اللہ است ۞ ہر کہ نگرفت دامن
پیری ۞ طفل نادان و مرد گمراہ است ۞ منکر پیری و مریدی را
حیف صد حیف آہ صد آہ است ۞ پیر آمد وسیلہ بہر نجات ۞
پیر بگزین کہ خواہ و ناخواہ است ۞ پیر و استاد و بیعت و خرقہ
ہمہ در کار اند رین راہ ست ۞ پیر را صورت پیمبر دان ۞ زانکہ
او رہنمای درگاہ است ۞ با ادب پیش پیر باید بود ۞ کوز پیر تا
قدم ادب گاہ است ۞ صاحبان عقل و ہوش بر ثابت اور حق
کہ از روی معنی کے آراستگی کارخانہ دنیا کے صرف اولیاء کرام
کی ہے ذات مقدس آیات کی برکت سے وابستہ اور متعلق ہے
اور اس گروہ حق پژوہ کی انواع موجودات سے علیحدہ علیحدہ
ہوتے ہین جنکا ذکر پہلے ہو چکا ہے - کہ انہین گروہ عالیہ مین سے
جو چار پیر چودہ خانوادہ مشہور ہین تفصیل انکی اسطرح پر ہے کہ

چار پیر چودہ خانوادہ

حبیب عجمی قدس سرہ کے خلیفہ تھے اور فقیری مین رتبہ بلند اور
اوج کمال کو پہونچے تھے سری کرخیان جو حضرت معروف کرخی قدس سرہ
سے نسبت رکھتے ہین اور وہ حضرت اولیاء کرام مین بڑے کامل تھے
اور ہمیشہ ترک دنیا اور تنہائی مین سیر کرتے تھے چوتھی سقطیان حضرت
سری سقطی سے نسبت رکھتے ہین جو حضرت معروف کرخی قدس سرہ کے
خلیفہ تھے بڑے عابد شب زندہ دار اور صائم الدہر و خلوت دوست
تھے چنانچہ تین روز کے بعد بھیک مانگ کر جو کچھ بہم پہونچا تو افطار صوم
کرتے پانچوین جنیدیان حضرت خواجہ جنید بغدادی قدس سرہ سے
نسبت رکھتے ہین جو حضرت سری سقطی قدس سرہ کے خلیفہ تھے ہمیشہ
خداوند جلشانہ پر متوکل رہتے تھے جو کچھ غیب سے آتا تو آپ اوس سے
افطار فرماتے چھٹی گازرنیان حضرت ابو اسحاق گازرنی قدس سرہ سے
نسبت رکھتے ہین جو دوسرے واسطے سے حضرت خواجہ جنید بغدادی
قدس سرہ کے خلیفہ ہین مخلوق سے بہت کم التفات رکھتے اور اکثر
خلوت مین عبادت الٰہی مین مشغول رہتے ساتوین طوسیان
حضرت علاء الدین طوسی قدس سرہ سے نسبت رکھتے ہین جو
پانچوین واسطے سے حضرت خواجہ حبیب عجمی قدس سرہ کے خلیفہ تھے
رقص اور سرود اور وجد و مزامیر کیطرف بہت رغبت رکھتے تھے
اور نفس کشی و ریاضت مین مصروف رہتے تھے اور جو کچھ میسر
ہوتا تھا کافر اور مومن و کیا امیر و کیا فقیر کو برابر تقسیم کرتے تھے آٹھوین

سہروردیان حضرت ابو نجیب سہروردی قدس سرہ سے نسبت رکھتے
ہین جو پانچوین واسطے سے حضرت حبیب عجمی قدس سرہ کے خلیفہ تھے
اور بہت محنت و ریاضت مین زندگی بسر کرتے تھے نوین فردوسیان
حضرت نجم الدین فردوسی قدس سرہ سے نسبت رکھتے ہین جو ابو النجیب
سہروردی قدس سرہ کے خلیفہ تھے - رباعی جہدی بکن از
پند پذیری دو سہ روز ۔ تا بیشتر از مرگ بمیری دو سہ روز ۔
دنیا زن بیرست چہ باشد گر تو ۔ با پیر زنے انس بگیری دو سہ روز
اَلدُّنیَا جِیفَۃٌ وَطَالِبُھَا کِلَابٌ ابیات ز دنیا ترک گیری بہر دین
توکل بر خدا کن بالیقین تو ۔ ترا گر رفتن است دار دنیا ۔ چہ اندیشی
تو دل از کار دنیا ۔ بغفلت ہای دنیا خلق مغرور ۔ ز لیلے نکہری
دل چو مسرور ۔ ز دنیا اہل آن چون تیز نگریز ۔ چو نگریزی بدر دشان
بیا نیز ۔ فصل دوم جاننا چاہیئے کہ حق تعالے کا یاد کرنا سب عبادتون کا
خلاصہ اور جان ہے اسواسطے نماز اسلام کا عمود ہے اوس سے بھی
یاد الٰہی کی مقصود ہے جیسا کہ خداوند جلشانہ قران مجید مین ارشاد
فرماتا ہے اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ
اور تلاوت قرآن سب عبادتون سے اسلئے افضل ہے کہ وہ کلام خدائے
عزوجل ہے حق تعالی کی یاد دلاتا ہے اور جو کچھ اسمین ہے خداوند
جلشانہ کے ذکر کی تازگی کا سبب اور واسطہ ہے اور روزہ سے
شہوت و خواہش کا توڑنا مقصود ہے دل جب ہجوم شہوت سے

ذکر و اذکار

نجات پاتا ہے صاف ہوکر حق تعالی کے ٹھہرنے کا مقام بنجاتا ہے اسواسطے
کہ جبتک دل شہوتون اور خواہشون سے بھرا ہوا وس سے ذکر الہی
ناممکن ہے اور ذکر اوسمین موثر نہین ہوتا اور حج و زیارت خانہ
خداوند کریم کا نام ہے اوس سے بھی صاحب خانہ کی یاد اور اوسکے
ملاقات کے شوق کا برپا کرنا مراد ہے تو ذکر الہی سب عبادتونکا مغز
اور خلاصہ ہے بلکہ اسلام کی اصل اور جڑ کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے
اور یہہ عین ذکر ہے اور عبادتین اس ذکر کے تاکید اور مضبوط
کرنے والے ہین اور ذکر کا ثمرہ یہہ ہے کہ خدا ہی ذاکر کو یاد کرتا ہے
پس اس سے زیادہ ثمرہ و نتیجہ اور کیا ہونا چاہئیے چنانچہ خداوند کریم
ارشاد فرمایا ہے فَاذْکُرُونِیْٓ اَذْکُرْکُمْ تم مجھے یاد کرو تاکہ
مین تمہین یاد کرون پس خداوند جلشانہ کو ہمیشہ یاد کرنا چاہیئے کیونکہ
آدمی کی فلاح اسکے ساتھہ وابستہ ہے اسواسطے حق سبحانہ تعالے نے اپنے کلام
پاک مین ارشاد فرمایا وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ یعنے
فلاح کی امید رکھتے ہو تو کثرت ذکر اوسکی کنجی ہے بہت ذکر کرو تھوڑا
نہین اکثر اوقات کرو گاہ گاہ نہین قولہ تعالے اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ
اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ اون بندونکی تعریف فرمائے جو
کھڑے بیٹھے کبھی اوسکے یاد سے غافل نہین ہوتے اور فرمایا وَاذْکُرِ
اسْمَ رَبِّکَ فِیْ نَفْسِکَ تَضَرُّعًا وَّخِیْفَۃً وَّدُوْنَ الْجَھْرِ مِنَ الْقَوْلِ
بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَکُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ یعنے اوسے یاد کرو اپنے دلمین

ازاری اور ہراس سے پوشیدہ صبح و شام کو اور کسیوقت
غافل نرہو۔ اور جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے لوگون نے
پوچھا کہ یارسول اللہ صلعم سب کامون مین کونسا کام افضل ہے آپ نے
فرمایا کہ مرتے وقت ذکر الٰہی سے تر زبان ہونا جناب رحمۃ اللعالمین نے
فرمایا کہ خداوند کریم کے نزدیک جو کام بہترین اعمال اور مقبول ہے اور
تمہارا بزرگترین درجات ہے اور سونا و چاندی صدقہ دینے سے
بہتر ہے اور خدا کے دشمنون کے ساتھہ اسطرح جہاد کرنے سے بھی بہت
بڑھکر ہے کہ تم اونکے گردنین مارو وہ تمہارے گردنین کاٹین اس
کام سے مین تمہین آگاہ کرون جان نثارون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ
صلعم ارشاد فرمائے وہ کیا کام ہے آپ نے فرمایا ذکر اللہ یعنے حق تعالے
کو یاد کرنا اور آپ نے فرمایا کہ خدا کو یاد کرنیوالا غافلون مین ایسا ہے
جیسے مردون مین زندہ ہے اور جیسے سوکھے گھاس مین ہرا درخت
اور جہاد سے فرار شدہ لوگون مین غازی ثابت قدم جاننا چاہیے
کہ ذکر کے چار درجہ ہین پہلا درجہ تو یہہ کہ فقط زبانی ذکر ہو دل اوسکا
غافل اور بیفکر ہو اوسکا اثر کم ہوتا ہے بالکل بے اثر ہے نہین ہے
اسواسطے کہ جو زبان ذکر الٰہی مین مشغول ہو اوسکو اوس زبان پر
جو بیہودہ باتون مین مصروف ہو یا بالکل معطل و بیکار ہو فضیلت ہے
دوسرا درجہ یہہ ہے کہ ذکر دل مین تو ہو لیکن قرار نہ پکڑے
اور گھبرا نہ کرے ایسا ہو کہ دلکو تکلف سے ذکر کے ساتھہ مشغول رہین

کہ اگر یہہ جہد اور تکلف نہو تو دل غفلت یا نفس کے خطرون سے پہر
طبیعت کے موافق ہو جائے تیسرا درجہ یہہ ہے کہ ذکر دل مین جم گیا
اور ایسا غالب اور متمکن ہو گیا ہو کہ اور کام کیطرف اوسی تکلف سے
مشغول کرین یہہ بہت بڑی بات ہے چوتھا درجہ یہہ ہے کہ جسکا
ذکر ہے وہ دل مین بس گیا ہو اور وہ حق سبحانہ تعالے ہے اور
ذکر دل مین نہو اسواسطے کہ جس شخص کا دل بالکل مذکور یعنے خدا کو
دوست رکھتا ہے اوسمین اور اوس شخص مین جسکا دل ذکر کو دوست
رکھتا ہے بڑا فرق ہے بلکہ کمال یہہ ہے کہ ذکر اور ذکر کا خیال
بالکل دلسے جاتا رہے مذکور ہی مذکور رہ جائے اسواسطے کہ ذکر
عربی ہو خواہ فارسی نفس سخن سے خالی نہو گا بلکہ یہہ سخن ہو گا
اور اصل یہہ ہے کہ سخن عربی اور فارسی وغیرہ جو کچھہ ہے سب
چیزون سے دل خالی ہو اور سب وہی وہ ہو جائے دل مین
کسی دوسری چیز کی گنجایش ہی نہ باقی رہے فرط محبت جسکو عشق
کہتے ہین یہہ امر اوسکا نتیجہ ہے یعنے اوس سے حاصل ہوتا ہے اور عاشق
ہمیشہ معشوق ہی کیطرف متوجہ رہتا ہے ایسا ہوتا ہے کہ اوسکے تصور
اور کمال خیال مین اوسکا نام ہی بہول جاتا ہے جب ایسا مستغرق
اور محو ہو جائیگا کہ اپنے کو اور غیر حق جو کچھہ ہے سبکو بہول جائیگا تو
تصوف کے پہلی راستہ پر آئیگا پس اس حالت کو فنا اور نیستی
کہتے ہین یعنے جو کچھہ ہے وہ سب اوسکے ذکر سے نیست ہو گیا اور

خود بہی نیست ہوگیا کہ اپنے کو بالکل بہول گیا اور جسطرح حق تعالے
کے بہت سے عالم ایسے ہین کہ ہمین اونکی خبر نہین اور وہ ہمارے
حق مین نیست ہین اور ہم جنسے آگاہ ہین اور ہمین جنکی خبر ہے
وہ ہمارے نزدیک ہست ہین اگر یہ عالم جو خلق کے نزدیک نیست ہین
لیکن بہول گئے تو اوسکے نزدیک نیست ہوگئے اور جب اپنے خودی کو
بہول گیا تو خود بہی اپنے نزدیک نیست ہوگیا۔ اور خدا کے سوا جب کوئی
چیز اوسکے ساتہہ نرہے تو حق تعالی ہی اوسکے نزدیک ہست اور
اوسکے سامنے موجود ہے جیسا کہ جب نگاہ کرے اور زمین و آسمان
اور جو کچہہ اوسمین ہے وہی دیکہے اوسکے سوا اور کچہہ نظر نہ آوے
تو یہی کہا جائیگا کہ اوسکے سوا عالم ہستی نہین اور تمام یہی ہے اسیطرح
یہہ ذاکر بہی خدا کے سوا کچہہ نہین دیکہتا ہے اور کہتا ہے ہما اوست
یعنے اللہ ہے اللہ ہے سوا اللہ کے کچہہ نہین اس مقام پر اوسکے
اور خدا کے درمیان جدای باقی نہین رہتی یگانگت حاصل ہوجاتی ہے
یہہ توحید اور وحدانیت کا پہلا عالم ہے یعنے جدائے اوٹہہ جاتی ہے
جدائی و دوری سے کچہہ خبری نہین رہتی اسواسطے کہ جدائی وہ
جانتا ہے جو دو چیزین جانے اپنے کو اور خدا کو پہچانے اور یہہ شخص
اوسوقت آپ سے بے خبر ہے ایک سوا دوسرے کو پہچانتا ہے نہین تو
جدائی کیونکر جانے۔ آدمی جب اس درجہ پر پہونچتا ہے تو قدرتونکی
صورتین اوسپر ظاہر ہونے لگتے ہین ملایک اور انبیا کے روحانی اپنے

مشغلون پر اوسے نظر آنے لگتے ہین جناب احدیت کیواسطے جو چیزین
خاص ہین وہ منکشف ہونے لگتے ہین اور بڑے بڑے احوال نمودار
ہوتے ہین کہ اونکا بیان ممکن ہی نہین البتہ یہہ معاملہ خود ارباب
بصیرت واحباب دانش وبینش پر منکشف اور ظاہر ہے جب بندا کبر
اپنے مین آتا ہے اور اور کامون سے آگاہی پاتا ہے تو اوسکا دل
اوسمین رہتا ہے اور اس حالت کا شوق غالب ہوجاتا ہے اور
دنیا ومافیہا اور جن کامون مین خلق مشغول ہے وہ سب اوسے ناگوار
اور ناپسند ہوتے ہین اپنے جسم سے تو آدمیون مین ہوتا ہے مگر
دل سے غایب رہتا ہے اور تعجب کے نظر سے لوگون کو دیکھتا ہے
کہ دنیا کے کام مین مشغول ہین اور رحمت اور حسرت کے نگاہ سے
دیکھتا اسواسطے ہے کہ جانتا ہے کہ یہہ لوگ کتنے بڑے اور عمدہ کام سے
محروم ہین اور لوگ ہنستے ہین کہ وہ خود ہی دنیا کے کامون مین کیون
نہین مشغول ہوتا اور گمان فاسد کرتے ہین کہ اوسے سودا ہوگیا ہے
اگر کوی شخص فنا اور نیستی کے درجہ کو نہ پہونچے اور یہہ حالات اور
مکاشفات اوسپر ظاہر اور لایح نہ ہون لیکن ذکر الٰہی اوسپر غالب
اور مستولی ہوجائے تو یہہ بھی کیمیاے سعادت ہے اسلئے کہ جب
ذکر غالب ہوگا تو انس ومحبت مستولی ہوگی اور دل پر چھا جائیگی
یہانتک کہ حق سبحانہ تعالے کو دنیا ومافیہا سے زیادہ دوست رکھیگا
اور اصل سعادت یہی ہے اسواسطے کہ جب خداوند تقدس تعالے کی

طرف رجوع ہوگے تو موت سے اوسکے دیدار کی کمال لذت بقدر
محبت حاصل ہوگی اور جسکے محبوب معشوقہ دنیاے دون ہے اور
جو اس پیر زال پر عاشق ومفتون ہے وہ بقدر عشق ومحبت اوسکے
فرقت مین رنج واذیت کھینچے گا حُبُّ الدُّنیا رَاسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ وَتَرْکُ
الدُّنیا رَاسُ کُلِّ عِبَادَۃٍ اور اگر کوی شخص بہت ذکر کرتا ہو اور وہ احوال
جو حضرت صوفیہ عالیہ کو حاصل ہوتا ہے اوسپر وہ نمودار اور ظاہر
ہو تو چاہیئے کہ بیزار نہو وے کہ سعادت اس حال پر موقوف نہین
سوا سطے کہ دل جب نور ذکر سے آراستہ ہوا تو کمال سعادت پر
پہنچا ہوا اور جو کچھ اس جہان مین اوسے نہ ظاہر ہوگا وہ مرنیکے بعد
معلوم ہوگا تو آدمی کو چاہیئے کہ مراقبہ دلکا التزام کر رکھے
تاکہ خدا سے لگا رہے اور کبھی غافل نہو اسواسطے کہ ذکر دائمی حضرت
الہیت اور عجائب ملکوت کی کنجی ہے۔ اور راحت القلوب مین تحریر ہے
کہ ذکر خداوند تقدس تعالے سے چھہ چیز حاصل ہوتے ہین۔ اول
یہہ کہ جسوقت ذاکر ذکر آغاز کرتا ہے اوسکا دل حاضر ہوتا ہے
اور اوسمین حضرت مقدس کا دیدار میسر ہوتا ہے دوسری خداوند
جلشانہ اوسکو معاصی سے باز رکھتا ہے تیسری جبکہ ذاکر خداوند تعالے کی
بہت ذکر کرے تو شرف دوستی خداوند کریم کی اوسکے دلمین مستحکم
ہے چوتھی جسوقت کہ آدمی خداوند تعالے کو یاد کرتا ہے تو خداوند
جلشانہ بھی اوسے دوست رکھتا ہے پانچوین جو شخص ذکر خداوند تعالے کا

بہت کرے شر سے دیو پری کے محفوظ رہتا ہے چھٹی ذکر اللہ جلشانہ
کا قبر مین ذاکر کے مونس ہوتا ہے۔ اور مشائخ طبقات رحمۃ اللہ علیہ
اجمعین سے منقول ہے کہ ذکر ہی تین طرحپر ہوتا ہے۔ ایک لَا اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ دوسرا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ تیسرا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ اگر ذاکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اختیار کرے تو چاہیے کہ نومرتبہ کہے دسومین
مرتبہ محمد الرسول اللہ کہے اور اگر ذکر سبحان اللہ کہے تو اکیس بار تکرار کرے
اور اگر ذکر یا حی یا قیوم کہے سینتیس مرتبہ کہے لیکن غوث اعظم اور
قطب افخم زہد الانبیا خواجہ فرید الدین شکر گنج قدس سرہ سے راحت القلوب
مین منقول ہے کہ ذاکر اتنا ذکر کرے کہ سر و نگٹے سے ذکر شروع ہو جائے
چونکہ حضرت یحیی علیہ السلام اتنا ذکر کرتے تھے کہ بیہوش ہو جاتے
اور جب ہوش مین آتے تھے تو روئے مبارک صحرا کیطرف فرماتے
اور سر غلبہ شوق مین باواز بلند یہہ کہتے کہ اے منزہ از مکان
کیا کہون کہ میرا دل پر ہوا اندیشہ سے تیرے ذکر کے اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ جو لوگ بیٹھتے ہین خدا کی ذکر کرنے اور یاد کرنیکو تو اونکو
فرشتہ چارون طرف سے گھیر لیتے ہین اور خدا کی رحمت اونکو چھپا لیتی ہے
اور اونپر آرام اور چین اوترتا ہے اور خدا اونکا ذکر کرتا ہے
اونمین جو خدا کے پاس ہین یعنے فرشتہ اور پیمبرونکے روحون مین

فضیلت ذکر

پس اس سے ذکر کی بہت بڑے فضیلت ثابت ہے اب باقی رہا تعلیم طریقہ
اگرچہ وہ تعلیم و تلقین ہر ہر سلسلہ کے بزرگون سے علیحدہ علیحدہ اور
مختلف طریقون پر ہے لیکن ایک کیفیت اوسکی اجمالاً بیان کیجاتی ہے
جب مرشد ارادہ کرے اپنے مرید کی تلقین کرنیکا تو اوسکو امر کرے
روزہ رکھنے کا اگر پنجشنبہ کا دن ہو تو بہتر ہے اور اوس شخص سے
امر کرے دس بار استغفار کرنیکو اور دس بار درود پڑھنے کو پھر
مرشد کہے اللہ تعالے فرماتا ہے اپنی کلام مجید مین فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّ
قُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِكُمْ یعنے اللہ کو یاد کرو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے تو اوسے
کوشش کر کہ کوئی زمانہ بدون ذکر کے تجکو نہ گذرے اور معلوم کرائے
طالب کہ تیرا دل کہاں ہے تیرے بائین چھاتی کے نیچے دو انگل پر
بصورت شگوفہ صنوبر کے اور اوسکے دو دروازہ ہین ایک دروازہ
اوپر کا ہے اور دوسرا نیچا جو حضرات کہ کاسب ہین انہون سے
مخفی و پوشیدہ نہین ہے اور باب فوقانی سے وہ مراد ہے جو جسم سے
ملا ہے اور باب تحتانی سے وہ مراد ہے جو روح سے متصل ہے
پس دلکے اوپر کے دروازیکے کشایش ذکر جلی سے ہوتی ہے اور نیچے
دروازہ کی کشادگی ذکر خفی سے اے طالب جب تو ذکر جلی کا ارادہ
کرے تو چار زانو بیٹھ اور پکڑ اوس رگ کو جسکا کیماس نام ہے اپنی
داہنے پانو کے انگوٹھے اور بیچ کے اونگلی کو داب کر اور کیماس وہ رگ ہے
کہ زانو کے تلے ران کے جانب سے اتری ہے اور اوسکا اسطرح سے

تعلیم و تلقین ذکر طریقہ نقشبندیہ

ذکر جلی

پھر نافی دساوس اور جمعیت ہمت کو مفید اور دلکو عجب گرمی کے ساتھ
گرم کر دیتا ہے اور پھر بطریق مذکور بیٹھے بطور نشست نماز کے رو بقبلہ
حضور دل سے ہمت کو مجتمع کر کے پھر کہہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ سختی اور کشیدگی سے
اور قوت کو دلکے اندر سے نکال کر اور لفظ لا کو ناف سے نکال اور
اوسکو کھینچ داہنے مونڈھے تک اور لفظ الٰہ کا دماغ کے جملے سے اشارہ
کرے تو اس تصور سے گویا تو نے غیر خدا کے محبت کو اپنے اندر سے
نکالا اور اوسکو اپنے پیٹھ کے پیچھے ڈالا پھر دوسرے دم میں الا اللہ کو
دلمیں سختی اور قوت کے ساتھ ضرب کر اور اس نفی اور اثبات سے
مبتدی ملاحظہ کرے نفی مسبودیت کا غیر خدا سے اور متوسط نفی مقصد
اور منتہی نفی وجود کا اور شرط اعظم اس ذکر میں ہمت کا جمع کرنا
اور معنی کا سمجھنا ہے اور ذکر جلی کرنیوالیکو لایق یہہ ہے کہ کھانیکو
نہایت کم نکرے بلکہ اوسکو کافی ہے کہ چوتھائی پیٹ خالی رکھے اور
مناسب ہے کہ کچھ چکنائی کھایا کرے تاکہ اوسکا دماغ نہ پریشان ہو
خشکی کے سبب سے اور جب کہ تو ای سالک پاس انفاس کا ارادہ کرے تو
بیدار اور اپنے دم پر واقف ہو جا پھر جب دم باہر کو نکلے تو اسکے
نکلنے کے ساتھ لا آلہ کہہ گویا ہر چیز کی محبت کو سوای خدا کے اپنے باطن سے
نکالتا ہے اور جب دم اندر کیطرف آوے تو اوسکے داخل ہونیکی
ساتھ لا آلہ کہہ گویا تو داخل کرتا ہے اور محبت الٰہی کو ثابت کرتا ہے
اپنے دل میں۔ اور مشائخ چشتیہ علیہ رحمت اللہ اجمعین نے فرمایا ہے

پاس انفاس

ربط قلب بشیخ

رکن اعظم دل کا لگانا اور گمانہا ہے مرشد کے ساتھ محبت اور تعظیم
صفت پر اور اوسکے صورت کا ملاحظہ کرنا اور حق تعالے عالم مثال مین
تجلی ہے ہر شخص اپنے اپنے استعداد کے موافق اوسکو ادراک کرتا ہے
اور تجلی وہ عالم مثال کی حقیقت حضرات صوفیہ صافیہ نے اپنے کتب مین
مفصل تحریر فرمایا ہے اب رہا مراقبہ اوسکا بیان اجمالاً یہہ ہے کہ
جب طالب رنگین ہو جاوے ذکر کے نور سے تو مرشد اوسکو مراقبہ
کرنیکا امر کرے اور مراقبہ رقیب یعنے محافظت اور نگہبانی ہے شتق ہے
اوسکا مراقبہ اسواسطے نام رکہا گیا اگر سالک بعضے مراقبات مین
اپنے دلکے محافظت اور نگہبانی کرتا ہے یا بعضے مراقبات مین اللہ تعالے
کا مراقب ہوتا ہے جب اللہ تعالے اوسکی حفاظت کرتا ہے تو مراقبہ
کرنیکے وقت زبانسے کہے یا اپنے دل سے خیال کرے اللہ حاضری
اللہ ناظری اللہ شاہدی اللہ معی یا اسکا مراقبہ کرے اَلَا اِنَّہٗ
بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ یعنے آگاہ ہو جا کہ اللہ ہر چیز کو گہیرا ہوا ہے
یا اسکا مراقبہ کرے کہ گویا اللہ حاضر ہے تیرے درمیان اور تیرے
قبلہ کے درمیان مین اور تو اوسکو مشاہدہ کرتا ہے اور مراقبہ معیت
قال اللہ تعالیٰ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ اور مراقبہ قرب قال اللہ تعالے
وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ اور مراقبہ مَا رَاَیْتُ شَیْئًا اِلَّا وَرَاَیْتُ اللّٰہَ فِیْہِ شعر

مراقبہ

توحید حلول در نہاد است ۔ نہ آنکہ حلول اتحاد است مثنوی بشنو
از نے چون حکایت میکند ۔ وز جدائے ہا شکایت میکند ۔ از نے کہ سردم

نغمہ آرائی کند ۔ درحقیقت از دم نائے کند ۔ عشق جرنائے وماحرف
نہ ایم ۔ او دمی بے ما و ما بے او نہ ایم ۔ قطعہ چو آدم را فرستادیم بزمین
تو بودی عکس معبود ملائک ۔ دران نور جمال خود نہادیم ۔ ازان گشتی
تو مسجود ملائک ۔ طالب جبکہ چلہ مین داخل ہونیکا ارادہ کرے اوسکو
چند امور کے رعایت کرنا لازم ہے ہمیشہ روزہ رکھنا اور مدام قیام
شب کرنا اور بولنا اور کھانا اور سونا اور صحبت خلق کو کم کردینا
اور ہمیشہ باوضو رہنا جاگنے اور سونے کے حالات مین اور مرشد کے
ساتھہ ہمیشہ دلکو لگائے رکھنا اور غفلت کو بالکل ترک کرنا یہانتک کہ
اوسکے نزدیک غفلت از قسم حرام کے ہوجاوے پھر جب حجرہ مین داخل
پانون داخل کرے تو اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم کہے اور قل اعوذ برب الناس کو پڑھا
پڑھے اور جب بایان پانون داخل کرے تو اللہم سے آخر تک
دعا کرے یعنے خداوندا تو میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت مین
میرا مددگار رہو جا بطفیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے
اور مجھکو اپنی محبت دے اپنے جمال کے ساتھہ مشغول کرلے اور مجھکو
عباد مخلصین مین داخل کر الٰہی میری نفس کے خواہشون کو مٹا دال
اپنے ذات کے کششون سے ای انیس اوسکے جسکا کوی انیس نہین
اے رب مجھکو نہ چھوڑ تو تنہا اور تو بہتر وارثین سے ہے پھر صلی پر
کہڑا ہوا اور پڑھے وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

شرائط چلہ نشینی

اکیس بار پڑہے پہر دو رکعت پڑہے پہلی رکعت مین آیتہ الکرسی
پڑہے اور دوسرے رکعت مین آمن الرسول پہر سجدہ مین تعویذ
کرے اور دعا مین خوب کوشش کرے یا سو بار یا فتاح کہے پہر اون
اذکار مین مشغول ہو جسکو ہم ذکر کر چکے یعنے ذکر جلی اور پاس انفاس
اور مراقبات وغیرہ مین - اے طالب جبکہ گذر قبرستان مین ہو تو
سورہ انا فتحنا دو رکعت مین پڑہے پہر میت کیطرف سامنے ہو کر
کعبہ بغلہ کو پشت دیکر بیٹہے پہر سورہ ملک پڑہے اور اللہ اکبر اور
لا الہ الا اللہ کہے اور گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑہے پہر میت ہی قبر
ہو جاوے پہر کہے یا رب یا رب اکیس بار پہر کہے یا روح اوسکو
آسمان مین ضرب کرے اور یا روح الروح کی دل مین ضرب
یہانتک کہ کشایش اور نور پاوے پہر منتظر رہے اوسکا جسکا
فیضان صاحب قبر سے ہوا سکے دلپر - اے طالب ایک نماز ہے
جسکو صلواۃ کن فیکون کہتے ہین اور صلواۃ کن فیکون اسواسطے
کہتے ہین کہ مطلب برآری ہین اوسکی تاثیر بہت ہے جلدی اور قوی
ہوتی ہے پس جسکو سخت حاجت پیش آوے تو چاہیئے کہ سرا تکو
لیالی ثلثہ یعنے چارشنبہ اور پنجشنبہ اور جمعہ کے رات تین دور کعتین
ادا کرے پہلی رکعت مین سورہ فاتحہ ایکبار اور قل ہو اللہ سو بار پہر
اور دوسری رکعت مین فاتحہ سو بار اور قل ہو اللہ ایک بار اور
سو بار یون کہے اے آسان کنندہ دشوار یہا و اے روشن کنندہ

کشف بتوسط استفاضہ از و

صلوٰۃ کن فیکون

تاریکیہا اور استغفار کرے سو بار اور درود پڑھے سو بار اور
حق تعالے سے دعا کرے بسوز قلب پھر جب تیسری رات ہو تو یہی
بھی کرے جو مذکور ہوا پھر دستار یا ٹوپی کو سر سے اوتارے اور
اپنے آستین کو اپنے گردن مین ڈالے اور رو دے اور حق تعالی سے
دعا کرے پچاس بار تو بالضرور انشا اللہ تعالے دعا مستجاب ہو گی
اور بعضے نا واقفونکا اسپر یہہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ آستین گردن مین
ڈالنا کیونکر جایز ہوگا حالانکہ اوعیہ ماثورہ مین ثابت نہین تو اسکا
یہہ جواب ہے کہ قلب ردا یعنے چادر کا اوڑھنا پلٹنا نماز استسقا مین
جناب حضرت رسالتمآب رسول علیہ السلام سے ثابت ہے جب حال
عالم کا بدل جاوے تو اسیطرح آستین کا گردن مین ڈالنا امر مخفی کے
اظہار کیواسطے یعنے تضرع یا واسطے شعار گردش حال کے حصول مقصود سے
کیونکر ناجایز ہوگا اور طالب کو چاہیئے کہ جب خواب سے بیدار ہو جاوے
بیٹھے راست سے اوٹھے اور کہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ بِالرَّحْمٰنِ وَبَرَكَةِ پھر تجدید وضو کرکے دوگانہ نماز کا گزارے
اور ہر سر مصلا قرار لے اور ستر آیتہ سورہ بقرے پڑھے اور ستر
آیتہ سورہ انعام اور تیس آیتہ سورہ یوسف کی پھر ذکر کو سو مرتبہ
تکرار کرے یعنے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پھر تینتیس آیتہ پڑھے
پھر سنت نماز صبح کی اسیطرح سے پڑھے کہ رکعت اول مین فاتحہ ایکبار
اور الم نشرح ایک بار اور رکعت دوم مین فاتحہ ایک بار اور قل یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ

باب اوراد

ایک بار بعد از نماز سنت وقت صبح و تلاوت و سورہ مزمل کے
سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ بِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَمْدِہٖ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھکر بعد از نماز فرایض رو بقبلہ بیٹھا
رہے پھر دس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ
الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ
بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کہے بعدہ تین بار کہے کہ
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ پھر تین مرتبہ یہہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ مَّا اخْتَلَفَ الْمِلْوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَتَکَرَّرَ الْجَدِیْدَانِ وَامْتَحَ
الْفَرْقَدَانِ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ مِّنَّا التَّحِیَّۃَ وَالسَّلَامَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفُوْرُ
پھر تین بار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پھر تین مرتبہ کہے سُبْحَانَ
اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ
کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ بعد ازاں تین مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ سَتَّارُ الْعُیُوْبِ
عَلَّامُ الْغُیُوْبِ کَشَّافُ الْکُرُوْبِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ
وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پھر تین بار کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ
نَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ پھر تین بار کہے
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا قَدِیْرُ یَا دَآئِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

یا احد یا صمد یا قدیر یا علیم یا حلیم یا عظیم یا علی
یا نور یا اللہ یا فرد یا وتر یا باقی یا حی یا قیوم پھر تین بار
کہے یا حی یا قیوم یا حنان یا منان یا دیان یا سبحان
یا بدیع السموات والارض یا ذا الجلال والاکرام برحمتک
یا ارحم الراحمین پھر نو دونہ نام باریتعالی کے ایک بار پڑھے اور
کہے لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قدیر یا دائم
یا قائم یا حی یا قیوم یا احد یا صمد یا قدیر یا علیم
یا حلیم یا عظیم یا علی یا فرد یا باقی یا حی یا قیوم اقض
حاجتی بحق محمد و آلہ اجمعین پھر نو دونہ نام جناب رسالتمآب
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پڑھے اللھم صل علی محمد
واحمد وحامد ومحمود وقاسم وعاقب وخاتم وحاسر ومآحی
وداعی وسراج ومنیر وبشیر ونذیر وھادی ومھدی
ورسول ونبی وطٰہٰ ویٰسٓ ومزمل ومدثر وصفی وکریم
وحبیب ومجتبیٰ ومصطفیٰ ومرتضیٰ ومختار وناصر وقائم
وحافظ وشہید وعادل وحکیم ونور وحجۃ وبیان وبرھان
ومؤمن ومطیع ومذکر وواعظ وامین وصادق وناطق وصاحب
ومکی ومدنی وابطحی وھاشمی ومصری وامی وعزیز وحریص
ورءوف ویتیم وغنی وجواد وفتاح وعلیم وطیب ومطیب
وطاہر ومطہر وخطیب وفصیح وسید ومشفی وامام

وَسَابِقٌ وَمُقْتَصِدٌ وَمُتَهَجِّدٌ وَحَيٌّ
وَغَنِيٌّ وَاَوَّلٌ وَاٰخِرٌ وَظَاهِرٌ وَرَحْمَةٌ وَشَفِيْعٌ وَمُحْرِمٌ اَمْرَاضِيْ
مُشَفَّعٌ حَلِيْمٌ وَشَهِيْدٌ وَقَرِيْبٌ وَمُنِيْبٌ وَاَوَّلُ عَبْدُ اللّٰهِ حَبِيْبُ اللّٰهِ
خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ اِكْرَامُهُ اللّٰهِ مُحِبُّ اللّٰهِ مُحَمَّدٌ كَرَامَةُ اللّٰهِ اَمَانَةُ اللّٰهِ
وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پھر درود شریف
پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ شَيْءٌ وَارْحَمْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ لَا يَبْقٰى مِنَ الرَّحْمَةِ شَيْءٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ لَا يَبْقٰى مِنَ الْبَرَكَةِ
شَيْءٌ پھر آیت الکرسی پڑھے اور یہ ہے قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ
تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ
مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر تین مرتبہ کہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تا آخر اسوقت پھر سات
مرتبہ پڑھے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ بعدہ تین بار کہے رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پھر تین بار
کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ
الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اسوقت تین مرتبہ کہے سُبْحَانَ
الْاَوَّلِ الْمُبْدِئِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْبَاقِي اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ
بعدہ تین مرتبہ کہے وَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا

وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا پھر تین بار کہے عَبْدُکَ ظَالِمٌ مُذْنِبٌ ذَلِیْلٌ لَا یَمْلِکُ
لِنَفْسِہٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیٰوۃً وَّلَا نُشُوْرًا پھر تین مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْاَلُکَ تُحْیِیْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَا اَللّٰہُ
یَا اَللّٰہُ پھر سات مرتبہ کہے یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ
یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ اُفَوِّضُ
اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَبِّ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ
وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پھر ایک بار کہے
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ یَا مَنْ یَّمْلِکُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِیْنَ وَیَعْلَمُ ضَمِیْرَ الصَّامِتِیْنَ
فَاِنَّ کُلَّ مَنْ کَلَّ مِنْہَا لَمْ تَسْتَمِنْکَ سَمَاعًا حَاضِرًا جَوَابًا عَدْلًا وَّاِنَّ لَکَ حِسًّا کُلَّ سَاعَۃٍ
اِلْمَامًا لَّطِیْفًا فَاَعْطِنَا مَوَاعِیْدَکَ الصَّادِقَۃَ وَاٰلَآءَکَ الْفَاضِلَۃَ بِرَحْمَتِکَ
الْوَاسِعَۃِ وَنِعْمَتِکَ السَّابِغَۃِ اُنْظُرْ اِلٰی نَظَرِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پھر تین
مرتبہ کہے یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بُرْھَانُ یَا سُبْحَانُ یَا غُفْرَانُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ
الْاِکْرَامِ بعدہ تین مرتبہ کہے اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ عَنْ
اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ پھر تین بار کہے اَلْحَمْدُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَلُکَ بِاسْمَآئِکَ الْاَعْظَمِ اَنْ یُّعْطِیَنِیْ مَا
سَاَلْتُکَ بِفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ انگاہ سہ بار کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ
فِی السَّمَآءِ عَرْشُہٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْقُبُوْرِ قَضَآؤُہٗ وَاَمْرُہٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ
الَّذِیْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِیْلُہٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی جَھَنَّمَ سُلْطَانُہٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ
الَّذِیْ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ اِلَّآ اِلَیْہِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ
الْوَارِثِیْنَ پھر سہ بار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ

وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَمِبْلَغَ الرِّضَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ
وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَمِبْلَغَ الرِّضَا وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ
وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَمِبْلَغَ الرِّضَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پھر کہے
رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَكَرِيْمًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِالْقُرْاٰنِ
اِيْمَانًا وَبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ اِخْوَانًا پھر ۳ بار کہے رَبِّ
لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ پھر تین مرتبہ کہے بِسْمِ اللّٰهِ
خَيْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ
مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پھر
سات مرتبہ کہے اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ پھر سو مرتبہ
ذکر کرے اور آخر میں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے اور بعد فراغ
ذکر کے یہہ پڑھے اَشْهَدُ اَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَالْمَوْتَ
وَالْقَبْرَ وَالسُّؤَالَ حَقٌّ وَالصِّرَاطَ حَقٌّ وَالْمِيْزَانَ حَقٌّ وَالشَّفَاعَةَ
حَقٌّ وَالرُّؤْيَةَ حَقٌّ وَكَرَامَةَ الْاَوْلِيَاءِ حَقٌّ وَالْمُعْجِزَاتِ لِلْاَنْبِيَاءِ
حَقٌّ فِي الدَّارِ الدُّنْيَا وَالسَّاعَةُ اٰتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ
يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ بَعْدَ مَا تھہ اوٹھا کر یہہ دعا پڑھے
اَللّٰهُمَّ زِدْ نُوْرَنَا وَزِدْ سُرُوْرَنَا فِيْ صُدُوْرِنَا وَحُضُوْرَنَا
وَزِدْ مَعْرِفَتَنَا وَزِدْ طَاعَتَنَا وَزِدْ نِعْمَتَنَا وَزِدْ مَحَبَّتَنَا وَزِدْ
عِشْقَنَا وَزِدْ شَوْقَنَا وَزِدْ ذَوْقَنَا وَزِدْ قَبُوْلَنَا وَزِدْ
وَاسْتُرْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اسوقت سبعات عشر پڑھے بعدہ سورہ یسین و سورہ مزمل و سورۂ
پڑھے جسوقت کہ آفتاب بلند ہو پھر نماز اشراق ادا کرے دس رکعت
ساتھہ پانچ سلام کے دو رکعت مین اول فاتحہ و انا انزلنا ایک ایک بار
اور شفعہ دوم مین فاتحہ ایکبار اور اذا زلزلت الارض ایکبار اور شفعہ سوم مین
فاتحہ ایکبار اور انا اعطیناک ایک بار اور شفعہ چہارم مین فاتحہ ایکبار اور
قل یا ایہا الکافرون ایکبار اور شفعہ پنجم مین بعد فاتحہ اخلاص دس مرتبہ پڑھے
پھر جب نماز سے فارغ ہو تو دس مرتبہ درود شریف پڑھکر تلاوت
قرآن شریف مین تا نماز چاشت مشغول رہے پھر نماز چاشت گزارے
بارہ رکعت اور تین سلام اسطرح کہ بیچ ہر رکعت کے فاتحہ ایک بار
اور والضحیٰ ایک بار جسوقت کہ نماز چاشت سے فارغ ہو سو مرتبہ
کلمہ سبحان اللہ آخر تک کہے اور سو بار درود شریف پڑھکر بعدہ صلوٰۃ
استوا چہار رکعت سے پڑھے ہر رکعت مین فاتحہ ایکبار اور اخلاص
پانچ بار اسوقت نماز پیشین پڑھے اور بعد ادای نماز پیشین کے
دس رکعت نماز صلوٰۃ الخضر کے پانچ سلام سے پڑھے اور سورہ آخر مین
الم تر کیف سے قل اعوذ برب الناس تک پڑھے جسوقت کہ سلام پھیرے دس مرتبہ
درود شریف پڑھکر ایصال ثواب کرے اور امید یہہ رکھے کہ حضرت خضر علیہ السلام
ملاقات ہوے بعدہ سورہ برج پڑھے بیان سے اجمالاً بیان طریقہ
قادریہ کا کیا جاتا ہے فِیْ اَشْغَالِ الْمَشَایِخِ الْجِیْلَانِیَّۃِ وَھُمْ اَصْحَابُ اِمَامِ الطَّرِیْقَۃِ
الشَّیْخِ اَبِیْ مُحَمَّدٍ مُحْیِ الدِّیْنِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِیْ رَضِیَ

عنہ وعنہم اجمعین پہلا اصل جسکو مشایخ قادریہ متعین کرتے ہین
ذکر اللہ ہے جہر سے یعنے بلند آواز سے کرنا اور مراد اس جہر سے
یہہ ہے کہ افراط سے نہو تو اس تقریر سے کچہہ اسکے جواز مین
فرق ہے اور اوسمین جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا
اسطرح کہ اعتدال اختیار کرو اور نرمی کرو اپنے جانون پر کہ تم بہرے
اور غایب کو نہین پکارتے ہو الی اخر الحدیث ف اور پوری
روایت یون ہے ابو موسی اشعری سے کہ تم سمیع اور بصیر کو پکارتے ہو
اور وہ تمہارے ساتہہ ہے اور جسکو تم پکارتے ہو وہ تمسے قریب
یہہ تمثیل ہے شدت قرب سے والا حق تعالے حبل الورید سے بہی
قریب تر ہے اور منجملہ ذکر جہر کے اسم ذات ہے خواہ ایک ضرب سے
اور طریقہ ایکضربیکا یہہ ہے کہ لفظ مبارک اللہ کو سختی اور درازی
اور بلندی سے دل اور حلق دونون کے قوت کے ساتہہ کہے
پہر ٹہیر جاوے یہانتک کہ ذاکر کی سانس اپنے ٹہکانے پر آجاوے
پہر اسطرح بار بار دگر کیکرے اور دو ضربی کا طریقہ یہہ ہے کہ نماز کی
نشست پر بیٹہے اور اسم ذات کو ایکبار داہنے زانو پر اور دوسرے
بار دلمین ضرب کرے اور اسکو بار بار بلا فصل کرے اور مناسب
یہہ ہے کہ ضرب خصوصا قلبی قوت اور سختی کے ساتہہ ہو تا دل پر
اثر ہو اور خاطر یکسو ہو جاوے پریشان خاطری اور وسواس
مندفع ہو اور طریقہ ذکر سہ ضربی کا یہہ ہے کہ چار زانو بیٹہے اور ایکبار

طریقہ ذکر ایکضربی

طریقہ ذکر دو ضربی کا

طریقہ ذکر سہ ضربی

داہنے زانو پر اور دوسرے مرتبہ بائیں زانو پر اور تیسرے بار
دل پر ضرب کرے لیکن تیسری ضرب سخت تر اور بلند تر ہو
خواہ ذکر چہار ضربی ہو اوسکا طریقہ یہہ ہے کہ چار زانو بیٹھے اور
ایک بار داہنے زانو پر اور دوسری بار بائیں زانو پر اور تیسرے
دل پر اور چوتھے بار اپنے سامنے ضرب کرے اور چاہیے کہ چوتھی ضرب
سخت تر اور بلند تر ہو اور منجملہ ذکر جہری کے نفی اور اثبات ہے
اور وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا کلمہ ہے اور طریقہ اوسکا یہہ ہے کہ
بطور نماز رو بقبلہ بیٹھے اور اپنے آنکھ بند کرلے اور لَا کہے گویا
اوسکو دماغ کی جھلی سے نکالتا ہے پھر اِلَّا اللّٰہُ کو دل پر شدت اور
قوت سے ضرب کرے اور محبوبیت یا مقصودیت یا وجود کے
نفی غیر حق سے ملاحظہ کرے اور اثبات اسکا ذات مقدس میں
دہیان کرے اور یہہ ملاحظہ اور تصور باعتبار مراتب ذاکرین کے
مختلف ہے یعنے مبتدی نفی محبوبیت کے تصور کرے اور متوسط نفی
مقصودیت کے اور منتہی نفی وجود کے پھر جب طالب پر اس ذکر جلی کا
اثر ظاہر ہو اور اسکا نور اوسمیں دکھائے دے تو اوسکو ذکر خفی کا
امر کیا جائے اور ذکر جلی کے اثر سے انبعاث شوق مراد ہے یعنے
شوق کا ابھرنا اور نام خدا سے دلمیں چین آنا اور احادیث
نفس یعنے وسواس کا دور ہونا اور حق تعالے کو اوسکے ماسوا پر
مقدم رکھنا اور جو شخص کہ مواظبت کرے اسم ذات پر ہر دن میں

طریقہ ذکر چہار ضربی

نفی و اثبات

ذکر خفی

بار ہزار بار ساتھہ تقدیم اون شروط کے جنکو ہم پہلے ذکر کر چکے ہین
اور دو پہنچے یا مانند اسکے اس ذکر پر مداومت کرے تو اوسمین
یہہ اثر البتہ مشاہدہ ہوگا خواہ ذاکر کم فہم ہو خواہ تیز فہم اور منجملہ
ذکر خفی تو اسم ذات ہے اون صفات کی ساتھہ جو اصل ہین
اور طریقہ اوسکا یہہ ہے کہ اپنے دونون آنکھون اور دونو نتھنو کو
بند کرے اور زبان دل سے کہے اللہ سمیع اللہ بصیر اللہ علیم یا انکو
اپنے ناف سے نکالتا ہے عرش تک پہر یون کہے اللہ علیم اللہ بصیر اللہ سمیع
اترتا ہوا انہین منزلون پر چنانچہ ان پر چڑہتا تہا درجہ بدرجہ تو یہہ
ایک دورہ ہوا اسیطرح بار بار کیا کرے اور اس طریقہ کے بعض
حضرات اللہ قدیر کو بہی زیادہ کرتے ہین اور توضیح اسکی یون ہے
کہ اللہ سمیع دل سے کہے ناف سے سینہ تک چڑہے اپنے تصور مین
پہر اللہ بصیر کہہ کر سینہ سے دماغ تک پہنچے پہر وہان سے اللہ علیم کہکر
عرش تک پہنچے پہر یہی الفاظ کو خیال کرتا ہوا درجہ بدرجہ اترے
یعنے اللہ کہتا ہوا عرش سے دماغ پر ٹہیرے اور اللہ بصیر کہکر دماغ سے
سینہ تک ٹہرے پہر اللہ سمیع کہتے ہوے ناف تک ٹہر جاوے اسیطرح
ہر بار کرتا رہے اور اگر اللہ قدیر کو زیادہ کرے تو تیسرے بار
آسمان تک پہنچے اور چوتہی بار عرش تک اور منجملہ ذکر خفی نفی اور
اثبات ہے اور طریقہ اوسکا یا اوسیطرح ہے جو ذکر جلی مین مذکور
ہو چکا یا اسیطرح پر ہے کہ ذاکر بیدار اور ہوشیار ہو جاوے

اپنے دمون پر آگاہ رہے پھر جب دم باہر نکلے خود بخود بدون
ارادہ اور قصد کے تو اوسکے باہر ہونیکے ساتھی زبان دل سے کہے
لا آکہ پھر جب سانس اندر کو جاوے خود بخود تو اندر جانے کے
ساتھی الا اللہ کہے اشعار اگر تو پاس داری پاس انفاس کہ بسلطانی
رسانندت ازین پاس خر پاس دار انفاس ای اہل خرد کہ تا
ترا این قافلہ منزل ببرد کہ شعر تا بجا روب کانرو بے راہ کہ نرسی
در مقام لا الہ الا اللہ رباعی در ذات مقدست کسی را راہ نیست کہ در
عین جلال بیچکس آگاہ نیست کہ سرمایہ رہ روان کہ راہش طلبند
جز گفتن لا الہ الا اللہ نیست کہ پھر جب ذکر خفی کا اثر ہوا ور طالب میں
اسکا نور معلوم ہو تو اوسکو مراقبہ کرنیکا امر کیا جاوے اور ذکر خفی
کے اثر سے شوق مراد ہے اور غالب ہونا محبت الہی کا اور ہمت
عزیمت کا پھیرنا فکر کے جانب اور تقدیم اللہ عز وجل کے اور ہمت کا
جمنا اوسیکی طلب پر اور حلاوت پانا چپ رہنے میں اور گفتگو
اور اشتغال امر دنیاوی سے نفرت کا ہونا۔ لیکن مراقبہ بزرگان
طریقت کے نزدیک بہت اقسام پر ہے اور جامع اول اقسام
کثیرہ ایک امر ہے وہ یہہ ہے کہ ایک آیت قرانی یا کوئی اور کلمہ
زبان سے کہے یا اوسکا دل میں خیال کرے اور اوسکی معنی کو
اچھی طرح سمجھے یا یہہ تصور کرے کہ یہہ مدعا کیونکر ہے اور اوسکی
تحقیق اور ثبوت کی کیا صورت ہے پھر اسی صورت پر خاطر کو

جمع کرے اسطرح پر کہ سوائے اوسکے کوئی خطرہ نہ آوے یہانتک کہ
اسمین استغراق متحقق ہو اور ایک طرحکی ربودگی اور غفلت اسکے
ماسوائے حاصل ہو حاصل کلام یہہ کہ لفظ کے مفہوم مین اسطرح ڈوب جانا
کہ سوائے اسکے کوئی چیز دہیان مین نرہے اسکو مراقبہ کہتے ہین
اور اصل مراقبہ کی وہ حدیث ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ احسان یہہ ہے کہ تو عبادت کرے اللہ کی گویا تو اوسکو
دیکھہ رہا ہے سو اگر تو اوسکو نہ دیکھہ سکے تو یہہ دہیان کر کہ وہ تجکو
دیکھتا ہے سالک اپنے زبان سے کہے کہ اللہ حاضر ہی اللہ ناظر ہی
اللہ معی یا اسکو دل مین خیال کرے بدون تلفظ کے پھر اللہ تعالے کی
حضور اور نظر اور اوسکی معیت یعنے ساتھہ ہونیکو خوب مضبوط تصور
باوجود پاک ہونے اوس ذات مقدس کے چیت اور مکان سے
یہانتک تصور کو جاوے کہ اوسمین ڈوب جاوے یا اس آیت کا
تصور کرے وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ یعنے حق تعالے تمہارے ساتھہ ہے
جہان کہین کہ تم ہو۔ تو اوسکے ساتھہ ہونیکو دہیان کرے کھڑے
اور بیٹھے اور لیٹے تنہائی اور لوگون کے ملاقات مین اور مشغول اور
بیکار رہین۔ یہہ آیت پڑھے کہ أَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ یعنے جدہر تم
متوجہ ہو تو وہان اللہ کی ذات ہے یا یہہ آیت پڑھے أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ
یرٰی یعنے انسان نہین جانتا کہ اللہ اوسکو دیکھتا ہے یا اس آیت کا
مراقبہ کرے نَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ یعنے ہم قریب تر ہین انسانکے

رگ گردن سے یا اس آیت کا مراقبہ کرے وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ یعنے
اللہ ہر چیز کو گھیرا ہوا ہے یا اس آیت کا دھیان کرے اِنَّ مَعِیَ
رَبِّیْ سَیَھْدِیْنِ یعنے البتہ مرا رب میرے ساتھ ہے وہ اب مجکو ہدایت کریگا
یا اس آیت کا مراقبہ کرے ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ
یعنے حق تعالے اول ہے اوسسے پہلے کوئی چیز نہین آخر ہے جو بعد فنا عالم کے
باقی رہیگا ظاہر ہے باعتبار اپنے صفات اور افعال کے باطن ہے باعتبار
اپنی ذات کے کہ اوسکے حقیقت کوئی نہین سمجھ سکتا سو یہہ مراقبات اللہ
عزوجل کے ساتھہ دل متعلق ہونیکے واسطے مفید ہین اور وہ مراقبے جو قطعہ
علایق اور پورے مجرد ہوجانے اور بیہوشی اور فنا کے لئے مفید ہین
سو انمین سے ایک مراقبہ اس آیت کا ہے کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی
وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یعنے جو چیز کہ ہے وہ نیست و نابود ہونیوالی
ہے اور باقی رہیگی تیرے رب کی ذات جو بڑائی اور بزرگی والا ہے
اور اوسکے مراقبہ کا طریقہ یہہ ہے کہ اپنے کو تصور کرے کہ مرگیا اور
ایسی راکھہ ہوگیا جسکو ہوا ئین اڑاتے ہین اور آسمان ٹکڑے ٹکڑے
ہوگیا اور ہر چیز کی ترکیب اور شکل مٹ گئی پس اللہ کو باقی اور
موجود دھیان کر اس تصور پر دیر تک قایم رہے تو یہہ نیستی اور
نابودی کو مفید ہوگا ف ایسے تصورات کی سند وہ حدیث شریف ہے
جو صحیح مسلم مین حضرت امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے
کہ مجھے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قل اللھم اھدنی و

سبیلہ ولذکر بالھدی ھدایتک الطریق وبالسداد سدادالسہم یعنے اے علی کہہ کہ
خداوندا مجکو ہدایت کر اور سیدہا چلا اور ہدایت سے اپنی راہ کے
چلنے اور رستے سے تیرگی راستے کو دہیان کر تو آنحضرت صلعم نے
امیر المومنین سید الاولیا کو وہ طریقہ سکہایا جس سے بتدریج محسوسات سے
حالات مطلوبہ کو انسان پہنچ جاوے تو اوسکو یاد رکہنا چاہیئے
اور نکات دباریکیان یہہ اشغال متذکرہ اور مراقبات کے ممکن نہین
کہ خود بخود پہنچانے اور منزلین طے کر سکے تا وقتیکہ مرشد کے حضور مین
لیل ونہار بصد اعتقاد اپنے کو ثابت قدم اور سرگرم نہ رکہے اور مرشد
تسلیم نفرماوے ۔ مشایخ طریقت نے فرمایا ہے کہ اللہ کے ساتہہ صحبت
رکہو اگر تم سے نہو سکے تو اونکے ساتہہ صحبت رکہو جو اللہ جلشانہ کے ساتہہ
صحبت رکہتے ہین اور بمقتضاے اس حدیث معتبر کے ھم قوم لا یشقی
جلیسھم یعنے اولیاء اللہ ایسی قوم ہے جسکا جلیس اور ہمصحبت بدبخت
نہین ہوتا اور مرشد کی شرط یہہ ہے کہ واصل بمقام مشاہدہ ہو اور
نورانی تجلیات ذاتیہ ہو چکے دیکہنے سے ذکر کا فائدہ حاصل ہو بموجب
اس حدیث صحیح کے ھم الذین اذا رؤا ذکر اللہ یعنے اولیاء اللہ وہ ہین
جنکے دیکہے سے خدا یاد آجائے اور جنکے صحبت فوائد صحبت کے مفید ہو
بموجب اس حدیث کے ھم جلساء اللہ کہ اولیاء اللہ جلیس ہین خدا کے
حاصل کلام خلاصہ یہہ ہے کہ جسکے صحبت سے دنیا سرد ہو اور سر طرف سے
دل ٹوٹ کر حضرت حق سے متعلق ہو جاوے تو اوسکی صحبت

اور محبت اکسیر اعظم ہے اور جب دنیا دل سے نہ منقطع ہووے تو
تضیع اوقات ہے اوسکے صحبت سے تو تنہائی بہتر ہے - واجب ہے
کہ غلو عوام پر دہو کہا نکہا دے ہر شیخ سے بیعت نکرے بلکہ طریقت کے
بیعت اوس مرشد کامل مکمل سے کرے جسکی ولایت کی علامات ظاہر
اور باہر ہون چنانچہ حضرت مولوی معنوی علیہ الرحمہ نے فرمایا شعر
ای بسا ابلیس آدم روی ہست ۔ پس بہر دستی نشاید داد دست
اصل یہہ ہے کہ اعتقاد اور محبت مرشد کی بہت عمدہ چیز ہے المختصر
جب اثر مراقبہ کا طالب مین ظاہر ہوا اور اوسکا نور مشاہدہ ہو تو
اوسکو توحید افعالی کا امر کرے اور توحید افعالی یہہ ہے کہ ہر فعل کو
جو عالم مین ظاہر ہو خدا کے جانب سے سمجھے نہ زید اور عمرو سے تا
غیر حق سے نہ خوف باقی رہے نہ توقع - اب یہان سے اشغال طریقہ
نقشبندیہ کا بیان آغاز ہے فِی اَشْغَالِ الْمَشَایِخِ النَّقْشَبَنْدِیَّةِ وَاَصْحَابِ
اِمَامِ الطَّرِیْقَةِ خَوَاجَه بَهَاؤُالدِّیْن نَقْشَبَنْدِیُّ الْبُخَارِیُّ
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَنْهُمْ اَجْمَعِیْنَ حضرات نقشبندیہ عالیہ سے منقول ہے
کہ اللہ جلشانہ تک پہنچنے کے تین راہین ہین ایک تو ذکر ہے منجملہ ذکر کے
نفی اور اثبات ہے اور وہ ہی منقول ہے متقدمین نقشبندیہ سے
اور طریقہ نفی و اثبات کے ذکر کا یہہ ہے کہ فرصت کو غنیمت جانے
تشویشات بیرونی سے چنانچہ لوگونکے گفتگو سنا اور تشویشات اندرونی
چنانچہ گرسنگی زاید اور غضب اور درد اور سیری مفرط پہر موت کو

یاد کرے اور تصور مین اوسکو اپنے آگے سامنے کرلے اور اللہ تعالے
سے مغفرت چاہے اون گناہونکی جو اوس سے صادر ہوئے
پھر دونون لبون اور دونون آنکھون کو بند کرے اور دم کو
اپنے پیٹ مین حبس کرے اور دلسے کہے لا اسکو اپنے ناف سے
داہنے طرف نکالے اور کھینچے یہانتک کہ اپنے مونڈھے تک پہنچے
پھر مونڈے کو سر کے طرف جھکاوے اور ہلاوے اور کہے الٰہ پھر غرب
لگاوے اپنے دلمین سختی سے الا اللہ کی ف مبادی سلوک
اسم ذات ہے ہر روز بارہ ہزار بار اور نفی اور اثبات ہر ایک بار
ایکبار مواظبت کرنا آثار عجیب اور غریب کا مثمر ہے حضرات نقشبندیہ
فرمایا کہ حبس نفس یعنے دم روکنے کی عجیب خاصیت ہے باطن کی گرمی
کردینے اور جمعیت غریمت اور عشق کے ابھارنے اور وسواس کے
قطع کرنے مین اور بتدریج اندک اندک حبس دم کے مشق کرے تا
اوس پر گران نہو جاوے اور خشکے کے بیماری نہ پیدا ہوجاوے
اور حبس دم سے حبس غیر مفرط مراد ہے جسکی نوبت حصر نفس تک
پہنچے نقشبندیہ کی حبس دم مین اور جسکو جوگی بتاتے ہین فرق بیحد
ربانی عجی حاشاکہ اکابر رہ جوگیہ روند و اثبات مقالات رہا بین کنند
حبس نفس و حصر نفس دارد فرق و حبس نفس است انچہ نشانش بدہند
اور حبس دم کے مانند شمار طاق کے بھی عجب خاصیت ہے تو اول
اسے کلمہ توحید کو ایکبار ایکدم مین کہے پھر تین بار ایک دم مین کہے پھر

درجہ بدرجہ چند روز کے مشق مین اکیس بار تک پہنچے طاق عدد کے
مراعات کے ساتھہ یعنے اول بار اکیبار اور دوسرے بار تین بار
اور تیسرے بار پانچ بار اور چوتھے بار علی ہذا القیاس سات بار
اور شرط اعظم نفی اثبات کے ذکر مین ملاحظہ کرنا ہے نفی معبودیت
یا نفی مقصودیت یا نفی وجود کا غیر اللہ تعالے سے اور اثبات
معبودیت وغیرہ کا حق تعالے کیواسطے بروجہ تاکید اور اجتماع
خاطر نہ اوسطرح جیسے دل مین خطرات اور باتونکے خیالات گھومتے
پھرتے ہین اور جو شخص کہ اکیس بار تک پہونچا اور اوسکے واسطے
جذب یعنے کشش ربانی اور خدا کے طرف گردش باطن کا دروازہ
نہ کھلا تو اوسکو اوسکے اسم کی مشغولی واجب ہوگی اور نفرت اور
اشغال سے لازم آئے تو چاہئیے کہ وہ معلوم کرے کہ اوسکا عمل
مقبول نہوا تو بشرط مذکورہ اوسکو پھر سرے سے شروع کرنا چاہئیے
اکیس بار تک اور منجملہ ذکر کے اثبات مجرد ہی معنی فقط اللہ کا لفظ
ذکر کرے بدون نفی اور اثبات وغیرہ کے اور گویا کہ یہہ ذکر نقشبندین
نقشبندیہ کے نزدیک منتہا شاید اسکا رواج حضرت خواجہ باقی اللہ
رحمتہ اللہ عنہ یا اور کوی اونکے کسی قریب العصر سے ہوگا اور طریقہ
اثبات مجرد کا یہہ ہے کہ اللہ کے لفظ کو اپنے ناف سے بشدت
تمام نکالے اور اوسکو کھینچے یہانتک کہ دماغ کے جہلی تک پہنچے جس دم کے
ساتھہ اور اندک اندک زیادہ کرتا جاوے یہان تک کہ انگدم مین

اوسکو ہزار بار کہے اور دوسری طریقہ وصول الی اللہ کا مراقبہ ہے
اور طریقہ مراقبہ کا یہہ ہے کہ دم کو بند کرے ناف کے نیچے تہوڑا سا
پہر اپنے جمع حواس مدرکہ کو متوجہ ہو معنی مجرد بسیط کیطرف جسکو شیخ
اللہ کے نام بولنے کے وقت تصور کرتا ہے لیکن ایسے لوگ کمتر ہین
جو اس معنی بسیط کو لفظ سے خالی کرسکین تو طالب کوشش کرے کہ
اس بسیط کو الفاظ سے جدا کرے اور اوسکے طرف متوجہ ہو بلا مزاحمت
خطرات اور التفات ماسوی اللہ کے اور بعض لوگون سے اس قسم کا
ادراک نہین ہوسکتا ہے تو بعضے مشایخ ایسے شخص کو اسطرح کے دعا بتاتے
ہین اور طریقہ اوس دعا کا یہہ کہ ہمیشہ دل سے کیا کرے یون کہے
ای رب تو ہے میرا مقصود ہے مین بیزار ہوا تیرے طرف تیرے
ماسوائے سے اور مانند اسکے کوی اور مناجات کرے اور تیسرا طریقہ
وصول الی اللہ کا رابطہ اور اعتقاد کامل ہم پہنچانا ہے اپنے مرشد کے
ساتھہ حاصل کلام طریقہ تعلیم اذکار و اشغال کا ہر سر خاندان اور
سلسلہ مین علیحدہ علیحدہ اور مختلف طور پر ہے اور سلاسل جمیع اولیاے
کامل و موصول بحق ہے اور اولیاء طریقت کے طریقہ مین حصول نسبت
اور وصول الی اللہ کے جامع ہین پس بعض کو بعض پر ترجیح دیکر
یون کہنا کہ طریقہ قادریہ افضل اور راجح ہے چشتیہ اور نقشبندیہ
اور ایک طریقہ کو دوسرے پر فضیلت دینا یا برعکس اسکے کہنا بیفایدہ
ہے جو جسکو سہل معلوم ہو اور پسند آوے وہ اوسکو اختیار کرے

اب یہان سے ابتدای مجاہدہ و ریاضت کا جو مرید کو چاہیئے بیان
ہوتا ہے جاننا چاہیئے کہ جو شخص خدا کو نہ پہنچا اس سبب سے نہ پہونچا
کہ راہ پر نچلا اور جو راہ پر نچلا اس باعث سے نچلا کہ اوسنے طلب نکیا
اور جس نے طلب نہ کیا اس وجہ سے نہ کیا کہ اوسنے جانا نہین اور اوسکا
ایمان پورا نہین اسواسطے کہ جو شخص یہہ جانتا ہے کہ دنیا میلی ہے اور
چند روز کی اور آخرت مصفا ہے اور ہمیشہ ہی ارادہ زادِ آخرت
طلب کرنیکا اوسمین پیدا ہوتا ہے اور اوسپر بہت دشوار نہین ہوتا
کہ حقیر چیز کو نفیس چیز کے عوض مین ہاتھہ سے دیدے اسواسطے کہ
آج مٹی کا پیالہ اسلئے چھوڑ دیتا کہ کل سونے کی کٹوری ملیگی آدمی پر
دشوار نہین ہوتا تو طلب ایمان ان سب باتونکا سبب ہے اور ضعف
ایمان کا باعث یہہ ہے کہ راہ بتانیوالے مفقود ہون جب راہبر اور
دلیل ہی نہین تو راہ خالی رہیگی اور خلق اپنے سعادت سے محروم ہوگئی
اور جو عالم کے باقی ہون اونپر دنیا کی محبت غالب ہو اور جب بہت طلب
دنیا مین پڑے ہون تو خلق کو دنیا سے آخرت کے طرف کیونکر بلا سکتے
ہین اور دنیا کی راہ راہ آخرت کے برخلاف ہے دنیا اور آخرت
ایسے ہین جیسے مشرق اور مغرب کہ آدمی جب ایک سے نزدیک ہوتا ہے
دوسرے سے دور ہوجاتا ہے جیسے حق تعالی کا ارادہ پیدا ہوتا ہے
وہ اون لوگونسے ہوجاتا ہے جنہین حق تعالے فرماتا ہے وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ

۱۲ اور جسنے ارادہ کیا آخرت کا اور کوشش کی اوسکی واسطے کوشش آخرت کے

وسعی لہا سعیہا آدمیکو جاننا چاہیئے کہ حق تعالے یہہ ارشاد فرماتا ہے
وسعی لہا سعیہا تو یہہ سعی کیا ہے پس اس سعی سے مراد راہ چلنا ہے
اور راہ چلنے کیواسطے پہلے ہی مرتبے مین کئے شرطین ہین کہ پہلے ہی سے
اون شروط کو بجالانا چاہیئے پہر ایک دستاویز ہے کہ اوسی تمسک
کرنا چاہیئے پہر ایک قلعہ اور حصار ہے تا اوس سے پناہ لینا چاہیئے
پہلی شرط یہہ ہے کہ اپنی اور حق سبحانہ تعالے کے درمیان سے آڑ
اور حجاب اوٹھا دے تاکہ اوس قوم مین سے نہو جائے جیسے
خداوند تعالے یون ارشاد فرماتا ہے وجعلنا من بین ایدیہم سدا
ومن خلفہم سدا اور حجاب چار ہین اول مال دوم جاہ سوم
تقلید چارم معصیت پس مال اسلئے حجاب ہے کہ اوسکے ساتھہ دل
اٹکا رہتا ہے اور جب تک دل فارغ نہو تب تک آدمی راہ نہین چل سکتا
پہلے چاہیئے کہ قدر حاجت کے سوا باقی مال کو آدمی اپنے پاس سے دور کرے
اسواسطے کہ مال بقدر حاجت مین مشغلہ نہین ہوتا ہے اور اگر کوئی شخص
ایسا ہو کہ اپنے پاس کچھہ رکھتا ہی نہین اور خدا ہی کیواسطے محنت کرتا ہے
تو اوسکے راہ جلد طے ہو جائیگی اور جاہ وحشمت کا حجاب بایطور اوٹھتا
جاتا ہے کہ آدمی بھاگے اور ایسے جا جاوے جہان لوگ اوسے نہجانتے
ہون اسواسطے کہ جب نامی ہوگا تو خلق مین اور خلق کے قبول کرنے کی
لذت مین ہمیشہ مشغول رہیگا اور جو شخص خلق سے لذت پائیگا تو وہ
حق تعالے تک نہ پہونچیگا اور تقلید اسواسطے حجاب ہے کہ آدمی جب کسیکے

مذہب کا اعتقاد اور کوئی اعتراض اور جدل کی بات سنے تو اوسکی
چیز کی اوسکے دلمین جگہہ نہین رہنی پس چاہیئے کہ آدمی ان سب باتونکو
بھولا دے اور لا الٰہ الا اللہ کے معنی کا ایمان لائے اور اپنے دلسے
اسکی تحقیق طلب کرے اور اوسکی تحقیق یہہ ہے کہ حق تعالے کے سوا
اوسکا اور کوئی معبود نہ باقی رہے کہ وہ اوسکی بندگی کرے
جس شخص پر ہوا و ہوس غالب ہوتی ہے تو ہوا و ہوس ہے اوسکا
معبود ہوتی ہی فھو شغلك وھو صنمك جب یہہ مضمون حقیقت ہو جائے
چاہیئے کہ مجاہدہ اور ریاضت سے کامون کا کشف ہونے سے جدل
اور بحث سے نہین اور معصیت تو بڑا ہی حجاب ہے اسواسطے کہ
جو شخص کسی گناہ پر مصر ہوتا ہے اوسکا دل تاریک ہو جاتا ہے اور
جلوہ حق کیونکر منکشف ہوگا خصوصًا حرام کی روزی اسواسطے کہ حلال
کی روزی دلکے روشن ہونیمین جو اثر کرتی ہے اور کوئی چیز نہین کرتی
اصل یہہ ہے کہ آدمی حرام کے لقمے سے حذر کرے اور حلال روزی کے
سوا کچھہ نہ کھاے اور جو شخص ظاہر شرع پر عمل کرنے اور سب معاملات
شرعی بجا لانے کے پہلے چاہیے کہ دین اور شریعت کے بھید مجھپر کھل جائین
اوسکی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص علوم عربیہ پڑھنے کے پہلے قرآن شریف
کی تفسیر پڑھنا چاہیئے اور جب یہہ سب حجاب اوٹھا دے تو اوس
شخص کے مثل ہوگیا جو طہارت کرکے نماز پڑھنے کے قابل ہوا ہو اب
اور وہی امام کے حاجت ہوگی تا اوسکی اقتدا کرے وہ پیر ہے اسواسطے

کہ پیر کے بغیر راہ چلنا راست نہین آتا اسلئے کہ راہ پوشیدہ ہے اور
شیطان کے راہین خدا کے راہ سے ملی ہوے ہین حق راہ ایک ہی ہے
اور باطل راہین ہزارون ہین تو بے دلیل اور راہبر کے راہ چلنا کیونکر
ممکن ہوگا جب پیر مشفق ہاتھہ لگ جائے تو چاہیے کہ مرید اپنے سب کامونکو
اوسی پر چھوڑ دے اور اپنا اختیار کچھہ باقی نہ رکھے اور یقین جانے
کہ اپنی رائے صائب کی بہ نسبت پیر کے خطا مین اوسکا بڑا فائدہ ہے
شعر بمی سجادہ رنگین کن گرت پیر مغان گوید
کہ سالک بیخبر نبود زراہ و رسم منزلہا
پیر سے جو بات ایسی وقوع مین آئے جسکے وجہ
اسے نہ معلوم ہو تو حضرت خضر اور حضرت موسی علی نبینا وعلیہا الصلوٰۃ
والسلام کا قصہ یاد کرے کہ وہ حکایت پیر اور مرید ہے کیونکر اسلئے
کہ مشایخ رضوان اللہ تعالے علیہم اجمعین ایسے بہت سے چیزین جانتے
ہین کہ عقل سے اونکے بہید کو مرید نہین پہونچ سکتا جب مرید اپنی کام
پیر کے سپرد کر دے تو پیر پہلے آفتون سے حصار مین کرتا ہے تاکہ اوسنے
محفوظ رہے اور اوس حصار کے چار دیوارین یہہ ہین ایک خلوت
دوسری خاموشی تیسری گرسنگی چوتھی بیخوابی اسواسطے کہ گرسنگی
شیطان کی راہ بند رکھتی ہے اور بیخوابی سے دل روشن ہوتا ہے
اور خاموشی باتونکی پراگندگی سے دلکو بچا رکھتی ہے اور خلوت
خلایق کے ظلمت کو دور کرتی ہے اور آنکہہ کان کے راہ بند کرتی ہے
جب مرید دنیا کے اشتغال سے الگ ہوا تو اب راہ چلنا اختیار کرے

راہ چلنے مین پہل یہہ کرے کہ پہلے عقبات راہ کو صاف کردے
اور عقبات راہ صفات مذموم ہین جو دل مین ہوتے ہین جن
کامون سے بھاگنا چاہئیے یہہ صفات مذمومہ اونکی جڑ ہین جیسے جاہ
مال کی حرص اور اچھے کھانے پینے کا لالچ اور تکبر اور ریا وغیرہ تاکہ
مادۂ مشغلہ کو باطن سے قطع کردے اور دل خالی ہوجائے اور ممکن ہے
کہ کوئی شخص ان سب باتون سے تو پاک اور ایک ہے صفت ذمیمہ
آلودہ ہو تو اوس صفت کو چھوڑنے کے اوسطرح کوشش کرے
جسطرح پیر منیر مناسب جانے اور اوسکے لایق سمجھے کہ یہہ امر بمقتضای حال
بدلتا رہتا ہے اب چونکہ زمین کو خالی کرچکا تو تخم ریزی شروع کرے
اور حق سبحانہ تعالے کا ذکر تخم ہے حب ما سوی اللہ سے خالی
ہوگیا تو گوشہ مین بیٹھکر ہمیشہ دل و زبان سے اللہ اللہ کہا کرے
حتی کہ زبان سے چپ ہوجائے اور دل سے کہنے لگے پھر دل ہی
کہتے کہتے ٹھہر جائیگا اور اس کلمے کا وہ معنی اور مقصود دل پر غالب
ہوجائیگا جو بحرف ہے نہ عربی نہ فارسی اسواسطے کہ دل سے
کہنا ہی بات ہے اور بات اوس تخم کا غلاف اور پوست ہے
عین تخم نہین ہے پھر اوس معنی کا دل مین اسطرح متمکن اور مستولی
اور نقش ہوجانا چاہئیے کہ اوسکے ساتھہ دل وابستہ رکھنے مین
تکلف نکرنا پڑے بلکہ ایسا عاشق ہوجائے کہ تکلف سے بھی

ع بالفتح دشوار راستہ غ

دلکو اوس سے باز نرکھ سکے حضرت شیخ قدس سرہ نے اپنے
مرید سے مخصر کر کے فرمایا کہ اگر ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک
تو میرے پاس آئے اور ماسوی اللہ کا خطرہ تیری دل پہ
گذرے تو میرے نزدیک انا تجھپر حرام ہے جب دلکو دسوا
دنیاوی کے غبار سے پاک کر چکا اور یہہ تخم اوسمین بو چکا تو کوئی
چیز باقی نرہے جو اختیار سے تعلق رکھے اور کہین تک اختیار ہوتا ہے
اسکے بعد منتظر رہے کہ کیا گذرتی ہے اور کیا ظاہر ہوتا ہے اور
غالب ہے کہ یہہ تخم ضایع نہوا سواسطے کہ حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے
مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ یعنے
جو شخص آخرت کے کام مین ہوتا ہے اور بیج بوتا ہے اوسکے کھیت
زیادتی نصیب کرتا ہون اور اس مقام پہ مرید ونکے حالات
مختلف ہوتے ہین کسیکو اس کلمہ کی معنی مین اشکال پیدا ہوتا ہے
اور خیالات باطل پیش آتے ہین اور کوئی اس امر سے تو
نجات پاتا ہے اور فرشتون کی اصل وانبیا علیہم السلام کی ارواح
اوس سے اچھے اچھے صورتون مین دکھائی دینی لگتے ہین خواب مین
نظر آئین یا کہلی آنکھ سے ہی دیکھے اسکے بعد اور حالات ہوتے ہین
اونکی شرح اور تفصیل دراز ہے - ارباب دانش وبینش سے
کچھہ پوشیدہ نہین یہہ جو ہم نے طریقہ اشغال وغیرہ بیان کئے ہین
اجمالاً ہر شخص اپنی اپنے مرشد کے حضوری مین تفصیل اس اجمالکی

دریافت کرسکتا ہے وہان ظاہر و واضح ہوسکتی ہے ۵ مرید ان
ہمین قدر راست کافی کہ مریض راہ دین راست شافی فصل سوم
اصطلاحات حضرات صوفیہ ہین اصطلاح اوسکو کہتے ہین جسکو کہ بزرگان
دین اپنے علوم کو نادر زبان ہین بیان کرین تاکہ کوی شخص
ناواقف جب انکے مجلس ہین آوے تو نہ سمجھ سکے اور نہ کتاب
دیکھے تو سمجھے پس مصطلحات اس طایفہ عالیہ کے دو قسم پر منقسم ہین
ایک نظم ہین اور دوسری نثر پہلے ہم اصطلاحات نقشبندیہ بیان کرتے
ہین مشایخ نقشبندیہ کے چند کلمہ و اصطلاحات ہین کہ جنپر اونکے طریقہ کی
بنیاد ہے بعض اصطلاحات ہین تو اونہین اشغال مذکور کے طرف
اشارہ ہے جو مجملاً فصل دوم ہین بیان کئے گئے ہین اور بعضے انکے
باشارات کے شرطون پر تو ہمکو اونکا ذکر کرنا چاہیئے ہوش در دم
نظر بر قدم سفر در وطن خلوت در انجمن یاد کرد باز گشت
نگہداشت یاد داشت یہ آٹھ کلمے حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی
قدس سرہ سے منقول ہین اور اونکے بعد تین اصطلاحین حضرت
خواجہ نقشبند علیہ الرحمہ سے مروی ہین وہ یہہ ہین وقوف زمانی
وقوف قلبی وقوف عددی اور ہوش در دم کے معنی ہوشیاری
اور بیداری ہے ہر دم کے ساتھ تو ہمیشہ بیدار اور متنبس رہے

۵ لغت ہین اصطلاح اوسکو کہتے ہین کہ ایک قوم واسطے معین کرنے معنی لفظ
سوا اسی معنی موضوع اوس لفظ کے آپسمین اتفاق کرے ۱۲

اپنے ذات سے ہر سانس مین کہ وہ غافل ہے یا ذاکر اور یہہ طریقہ
بتدریج دوام حضور کے حاصل کریگا اور اسطرحکی ہوشیاری مبتدی
کیواسطے مخصوص ہے پھر جب آگے بڑہے اور سلوک کے درمیانمین
آوے تو چاہیئے کہ کھوج کرتا رہے اپنے ذات کا تھوڑی تھوڑی
مدت مین اسطرح کہ تامل کرے ہر ساعت کے بعد کہ اس ساعت مین
غفلت آئی یا نہین اگر غفلت آگئی ہو تو استغفار کرے اور آیندہ کو
اوسکے چھوڑنیکا ارادہ کرے اسطرح مدام تفحص کرتا رہے یہانتک کہ
دوام حضور کو پہنچ جاوے اور یہہ پچھلی طریق کی ہوشیاری مسمی
بوقوف زمانی ہے اسکو حضرت خواجہ نقشبند یہ علیہ الرحمہ نے استخراج
کر اونہون نے معلوم کیا کہ متوجہ ہونا علم العلم یعنے دانست کو دریافت
ہر دم مین سالک متوسط کے حال کو پریشان کرتا ہے اوسکے مناسب
استغراق ہے توجہ الی اللہ مین اسطرح پر کہ اوسکو اپنے متوجہ ہونیکی
دانست بھی فراہم حال نہو اور صاحب شفاء العلیل فرماتے ہین کہ
ہر ہر دم کا محاسبہ عبارت ہے ہوش در دم سے سو یہہ مبتدی کی
مناسب ہے نہ متوسط کے اور قدرے مدت کا محاسبہ جسکا نام وقوف
زمانی ہے لائق ہر تبہ متوسط ہے کہ وقوف زمانی کو صوفیہ محاسبہ
کہتے ہین حدیث شریف مین وارد ہے کہ ہوشیار وہ شخص ہے
جسنے اپنے نفس کو دابا گویا مابعد موت کے واسطے عمل کیا اور المنتخبین مین
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خطبہ مین فرمایا کہ اپنے جانونکا

حساب کرو قبل اسکے کہ تمسے حساب لیا جاوے اور اونکو وزن کرو
قبل اسکے کہ وزن کئے جاوین اور مستعد ہو جاؤ عرض اکبر کے واسطے
یعنے خدا کا سامنا جو قیامت مین ہوگا اوسدن تم سامنے کئے جاؤگے
تمہاری کوئی خبر نہ چھپ سکیگی اور نظر بر قدم سے یہہ مراد ہے کہ
سالک پر واجب ہے کہ اپنے چلنے پھرنے کے وقت کسی چیز پر نظر نہ ڈالے
سوائے اپنے قدم کے اور نہ اپنے بیٹھنے کے حالت مین دیکھے مگر اپنے
اسواسطے کہ نقوش مختلفہ کا دیکھنا اور تعجب انگیز نیرنگون کا نظر کرنا
سالک کے حالت کو بگاڑ دیتا ہے اور اوس سے روکتا ہے جسکے
وہ طلب مین ہے اور نظر کے حکم مین ہی لوگون کے آوازین اور
اونکے باتون کیطرف کان لگانا حاصل کلام نظر کو نیچے رکھنا یہہ نسبت
مبتدی کی ہے اور منتہی پر تو لازم ہے کہ تامل کرے اپنے حال مین
کہ وہ کس نبی کے قدم پر ہے اسواسطے کہ بعضے اولیا اللہ سید المرسلین
محمد مصطفے علیہ الصلواۃ والسلام کے قدم پر ہوتے ہین اور اونہون کو
پورے جامعیت کمالات کی حاصل ہوتی ہے اور بعض اولیاء اللہ
موسی علیہ السلام کے قدم پر ہوتے ہین وعلی ہذا القیاس پھر جب منتہی
اپنے پیشوا کو پہچان لی تو چاہئیے کہ اوسکے حالات اور واقعات اپنے
پیشوا کے واقعات کے ساتھہ مناسب ہون اور سفر در وطن کا مطلب
تخلق کرنا ہے صفات بشریہ خسیسہ سے صفات ملکیہ فاضلہ کیطرف تو
سالک پر واجب ہے کہ اپنے نفس کا تفحص رہے کہ آیا اوسمین کچھہ حسب خلق

باقی ہے پھر اوسکو پہچان نے تو سر نوسے توبہ کرے اور جانے
یہہ سبر ابت ہے اسواسطے کہ جو تجکو خدا سے باز رکھے وہی فانی اور باقی
سبر ابت ہے پھر کہے لا الہ الا اللہ سے ارادہ رکھے کہ غیر فلانی
پیر کے محبت کو نفی کر دیا اور الا اللہ سے قصد کری کہ اللہ کی محبت
نے اوسکے مقام پر ثابت کر دی اور وجہ اسکی یہہ ہے کہ غیر خدا کے
محبت کے رگین دلکے اندر بہت چھپے ہوئے ہین اونکا نکالنا مکن نہین
مگر کمال تفحص اور تلاش سے اور سالک پر واجب ہے کہ تلاش کرے
کہ دیکھے اس کے دلمین کسیکا حسد یا کسیکا کینہ یا اعتراض موجود ہے تو
اوسکو اس کلمہ کی مداومت سے توڑا کرے ف حضرت
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جسنے اللہ کے محبت کا خالص مزا چکھا
اوسنے اوسکو طلب دنیا سے باز رکھا اور سب لوگون سے اوسکو وحشی
کر دیا۔ خلوت در انجمن کا یہہ مطلب ہے کہ دل سے خدا کے ساتھ
مشغول رہے اپنے جمیع حالات مین بڑہانے ہین اور کلام کرنے اور کھانے
اور پینے اور چلنے ہین شعر از درون شو آشنا و از برون بیگانہ وش
اینچنین زیبا روش کم می بود اندر جہان ۔ تو سالک کو واجب ہے
خدا ہی کے طرف متوجہ رہنے کا نکہ یعنے قوت راسخہ بہم پہنچا دے ان
اشغال مذکورہ کے مشغولی کے وقت حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند
قدس سرہ نے فرمایا کہ اسطرف اشارہ ہے حق تعالے کے قول مین
مرد ایسے ہین جنکو سوداگری اور خرید و فروخت ذکر اللہ سے

غافل نہیں کرتے دل بیار و دست بکار گویا اسی کلمہ کا ترجمہ ہے
بلکہ حق یہہ ہے کہ بلباس فقر اشامل ہونا اور ہمیشہ متعلق بذکر خدا
رہنا اسطرح پر کہ لوگون پر مخفی نرہے اسمین اکثر دکھانے اور سنانے
منطنہ ہے تو بہتر یہہ ہے کہ وضع اور لباس تو علم اور دیانت اور اجتہاد
وفی الطاعات کا لباس ہو اور دل ہمیشہ حق جلشانہ کے ساتھہ رہے
چنانچہ حضرت خواجہ علی رامتنی قدس سرہ نے فارسی شعر میں مضمون
ادا فرمایا یعنے اندر سے آشنا رہ اور باہر سے بیگانہ کے مانند ایسے
پیاری چال کمتر ہے جہانمین یاد کردہ سے مراد ذکر اللہ ہے یا
نفی اور اثبات مجرد چنانچہ اسکی تفصیل پہلے مذکور ہو چکی اور مراد یاد کرنے
سے یہہ ہے کہ ہمیشہ اوس ذکر کو تکرار کرتا رہے جسکو مرشد نے
سیکھایا ہے یہانتک کہ حق جلشانہ کے حضوری حاصل ہو جاوے حضرت
خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ مقصود ذکر سے یہہ ہے کہ دل
ہمیشہ حضرت حق جلشانہ کے ساتھہ حاضر رہے بوجہ محبت اور تعظیم
کیواسطے کہ ذکر یعنے یاد دفع غفلت کا نام ہے۔ اور بازگشت
یعنے رجوع کرنا اور پھرنا اس سے عبارت ہے کہ قدرے ذکر کرکے
تین بار یا پانچ بار مناجات سکے طرف رجوع کرے یعنے یون دعا کرے
اللہ عزوجل سے بحضور قلب کہ اے میرے رب تو ہے میرا مقصود
یعنے دنیا و آخرت کو چھوڑا تیرے ہی واسطے اپنے نعمت کو بھرپور کر
اور پورا وصال اپنا مجھکو نصیب فرما اور راضی کر جب کلمہ طیبہ کو دل سے

کہے تو اوسکے بعد اوسطرح کہے الٰہی تو ہے میرا مقصود ہے اور تیرے ہی
رضا میرے کو مطلوب ہے یعنے اس ذکر سے تو ہی مقصود اسواسطے
کہ یہہ کلمہ سر خاطر نیک و بد کا نافی ہے تو دم بدم اخلاص تازہ کرکے
ذکر کو خالص کرنا چاہئیے تاکہ باطن ماسوائے حق سے صاف ہوجاوے
واگر ذاکر ایسا اخلاص نہ پاوے تو دعاے مذکور کو بطریق تقلید
مرشد کیا کرے تو مرشد کی برکت سے اوسکو ان شاء اللہ تعالے اخلاص
حاصل ہوجاویگا اور بازگشت سے اخلاص حاصل کرنا اسواسطے
ذکر میں شرط اعظم ٹہرا کہ ذاکر کے دلمیں وسوسہ آتا ہے سر و رخاطر
اوسپر مغرور ہوجاتا ہے اور اوسکو مقصود ذکر قرار دیتا ہے حالانکہ
اوسکے حقمیں یہہ زہر سے زیادہ تر مضر ہے نگاہداشت توجہات
خطرات اور احادیث نفس کے ہانکنے اور دور کرنے سے تو سالک کو
لایق ہے کہ بیدار اور ہوشیار رہے اور کسی خیال اور خطرہ کو
اپنے دل میں جانہ دے کہ خطور کرسکے حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمہ
سے روایت ہے کہ سالک کو لایق ہے کہ خطر یکو اوسکے اتنے لئے خطور میں
روک دے اسواسطے کہ جب ظاہر ہوجاویگا تو نفس اوسکے طرف مائل
ہوجاویگا اور نفس میں اثر کریگا پھر اوسکا دور کرنا مشکل ہوگا تو
یہہ نگاہداشت ایک طریقہ ہے حصول نور تخت ذہن کا خطرات اور
وسواس کے خطور کرنے سے پس حاصل مطلب یہہ ہے کہ خطر یکو
ساعت دو ساعت بھی دل میں رکھنا نہیں چاہئیے بزرگون کے نزدیک

یہہ امر مہم ہے اور اولیای کاملین کو یہہ دولت تا زمان دراز
حاصل رہی ہے یا دداشت تو عبارت ہے توجہ صرف سے جو
خیالی ہے الفاظ اور تخیلات سے واجب الوجود کے حقیقت کیطرف
اور حق بات یہہ ہے کہ ایسا متوجہ رہنا باستقامت حاصل نہین ہوتا
مگر فنای تام اور بقای کامل کے بعد خلاصہ یہہ ہے کہ یادداشت
ذات مقدس کی دہیان کا نام ہے جو بلا ذریعہ الفاظ اور تخیلات
کی ہو یہہ دولت منتہالن ولایت کو البتہ حاصل ہوتی ہے۔ اور وقوف
زمانے کی تفسیر کو توہم فی سوتس درسوم کے ذکر مین بیان کیا ہے بعد
ہر ساعت کے تامل کرنا کہ غفلت آئی یا نہین درصورت غفلت استغفار
کرنا اور آیندہ کو اوسکے ترک پر ہمت باندہنا اور وقوف عددی تو
عدد طاق کے محافظت کرنیکا نام ہے جسکا بیان فصل دوم مین ہوچکا
یعنے ذکر کو طاق ذکر کرنا نہ جفت اور وقوف قلبی عبارت ہے
اوسی قلب کیطرف جو بائین طرف چھاتی کے نیچے موضوع ہے اور
حکمت اس توجہ کی ویسی ہے جیسی خربات کی رعایت مین حضرات
مشایخ قادریہ کے تزریک حکمت ہے تا اپنی غیر کی سوا توجہ نہ باقی رہے
اور خطرات بیرونی دل مین داخل نہون المختصر توجہ دلی اسطرح چاہیے
ہو کہ اوسپر واقف رہے اتنای ذکر مین اور دل کو ذکر حق سے مشغول
کرکے اور اوسکو ذکر اور اوسکے مفہوم سے مہمل اور بیکار نہ چھوڑے
حضرت خواجہ نقشبند علیہ الرحمہ نے حبس نفس اور رعایت عدد کو ذکر مین

لازم نہین فرمایا اور وقوف قلبی تو اونکے نزدیک اتنا می ذکر مین
لازم ہے چنانچہ رابطہ مرشد اور مراقبات لازم ہین بلکہ مقصود ذکر سے
رفع غفلت ہے اور یہہ حاصل نہین بدون وقوف قلبی کے اب یہانسے
بیان اصطلاح حضرت خواجہ حافظ شیراز علیہ الرحمۃ کا آغاز ہے (ساقی)
سے یہہ مراد ہے کہ مرشد ومحبوب حقیقی کہ پروردہ درون عارفان
کامل ہو (شراب) سے مراد معرفت ومحبت حق سبحانہ تعالے کی جو قوت
دل سالکان فانی ہے (پیر مغان ومغبچہ) مراد مرشد عالم معانی
وروحانی سے ہے کہ صفات ذمیمہ ونفس امارہ سے تغیر اور تبدل
ہوکر متصف باصفات حمیدہ ہوا ہو اور ارادت غیبی عالم لاہوتی سے
قلب پر اوسکے وارد ہووے (بتخانہ ومیخانہ) مراد باطن عارف
سے ہے اور عالم جبروت سے ہے (تجلیات) عشق حقیقی سے
مراد ہے کہ دل مین عارف کی انوار چمکتے ہین (کلیسا وکنشت)
سے مراد عالم تعین اور شہود معرفت ہے (جام) مراد دل پاک
عارف سے ہے کہ مشاہدہ غیبی ظہور مین آوے (عاشق) سے
مراد وہ مرد ہے جو لواحق دنیا سے گذر کر معشوق حقیقی کا ناظر اور
رنج ومحنت پر راضی وشاکر ہو (محتسب) مراد تشرع ظاہری ہے
(راہب) فیض جو عارفان فانی کو پہونچتا ہے (مطرب) مراد یہہ کہ
سالک روحانی ترانہ توحید گاتا ہے (صیاد) مراد غفلت باطنی ہے
ہے کہ ہمیشہ معرفت دکھلائی دیتی ہے (عید) مراد وصال محبوب حقیقی

کہ فرحت عارفون کی ہے (بہار) مراد ذوق وشوق سالکان راہ
ہے (خزان) مراد لوائے معرفت سے کہ عارفان ہمدیگر کو دکھلائے
دیتا ہے (بلبل) مراد عارف ربانی سے ہے کہ مدام ذکر اور فکر
جلشانہ مین شاغل ہے اور نفس امارہ سے فارغ البال (صبا)
مراد مژدہ کہنے والا درمیان عاشق ومعشوق کے ہے شعر صبا
بلطف بگو آن غزال رعنا را ۔ کہ سر بکوہ وبیابان تو دادہ ما را کہ اور
حضرت جبرئیل علیہ السلام سے بھی مراد ہے (رقیب) مراد نفس امارہ
اور حواس خمسہ ظاہری اور باطنی سے ہے ۔ (وصال) سے مراد
یہہ ہے کہ روح صفت ہو کر مقام مین پہونچا ہو تا کہ مابین اوسکے
اور حق سبحانہ تعالے کے کچھ حجاب باقی نرہے (فراق) مراد محنت سے
کہ بہت محنت کیا ہو اور مراد کو نہ پہونچے (راز) مراد عالم لاہوت
اور ملکوت سے ہے (زنار) علامت یک رنگی ہونا ہے دین اور
یقین مین (دم) مراد ذوق سے ہے کہ دل کو عارف کے حاصل
ہوے (مست وشیدا) مراد اہل جذبہ اور تارک الدنیا سے ہے
(قلاش ورند) عبارت قاطع آلایش دنیا سے ہے (شمع
وکرشمہ) عبارت پرانوار معرفت سے ہے کہ دل مین سالک کے
ظہور پاتے ہین (معشوق) مراد ذات آلہی سے ہے کہ پرتو بخش
معرفت ہے (زلف) عبارت جذبہ آلہی سے ہے ۔ (روی)
عبارت وجہ حق سے ہے (رخسارہ) عبارت وحدانیت سے ہے

(دہان) مراد اسرار الٰہی سے ہے (خط) عبارت برزخ کبرا سے ہے
کہ درمیان صفات کے واقع ہوا ہو۔ (خال) عبارت صفات د
لطف سے رب الودود کے ہے۔ (زنخدان وغبیب) مراد لطف
سے ہے لیکن قہر آمیز کس لئے کہ سالک کو چاہ نورانی سے چاہ ظلمانی
مین ڈالتا ہے (قامت) عبارت حمیت وجود عارف فانی ہے
(میان) عبارت برزخ صغری سے ہے (چشم ومژگان)
مراد بصیرت ازلی سے ہے (فیض) عبارت جذبہ باطنی سے ہے
(عارف) عبارت سیر سے ہے یعنے مراجعت ربی بعین قلبی
سے ہے۔ اب یہان سے اصطلاحات حضرت شیخ فریدالدین
عطار اور مولانا فخرالدین عراقی اور مغربی اور حضرت شاہ
شرف الدین بوعلی قلندر اور مولانا مولوی روم کے بیان کئے
جاتے ہین (عشق) ذات حق کو کہتے ہین اور اوسکو عالم لاہوت
بھی کہتے ہین (معشوق) صفات حق کو کہتے ہین اور اوس سے
عالم جبروت و وحدت اور تعین اول و برزخ کبری دام الکتاب
اور روح اعظم اور حقیقت محمدی سے بھی مراد ہے (عاشق)
اسمائے حق کو کہتے ہین اور اوس سے واحدیت اور مرتبہ
آدم اور تجلی ثانی اور عالم شہادت اور منشائی کثرت اور عالم
ملکوت اور عالم ماسوا اور عالم معنی سے بھی اشارہ ہے مثنوی
ہست انسان بحر نور ذوالمنن ۔۔۔ گرچہ گشتہ چون سبو در قید تن

قید تن گشتہ سبو مرمجرا ؤ قید تن کردہ سبو مرمجرا ؤ گر بیندازد
ہمائے سایۂ ؤ شاہ گردد مفلس مبلے مایۂ ؤ (چشم) عبارت احاطہ
حق سے ہی ساتہ اعیان کے کہ ہماری مہجوران اور مستی و اصلان کی سے
ہے شعر کیا رسیلی ہے آنکہہ ساقی کے ؤ بیخبر کر دیا جدہر دیکہا ؤ۔
(لب) مراد نفس رحمانی سے ہے کہ نیستی کو صورت ہستی ہین
دکہلاتا ہے (جان) ارواح مجردہ کو کہتے ہین (غمزہ) جذبہ کو
کہتے ہین (بوسہ) افاضۂ وجود کو کہتے ہین (خواب و مستی)
ہستی مجازی سے اشارہ ہے (زلف و دل) اس سے مراد انسان
کامل سے ہے (رخ) ذات حق کو کہتے ہین (خط) عالم روح کو
کہتے ہین (رخسارہ) مراد حقیقت جامع سے کہ فاتحۃ الکتاب ہے
(خال) غیب ہویت اور وحدت کو کہتے ہین (شراب)
ذوق سے مراد ہے کہ خلوت محبوب سے پیدا ہووے اور تجلی
ذات کو بہی کہتے ہین (شمع) نور عرفان اور نور الٰہی کو کہتے ہین
(شاہد) محبوب حقیقی سے مراد ہے کہ سب پر جلوہ کرتا ہے۔
(جام) حقیقت جامع (مئی) نفس رحمانی کو کہتے ہین (خرابات)
مراد اس سے یہہ ہے کہ خلاصی تعین سے پاکر مقام محو اور فنا
ہووے (حدیث و واقعہ) اس سے مراد یہہ ہے کہ مرید جو کچہہ
شیخ سے عرض کرے (شطح) مراد یہہ ہے کہ جو کچہہ غلبہ ہین
احوال واقع ہووے (دلق) تعین کو کہتے ہین (تب و تاب)

حقیقت محمدی کو کہتے ہین (سیمرغ) عقل کل کو کہتے ہین کوہ قاف
حقیقت انسان کو کہتے ہین (قد) مراد حضرت الٰہی سے ہے کہ
برزخ وجوب و امکان ہے (زلف) اشارت تجلی جلالی سے
مراد ہے کہ صورت ہای جسمانی اور صفا اور قہر ہین جگہہ رکھتے
اور وہ حجاب روئے وحدت کا ہے یعنے مشکلات حقایق طریقت
کہ پیچ در پیچ ہے (ابرو) اس سے مراد کنایہ حجاب ربوبیت
اور عبودیت سے ہے یعنے اسماء الٰہی اوسکے حاجب اور مراد
اوس سے مرتبہ صفات ہے اور حجاب ذات اور اشارہ طرف
قاب قوسین کے بھی ہو سکتا ہے (چشم) مراد سہود حق سے ہے
(مژہ) حجاب سالک ہے (روئے) عبارت ہے کشف انوار ایمان
اور عرفان حجاب جمال سے (خط) مراد حقیقت محمدی سے ہے
اور عالم ارواح سے (لب) اشارت قبض و بسط نوازش
فرمای عاشق سے ہے (فراق) غیب کو کہتے ہین مقام وحدت
اور انا سالک کا وطن اصلی ہے کہ عالم بطون ہے یہہ عالم فراق
اوسکا ہے اور پھر سالک عالم بطون کے رجوع ہونا وصال ہے
اور وہ مرگ ہے (جلال) احتجاب حق ہے (جمال) تجلی حق کی
ہے بوجہ حق واسطے حق کے (مہر) محبت سے اشارہ ہے کہ یعنے
اصل سے تہا آگہی پایا (محبت) دوستی بے علاقہ مراد خود حق تعالی
(ذوق) مستی شراب عشق سے کنایہ ہے خاص عاشق کہ بالکلیہ

اپنے سے محو ہوتا ہے (میل) رجوع اپنے اصل سے ساتھ شعور کے
آگہی پانے کو کہتے ہین (عشرت) لذت سالک کو کہ حق سبحانہ تعالے
کے ساتھ باشعور ہوتے ہی کہتے ہین (تجلی شہودی) ظہور وجود
ہے کہ مسمی ساتھ اسم نور کے ہووے اور اوس سے مراد ظہور حق
ہے بصور اسناد اکوان اور اکوان صور اسماء اللہ تعالے ہین
اور وہ ظہور نفس رحمان ہے (عارف) مشاہدہ کرنیوالا ذات
اور صفات اور اسماء آلہی کو کہتے ہین (واصل) اس سے یہہ
مراد ہے کہ خود رستہ اور محو تخلقوا باخلاق اللہ ہوا ہووے (صوفی)
اس سے مراد یہہ ہے کہ وہ گم ہووے اور بے خبر اور موافق
شریعت کے قدم پر قدم جناب رسالتمآب کے رکھے اور غیر خدا سے
اپنے کو نگاہ رکھے (قلندر) مراد اوس شخص سے ہے کہ تجرید اور
تفرید مین کمالیت رکھتا ہووے اور تجرید مین عادت اور عبادت
مین کوشش کرے (رند) اس سے وہ شخص مراد ہے جو شراب
نیستی پیجتا ہے اور نقد ہستی سالک کے لیتا ہے (زاہد خشک) اس
جاہل اور بے معنی اور ریاکار کو کہتے ہین (شیخ) سے انسان کامل
شریعت مین مراد ہے (طالب) سے وہ شخص مراد ہے کہ
طلب مین مولے کے فانی ہووے نہ ساتھ امید ہست کے (عالم)
مطلع ذات اور صفات و اسماء آلہی کو کہتے ہین (فقر) عبارت
فنا فی اللہ سے ہے (ننگ و ناموس) سے یہہ اشارہ ہے کہ

شہرت چاہے (خرابات) عبارت مظہر الٰہی سے ہی کہ سالک
دس جا ہین تجلی سے قہاری کے محو اور فانی ہوتا ہے اور غربت
خانہ پیر سے ہی مراد ہے (پیر خرابات) سے وہ مرشد کامل
مراد ہے جو افعال وصفات اشیاء کو محو افعال اور صفات الٰہی جانے
(مسجد) مظہر تجلی جمالی کو کہتے ہین اور آستانہ پیر سے ہی مراد ہے
(خمار) مقام تلوین سالک ہے اور ظاہر ہونا پردہای کثرت بر
روئے وحدت ہے (شراب) عشق کو کہتے ہین (شمع)
پرتو انوار آلہی سے اشارہ ہے جو دل پر سالک کے ہے کہ عرفان
ہووے (مستی) عبارت جبروت سے ہے جو مشاہدہ ہین
جمال معشوق کے ہو (میخانہ) خانقاہ پیر کو کہتے ہین (بت)
عبارت مظہر ہستی مطلق سے ہے کہ وہ حق ہے (زنار) کنایہ
عقد خدمت اور طاعت محبوب حقیقی سے ہے اور یہی اشارہ ہے
سے ہے (حجاب) صفات ذمیمہ سے مراد ہے (ساقی) پیر کامل
کہتے ہین ہی سے مراد دو قسم کی ہے ایک باواسطہ اور دوسرا بے واسطہ
ذات حق سے ہووے۔ چنانچہ سَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا کے تفصیل ہین
مذکور ہے دوسرا باواسطہ انبیاء اولیاء وملائکہ وغیرہ سے مراد ہے
(مطرب) پیر کامل سے کنایہ ہے (نی) سے مراد ذات پیر
انبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے (دیر وکلیسا) عبارت عالم اضافی
کہ عالم روحانی سے ہے (قلندری وسلامتی) عبارت تجرید کی

اور تفرید دارین سے ہے (نماز و روزہ) عبارت توجہ باللہ
الی اللہ سے ہے اور اغراض ماسوا اللہ سے (محراب و قبلہ)
سے مراد وہ مطلوب اور مقصود ہے کہ جسکے طرف دل متوجہ ہوا
ہووے (لسان الحق) انسان کامل کو کہتے ہین کہ نابت
ہووے مظہریت اسم متکلم ہین (لطیفہ انسانیہ) دل کو کہتے ہین
کہ حقیقت ہین منزل روح ہے (ہوا) میل کرنا نفس کا طرف
پستی کے (بت خانہ و بتکدہ و شراب خانہ) مراد باطن عارف
کامل سے ہے (دیر و خرابات عالم) مراد باطن عارف کامل
سے ہے (گبر و کافر بچہ) عبارت ایک رنگی بیچ عالم وحدت کے
(ساغر و بت خانہ) مشاہدہ انوار غیبی سے اشارہ ہے (محبوب و صنم
حقیقت روحیہ کو کہتے ہین (غمزہ و بوسہ) فیض و جذبہ باطن کو
کہتے ہین (چشم ابرو و جمال) الہام غیبی سے اشارہ ہے —
(قلاش و قلندر) اہل ترک و تجرید کو کہتے ہین (مست و شیدا)
اہل جذبہ و شوق کو کہتے ہین (خمار و بادہ فروش) پیرون
اور مرشدون کو کہتے ہین (ساقی و مطرب) فیض پہونچانیوالیکو
اور ترغیب دینے والیکو کہتے ہین (پیر مغان و پیر خرابات)
کاملان اور مکمل کو کہتے ہین شعر ہر کو بخرابات نشد بے دین است
زیرا کہ خرابات اصول دین است (عاشق) شیفتہ جمال اور
جلال الٰہی کو کہتے ہین (جمال) اظہار کمال معشوقیت کا ہے واسطے

ترغیب اور طلب عاشق کے (جلال) اظہار کمال استغنای
معشوقیت کا ہے عشق سے عاشق کے اور اوس سے دلیل نفی وجود
اور غرور عاشق کے ہے (لقا) ظہور معشوقیت کا ہے جیسا کہ
عاشق کو یقین حاصل ہووے کہ وہی ہے (تجلی) وجود
ہستی کو کہتے ہین (جلالت) ظہور انوار کو کہتے ہین (شوخی)
کثرت التفات کو کہتے ہین (شنگی) مراد لوامع اور طوامع نور سے
ہے (شمائل) امتزاج جالیات اور جلالیات سے مراد ہے
(شیوہ) جذبہ کو کہتے ہین کہ بعضے احوال مین کبھی ہوتا ہے اور
کبھی نہین ہوتا ہے (مکر) غرور دنیا معشوق کو کہتے ہین (فریب)
استدراج الٰہی کو کہتے ہین (وفا) سے مراد عنایت ازلی ہے
(جور) باز رکھنا سالک کو سیر سے عروج مین (خشم) ظہور
صفات قہریہ کو کہتے ہین (جنگ) امتحان الٰہی کو کہتے ہین (صلح)
قبول اعمال اور عبادت سے مراد ہے (پردہ وحجاب ونقاب)
موانعات کو کہتے ہین (سلطانی) جریان اعمال اور احوال کو کہتے ہین
(توانائی) اس سے مراد صفت فاعلی مختاری ہے (تونگری)
جمیع صفات کمال سے مراد ہے (غارت) جذبہ الٰہی کو کہتے ہین
(تاراج) صلب اختیار سالک کو کہتے ہین جمیع احوال اور اعمال
ظاہری اور باطنی مین (آشنای) تعلق رفیقہ ربوبیت سے
اشارہ ہے کہ تمام مخلوقات سے پیوستہ ہے مانند خالقیت مخلوقیت کے

(بیگانگی) استغنای عالم الوہیت کو کہتے ہین (یار) صفت
نصرت آلہی کو کہتے ہین (غمگسار) اثر صفت رحمانی سے اشارہ ہے
(مہربان) صفت ربوبیت کو کہتے ہین (دلکشای) صفت
فتاحی کو کہتے ہین (جانان) صفت قیومی کو کہتے ہین (جان فزا)
صفت بقا کو کہتے ہین (سبق) محبت آلہی کو کہتے ہین (قد) استیلا
اور استواری آلہی کو کہتے ہین (قامت) پرستش کو کہتے ہین
(زلف) غیب ہویت کو کہتے ہین کہ کسیکو اسمین راہ نہین ہے
(موی) ظاہر ہویت کو کہتے ہین (گیسو) طلب طریق کو کہتے ہین
کہ عالم ہویت مین جل المتین اوس سے ہے (خم زلف)
اسرار کو کہتے ہین اور اشکال آلہی سے بھی مراد لیتے ہین (چشم مست)
ستر آلہی کو کہتے ہین (چشم پر خمار) ستر کرنا سالک کا سالک سے مراد ہے
لیکن کشف اوسکا احوال نزدیک اہل کمال کے ظاہر ہے (شراب خانہ)
عالم ملکوت کو کہتے ہین (بتخانہ) عالم لاہوت سے اشارہ ہے
(سجدہ) قدم مناجات کو کہتے ہین (خمخانہ) عالم تجلیات کو
کہتے ہین کہ عالم قلب ہے (صراحی) مقام کو کہتے ہین (خم) موقف کو
کہتے ہین (جرعہ) اسرار مقامات کو کہتے ہین کہ سلوک مین سالک سے
پوشیدہ رہتے ہین (مست خراب) استغراق عاشق جو عشق مین
محبوب کے ہووے (خرابات) خرابے عالم شہرت ہووے
(شمع) نور اللہ کو کہتے ہین (شاہد) تجلی کو کہتے ہین (نقل)

کشف معانی کو کہتے ہین (کباب) پروردش دل کو کہتے ہین
تجلیات صوری ہین (روز) تابع انوار کو کہتے ہین (شب)
عالم غمی کو کہتے ہین اور عالم جبروت کو بھی کہتے ہین اور یہہ عالم
ایک خط ہے ممتد درمیان عالم خلق اور عالم ربوبیت کے (شب قدر)
بقای سالک کو کہتے ہین (شب یلدا) نہایت انوار کو کہتے ہین
(عید) مقام جمع کو کہتے ہین (نوروز) مقام تفرقہ کو کہتے ہین
(کفر) ظلمت عالم تفرقہ کو کہتے ہین (ترسا) دقایق حقائق کو
کہتے ہین (دیر) عالم انسانیکو کہتے ہین (جلیپا) عالم طبعی کو کہتے ہین
(ناموس) مقام تفرقہ کو کہتے ہین (بت) مقصود اور مطلب کو
کہتے ہین (تاز) پیرنا چیز ناقص ہے اور نازل کو بھی کہتے ہین اور
منہ لانا طرف چیز کامل اور عالی کے (ایمان) مقدار دانش کو
کہتے ہین بحضرت حق سبحانہ تعالے (اسلام) متابعت کو کہتے ہین با
سائنہ انبیا علیہم السلام کے (دین) اوس اعتقاد کو کہتے ہین
کہ عالم تفرقہ سے اوپر سر کے کیا گیا ہو (زکوۃ) ترک اور ایثار کو
کہتے ہین (کعبہ) مقام وصلت کو کہتے ہین (حج) سلوک الی اللہ
سے مراد ہے (بیابان) دقایع طریق کو کہتے ہین (طامات)
معارفی کو کہتے ہین کہ اوایل سالک ہین زبان پر سالک کے گذرتے
(ابر) حجاب کو کہتے ہین کہ مانع سبب وصول کا ہووے
(باران) نزول رحمت کو کہتے ہین (نسیم) یا دلانا عنایت الہی

مراد ہے (بوئی) علاقہ دل کو کہتے ہین (مطرب) آگاہ کرنیوالا
عالم ربانی سے مراد ہے (نائی) پیغام محبوب کو کہتے ہین (سماع)
مجلس انس کو کہتے ہین (چشم ترک) سیر مراتب عالم سے مراد ہے
کہ اہل کمال اوسکو پوشیدہ رکھتے ہین کہ سوائے خدا کے کسیکو اطلاع
نہین ہے (ماہروی) تجلیات صوری کو کہتے ہین (چہرہ گلگون)
تجلیات کو کہتے ہین کہ غیر مادہ مین ہے یا خواب مین یا حالت
بیخودی مین (خال سیاہ) عالم مستی سے مراد ہے (خط سیاہ)
عالم غیب کو کہتے ہین (خط سبز) عالم برزخ سے مراد ہے۔
(لب) کلام معشوق کو کہتے ہین (لب لعل) بطون کلام معشوق سے
مراد ہے (لب شکرین) کلام منزل کو کہتے ہین کہ انبیا کو بواسطہ
ملائکہ کے حاصل ہے اور اولیاء کو تصفیہ باطن سے حاصل ہوتا ہے
(دہان کوچک) صفت متکلمی کو کہتے ہین (سخن شیرین) اشارت
آہی کو کہتے ہین کہ انبیا کو بواسطہ وحی اور اولیاء کو بواسطہ الہام
کے ہوا (سیب زنخ) مشاہدہ کو کہتے ہین کہ مطالعہ جمال سے ہوتا ہے
(بناگوش) دقیقہ محبوب کو کہتے ہین (دست) صفت قدرت کو
کہتے ہین (بازو) صفت مشیت کو کہتے ہین (ساعد) صفت قوت کو
کہتے ہین (انگشت) صفت احاطت کو کہتے ہین (پیام) اومر
نواہی سے اشارہ ہے (وصال) مقام وحدت کو کہتے ہین۔
(فراق) غیبت کو کہتے ہین مقام وحدت سے (ہجران) التفات

غیر سے کرنا مراد ہے (کلبہ احزان) ہجر محبوب کو کہتے ہین۔
(عکدہ) مقام پوشیدہ سے مراد ہے (میدان) مقام شہود کو
کہتے ہین (چوگان) احکامات تقدیر کہ نسبت عاشق کے ہون
اشارہ ہے (نالہ) مناجات عاشق کو کہتے ہین معشوق سے
(زندگی) قبول اقبال محبوبے کو کہتے ہین (بیہوشی) مقام
طمس کو کہتے ہین کہ محو ہونا صفات ہین سے (دیوانگی) مغلوبی
عاشق کو کہتے ہین (بندگی) مقام تکلیف کو کہتے ہین (آزادی)
مقام محو ذات عاشق سے اشارہ ہے (فقیری) عدم اختیار کو
کہتے ہین (پاکبازی) وجہ خاص کو کہتے ہین (حضور)
مقام وحدت کو کہتے ہین (گرمی) حرارت محبت کو کہتے ہین
(سردی) نفس فارغ کو کہتے ہین (خواب) فنای اختیاریکو
کہتے ہین افعال بشریت ہین (بیداری) عالم صحو کو کہتے ہین
(علف) شہوات وارزوہای نفس کو کہتے ہین اور ریاضت
ومجاہدہ سے یہی اشارہ ہے (سیم) تصفیہ ظاہر وباطن کو کہتے ہین
(گوہر معنی) صفات واسماء الٰہی کو کہتے ہین اب جاننا چاہیے
کہ یہہ چار اصطلاحین جو ذیل ہین لکھے جاتے ہین حضرت قطب الافاضل
خواجہ فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ سے منہاج العابدین ہین
منقول ہین (مرگ سفید) گرسنگی سے مراد ہے (مرگ سرخ)
مخالفت کرنا شیطان سے اشارہ ہے (مرگ سیاہ) برا کہنا آدمیون

مراد ہے (مرکب نبر) واقعات سے اشارہ ہے جو چیز کہ اوپر
اوسکے پڑے - فصل چہارم حقایق وحدت و توحید مین -
جاننا چاہیئے کہ کلمہ طیبہ واسطے اثبات توحید اور ابطال شرک کے نازل
ہوا ہے اور لفظ توحید مصدر باب تفعیل کا ہے خاصیت باب
تفعیل کے نسبت ہے جیسا کہ صرف مین مذکور ہے معنی نسبت کے
یہہ ہین کہ اضافت کرنا ایک مقولہ خاص کے طرف کسی کے مانند تسبیح
نسبت مقولہ سبحان اللہ کے طرف خدا کے کرنا علی ہذا تہلیل نسبت مقولہ
لا الٰہ الا اللہ کے طرف خدا کے کرنا توحید نسبت اللہ واحد
کے طرف خدا کے کرنا لیکن یہہ نسبت باعتبار لحاظ وحیثیت متقدمین کے
تین قسم پر ہے - ایک توحید ذاتی دوسری توحید شرعی
تیسری توحید واقعی وتحقیقی یعنے نسبت مین منقولہ اللہ واحد
کے اعتقاد وحدت ویکتائی خداوند جلشانہ کے کونسی صفت مین
چاہیئے - توحید ذاتی اوسکو کہتے ہین کہ صرف یہہ اعتقاد رکھین
کہ خداوند عالم اپنے ذات مین یگانہ ویکتا ہے جیسا کہ عوام کہتے ہین
کہ خدا ایک ہے محمد برحق ہے یعنے بہت خدا نہین ہین اس قسم کے
توحید ایمان کے لیے بھی کفایت نہین کرتی جب تک کہ توحید شرعی
حاصل نہ کیجائے - توحید شرعی وہ ہے کہ خداوند جلت قدرتہ
کہ مدار شریعت کا کلام پر اوسکے ہے اپنے کلام مین خبر دی ہو کہ
واحد نیت پر میری فلان صفت مین ایمان لانا چاہیئے جیسا کہ فرمایا

إِنَّمَا اللّٰهُ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا إِلٰهَ
إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اور کسیکو فلان صفت مین میرا شریک
نکرنا چاہیئے جیسا کہ فرمایا فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا
وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ أَحَدًا وَلَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ
یعنے جو کوئی کہ امید رکھے اپنے رب کے دیدار کے پس چاہیئے کہ
کرے نیک کام اور شریک نکرے عبادت مین میری کسیکو
اس آیت شریف مین ایک صفت عبادت کو توحید اور شرک
خدا مین اللہ تعالیٰ نے متعین کر دی پس جو کوئی کہ اللہ کے معبودیت مین
دوسرےکو شریک کرے وہ مشرک کہلاتا ہے۔ توحید تحقیقی
و نفس الامری وہ ہے کہ مدلول لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کا ہو اس سے
یہہ مراد ہے کہ اعتقاد کرنا وحدانیت خدائی سبحانہ تعالےٰ کا
صفت وجود و نفی غیریت مین ہر موجود سے یعنے نہین ہے
کوئی موجود بجز خداوند تعالےٰ کے اور جو کچھہ کہ ہے اللہ ہی ہے
؎ غیر تش غیر در جہان نگذاشت ۔ لاجرم عین جملہ اشیا شد
اگر کوئی یہہ کہے کہ قسم دوم جو توحید شرعی ہے اسلام جملہ قائلین
لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کا توحید شرعی سے ثابت ہوا اور کفار عرب
و مشرکین اہل اسلام کے ساتھہ مساوی الاعتقاد ہو گئی پس
تناقص لازم آیا۔ اسکا یہہ جواب ہو سکتا ہے کہ شرک پانچ
صفت مین پایا جاتا ہے ایک شرک فی العبادت دوسرا شرک

فی الوجود تیسرا شرک فی التاثیر چوتھا شرک فی التکوین والخلیق
پانچوان شرک فی الغیریت توحید شرعی سے صرف نفی شرک فی العبادۃ
والالوہیت کے ہوتی ہے باقی اقسام اربعہ شرک کے - نفی سے
عبادت غیر خدا کے نہین اوٹھہ سکتے - اور نفی غیریت سے بنیاد
شرک اقسام باقی ماندہ کی مٹ جاتی ہے کسواسطے کہ جسوقت غیر خدا
موجود نہوا پس کوی صفت عبادت و وجود و تاثیر و تکوین غیر
مین نہین پائی گئی اور اسی سبب سے اعتقاد غیریت کو شرک
نفس الامری اور اوسکے نفی کو توحید نفس الامری قرار دیا گیا
کہ نفی غیریت سے نفی جمع اقسام شرک کی ہوتی ہے چنانچہ مولوی
معنوی فرماتے ہین مثنوی چیست توحید خدا آموختن ؎ خویشتن را پیش واحد
سوختن ؎ چون دلت آموخت شمع افروختن ؎ آفتاب اورا نیارد
سوختن ؎ گر همی خواہی کہ بفروزی چو روز ؎ ہستی ہمچون شب خود را بسوز ؎
ہستیت در ہست آن ہستی نواز ؎ ہمچو سین در کمیا اندر گداز ؎

بیان سورہ اخلاص کے معنی کا

ہر چند تمام کلام اللہ جلشانہ کا معجز و بیمثل بلاغت ہے
لیکن سورہ اخلاص سے کمال اعجاز اور بلاغت قائل غرا سمجھی
ظاہر ہوتی ہے کہ سورہ مذکور باوجود اپنے قلت الفاظ کے
شامل ہے کثرت معنی و اسرار ربانی پر اور مثبت ہے جملہ اقسام
توحید کا اور مبطل ہے جمع عقاید مشرکین و ملحدین کا اور شان
نزول اس سورہ کا علماے مفسرین یون بیان فرماتے ہین کہ

ایک روز کفار قریش اور گروہ یہود بارگاہ عالیہ رحمتہ اللعالمین
حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر آکر عرض کیے
کہ آپ جسکی طرف ہماری دعوت فرماتی ہو اوسکے اوصاف
بیان فرمائیے تاہم ایمان لائین کہ وہ کیا چیز ہے اور کیا کہاتا ہے
اور کیا پیتا ہے اور کس سے میراث لی اور کون میراث لیگا اور کارخانہ
عالم مین اوسکا کون مددگار ہے اوسکی جواب مین یہہ سورہ
نازل ہوا قل کہو اے محمد ھُوَ اللّٰہُ جسکو کہ تم پوچھتے ہو وہ خدا ہے
یعنی خود آیندہ ہے اور خدا کسی سے میراث نہین لیا اَحَدٌ ذات
وصفات مین اپنے یگانہ اور منفرد ہے یعنی دونو عالم مین بجز
ذات وصفات اوسکے دوسرا کوی نہین ہے اَللّٰہُ الصَّمَدُ وہ خدا
صمد ہے لفظ صمد کو کر دیا تمام توہمات و معتقدات فاسدہ سائلین
کو یعنے خدا بے نیاز ہے تمام سے اور وہ ہے پناہ نیازمندون کا
نہ کہاتا ہے اور نہ پیتا ہے اور نہ پایندہ ہے کہ فانی نہین ہوتا
لَمْ یَلِدْ نہین جنا کسیکو اس سے رد یہود کا ہے جو کہتے تہے کہ عزیز
بیٹے اللہ کے ہین وَلَمْ یُوْلَدْ نہین جنا گیا کسی سے اس سے رد
نصارے کا ہے کہ وہ کہتے تہے اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ
وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اور نہین ہے اور نہواہی اوسکا کوئی

ا بفحمین بزرگ و بے نیاز و بلند و دایم و مردے کہ نشنود کرسنہ بناشد
وانکہ قصد کردہ شود بسوی او وقت حاجت روائی ۱۲

ہمتا و ہمسر اس سے رد مجوس و مشرکان عرب کا ہے جو کہتے تھے
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا جیسا کہ حضرت مریم علیہا السلام کو
زوجہ خدا اور ملائکہ کو دختران خدا قرار دیا ہے۔ یہہ سورہ
سورۂ اخلاص سے بدین وجہ نامزد ہوا ہے کہ اعتقاد معنی اس
سورہ کا خالص کر دیتا ہے دلکو مومن کے واسطے معرفت ذات
وصفات حق کے اور خلاص کرتا ہے اوسکو عقاید باطلہ مشرکین سے
اور مستعد کرتا ہے جان کو سلمان کے واسطے اذعان توحید کے
اور صاحب عوارف فرماتے ہین کما قال اللہ تعالیٰ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ علمائی اہل تصوف کے بہ سبب
انقطاع شواغل معدن علم سے اتصال پاکر قدم ارواح اور قلوب
انہون کا اوس مین مستقر اور ثابت و راسخ ہوکر دیدہ بصیرت اونکا
نور مشاہدہ ازلی سے مکتمل ہوا بطریق علم الیقین اور دلیل
مبین کے بلکہ بوجہ کشف اور عیان وذوق و وجدان کے جانتے ہین
اور دیکھتے ہین اور پاتے ہین اور گواہی دیتے ہین کہ کوئی شخص
اور کوئی چیز لایق مسجودیت اور مستحق معبودیت کے نہین سوائے
خدائے یگانہ الٰہ احد صمد کہ وہ منزہ اور پاک ہے ذات اوسکے
قدیم اور ہمیشہ وصف وحدانیت سے موصوف اور نعت سے فردانیت کے معروف ہے نظم

متوحد ہے ذات مین اپنے	متفرد صفات مین اپنے
نہ وہ اپنا شریک رکھتا ہے	وحدہٗ لاشریک دیکھتا ہے

سورہ اخلاص کو سورہ اخلاص کیون کہتے ہین

وہ خدا بے نیاز ہر حق ہے — یعنی بے احتیاج مطلق ہے
ہی وہ حاجت روائے محتاجان — کچھہ نہ کہتا ہے عیب اور نقصان

مثنوی

اکنون در توحید میگویم سخن — نیست اینجا گفتگوئے ما و من
ما و من اینجا مگو ای بے ادب — زانکہ توحید است اسقاط النسب
نسبت ما و من تو اینجا گذار — غیر را دخلی مدہ میباش یار

بیان توحید فعلی

گویم از توحید فعلے او لا — کانچہ معنی دارد ای اہل دلا
در جہان فاعل نہ بینی جز خدا — فعل اللہ ہست جملہ فعلہا
دادن و بخشیدن و گردن زدن — جملہ باشد فعل حق ذوالمنن
کو مرا قدرت کہ ما چیزے کنیم — ما ہمہ مجبور و مقہور و حقیم

بیان توحید صفاتی

در ہمہ عالم خدای فاعل است — غیر او نسبت بدیگر باطل است
ہمچنین باشد صفاتے ای گدا — نیست موصوفی دیگر جز یک خدا
قادر و حی و توانا ہست او — عالم و بینا و دانا ہست او
قدرت و علم و ارادت در جہان — جملہ از حق است و دیگر کیست نان
انچہ آید وصفہا اندر نظر — جملہ وصف حضرت حق می نگر
ہم جلال و ہم جمال و ہم کمال — نیست غیر از وصف حق ذوالجلال

بیان توحید ذاتی

بعد ازان توحید ذاتی گوش کن — ای موحد پیش ازین سر خود سخن
این ذوات خلق تک ذات است و بس — نیست جز اللہ دیگر ہیچ کس
اوست ما و تو ہم او جسم است و جان — عرش و کرسی و زمین و آسمان
اوست آب و خاک ہم سنگ و شجر — آتش و باد است و ہم زید و بکر

زید و خالد جمله وهم است و خیال — حضرت حق هست ظاهر ذوالجلال
میکنم الحال تمثیلی بیان — تا شود تقریر شان بر تو عیان

فرض کردم خاک را اصل وجود — کز وی آمد چند صورت در نمود
فرق صوری هست با جام و سبو — فرق معنی نیست با هم هیچ رو
آن وجود خاک کاندر جام هست — در سبو هم ای مه گلفام هست
گر سبو و جام گویم عین خاک — صادق است و در حقیقت نیست باک
چون نظر بردارم از جام و سبو — جمله خاک افتد نظر ای نیک خو
حفظ شرع است زانکه میگویم جام — پاس ظاهر است کس گر یم نام
در حقیقت نی سبو باشد نه جام — خاک باشد در نظر ما را تمام
اصل خاک آمد چو در جام و سبو — میتوان گفتن در اینجا جمله او
این تغین وهمی است ای نامور — وهم بردار و بیا صل افگن نظر
تا بکی جام و سبو بینی پسر — تا بکی از خاک می پوشی نظر
همچنین زید و بکر سنگ و شجر — جمله معشوق است ای اهل نظر
غیریت وهم است بر ما و شما — وهم بیرون کن خدا باش و خدا
تا بکی زید و بکر بینی عیان — تا کجا داری حقیقت را نهان
مذهب اهل وجود است اینچنین — یاد باید داشت این رای رزین
مذهب اهل شهود است اینچنین — که خدا پاک است ان هست و نه این
جمله مخلوق انداز وی انس و جان — اوست قیوم در زمین و آسمان
او محیط خلق از علم است و بس — بیرون از علمش نباشد هیچ کس

دار و از سر تا قدم شتر به صرف | پاک ذاتش هست از شبه صرف
همچو نور مهر هر جا می فتد | گردی از امکان نه بروی میرسد
علم او با جمله عالم بالیقین ست | وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ همین ست
در حقیقت جمله او بود و روا | کاو منزه هست از ما و شما
گر همه حق در نظر آید ترا | نیست هرگز فی الحقیقت همچنان
بسکه غالب گشت بر تو عشق او | در نظر آمد ترا هر چار سو
همچو مجنون کو ز بس مشتاق بود | هر کجا بیش روئے لیلی می نمود
در حقیقت نیست لیلی هر کجا | بل خیال اوست هر جا رهنما
کو جمال لیلی و کو جمله چیز | غلبه عشق است بر دی ای عزیز
همچنین نزد شهودے ای گدا | بنده غیر محض باشد با خدا
اهل تحقیق است هر کو اندرین | مذهبش این است ای مرد دین
حق عز و جل با ما و شما | غیر هست و عین هست ای آشنا
غیر از روی تعین است او | در حقیقت عین است ای نیک خو
حضرت ذاتش وجود مطلق است | این مقید صورت دشان حق است
نسبت اطلاق و تقید ای جوان | همچو دریای بسیط و موج دان
بحر در صورت ز موج خود جدا ست | در حقیقت لیک عین موجهاست
غیر محض از موج را گوئی خطا است | عین صرف ار گوئی اینم نارواست
چونکه با دریاست قایم موجها | گر جدا از وی شود گردد فنا
از ره صورت همیگویم ازو | در حقیقت ثابتم شد جمله او

همچنین جمله جهان را با خدا | نسبت عین وجودی هست ایکدا
پس بظاهر غیر میگو خلق را | در حقیقت دان و بس عین خدا
نیست تحقیقی دگر نیکو ازین | ای موحد اینچنین مذهب گزین
مذهب حق است این ای رشک مه | نیست الحاد اندرین نے زندقه
ملت ناجیه از هفتاد دو دو | این بود بے شبه ای مردنکو
کے خلاف شرع آید در نظر | در شریعت شد حقیقت جلوه گر

پس جاننا چاہئی کہ جو کچھ موجود ہے جملہ ایکبارگی وجود حق کس لئے کہ وجود من حیثیت الوجود ایک وجود ہے کہ دوی و کثرت نہین رکھتا ہے بقول حضرت مولوی جامی قدس سرہ ؎ ہمسایہ و ہمنشین و ہمرہ ہمہ اوست ۔ در دیر گدا و اطلس شاہ ہمہ اوست ۔ در انجمن فرق و نہان خانہ جمع ۔ با اللہ ہمہ اوست ثم با اللہ ہمہ اوست ۔ پس بضرورت لازم ہے کہ جو کچھ کہ موجود ہے ایکبارگی وجود حق کا ہو کما لا یخفی پس ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن کے یہی معنی ہین اگر غیر وجود خداوند تعالے کے دوسرا وجود ہووے تو لا جرم دو وجود لازم آوینگے اور جبکہ دو وجود ہونگے تو پس بالضرورہ منفصل ہوگا یا منفصل اور وجود حق سبحانہ تعالی متصل چیز و نہین اور متصل کسی سے نہین عالم عین حق اور حق عین عالم ہے کیونکہ اس جگہ ظہور حق کا اسی علم سے ہوا ہے پس جب تک نام خدا کا باقی ہے اسم تیرا ہے باقی ہے کسینی کیا خوب کہا ہے ؎ آنکہ گوید فنا ست غلط میگوید ۔ تا خدا ہست درین

معرکہ باہم ہستم ۲ یہہ سولہ ۱۶ ایات محکمات قرآنی توحید پر دال ہین اول لا الہ الا اللہ دوم
لا الہ الا ہو سوم لا الہ الا انا چہارم لا الہ الا انت سبحنک پنجم انما الہکم اللہ
واحد ششم مالکم من الہ غیرہ در مواضع عدیدہ ہفتم ہو الاول والاخر والظاہر
والباطن ہشتم ایمانما تولوا فثم وجہ اللہ نہم وہو معکم اینما کنتم دہم واللہ
بکل شئ قدیر یازدہم وہو الذی فی السماء الہ وفی الارض الہ دوازدہم
قل ہو اللہ احد سیزدہم ما یکون من نجوی ثلثۃ الا ہو رابعہم ولا خمسۃ الا ہو
سادسہم ولا ادنی من ذلک ولا اکثر الا ہو چہاردہم لو کان فیہما الہۃ الا اللہ
لفسدتا پانزدہم لو کان ہؤلاء الہۃ ما وردوہا شانزدہم ما کان معہ من
الہ اذا لذہب کل الہ بما خلق ولعلی بعضہم علی بعض او احادیث صحاح
آنہہ حدیث دال ہین توحید و وحدت پر پہلی حدیث شریف وہ ہی کہ صاحب مشکوۃ در باب
الایمان بالقدر آوردہ اخرج احمد عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فی تفسیر قول اللہ
عز وجل واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظہورہم ذریتہم قال
جمعہم فجعلہم ازواجا ثم صورہم فاستنطقہم فتکلموا ثم اخذ
علیہم العہد والمیثاق واشہدہم علی انفسہم الست بربکم
قالوا بلی قال فانی اشہد علیکم السموات السبع والارضین
السبع واشہد علیکم ابا کم آدم ان تقولوا یوم القیامۃ لم نعلم
بہذا اعلموا انہ لا الہ غیری ولا رب غیری ولا تشرکوا
بی شیئا انی سارسل الیکم رسلی یذکرونکم عہدی ومیثاقی
وانزل علیکم کتبی قالوا شہدنا بانک ربنا والہنا لا رب لنا غیرک

ولا الہ لنا غیرک ولا رب لنا غیرک ۔ دوسری حدیث شریف
سبحانک اللھم و بحمدک وتبارک اسمک وتعالی جدک ولا الہ
غیرک ۔ تیسری حدیث شریف کان اللہ ولم یکن معہ غیرہ
چوتھی حدیث شریف والذی نفس محمد بیدہ لو انکم ولیتم
بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ ثم قرأ ھو الاول
والاخر والظاھر والباطن ۔ حدیث پنجم قولہ علیہ السلام
لا تسبوا الدھر فان الدھر ھو اللہ ۔ حدیث ششم قولہ تعالے
فی الحدیث القدسی کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف
فخلقت الخلق لاعرف ۔ حدیث ہفتم کہ صحیح بخاری مین ہے
حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے قال قال رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یزال عبدی یتقرب الی
بالنوافل حتی احبہ فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ
الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش بہ ورجلہ التی یمشی بھا
حدیث ہشتم قولہ علیہ السلام واصدق کلمۃ قالھا اللبید الا کل شیء ما خلا اللہ باطل
اب جاننا چاہئیے کہ اللہ تعالے کو بیگانہ اور بے شرکت غیر کے پانا
علماے اہل تصوف گیارہ قسم پر بیان فرماتے ہین اول قسم
ایمانی موافق اسلام ظاہر کے ۔ دوسرے النفس کہ حق تعالے سانہ
کمال قربیت کے مطابق وھو معکم وفی انفسکم کے ذات عارف مین
تجلی فرماتا ہے نور عقل کہ فرق کنندہ اشیا ہے و نفس کہ تدبیر کنندہ

جسم کا ہے نور ہین اوسکے مستہلک ہوتا ہے اور بے اختیار
سبحانی اور انا الحق کہتا ہے تیسرے آفاقی ہے حق سبحانہ تعالے
موافق اللہ نور السموات والارض کے نظر مین عارف کے تجلی فرماوے
تو عارف عالم کو شخص واحد مانند ایک درخت کے سمجھکر ہمہ اوست
بے اختیار کہتا ہے چوتھی اسمائی ہے کہ بکثرت ذکر مسمی کے
رنگ مین دیکھے اسم کیا انفسی اور کیا آفاقی متجلی دیکھتا ہے اور
ذکر سلطانی پاتا ہے اور سوا اوسکے کوئی نظر مین نہین آتا ہے
پانچوین صفاتی ہے کہ اعضا حتی سالک پر مانند سمع اور بصر
وغیرہ کے تجلی فرماتا ہے - کہ بی یسمع وبی یبصر الی آخرہ - سالک کو
رود کہلاتا ہے ؎ ہمہ گوشیم تا چہ فرمائی ہمہ چشمیم تا نظر
آئی چھٹی تخیلاتی کہ تجلی تمثیلی ہر ایک فرد کو افراد موجودات سے
جداگانہ عین حق نظر آتا ہے اور سجدۂ بت عین سجدہ حق ہوتا ہے
ساتوین شیونا تی ہے بہ تجلی افعالی - یفعل اللہ ما یشاء ویحکم ما یرید
افعال حق نظر مین آتا ہے چنانچہ دینے والا اور مارنیوالا برابر
ہووے لیکن رنج اور راحت اس جا مین سالک کو باقی ہے
سر چند رضا اوسکے ہے پس شادی اور رنج تمام حق سے ہے
آٹھوین شہودی ہے کہ تجلی رفع پردہ ظلماتی اور بعض کشف
نورانی دکھلائی دیتے ہین کہ چشم دل طالب مطلوب کے ساتھ
دوچار ہووے اور یقین کامل جانے کہ تمام محبوب ہے اور

معرفت درمیان ہین روے بے کیف کے چنانچہ روئداد سے
اس توحید کے ہے مشاہدہ ہین مستغرق ہووے درضا اور
تسلیم جبر اور قہر سے اشارہ لیوے اور تمیز رنج اور راحت
کے نرہے کہ تیغ سے مارنا محبوب کا بہتر ہے نوش دارو سے اور
فرق شہودی اور آفاقی ہین وہ ہے کہ آفاقی ہین شہود رنگ
شبہہ کے ہے اور شہودی ہین کیف درمیان نہین ہے نوین وجود
ہے کہ وجود سالک کا مانند چاند کے خورشید الٰہی مین پوشیدہ ہو
اور مشاہدہ اور شہود کہ دوئی ہے اسجا یہ کفر ہے - اور اس
توحید مین سالک مانند پتھر کے ہے کہ حرکات سے خبر نہین رکھتا
رونیکے وقت روتا ہے اور ہنسنے کے وقت ہنستا ہے لیکن بیخبر
بقول حضرت شاہ خاموش صاحب قدس سرہ شعر عاشقان را دو
کبھی ہنستے ہین کبھی دونون طرح یار کے اثیر ہے نقل ہے کہ
حضرت شیخ محی الدین عربی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے یارون سے
استفسار فرمایا کہ یہ سال مجھپر کیونکر گذرا کہو کچھہ خلاف شریعت تو
مجھسے نہین ہوا ہے کہا نہین - آپ نے فرمایا کہ یہہ سال مین مین
اس عالم سے خبر نہین رکھتا تھا اور اوپر حقایق اور معارف
اوس سال کے کہ لکھے گئے حاضر نتھا لیکن اس توحید مین اگر عارف
لقای محمدی مین سرفراز ہوا ہووے ہرگز خلاف شریعت ظاہر مین
نہ آوے ورنہ آوے دسوین تنزیہی ہے اور تنزیہ و تقدیس سے

یہہ معنی ہین جو کچھہ کہ وہم و خیال مین آئے وہ اوس سے پاک
اور مقدس ہے اگرچہ کوئی جگہہ حق تعالے کے تصرف سے خالی نہین
مگر کسی جای کے ساتھہ منسوب ہو سکتے ہے وہ بری اور منزہ ہے
اور آدمی اس تنزیہ اور تقدیس کا نمونہ خود اپنے مین دیکھتا ہے
جیسا کہ دل وہ بھی اون چیزون سے جو وہم اور خیال مین آئین
پاک اور منزہ ہے۔ غور کرکے دیکھین تو نہ مقدار و کمیت ہے
اور نہ وہ قابل قسمت ہے اور جب کمیت کیفیت قسمت دل سے
دور ہے تو دل کا بیرنگ ہونا ہی ضرور ہے اور جس چیز کا
نہ کچھہ رنگ ہو کا نہ مقدار وہ کبھی خیال مین نہین آئیگی اس لئے
کہ خیال مین وہی چیز آتی ہے جیسے یا وجسکے جنس کو آنکھہ دیکھہ
پاتی ہے اور رنگ اور شکلونکے سوائے خیال اور نظر مین کچھہ نہین
آتا ہے نظم ہے حدیث سرور کون و مکان کہ حق سماتا ہے نہین
اندر مکان کہ دلمین مومن کے ہے جا اسکی مگر تو اون دلونمین
کر طلب ای جلوہ گر تو پس جس چیز مین چگونگی کو دخل نہین
اگر کوئی اوسے دریافت کیا چاہے تو پہلے اپنے حقیقت مین
غور کرکے دیکھہ لے تو اپنی حقیقت جو خدا تعالے کے معرفت کی
جگہہ ہے وہ نہ قابل قسمت ہے اور اوسکے نہ کچھہ مقدار کمیت
و کیفیت ہے۔ اور اگر کوئی پوچھے کہ روح کیا چیز ہے تو یہہ ہے
کہنا ہوگا کہ چگونگی مین کچھہ دخل نہین قولہ تعالے یَسْئَلُوْنَکَ

عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ روح اللہ کے کامون اور
عالم امر سے ہے اور عالم خلق جدا ہے اور عالم امر جدا جس چیزمین
ناپ اور مقدار اور کمیت راہ پائے اوسے عالم خلق کہتے ہین
کسواسطے کہ لغت مین خلق کے معنی اندازہ کرنیکے ہین اور آدمی کے
دل کے لئے اندازہ نہین - لیکن ایک چیز اور ہی اوسکو بہی روح
کہتے ہین وہ مگر مٹے بہی ہوسکتی ہے اور جانورون کو بہی ہوتی
ہے - مگر جس روح کو اہل صوفیہ دل کہتے ہین وہ خدا تعالے کی
معرفت کا محل ہے جانورون کے واسطے وہ نہین ہے اور وہ نہ
جسم ہے نہ عرض بلکہ فرشتون کی گوہر کی جنس ہے ایک جوہر ہے
اور یہہ معرفت منجملہ اوس ہدایت کے ہے جو حق تعالے نے فرمایا
ہے - وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا یعنے
جنہون نے محنت کی ہماری ہم سجہا دینگے اونکو اپنے راہین جنکے
اپنے کو جانا کہ چگونگی سے پاک اور منزہ ہے تو حق تعالے کا چگونگی سے
منزہ اور پاک ہونا بدرجہ اولی جاننا چاہئیے اور جو لوگ تعجب کرتے
ہین کہ بیچون اور بے چگون بہلا کوئی چیز کیونکر موجود ہوگی اور
اپنے حقیقت کو نہین پہچانتے کہ خود بیچون اور بے چگون موجود
ہین جیسا درد غصہ عشق مزہ آدمی مین موجود ہے ان
چیزون کے چونے اور چگونگی دریافت کرنے محال ہے پس اپنے
بیچونے اور بیچگونگی سے حق تعالے کی بیچگونگی اور بیچونی آدمی خود

پہچان سکتا ہے جیسا کہ جان موجود ہے اور جسم کی بادشاہی
اور جسم ہین جن جن چیزون کی واسطے چونی اور جگونگی حاصل ہے
وہ اوس جان کی مملکت ہے اور جان خود بے چون و بے چگون
ہے اسیطرح بادشاہ عالم یعنے خداوند تقدس تعالے بیچون اور بے چگون
ہے اور محسوسات جو چونے اور جگونگی رکھتے ہین حق تعالی کی
مملکت ہے حق سبحانہ تعالے کی تنزیہ کا دوسرے طور پر یون بیان ہے
کہ حق تعالے کو کسی جگہہ کے ساتھہ منسوب نہین کر سکتے کہ خدا اس
جگہہ ہے اور جانکو بھی کسی عضو کے ساتھہ منسوب نہین کر سکتے کہ جان
ہاتھہ مین ہے یا پاؤن مین ہے یا سر مین ہے یا اور کسی عضو مین ہے
بلکہ بدنکے سب اعضا قسمت پذیر ہین اور ٹکڑے ہو سکتے ہین اور
جان قسمت پذیر نہین یعنے ٹکڑے نہین ہو سکتی اور جو چیز قسمت
پذیر نہو قسمت پذیر چیز مین اوسکا سما جانا محال ہے اسواسطے کہ
اگر وہ اوسمین سما جائے تو قسمت پذیر ہو جائیگی اور باوصف
اسکے کہ جان کسی عضو کے ساتھہ منسوب نہین ہو سکتے مگر کوئی
عضو جان کی تصرف سے خالی نہین ہے بلکہ سب اعضا جان کے
تصرف اور حکم مین ہین اور جان سب اعضا کے بادشاہ ہے
اسیطرح تمام عالم کا بادشاہ عالم یعنے حق تعالے کے تصرف مین ہے
اور حق تعالے اس امر سے منزہ اور پاک ہے کہ کسی خاص جگہہ
کے ساتھہ منسوب کیا جاے گیارھوین توحید الٰہی یعنے ذاتی ہے

اب جاننا چاہیئے کہ خداوند عالم اپنے مملکت مین کسطرح سے بادشاہی
کرتا ہے اور فرشتونکا حکم بجالانا اور ملائکہ کے ہاتھہ سے کام لینا
واسمان سے زمین پر حکم بھیجدینا آسمان و تارونکو جنبش مین
لانا زمین کے باشندون کے کام کو وابستہ آسمان بنانا رزق کی
کلید آسمان کے حوالہ کرنا کیونکر ہے پس یہہ ہے حق سبحانہ تعالے
کے معرفت مین سے ایک باب ہے اگر آدمی یہہ نہ جان سکے کہ
اپنے مملکت بدن مین کیونکر بادشاہی کرتا ہے اور کسطرح احکام
جاری کرتا ہے تو یہہ بھی نجانیگا کہ بادشاہ عالم کس طور سے
حکم رانی فرماتا ہے تو اوسکو چاہیئے کہ پہلے اپنے کو پہچان لے کہ
جسوقت کاغذ پر وہ بسم اللہ لکھنا چاہتا ہے تو پہلے لکھنے کی خواہش
اور ارادہ پیدا ہوتا ہے بعدہ دل مین حرکت و جنبش پیدا ہوتی ہے
واضح ہو کہ اوس دل مین جو گوشت ہے اور بائین طرف
لٹکتا ہے حرکت نہین پیدا ہوتی بلکہ دل سے ایک جسم لطیف جنبش
کرکے دماغ مین جاتا ہے چنانچہ اوس جسم لطیف کو طبیب روح کہتے
ہین جو حس و حرکت کی قوتونکو اوٹھائے ہوئے ہے اور یہہ روح
اور ہے کہ چارپایون کے بھی ہوتی ہے اور موت کو اوسمین دخل ہے
اور وہ روح اور ہے جسے حضرات صوفی دل کہتے ہین وہ بہایم
کو نہین ہوتی اور وہ روح کو موت نہین کیونکہ حق تعالے کی
معرفت کی جگہہ ہے جب یہہ روح جنبش کرتی ہے اور دماغ مین

پہونچتی ہے تو دماغ کے پہلی خزانہ مین جو قوت خیال کی جگہہ ہے
بسم اللہ کی صورت پیدا ہوتی ہے اور دماغ سے پٹھون مین
کچھہ ایک اثر پہونچتا ہے پٹھے دماغ سے نکلکر بدنمین سب طرف
پہونچتے ہین اور اونگلیون مین دہاگے کی مثال بند ہے ہین غرضکہ
اوس اثر سے یہ پٹھے جنبش کرتے ہین اور سر انگشت کو جنبش دیتے ہین
سر انگشت قلم کو جنبش دیتا ہے تو بسم اللہ کی صورت اوسصورت کے
موافق جو خزانہ خیال مین ہے حواس خصوصاً آنکہہ کے اعانت سے
پیدا ہوتی ہے اسواسطے کہ آنکہہ سے زیادہ احتیاج پڑتی ہے
جسطرح اس کام لینے لکھنے کی ابتدا رغبت سے ہے جو پہلے ظاہر ہوتی ہے
اسیطرح حق تعالے کے سب کامونکا آغاز اوسکے صفات مین سے
ایک صفت ہے اور ارادہ اسی صفت سے عبارت اور اشارہ
جیسا کہ لکھنے کے ارادہ کا اثر پہلے تیرے دل مین پیدا ہوتا ہے
پہر دل کیواسطے سے اور اور جگہہ مین پہونچتا ہے اسیطرح حق تعالے
کے ارادہ کا اثر پہلے عرش پر پیدا ہوتا ہے پہر اور ونکو پہونچتا ہے
اور جیسے بخارات کیطرح جسم لطیف دل کے رگون کی راہ اوس اثر
کو تیری دماغ مین پہونچاتا ہے اور اوس جسم لطیف کو روح کہتے
ویسی ہے حق تعالے کے واسطے بہی ایک جوہر ہے کہ اوسکے ارادہ کو
عرش سے کرسی پر پہونچاتا ہے اور اوس جوہر کو فرشتہ اور روح القدس
کہتے ہین اور جسطرح دلسی دماغ کو اثر پہونچتا ہے اور دماغ دلکی

حکومت و تصرف ہین لگے نیچے ہے اوسی طرح حق تعالے کے ارادہ کا
اثر عرش سے کرسی کو پہلے پہونچتا ہے اور کرسی عرش کے نیچے ہے
اور جسطرح بسم اللہ جو تیرا مقصود ہے اور تیرا فعل ہوگا اوسکی صورت
دماغ کے خزانہ اول مین ظاہر ہوتی ہے اور اوسکے موافق فعل
ظاہر ہوتا ہے اوسیطرح جس چیز کی صورت عالم مین ظاہر ہوگی
اوس کا نقش پہلے لوح محفوظ مین ظاہر ہوتا ہے اور تیرے دماغ
مین جسطرح قوت لطیف ہے کہ پٹھون کو جنبش دیتی ہے تاکہ پٹھے
ہاتھہ اور اونگلی کو جنبش دین اور اونگلی قلم کو حرکت دے اسیطرح
جواہر لطیف یعنے فرشتہ جو کہ عرش اور کرسی پر مقرر ہین آسمانون
اور تارون کو جنبش دیتے ہین اور جسطرح دماغ کی قوت رگون
اور پٹھون کی اعانت سے اونگلیون کو جنبش دیتی ہے اوسیطرح
وہ جواہر لطیف جنکو ملائکہ کہتے ہین تارون اور تارون کے تار سے
کے واسطے سے عالم سفلی یعنے یہہ عالم مین انہات عالم سفلی کے طبیعتون کو
جنبش دیتے ہین انکو بار طبع یعنے گرمی اور سردی اور تری
خشکی بہی کہتے ہین اور جسطرح قلم سیاہی کو جنبش دیتا ہے اور
پراگندہ و جمع کرتا ہے تاکہ بسم اللہ کی صورت پیدا ہو اوسیطرح
یہ گرمی سردی بہی پانی اور مٹی اور ان مرکبات کی اصلون کو
جنبش دیتے ہین اور جسطرح کاغذ پر سیاہی کو قلم پراگندہ اور
جمع کرتا ہے تو کاغذ اوسے قبول کر لیتا ہے اسیطرح تری ان کمزور

شکل کے قابل کرتا ہے اور خشکی اوسمین شکل کا نگہبان کردیتی ہے
تاکہ مرکبات اس شکل کی حفاظت کرین اور اس شکل کو چھوڑ
نہ دین اسواسطے کہ اگر تری نہو تو مرکبات خود شکل قبول نکرین
اور اگر خشکی نہو تو شکل کی حفاظت نہ کرسکین اور جسطرح قلم جب اپنا
کام تمام کرتا ہے اور اپنے حرکت کو اختتام کرتا ہے تو جسم الکل کی
صورت کو انکہہ کی مدد سے اوس نقش کے موافق جو خزانۂ خیال
مین تہا پیدا ہوتی ہے اوسیطرح جب سردی گرمی ان مرکبات
کے اصلون کو حرکت دیتی ہے فرشتون کی مدد سے حیوان
اور نبات کیصورت اس عالم مین اوس صورت کی موافق جو
لوح محفوظ مین تہے پیدا ہوتی ہے اور جسطرح تیرے سب کام
اثر تیرے دل سے پیدا ہوکر سب اعضا مین پراگندہ ہوتا ہے
اوسیطرح عالم اجسام کا آغاز کار عرش مین ہوتا ہے اور جسطرح
اس خاصیت کو پہلے دل قبول کرتا ہے اور اعضا اوسکے بعد اور
لوگ دل کو تیرے ساتھہ نسبت دیتے ہین اور جانتے ہین کہ
تو دل مین رہنے والا ہے اسیطرح جب سب چیزون پر تصرف
عرش کیواسطے سے ہے لوگ جانتے ہین کہ حق تعالے ساکن عرش
اعلی ہے اور آدمی جب دلیر غالب ہوا اور دل کا کام درست
ہوگیا تو مملکت بدن کی تدبیر کرسکتا ہے اسیطرح جب حق سبحانہ تعالے
عرش پیدا کرنے سے عرش پر غالب ہوا اور عرش سیدہا کھڑا ہوا

هر دلی کز عشق یزدان زنده شد
از حیات معنوی پاینده شد

از حیات معنوی گر بو بری
از درخت معرفت هان برخوری

رو درخت معرفت در دل نشان
تا مگر یابی نشان از بی نشان

بی نشان را کس نیابد از نصوص
هم نیابد از فتوحات و فصوص

عمر را ضایع مکن در گفتگو
گفتگو چون پرده هاے تو بتو

پرده هاے تو بتو در دم بسوز
تا به بینی روی آن فیروزه روز

هر که روی یار در دنیا ندید
هم نه بیند او بعقبی اے مرید

جهد کن تا تو بچشم دل عیان
روئے یار خویش بینی در جهان

تا به بینی یار را هر سو عیان
بی دلیل و بی اشارت بی بیان

این همه علم ز تعلیم حق است
نی ز جد و جهد نی از بیق است

نی ز بهر علم رسمی گوش دار
جد و جهدم بود بهر روئے یار

علم رسمی رهزن هر سالک است
این عقیده حنبل و هم مالک است

هر که او در بند قال و قیل شد
همچو فرعون غرق اندر نیل شد

گفت فرعون انکه او خود را بدید
گفت موسی انکه از خود وارهید

بند دین مشکل تر از بند حدید
ای خدا بر هان ازین قید شدید

دیدهٔ یعقوب بینا روئے او
خویش را قربان کند بر بوئے او

گریهٔ ها کن یعقوب وار
تا بتو بوئے رسد از سر یار

بوئے یوسف سرمهٔ یعقوب بود
زان بصر در دیدهٔ بایش بزود

یوسف کنعان نهان در چاه دل
تو همی جوئی ورا در آب و گل

جان فدائے یار کن در سر قدم
تا تو گردد عیان سر قدم

چون به جنبش آمده این بحر جان
صد هزاران موج گشته رو عیان

ما و من پیدا شده زان موجها
بل از و پیدا شد صد فوجها

موجهایش عین بود و غیر شد
از یکے صد گونه دیگر دیر شد

بحر جان محفوظ از امواج بود
پاک تر از مال و ملک و تاج بود

از پے دیوانگی گویم سخن ؛
زان نفهد در جهان کس حرفتن

گاه حرفم پست باشد گه بلند
صد زبان بهتر نبرد هوشمند

هیچ ذره چه نهان و چه عیان
نیست غافل یکدمے از سر جان

سر جان بر هر کسی مکشوف نیست
کشف او بر هیچ شے موقوف نیست

جمله عالم در حجاب اندر حجاب
ورنه دلبر اظهر ست از آفتاب

هر که نفس خویش را بشناخت
غیر را از دیده ها انداخت

غیر چون از دیده ها بیرون شود
هم درون و هم برون یکسان بود

کس بچشم سر ندیده سر حق
کس نشد محرم ز ادراک سبق

صد کتاب و صد ورق در نار کن
سینه را از عشق او گلزار کن

هم گل و گلزار و هم بوئے تو ئے
رخت بیرون کن ازین ملک دوئے

هر یکے را ملتمس چون قید شد
آدمی همچو مگس در بند شد

هست انسان بحر نور ذوالمنن
گرچه گشته چون سبو در قید تن

قید تن گشته سبو مر بحر را ؛
قید تن کرده نمو مر بحر را ؛

گر بیند از دہماے سایۂ	شاہ گردد مفلس بے مایہ

پس حضرات صوفیہ صافیہ کو مکاشفہ سے صاف یہہ ظاہر ہوا ہے
اور فی الحقیقت وہ جانتے ہین اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ
کا مطلب اسی غرض سے اگر تجھکو تیرے مملکت پر بادشاہ نہ کیا ہوتا اور
خداوند تعالے اپنی مملکت کا مختصر سا نمونہ تجھے خود نہ دیا ہوتا تو
خداوند عالم کو ہرگز پہچان نہین سکتا لازم ہے کہ اوس شہنشاہ عالم کا
شکر کیا جاے کہ جسنے پیدا کیا اور رتبہ بادشاہی دیا اور اپنے مملکت کا
نمونہ تجھکو دیا اے سالک دلسے تیرا عرش روح حیوانی جسکا منبع
دل ہے اوسے تیرا اسرافیل بنایا اور دماغ سے کرسی خزانہ
خیال سے تیری لوح محفوظ بنائے آنکھہ کان اور سب حواسون سے
تیرے فرشتے دماغ کے گنبد سے جو پٹھون کا منبع ہے تیرا آسمان
وتارے بنائے اور انگلی قلم سیاہی سے طبایع تیری منحرف فرمائے
اور تیرے دل کو اے سالک بیچون اور بیگون پیدا کر کے
دیکھہ سب اعضا پر بادشاہ کر دیا تب تجھسے کہا کہ اپنی اور اپنے
بادشاہی سے رہنا غافل نہ رہنا والا نہ اپنے خالق سے غافل
رہیگا۔ فَاِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ فَاعْرِفْ نَفْسَکَ
یَا اِنْسَانُ تَعْرِفْ رَبَّکَ یعنے بے شک اللہ تعالے نے پیدا کیا آدم کو
اپنے صورت پر پس اگر پہچان لے تو اپنے نفس کو اے انسان
پہچان لیگا تو اپنے رب کو ۵ آدم کو خدا مت کہو آدم خدا نہین

لیکن خدا کے نور سے آدم جدا نہین نور ہا عی حق جان جہانست و
جہان جملہ بدن نور ارواح و ملائکہ حواس این تن نور افلاک و عناصر و
مولید اعضا نور توحید ہمین است و باقی ہمہ فن بقول حضرت مولوی مثنوی

ہین ہزارون جبرئیل اندر بشر — ہر بشر مین ہے نہان عیسی مگر
اس تن آدم کے تجانہ مین ہے — ہین ہزارون کعبہ دولت خفی
پست ترے ہے جائے اصلی لامکان — تجھسے بلیسون کی ہے ویرانہ دوکان
یہ سخن شیطان نے غفلت سے کہا — خاک کو سجدہ کرون کب ہے روا
ظاہر اسکا خاک باطن نور ہے — باطن اسکا نور سے معمور ہے

وله

آدم اصطرلاب وصف ذات ہے — ذات انسان مظہر آیات ہے
منعکس ہین اوسمین اوصاف آلہ — جسطرح پانی مین عکس نور ماہ
غار دنیا مین پڑے ہین مردمان — عکس اپنا دیکھتے ہین درمیان
جسمین جو آتا نظر ہے وصف ذات — وہ نہ تو وہ شیری لے بے ثبات
جسنے حملہ عکس پر اپنے کیا — بس وہ احمق چاہ مین جا کر گرا
تو یہے جو دشمن سے ہے پیکار جو — اے غلط انداز خود غلطان ہے تو
وہ عناد و خصم ہے نی عکس حق — جو صفات قہر سے ہے منطبق
ہے گنہ اسمین ترا عکس گناہ — بس گناہ سے اپنے لے تو انتباہ
منعکس ہون جب تیری اخلاق و فن — ہے وہ آئینہ ترا تجھسے زبون
تو جو آئینہ مین دیکھے اپنا حال — بس بآئینہ نہ کر پیدا ملال
عکس پر رکھیگا تو کب تک نظر — اصل بنی کا تو کر پیدا ہنر

جان تو مصنوع کو آب زلال
اور سمین تابان صفت رب تعال

علم و عدل اور لطف اسکا ہے نہان
جون نجوم چرخ بر آب روان

گرچہ بدلے آب دریا چند بار
پر عکوس انجم اسمین برقرار

بادشاہی ہے حق ذات آلہ
جسکے آگے ہیچ ہین سب بادشاہ

بادشاہان مظہر شاہی حق
فاضلان مرآت آگاہے حق

خوبرو ہین سب مثال آئینہ
عکس حق اونمین خیال آئینہ

عشق انکا جانکر عشق خدا
تو حقیقت چھوڑ کیون عاشق بنا

تو حیات عشق لے اللہ سے
خار صورت کو اٹھا دے راہ سے

در حقیقت ہین وہ جملہ خد و خال
کب ہے پانی مین دایم یہہ خیال

صورتین ہین جملہ عکس ذات حق
دیکھہ اونمین سر بسر آیات حق

چشم کو تیرے اگر ہے آگہی
جس طرف تو دیکھہ جلوہ ہے وہی

غیر پوجے حق کو جو اے ناشعور
کیا بجھے دے آگ شاہ غیور

پاک ہے شرک و دوئی سے ذات رب
اسکو معدومات سے نسبت ہے کب

یہہ جہان سب جسم ہے وہ جان جان
منکر ہے لیکن نہین ہے استخوان

چشم شیطان سے نہ دیکھہ آدم و تو
آب و خاک اسکو نہ دیکھہ اے راہرو

عکس ہے اسکا دلیکن عکس ہین
عکس مین حق کے فنا ہین بالیقین

قبلہ وحدانیت ہے اک نہ دو
خاک مسجود ملک ہرگز نہو

ہاست کو سمجھہ لے اے میان
دید احمد دید حق ہے بیگمان

برگزیدہ حق نے جب انکو کیا
رحمتہ للعالمین اس سے ہوا

ہے ثنائے مصطفےٰ حد خدا سے ہے طبق اور میوہ اس جا لائق
کب روا دو دیکھنا دو بولنا بندہ جب صاحب میں ہو اتنی فنا
غیر کو موجود جب سمجھے یہاں پیر تجھے ہے دانش عرفان کہاں
کھول چشم دل کو اے مرد خدا دیکھ ہے ایک جلوہ یہاں دیگر کجا
جبکہ دو دیکھے تو ہے بھٹکا ضرور کب ملے پھر تجھکو وہ ذات غیور
حاش للہ تو ہے اس عالم سے پاک زندگی و مرگ پر ہے شہسوار
مرغ اوڑتا ہے بغیب اندر ہوا سایہ اسکا دیکھتے ہیں جا بجا
دل ہے سایۂ سنبھائے بدن دل کا پائے کس طرح پایہ بدن
مردخوابان دل ہے مثل آفتاب چرخ پیرا بان تن اندر حامۂ خواب
روح ہا امر خدا سے جب خفی جو مثال اسکے کہوں میں نے نفی
جس جگہ قاصر ہو بحث وصف ذات قدرت حق کی وہاں ہے تعزیات
کیا ہمارے عقل جو پہونچے وہاں بال و پر ارواح کے جلتے جہاں
نقش جملہ بے خبر یا باخبر ہاتھ ہیں نقاش کے ہیں منتظر
انکو ہر دم صفحۂ امکان پر محو یا ثابت کرے وہ نقشگر
کوزہ گر کوزہ کی کاہے جب کار ساز کوزہ از خود کیسے ہوسکے دوراز
کب تلک چون فاختہ یو چیکا تو کو و کو و کو و کو و کو
مشک بے ساقی نہو پیدا کہی لے سمجھ اس بات کو اے منتہی
چشم جو رکھتا ہے تو خود کر نظر چشم نا بینا ہے از خود بے خبر
گوش رکھتا ہے تو سن اسبات کو کب صمم کو اس سخن کی بو جھے ہو

اہل دنیا ہین سبھی زندانیان — انکو مرگ دائمی ہے بس یہان
یان مگر نادر ہے یک مرد خدا — تن نہ تندان جان ہے فوق اسما
قصر ہے کیا چیز ویران کر بدن — گنج ویرانی ہین ہوے جان مین
تو برا میدان ہین اس سے گذر — غیر چاہے ہو نبی کا حکم پر
ماہ اک شب مین کرے سب برج طے — پر پہلا کیون منکر معراج ہے
ماہ سے بہتر ہے وہ دُر یتیم — ہوگیا اونگلی سے جبکی یہ دو نیم
وہ عجب جو ماہ کے شق سے ہوا — ہے بقدر حس اس عالم کے تہا
کاروبار انبیا و مرسلان — ہین برون از مہر و ماہ و آسمان
تو تو باہر جبکہ از چرخ دوار — تب نظر آوے تجھے یہہ کاروبار
تو تو راہ عشق مین ثابت قدم — جنبش مرد حق کچھہ مت مار دم
تحرک کر دے دل سے تو حرص نمود — یاد کر لے قصہ عاد و ثمود کو
خوف سے حق کے اگر چھوڑی ہوا — اسکے حضرت سے ملے تجھکو عطا
سر زمینہ قابلے ہے یہ ملک جہان — جو یہان بوئیا اسے پاوے وہان
روز محنت رو رکشت و کار ہے — روز محشر حاصل انبار ہے

اور جاننا چاہیے کہ توحید کے چار درجے ہین اور توحید کا ایک مغز اور اوس مغز کا بھی ایک مغز ہے اور توحید کا ایک چھلکا ہے اور اوس چھلکے کا بھی ایک چھلکا ہے تو توحید دو مغز اور دو چھلکے رکھتی ہے اوسکی مثال کچے اخروٹ کی سی ہے کہ ایک مغز اور دو چھلکے اوسکے ظاہر ہین اور روغن مغز کا مغز ہے پہلا درجہ یہہ ہے کہ

آدمی زبان سے تو لا الہ الا اللہ کہے اور دل سے نہ اعتقاد رکھے
یہہ منافقون کی توحید ہے دوسرا درجہ یہہ ہے کہ اس کلمے کے
معنی کا دل سے تقلیداً اعتقاد رکھے جیسے عوام الناس یا ایک
نوع کے دلیل سے اعتقاد رکھے جیسے متکلم لوگ تیسرا درجہ
یہہ ہے کہ آدمی مشاہدہ سے دیکھے کہ سب کے اصل ایک ہی ہے
اور سب کاموں کا ایک ہی فاعل ہے اور کسیکو کوئی کچھہ کر ہی
نہیں سکتا یہہ ایک نور ہے کہ دل میں پیدا ہوتا ہے اسی نور سے
یہہ مشاہدہ حاصل ہوتا ہے اور یہہ مشاہدہ عوام الناس اور
متکلمین کے اعتقاد کے مانند نہیں اسواسطے کہ اونکا اعتقاد ایک
گرہ ہے کہ تقلید یا دلیل کے حیلے سے دل پر لگا لے اور یہہ مشاہدہ
دل کا کھل جاتا ہے یہہ سب گرہوں کو کھول اور قیدوں کو اوٹھا
دیتا ہے مثلاً ایک شخص اگر کسیکے کہنے سے اپنے دل میں یہہ اعتقاد
کرے کہ فلانا سردار گھر میں ہے یہہ عوام الناس کی تقلید کی
مثال ہے کہ اونہوں نے اپنے ماں باپ سے سنا اور دوسرا شخص
دروازے پر گھوڑے اور غلام کو دیکھکر اعتقاد کرے کہ فلانا
سردار گھر میں ہے یہہ متکلمین کے اعتقاد کی مثال ہے کہ اونہوں نے
دلیل سے جانا اور تیسرا شخص اوس سردار عالم کو گھر میں دیکھہ لے
یہہ عارفون کی توحید ہے کہ وہ مشاہدہ کرتے ہیں تو ان تینوں
شخصوں میں بڑا فرق ہے اگرچہ توحید کا بڑا درجہ ہے

لیکن تاہم عارف اسدرجہ پر پہونچکر خلق کو بھی دیکھتا ہے اور
خالق کو بھی جانتا ہے ۵ اور دیر اللہ سے واصل اور غیر مخلوق کے
شامل ہو تو اسدرجہ کی توحید مین کثرت کو دخل ہے اور عارف
جب تک دو دیکھتا ہے تب تک تفرقہ مین پڑا رہتا ہے جمع نہین
ہوتا اوسکو کمال توحید نہین کہتے چوتھا درجہ یہہ ہے کہ آدمی ایک کے
سوا دوسرے کو نہ دیکھے اور سب کو ایک ہی دیکھے اور ایک ہی
سمجھے اس مشاہدہ مین تفرقہ کو کچھہ دخل نہین ہوتا نقل ہے کہ
حسین حلاج رحمتہ اللہ نے خواص رحمتہ اللہ علیہ کو دیکھا کہ بیابان
پھرتے ہین پوچھا کیا کرتے ہو کہا توکل مین اپنے کو ثابت قدم
کرتا ہون کہا تمنے اپنی عمر تو آبادانی باطن مین گذرانے بھلا یہ کیا
توحید کے مقام کو کب پہونچوگے وہ چار مقام یہہ ہین اول
توحید منافق - یہہ چھلکے کا چھلکا ہے جسطرح اخروٹ کا اوپر والا
چھلکا اگر کھائے تو برا معلوم ہوتا ہے اگرچہ ظاہر مین وہ سبز ہوتا ہے
مگر اوسکے اندر کیطرف دیکھے تو برا ہے اور اگر جلاوے تو دھوان
ہوتا ہے اور آگ کو ہی بجھا دیتا ہے اور اگر رکھہ چھوڑے تو
کچھہ کام نہین آتا بلکہ اور جگہہ رک جاتی ہے وہ اور تو کسی کام کا نہین
لیکن چند روز اوسی اخروٹ پر لگا رہنے دین تو البتہ اندر والا
چھلکا تازہ رہے اور آفتون سے بچائے رکھے اسیطرح توحید
منافق بھی اور کسی کام کی نہین ہان یہہ ہوتا ہے کہ منافق کے پیوست

تلوار سے محفوظ رکھتی ہے اور منافق کا پوست اوسکا بدن ہے اوسنے
توحید زبانی کی باعث سے ظاہرا تلوار سے نجات پائے یعنے قتل
نکیا گیا اور جسطرح اخروٹ کا اندر والا چھلکا جلانے کے قابل نہین
ہوتا اسی کام کا ہوتا ہے کہ اوسے مغز پر لگا رہنے دین تاکہ مغز
ہمیشہ اوسکے حفاظت اور حمایت مین رہے خراب نہ ہونے پائے
اور یہہ چھلکا مغز کی بہ نسبت ناچیز اور حقیر ہوتا ہے اسیطرح
عوام الناس اور متکلمین کے توحید بھی اسی کام کے ہے کہ اوسکی مغز
یعنے جانکو آتش دوزخ سے محفوظ رکھے یہہ توحید اگرچہ اس کام
کے ہے لیکن مغز اور روغن کی لطافت اوسمین کہان اور جسطرح
اخروت کا مغز مرغوب اور عزیز ہوتا ہے مگر جب روغن کے ساتھ
اوسکا مقابلہ کیا جائے تو یہہ ثقل اور بھوک سے جائے نہین اور
فی نفسہ کمال صفائی کو نہین پہونچا ہے پس توحید کا تیسرا درجہ
بھی کثرت اور تفرقہ و زیادتی سے خالی نہین بلکہ چوتھے درجہ کے
توحید کمال مرتبہ صاف ہے اسلئے کہ اوسمین حق ہے حق رہتا ہے
شعر یار در ما و ما در دون دوستیم تو مغز جانم اوست ما چون پوستیم
اسدرجہ کا موحد ایک کے سوا اور کسیکو نہین دیکھتا بلکہ اپنے کو بھی
بھول جاتا ہے شعر زاہد خدا کے یاد پر مت بھول رنہار تو اپنی تئین
بھولا دے اگر تو بھولا سکے تو اور جسطرح اور چیزین اوسکے
دیکھنے مین نیست ہوگئے ہین اوسیطرح وہ خود ہی اپنے دیکھنے مین

نیست ہو جاتا ہے یعنے خدا کے سوا اپنے کو دیکھتا ہے نہ اور نہ کسیکو
ہو فنا ہو تو نور حق باقی رہا جب ہوا بندہ فنا سلطان ہوا
چوب آتش مین جلے آتش بنے تو پھر اوسے مکڑے نہین کوئی کہے
اگر کوئی کہے کہ توحید کے یہہ درجے مشکل معلوم ہوتی ہین اسکی تفصیل
کیجائے تا معلوم ہو کہ سبکو ایک ہی شے کیونکر دیکھا جاے آسمان و
زمین اور خلق اور بہت سے اسباب نظر آتے ہین تو پہلا سبکو ایک
کونسی طرح دیکھہ سکیگا حالانکہ یہہ ایک نہین ہین - تو اوسکو کسطرح
سمجھایا جا سکتا ہے کہ منافق کی توحید زبانی ہے اور عوام الناس کی
توحید اعتقادی ہے اور متکلمون کی توحید دلیلی ہے ان تینون
قسمون کے توحید کو تو ہر کوئی سمجھہ سکتا ہے مگر چوتھی درجہ کی توحید کا
مفصل بیان کرنا دشوار ہے جو اسدرجے کی توحید کو نہ پہونچا ہو
لیکن اسقدر مجملاً جان لینا کافی ہے وہ یہہ ہے کہ ممکن ہے کہ بہت سے
چیزین ہون اور اون چیزون مین ایک نوع کا ارتباط ہو کہ
اوس ارتباط کے سبب سے وہ سب ایک ہو جائین چونکہ عارف کو
اسیطرح سے نظر آتا ہے تو وہ ایک ہے دیکھتا ہے - جیسے آدمی مین
بہت سے چیزین ہین دیکھو گوشت پوست سر پاون جگر معدہ
وغیرہ مگر فی المعنی آدمی ایک ہی چیز ہے مثلاً اگر کوئی شخص کسی
آدمی کے مانند جانے اور اوسکے اعضا کے تفصیل اوسکے خیال مین
نہو تو اگر اوس سے پوچھین کہ تونے کیا دیکھا تو یہہ جواب

دیگا کہ ایک آدمی کو دیکھا اور اگر اوس سے پوچھین گے کہ تو کیا
سوچتا ہے تو جواب دیگا کہ ایک ہی چیز سوچتا ہون یعنے اپنے معشوق کے
سوچ مین ہون پس وہ بالکل معشوق ہی ہوگیا اور معشوق ایک ہی
چیز ہے کسی بزرگ نے کیا خوب فرمایا ہے مثنوے

شبی در خود نگہ کردم جمال کبریا دیدم
پس از خود چون بخود رفتم ہمہ ملک بقا دیدم

مرا در عالم ناسوت چشم عقل بود انگہ
چو در لاہوت پیوستم چگویم تا چہا دیدم

بجیلے یافتم گزوی یکقطرہ ہست نقش کل
شدم در حیرتے کانجا ہمہ شاہانگدا دیدم

تجلی کرد نور قدس و من از دیدہ ہا طہرا
نظر در ہر چہ میکردم ہمہ عالم خدا دیدم

نہ من بے او نہ او لی من خود او در آمن گویم
کہ در دینم کمی گریان دو گفتن نارواد ارم

انا الحق گفتم انجا من علم نبود تیر گویم
ولی با آنہمہ خود در اصل ہمصفے دیدم

مگو با من چہ دین او ترا حرفے بما دادہ
ہمین دین ہر جواب آمد گر دین خطا دارم

پس معرفت مین کہتے ہین کہ یہہ وہ مقام ہے جو کوئی اوس مقام پر پہونچتا ہے وہ
حقیقت مین دیکھتا ہے کہ جو کچھہ عالم وجود مین ہے وہ ایک دوسرے
ساتھہ مرتبط ہے اور سب ایک ہے حیوان کے مانند ہین اور آسمان
و زمین ستارے وغیرہ اجرامی عالم کو باہم ایسی نسبت ہوتی ہے جیسے ایک
حیوان کے اعضا کو باہم نسبت ہوتی ہے اور تمام عالم کو اپنے مدبر کے
ساتھہ ایک وجہ سے ایسی نسبت ہے جیسے حیوان کے بدن کی مملکت کو
روح اور عقل کے ساتھہ کہ مدبر بدن ہین عالم تدبیر مین سب وجہون سے
ایسی نسبت نہین جیسے بدن مین اور عقل و روح مین ہے اور تاویلکے

آدمی ان اللہ خلق ادم علے صورتہ مطلب نہ جان لے یہہ باریک مضمون ہی
اوسکے فہم مین نہ آوے گا اسباب مین خاموش ہے رہنا اولی انسب ہے
اسلیے کہ یہہ بات دیوانون کی زنجیر ہلاتی ہے اور مستون کو سر درد
یاد دلاتی ہے اور ہر ایک کے سمجھہ مین نہین آتی شعر دم بخود ہوے
کچھہ کہیے یہ نات ہے حق کہا جسنے وہی مارا گیا ہے اور بیری جسنے توحید
فعلی کہتے ہین اوسکا بیان بھی اسیقدر جان لینا کافی ہے وہ یہہ ہے کہ آفتاب
ماہتاب ستارے ابر و باران و ہوا وغیرہ جسکو اسباب سمجھتے ہین
یہہ سب ایسے مسخر ہین جیسے کاتب کے ہاتھہ مین قلم اسواسطے کہ انمین سے
کوی بھی آپ سے جنبش نہین کرتا بلکہ انہین وقت پر بقدر ضرورت
جنبش دیتے ہین پس انپر کامون کو حوالی کرنا خطا ہے جیسا کہ
خلعت سرفراز یکو قلم اور کاغذ پر حوالہ کرنا خطا ہے مگر جو چیز محل نظر ہے
وہ حیوانات کا اختیار ہے اسواسطے کہ جو سمجھا جاتا ہے کہ آدمی ہی
کچھہ اختیار رکھتا ہے حالانکہ یہہ سمجھنا خطا ہے اسواسطے کہ آدمی
فی نفسہ مجبور و مضطر ہے کیونکہ اوسکا کام وابستہ قدرت ہے اور
قدرت ارادہ کی مسخر ہے حتی کہ جو ارادہ ہوتا ہے وہی کرتا ہے
مگر جب حق تعالے ارادہ کو پیدا کرتا ہے تب وہ خواہ نخواہ کوی نہ کوی
بات چاہتا ہے پس جب قدرت ارادے کی مسخر ہوگئی اور ارادہ
اسکے اختیار مین نہین - تو کچھہ بھی اوسکے اختیار مین نہین اور وہ
محض مجبور ہے - اور اسکا حال بخوبی جب معلوم ہوگا کہ تب یہہ جان

بیان افعال مرفعال

کہ آدمی کے افعال تین قسم پر ہوتے ہین پہلی قسم یہہ کہ مثلاً جب کوئی
آدمی پانی پر پانوں رکھتا ہے تو پانی کے اندر چلا جاتا ہے اور کہتے ہین
کہ اوسنے پانی کو چیر کر اوسکے ایک جزکو دوسرے سے جدا کر دیا
اسے فعل طبعی کہتے ہین دوسری قسم یہہ ہے کہ کہتے ہین کہ آدمی سانس
لیتا ہے اسی فعل ارادے کہتے ہین تیسری قسم یہہ ہے کہ کہتے ہین کہ
آدمی بات کہکر چلدیا اسے فعل اختیاری کہتے ہین مگر وہ فعل طبعی
ظاہر ہے کہ آدمی کے اختیار سے نہین ہوتا کیونکہ جب وہ پانی پر
پانوں رکھیگا تو خواہ نخواہ اوسکے گرانی سے پانی پھٹ جائیگا یہہ فعل
اوسکے اختیار سے نہین اسواسطے کہ وہ چاہے خواہ نچاہے ایسا ہی
ہوگا اگر پانی پر پتھر ہی پھینکا جائے تو وہ بیشک ڈوب جائیگا
اور ڈوب جانا پتھر کا فعل نہین اسواسطے کہ پتھر کے بھاری پن سے
ایسا ہونا ضرور ہی اور آدمی کا فعل ارادے جیسے سانس لینا
اگر غور کیا جائے تو اوسکا بھی یہی حال ہے اسواسطے کہ آدمی سانس
نہین روک سکتا کیونکہ اوسنے ایسا ہی پیدا کیا ہے کہ سانس لینے کا
ارادہ خواہ نخواہ اوسمین پیدا ہوجاتا ہے اور جب کوئی شخص چلا ہتا ہے
کہ دور سے کسی آدمی کے آنکھہ مین سوئے بیشک مارے تو وہ آدمی
ضرور بالضرور پلک جھپکا لیتا ہے اگر چاہے کہ پلک نہ جھپکائے تو
یہہ اوس سے نہین ہوسکتا کیونکہ آدمی کی خلقت یون ہی ہوئی
کہ وہ ارادہ خواہ نخواہ اوسمین پیدا ہوجاتا ہے جیسے کہ اوسکے خلقت اسباب کو

چاہتی ہے کہ پانی مین کھڑا ہو تو ڈوب جاے پس ان دونون
فعلون مین آدمی کی مجبوری معلوم ہوگئی مگر فعل اختیاری مین جیسے چلنا
اور کہنا اسمین اشکال ہے کہ اگر چاہے تو یہہ فعل کرے واگر نہ چاہے
نکرے لیکن یہہ جان لینا چاہیئے آدمی کسی کام کا ارادہ اوسیوقت کرتا ہے
جب اوسکی عقل حکم کرے کہ اس کام مین تیرے بھلائی ہے کبھی
اسمین غور و تامل کی حاجت بہی ہوتی ہے جب عقل نے حکم کر دیا کہ
اسبات مین تیری بھلائی ہے تو اوسکا ارادہ ضرور بالضرور پیدا
ہو جاتا ہے اور آدمی اپنے اعضا کو جنبش دیتا ہے جیسے دور سے
سوی پہینکتے وقت بخوف نقصان پلک جہپکانا مگر چونکہ اسبات کا علم
ہمیشہ حاضر ہے اور بداہتہ یہہ معلوم ہوجاتا ہے کہ سوی کے سبب سے آنکھہ کو نقصان
ہوگا اور پلک بند کر لینے مین بھلائی ہے اسلئے اسمین غور و تامل
کی حاجت نہین ہوتی اسواسطے کہ وہ بے تامل سمجھتا ہے کہ آنکھہ بند کرنے
مین بھلائی ہے اور بھلائی جاننے سے اوسمین ارادہ پیدا ہوتا ہے
اور ارادے کے سبب سے قدرت بالضرور کام مین آتی ہے
اس جگہہ جب تامل کر چکا تو اوسے صفت پر ہو گیا جس صفت سے
اوس جگہہ تہا اور وہی ضرورت پیش آجاتی ہے اسواسطے کہ اگر
کوئی شخص کسی آدمی کے مارنے کو لاٹھی اوٹھاتا ہے تو وہ آدمی
بالطبع بھاگتا ہے حتی کہ اگر کسی چیت کے کنارے پہونچتا ہے اور
جانتا ہے کہ کود پڑنا لاٹھی کہانے سے بڑھکر ہے تو خود بخود آہ پاؤں

ٹھیر جاتا ہے اور کود پڑنے کی طاقت نہین رکھتا اسلیے کہ پاؤن
کے حرکت ارادے کی قید مین ہے اور ارادہ عقل کے حکم کا
تابع ہوتا ہے کہ عقل کہے کہ یہہ کام اچھا ہے اور کرنے کے لایق ہے اسواسطے
کہ اگر کوئی شخص اپنے کو قتل کیا چاہے تو اگرچہ ہاتھہ بھی رکھتا ہے
اور چھری بھی مگر نہین قتل کر سکتا اسلیے کہ ہاتھہ کی قدرت
ارادے کے مقید ہے اور ارادہ اسبات کا مقید ہے کہ عقل حکم
کرے کہ یہہ کام تیرے حق مین بھلا اور کرنے کے قابل ہے
اور عقل نہیں مجبور و مضطر ہے اسواسطے کہ وہ آئینہ کے مثل صاف ہے
اور جو کچھہ بہتر ہوتا ہے اوسکی صورت عقل مین آتی ہے چونکہ اپنا
قتل کرنا بہتر نہین ہوتا اوسکی صورت ہی آئینہ عقل مین نمایان
نہین ہوتی مگر اسوقت کہ آدمی کسی ایسے بلا مین پھنسا ہوجسکا
متحمل نہین اور اپنے کو قتل کر ڈالنا اوس بلا سے بہتر جانتا ہے
پس اسکو فعل اختیاری اسوجہ سے کہتے ہین کہ اسکی بھلائی تمیز
مین آتی ہے ورنہ جب یہہ فعل بالضرور ظاہر ہوا تو سانس لینے
اور آنکھہ بند کر لینے کی ضرورت کے مانند ہوگیا اور اون دونون
فعلون کی ضرورت پانی مین ڈوب جانے کی ضرورت کے مثل ہے
اور یہہ اسباب ایک دوسرے سے وابستہ ہین اور سلسلہ اسباب کے
علقے بہت ہین اور حق تعالے نے قدرت جو آدمی مین پیدا کی ہے
یہہ اوس سلسلہ کے علقون مین سے ایک علقہ ہے یہین سے

آدمی گمان کرتا ہے کہ مجھے ہی اختیار ہے حالانکہ یہہ گمان کرنا محض
غلط ہے اسواسطے کہ آدمی کو تو اوس سے فقط اتنا ہی علاقہ ہے
کہ آدمی اوسکے گذرگاہ ہے پس آدمی اختیار اور قدرت کا محل
اور مہر ہے کہ حق سبحانہ تعالے اوسمین پیدا کر دیتا ہے پس چونکہ
درخت ہوا کے سبب سے ہلتا ہے اور اوسمین حق تعالے نے قدرت
اور ارادہ کچھہ نہین پیدا کیا لہذا درخت کو کوئی بھی محل قدرت
و ارادہ نہ سمجھا پس اس ہلنے کا نام اضطرار محض رکھا اور چونکہ
حق سبحانہ تعالے جو کچھہ کرتا ہے اوسکی قدرت اوسکے سوا اور کسی
چیز کی مقید نہین تو اوسے اختراع کہتے ہین اور چونکہ آدمی نہ
ایسا ہے نہ ویسا ہے اسواسطے کہ اوسکی قدرت اور ارادہ اور ہے
اسباب سے تعلق رکھتا ہے جو اوسکے اختیار مین نہین تو اوسکا فعل
نہ تو حق تعالے کے فعل کے مانند ہوتا ہے تاکہ اوسے خلق و اختراع
کہین اور چونکہ آدمی محل قدرت و ارادہ ہوتا ہے کیونکہ حق تعالے
اوس مین بالضرور قدرت و ارادہ پیدا کرتا ہے تو وہ درخت کے
مثل بھی نہوگا کہ اوسکے فعل اضطرار محض کہین بلکہ ایک اور ہی
قسم ہوتی ہے لہذا اوسکے لیئے اور ہی نام تلاش کیا جیسے کسب کہتے ہین پس
اس سب بیان سے ظاہر و معلوم ہوا کہ اگرچہ آدمی کا کام آدمی
ہی کے اختیار مین ہے مگر چونکہ وہ اپنے نفس کے اختیار مین مجبور
و مضطر ہے چاہے خواہ نہ چاہے تو فی الحقیقت اوسکے اختیار مین

کچھہ بھی نہین اگر کوئی کہے کہ یہہ یہی بات ہے تو ثواب و عذاب کیون ہے
اور شریعت کسواسطے ہے اسلیئے کہ آدمی کا تو کچھہ اختیار ہے نہین
پس اوسکا یہہ جواب ہوگا کہ یہہ وہ مقام ہے جسمے توحید در شرع
اور شرع در توحید کہتے ہین اس دریاے عمیق مین اکثر ضعیف الایمان
غرق ہوجاتے ہین اس بھنور سے اوسیکا بیڑا پار ہوتا ہے جو پانی پر
چل سکے اگر پانی پر نہ چل سکے تو بہلا تنا دری ہے کر سکے بہت لوگ
تو یون ڈوب نے سے بچے کہ اس دریا مین پیر ہی نرکہا تاکہ غرق
نہو جائین اور عوام الناس اسے جانتے ہی نہین انکے حال پر ہی
مہربانی ہے کہ نہین اس دریا کے کنارے آنے ہی نہ دین کہ ناگاہ
ڈوب جائین اور جن لوگون نے دریا توحید مین پاؤن رکھا
اونمین اکثر اس سبب سے ڈوبتے ہین کہ پیر نا نہین جانتے اور
شاید کہ اونہین پیر سکنے کی سمجھہ ہے نہین ہوتی یا خود اپنے اوپر
مغرور ہوکر اوسے طلب نہین کرتے اور اس دریا مین ڈوب
جاتے ہین اسواسطے کہ جانتے ہین کہ ہمارے اختیار مین کچھہ ہی نہین
خدا ہی سب کچھہ کرتا ہے اور جانتے ہین کہ ازل مین جسکے نسبت
شقاوت کا حکم کر چکا تو وہ کوشش کر کے اوسے پہنچ نہین سکتا اور
جسکے نسبت سعادت کا حکم ہو چکا ہے تو جہد و کوشش کرنیکی حاجت ہے
نہین یہہ عقیدہ رکھنا باعث جہل بلکہ موجب ضلالت ہے اور
ہر خید کے ان امور کے حقیقت کتاب ہذا مین لکھنا نہ چاہیے لیکن جب

سلسلہ سخن یہانتک پہونچا تو یہہ اجمالاً بیان کرنا لازم آیا جانا چاہئے
کہ عقاب اسوجہ سے نہین کہ تجھہ سے بُرا کام صادر ہوا اور حق تعالےٰ
تجھپر خفا ہوکر اوسکے عوض عقوبت کرتا ہے اور ثواب بانیوجہ
نہین کہ تونے اچھا کام کیا اور وہ تجھہ سے خوش ہوکر اوسکے صلہ مین
تجھے خلعت عنایت فرماتا ہے اسواسطے کہ یہہ باتین حق سبحانہ تعالےٰ
کے شان عفت سے دور ہین مگر خون یا صفرا یا اور کوئی غلط جب
تیرے بدنمین غالب ہوجاتا ہے تو اوس سے ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے
اوسے بیماری کہتے ہین اور جب دو ادار و کا اثر غالب ہوتا ہے
اوس سے ایک حالت پیدا ہوتی ہے اوسے صحت کہتے ہین اسیطرح
جب خواہش اور غصہ تجھپر غالب ہوتا ہے اور تو اونکا قیدی
ہوجاتا ہے تو اوس سے ایک آگ پیدا ہوکر جانین لگتی ہے جسسے
تیری ہلاکت کا سبب ہے اسیواسطے جناب رسالتمآب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا ہے اَلْغَضَبُ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ یعنے جب غصی کو تونے اپنی
اوپر مسلط کرلیا وہ غصہ نہین بلکہ آگ کا ایک ٹکڑا ہے اور جسطرح
نور عقل کا قوی ہونا خواہش اور غصہ کی آگ کو بجھاتا ہے اسیطرح
نور ایمان دوزخ کی آگ کو بجھا دیتا ہے اور دوزخ کہتی ہے
جز یا مؤمن فان نورک اطفأ نارے[1] تو یہان دوزخ ایمان سے فریاد
کرتی ہے بات جیت درمیان مین نہین ہوتی بلکہ دوزخ کو یہہ نور

[1] ہٹ اے مومن تیرا ایمانکا نور میری آگ کو بجھای دیتا ہے ۱۲ منہ

دیکھنی کی طاقت نہین ہوتی اسطرح بھاگنے لگتے ہی جیسے مچھر ہوا سے
بھاگ جاتے ہین تو خواہش کے آگ بھی نور عقل کے سامنے سے بھاگ
جاتی ہے عذاب کے واسطے دوسرے جگہہ سے کوئی چیز نہ لائینگے
تیری ہے چیز تجھے دینگے اِنَّمَا هِيَ اَعْمَالُكُمْ تُرَدُّ اِلَيْكُمْ پس تیری ہی
اور تیرا ہی غصہ آتش دوزخ کی اصل ہے اور وہ تیرے ساتھہ
تیرے باطن مین موجود ہین اگر عین الیقین ہوتا تو البتہ اونہین
دیکھتا جیسا حق تعالے ارشاد فرماتا ہے كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ
حکایت ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنی بیٹے کی شادی کی شاہزادہ
جس رات کو اپنی دولہن کے پاس جانا چاہا بہت سی شراب
پی لی جب مست ہوا دولہن کے تلاش مین نکلا خلوتخانہ مین جانیکا
قصد کیا راہ بھول بھٹک کر گھر سے باہر نکل آیا اور چلا یہانتک کہ ایک
مقام پر پہونچا ایک گھر دیکھا اور چراغ نظر آیا اور سمجھا کہ دولہن کا
گھر ہے مین نے پایا جب اندر گیا کچھہ لوگون کو سوتے دیکھا سر خید بیدار
کسیسے جواب نہ پایا سمجھا کہ سب سوتے ہین ایک شخص کو دیکھا کہ نئی چادر
منہہ پر تانی ہے اپنے دلمین کہا یہی دولہن ہے اوسکے پہلو مین
لیٹا اور اوسپر سے چادر اوتاری تو دماغ مین خوشبو پہونچی کہا کہ
بیشک یہی دولہن ہے کہ خوشبو ملی ہے اوسکے ساتھہ جماع کرنے لگا
اور اپنی زبان اوسکے منہہ مین دیدی اوسکی نمی اوسے پہونچی
سمجھا کہ میری مدارات کرتی ہے اور گلاب چھڑکتی ہے جب صبح

اور شاہزادہ ہوش مین آیا دیکہا تو اوس حجرہ کو آتش پرستونکا
مقبرہ پایا جو لوگ اوسکے دالست مین سوتے تہے وہ حقیقت مین
مردے تہے اور جسکی نئی چادر تہی جسکو اپنی دولہن سمجہا تہا وہ
ایک ڈراونی صورت بدشکل بوڑہیا تہی وہ دو چار دن کے عرصہ کی
مردہ تہی اور وہ خوشبو کافور وغیرہ کی تہی اور وہ رطوبت جو
شاہزادہ کو پہونچی تہی وہ اوس بڈہیا کی نجاست اور ناپاکی تہی
اپنے کو دیکہا تو تمام بدن نجاست مین بہرا ہے اور اوسکے لعاب دہن
منہہ کا مزہ کڑوا ہے چاہا کہ اس ندامت اور رسوائی اور آلودگی
کے مارے مرجاے اور ڈرا کہ ایسا نہو کہ میرا باپ نیے بادشاہ اور
اوسکے فوج و سپاہ اس حالت سراپا نجاست مین مجہے دیکہہ پاے
وہ اسی سوچ مین تہا کہ بادشاہ معہ افسران لشکر اوسکے تلاش مین
آپہونچا اوس سے ان خرابیون مین دیکہا شاہزادہ نہایت نادم
اور اس امر کا عازم ہوا کہ اگر زمین پٹ جاے تو مین سما جاؤن
تا اس ذلت و رسوائی سے نجات پاؤن - اب جاننا چاہیے کہ
جسطرح زہر کہانا آدمی کو بیمار کر دیتا ہے اور بیماری آدمی کو قبر مین
لیجاتی ہے اس بات مین نہ کسیکا غصہ ہے نہ انتقام اسیطرح معصیت
اور شہوت آدمی کے دل کو بیمار کر دیتی ہے اور وہ بیماری تیری
آگ ہو جاتی ہے اور وہ آگ آتش دوزخ کی جنس سے ہے اس جہانکی
آگ کے جنس سے نہین اور جسطرح سنگ مقناطیس بمقتضاے مجانست کو

اپنے طرف کھینچتا ہے اوسیطرح دوزخ دوزخیکو اپنے طرف کھینچتے ہے
اس مین کسیکے عوض کو دخل نہین اور ثواب کا حال بھی اسی پر قیاس
کر لینا چاہیے اسواسطے اسکا بیان باعث طوالت ہوگا یہہ تو اس
اعتراض کا جواب ہوگا جو کہا گیا تہا کہ ثواب و عقاب کیون ہے
اور شریعت کسواسطے مقرر ہوئی رسولون کو کس لئے بہیجا اوسکا
بیان اجمالاً یون کیا جاتا ہے کہ یہہ بھی ایک حکومت اور زبردستی ہے
تاکہ خلق کو جبراً قہراً زنجیر مین باندہکر بہشت مین لیجا جیسا کہ امام
ابو احمد غزالی رحمتہ علیہ نے اپنی تصانیف مین فرمایا کہ رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اَتَعْجَبُ مِنْ قَوْمٍ
یُقَادُوْنَ اِلَی الْجَنَّۃِ بِالسَّلَاسِلِ یعنے کیا تعجب کرتا ہے تو اسی قوم سے
جو کھینچے جاتی ہے جنت کیطرف زنجیر دنمین وَاَنْتُمْ تَهَافَتُوْنَ
عَلَی النَّارِ وَاَنَا اٰخِذٌ بِحُجَزِکُمْ یعنے پروانے کیطرح تم اپنے
آپ آگ پر گراتے ہو اور مین تمہاری کمر پکڑ کر کھینچتا ہون گرنے نہین
دیتا۔ پس پیمبرون کی بات حق تعالے کی جباری کی زنجیر کی
ایک لکڑی ہے کہ اوس سے سمجھ پیدا ہوتا کہ راہ کو برائی سے
نہ پہچان لین اور پیمبرون کے ڈرانے سے ہراس پیدا ہوا اور
یہہ معرفت و ہراس آئینہ عقل پر سے غبار دور کر دے
تاکہ یہہ بات کہ راہ دنیا سے راہ آخرت اختیار کرتا ہے
آئینہ عقل مین نظر آئے اور یہہ نظر آنے سے راہ آخرت اختیار کرنا

ارادہ پیدا ہوا اور ارادے کے سبب سے خواہ نخواہ حرکت
کرین اسواسطے کہ اعضا ارادے کے تابع ہین اور اس زنجیر مین
باندہکر جبراً قہراً دوزخ سے بچاتے ہین اور بہشت مین لیجاتے ہین
اور انبیا علیہ السلام کی مثال اوس چرواہے کی سی ہے جو
بکریون کا گلہ رکہتا ہو اوسکے داہنی طرف پہاڑ ایک سری بہری
چراگاہ ہو اور بائین طرف پہاڑ ایک غار ہو کہ اوسمین بہت بہیڑیے
ہین پس یہہ چرواہا غار کے کنارے استادہ ہوکر لاٹہی ہلاتا ہے
تاکہ بکریان لاٹہی کے خوف سے پہر جائین اوس غار کیطرف
نہ اُٹہن چراگاہی کیطرف چلے جائین پیمبرون کے بہیجنے کا یہی قاعدہ
ہے۔ اب رہی یہہ بات کہ اگر روز ازل مین بندی کی شقاوت
کا حکم کیا ہے تو کوشش و محنت سے کیا فائدہ ایک وجہ سے یہہ بات
صحیح ہے اور ایک باعث سے غلط یہہ صحیح بات تیری ہلاکت کا
سبب ہے اسواسطے کہ جس کیلئے نسبت شقاوت کا حکم ہو چکا ہے
اوسکی علامت یہہ ہے کہ یہہ بات اوسکے دلمین ڈالی تاکہ وہ کوشش
باز رہے نہ بیج بوئے نہ کہیت کاٹے اور حق تعالے نے کسیکے حق مین
یون حکم فرمایا ہو کہ یہہ بہوک کے مارے مرجائے اسکی علامت یہہ ہے
کہ یہہ بات اوسکے دلمین ڈالدے کہ ازل مین جب یہی حکم ہو چکا
ہے کہ فاقونکے مارے مرجاوگے تو مجہے روٹی کہانے سے کیا فائدہ
تو وہ روٹی کو ہاتہہ نہ لگائیگا اور روٹی نہ کہائیگا حتی کہ بالضرور

مرجائیگا اور کہیگا کہ اگر محتاجی کا حکم کیا ہے تو بیج بونے سے
کیا فائدہ ہوگا یہہ سمجھکر نہ بوئیگا بلکہ کھیتی ہی نہ کائیگا اور حق تعالے
نے جسکے سعادت کا حکم کیا ہے اوس سے یہہ سمجھا دیتا ہے کہ جسکے بہت
مالدار ہونے اور زندہ رہنے کا حکم کیا ہے اوس سے اسباب
تونگری اور اسباب حیات کا حکم کیا ہے یعنے زراعت اور تجارت
کرے اور روٹی کھاے پس یہہ حکم نادرست نہین بلکہ اسباب سے
علاقہ رکھتا ہے اور حق تعالے نے جس سے جس کام کے واسطے
پیدا کیا ہے اوس سے اوس کام کے اسباب مہیا کر دیتا ہے یہہ
نہین کہ بے سبب اوسے اوس کام تک پہونچاے اسواسطے رسول
مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہے اعملوا فکل میسر لما خلق لہ
پس جو اعمال و احوال حق تعالے جبراً قہراً سرزد کراتا ہے اوسسے تو
اپنے عاقبت کی بشارت معلوم کر لینا چاہیے جب علم پڑھنے مین
جہد و تکرار غالب ہو تو جان لین کہ یہہ اسبات کی بشارت ہے
کہ سعادت امانت و خلافت کا حکم کیا ہے بشرطیکہ پوری کوشش
کیجائے اور بیکاری اور سستی چھوڑ دے اگر بیکاری اور سستی
غالب ہو تو یہہ بیہودہ بات ہے اگر روز ازل مین جہالت کا
حکم کیا ہے تو تکرار سے کیا فائدہ تو یہان سے اپنی جہالت کا
حکمنامہ پڑھ لین اور جان لین کہ یہہ اسبات کی علامت ہے
کہ کوئی امامت کے درجے کو ہرگز نہ پہونچیگا غرضکہ آخرت کے امور کو

دنیا کے کامون پر قیاس کر لینے سے معلوم ہو سکتے ہین جیسا کہ حق تعالیٰ
فرماتا ہے مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ اور فرماتا ہے
سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ جب یہہ حقایق پہچان لیے جائین تو یہہ
تینون اشکال اوٹھہ جائینگے اور توحید ثابت ہو جائیگی اور معلوم
و ظاہر ہو جائیگا کہ شرع اور عقل اور توحید مین اہل بصیرت کے
نزدیک کچھہ تناقص نہین اب یہان سے اقسام تجلیات کا بیان
آغاز ہے صاحب المرصاد فرماتے ہین کہ تجلی عبارت ہی ظہور
ذات اور صفات حضرات الوہیت جل وعلا سے اور روح کو
بھی تجلی ہے لیکن فرق تجلی روحانی اور ربانی مین یہہ ہے کہ
تجلی روحانی کو قوت فنا کی نہین اگرچہ بر وقت ظہور از اوصاف
بشری کرے اور وقت حجاب کے باز بشریت عود کرے اور
تجلی روحانی مین طمانیت دل حاصل نہین ہوتی اور ذوق معرفت
تمام حاصل نہین ہوتا اور تجلی حق جلشانہ کی اسکے بر خلاف ہے اور
تجلی روحانی مین غرور و پندار ظاہر ہوتا ہے اور عشق حق زیادہ
کرتی ہے اور تشنگی زیادہ نموتی ہے ؎ سوز دل خستہ از
وصالش ننشست ۔ وین تشنگی ز آب زلالش ننشست ۔
تیرنگ وجود و نقش ہستی برخاست ۔ در سر ہوس عشق جمالش
ننشست ۔ لیکن تجلی حضرت حق جلشانہ کی روکنے سے
تجلی ذات اور تجلی صفات اور تجلی ذات و صفات

ہوتی ہے تجلی ربوبیت اور تجلی الوہیت ۔ جیسا کہ تجلی زکوت
حضرت موسی علیہ السلام کو حاصل تھی کہ پہاڑ طفیلی تھا نہ وہ طفیلی
پہاڑ کے کیونکہ پہاڑ پارہ پارہ ہوا اور حضرت موسی علیہ السلام
بیہوش رہے لیکن ربوبیت پرورندہ تھے کہ حضرت موسی علیہ السلام
کو سلامت اور باقی چھوڑے فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ
خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا اور تجلی الوہیت جناب رحمتہ للعالمین
حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھے تا جملہ ہستی تباراج دے
اور عوض وجود محمدؐ ذات الوہیت ثبات فرمایا کہ اِنَّ الَّذِيْنَ
يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ پس کمال اس سعادت کا
کسی انبیا علیہم السلام کو نہیں دیا تجلی صفات دو گونہ پر ہوتی ہے
تجلی صفات جمال اور تجلی صفات جلال اور تجلی صفات جمال بھی دو نوع
کی ہوتی ہے صفات ذاتی اور صفات فعلی صفات ذات بھی دو گونہ
صفات نفسی اور صفات معنوی صفات نفسی وہ ہے کہ خبر مخبر اوس سے
دلالت کرے ذات پر باری تعالے کے نہ اوپر اس معنی کی کہ زیادتی
ذات پر چنانچہ موجودی و واجدی اور قایم بنفسی اگر بہ صفت
موجودی تجلی کرے لیکن فِیْ جُبَّتِیْ سِوَی اللّٰہ کہے واگر کیفیت قایم
بنفسی کے تجلی فرماوے پس سالک سبحانی ما اعظم شانی کے شان پیدا کرے
اور صفات معنوی وہ ہے کہ خبر دلالت کرے معنی اور زیادتی
ذات پر مانند علم اور قدرت اور حیوۃ اور ارادت اور سمع و بصر

وکلام اور بقا کے پس بصفات عالمی کے تجلی ڈالی تو علم لدنی ہوئے
مانند حضر علیہ السلام کے اور اگر قدرت سے تجلی کرے جیسا کہ
حضرت جناب رحمتہ اللعالمین محمد مصطفے علیہ الصلوٰۃ والسلام نے
صرف باشارہ انگشت مبارک چاند کے دو ٹکڑے فرمایا اور
یک مشت خاک سے اہل لشکر کو ہزیمت دے وَمَا رَمَيْتَ إِذْ
رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ اگر بصفت مریدی کی تجلی فرماوے
جیسا کہ عثمان حبری قدس سرہ کو تھی کہ فرمایا کہ باتیس سال سے
کہ حق تعالےٰ تمام وہ چاہتا ہے جو میں چاہتا ہوں اگر بصفت لطف
کے تجلی کرے کہے ؎ زان روی کنون آئینہ روے تو ام تو
از دیدۂ تو بروے تو می نگرم تو بقول حضرت توقیر ؎ آئینہ روے
این این دل دیوانہ ام تو این دل دیوانہ ام آئینہ روے اوست
واگر بصفت سمع کے تجلی فرماوے چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو
آواز مورچہ سنائے دی - اگر بصفات حیات کے تجلی کرے جیسا
حضرت خضر اور الیاس علیہم السلام کو حیات جاویدانی ہے اور اگر
بصفت کلام کے تجلی کرے جیسا کہ وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا واگر
بصفت لقا تجلی فرماوے رفع انانیت انسانی اور ثبوت صفات
ربانی کرے يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ حضرت منصور قدس سرہ نے
اس مقام میں فرمایا بینی وبینک انی یزاحمنی فارفع بجودک انانی
من البین لیکن صفات فعلی مانند خالقیے اور رازقی اور احیا اور ممات سے

اگر بصفت رزاقی کے تجلی فرماوے جیسا کہ مریم علیہا السلام کو تھی
وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا
اور صفت خالقی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تھی وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ
الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ اور بصفت احیا ابراہیم علیہ السلام
تجلی کیا رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى اور بھی عیسیٰ علیہ السلام کو تھی
وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ اور صفت امانت حضرت بایزید قدس سرہ
تھی کہ نظر حضرت کے ابوتراب مرید پر پڑی تو فی الحال زندگانی
کو جواب دیا۔ اور صفت جلال بھی دو گونہ ہے صفات ذات
اور صفات فعل۔ صفات فعل کو امانت میں ذکر کیا گیا اما صفات
ذات دو نوع کی ہے صفات جبروت اور صفات عظمت
جبروت میں متجلی ہوے تو نور بے نہایت بے کیف غایت بسیط
میں ظاہر ہووے فنائے صفت انسانیت کر دے اور محو آثار ہستی
انسانی رہووے اور شعور اوپر فنا کے بھی نہ رہے صعقہ عبارت
اس حالت سے ہے اور صفات عظموت بھی دو طرح کی ہوتی ہے
صفت حی و قیومی اور صفت کبریائی اور قہاری صفت قیومی
اور حی فنا الفنا اور بقاء البقا بخشی اور نور ظاہر ہووے کہ سر گز خفا
نہ قبول کرے اور ایسا طلوع کہ غروب نہووے يُضِلُّ اللّٰهُ
مَنْ يَّشَآءُ اور تجلی صفات جمال کو کبھی ستر ہووے
اور کبھی تجلی کسلئے کہ مقام تلوین ہے لیکن جلال مقام تمکین ہے اور

دورنگی اوسے اگرچہ سخت نادر ہووے چنانچہ ابوسعید مجلس میں
ابوعلی کے فرمایا کہ اس جذبیت کو ہمشگی ہے کہا نہیں دو مرتبہ یہہ ہے
کلمہ زبان پر لاکر تیسرے بار کہا کہ اگر ہووے تو نادر ہو ابوسعید نے
پھر فرمایا کہ یہہ وہ ہے نادر ہوا اور نعرہ کئے اور چکر میں آئے اس مقام
میں وہ جو کچھہ کہ ایمان تہا نمودار و منکشف ہوا اور دورنگی ہجر
اور وصال کی نرہے حقیقت لا الہ الا اللہ اس جا میں متجلی ہووے
کہ بت وجود بالکل برخاست کیا ؎ کے بود یار ما جدا ماند ۔ تو
من و تو رفتہ و خدا ماند ۔ اگر صفت کبریائے اور عظمت اور
قہاری کے متجلی ہو تو سالک وہ جو کچھہ کہ پایا ہوگم کردے اور
حیرت قایم مقام اوسکے ہوجاوے اور علم و معرفت ساتہہ جہل اور فکر
مبدل کردے یہہ جہل بالائے تمامی علموں کے ہے ؎ مرتبہ زدنی فیہ
تحیرا ۔ پس اس جا علماء اہل صفیہ فرماتے ہیں سالک دریا صفت
ہووے اور تمام وجود مستغرق اس جذبیت کا ہوجاوے
تا کہ تشنگی سے لب خشک رہیں اور دیدہ تر ؎ ما بحر ای لعل لست
نجون و لہا تشنہ ۔ چشم تو بدیدار تو چون ما تشنہ ۔ سر دم دل
بروئے تو تشنہ تر است ۔ این طرفہ کہ دریا شدہ دریا تشنہ ۔ اگر
ساتہہ اس صفات کے موجودات پر تجلی فرماوے قیامت قایم
ہووے رقم کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ کی ناصیہ پر موجودات کے کرے
اور ندا سے لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ کی دے اور خود لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ

رباعی از عشق مہے چو بر لب آمد جانم تو گفتم تکنی بوصال خود درمانم تو
گفتا اگرت وصال من می باید تو رو ہیچ مان تا کہ ہمہ من مانم تو
بندہ کو یہہ راہ ہدایت ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے از خود راہ دے
کی اور ارنی کہا لن ترانی سنے اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو
خود ہی لیگیا۔ کہ سبحان الذی اسری بعبدہ مقام قاب قوسین
ادا دینے کے پہونچے دیکھے وہ جو کچھہ کہ دیکھے رباعی باعشق جمال ما
اگر ہم نفسے تو یک حرف بس است اگر ہمہ ہستی در تو کسی تو تا تو
توی گفت درمانرسی تو درما تو گہی رسی کہ درمانرسی تو
وصول آنحضرت صلعم نہ قبیل جسم بجسم ہے یا عرض بجسم یا عالم معلوم کے
تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا بلکہ عنایت اور جذبہ سے اوسکے ہے
جو تجلی کہ ظہور حق کی ہے اوپر دیدہ دل پاک سالک کے وہ از روے
کلیہ چار نوع کی ہے آثاری اور افعالی اور صفاتی اور ذاتی
آثاری وہ ہے کہ صور جسمانیات مین کہ عالم شہادت ہے بسائط علوی
اور سفلیات اور مرکبات سے ہر صورت مین کہ حضرت حق کو
دیکھے اور عین رویت مین جزم جانے کہ حضرت حق ہے اور جمیع
تجلیات آثاری سے تجلی صوری اور صورت انسان مین مشاہدہ
کرنا اتم و اعلیٰ ہے اور تجلی افعالی متمثل بانوار متلونہ دکھلائے
دیتی ہے یعنے حضرت حق کو صورت نور سبز اور نور سرخ اور نور زرد
اور نور سفید مین دیکھے اور تجلی صفاتی وہ ہے کہ حضرت حق بصفات

سبعہ ذاتیہ کے کہ حیات اور علم اور قدرت اور ارادت اور
سمع اور بصر اور کلام ہے متجلی ہووے کبھی ہووے کہ تجلی صفاتی
متمثل ساتھہ نور سیاہ کے رہے یعنے حق کو متمثل صورت نور سیاہ
مین دیکھے اور تجلی ذاتی وہ ہے کہ سالک اوس تجلی مین فانی مطلق
ہووے اور علم اور شعور اور سمجھہ مطلق نرہے اور تجلیات مذکور
بحسب صفا اور اکوار اوقات متجلی علیہ کے متفاوت ہے اگرچہ
حضرت حق کو تجلی ہے لیکن اگر خود مظہر حق یعنے دیکھے کہ خود حضرت
حق ہے اتم و اکمل ہے کس لئے کہ بہ تحقق ضمن آثار مین زیادہ ہے
اور جمیع مراتب تجلیات مذکورہ مین حضرت حق کو دیکھتا باخود
مظہر حق ہونا طریق تصفیہ مین واقع ہے اور سنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کا
ندا اِنِّیْ اَنَا اللّٰہُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ کے اور حدیث رَاَیْتُ رَبِّیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ
وَمَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ شہود عدول ہین اپنے پر تجلیات ہے
اور بقا باللہ کہ بحسب حال کاملان واصل کو حاصل ہوتا ہے
وہ یہہ ہے کہ بعد فنا کے سالک تجلی ذاتی اور بقاء حق مین باقی ہووے
اور اپنے کو بے تعین جسمانی اور روحانی کے دیکھے اور اپنے علم کو
محیط ذات تمامی ذرات کائنات کے مشاہدہ کرے اور متصف
بجمیع صفات الٰہی کا ہووے اور قیوم اور قدیر اوپر تمامی عالم کے
ہووے اور کوئی چیز اپنے سوا نہ دیکھے ؎ بہر صورت نمودی
ذات خود را ۔ گہے بر شکل آدم گاہ حوا ۔ تو او طرفہ بزرگی کہ دارد

رنگہاے بے شمار و طرفہ بے شکلی کہ دارد و شکلہاے صد ہزار و

بیان مقامات فقر

اسی سالک فنا کہ اعظم احوالات اور مقامات فقیر ہے تین قسم پر
ہوتی ہے۔ فنا فی الافعال اور فنا فی الصفات اور
فنا فی الذات پس فنا فی الافعال سے عبارت خارج ہونا
سالک کا اپنے اختیار سے اور اختیار جمیع عالم سے یعنے حرکات
اور سکنات و اقوال و افعال سے اپنے اور دوسرے سے نسبت کرنا
اور اپنے اور دوسرون سے جاننا یہہ تمامی کو حق کے ساتھہ
نسبت کرے اور اپنے افعال کو بہ نسبت حضرت حق ایسا خیال
کرے کہ حرکات کلیدیہ نسبت دست اور حرکات مردہ بہ نسبت
غسال کے اور کوی چیز کو کسی سے نسبت نکرے کہ نزدیک
اہل طایفہ عالیہ صوفیہ کے شرک اور کفر یہی ہے ؎ صیاد ازل
کہ دانہ در دام نہاد ۔ مرغی بگرفت و آدم اش نام نہاد ۔ تا مرغ
بدی کہ در جہان میگذرد ۔ خود میکند و بہانہ بر عام نہاد ۔
تا وک اندر کمان خود دارد ۔ شاہد ان را بہانہ در ابر ۔ اور
فنا فی الصفات وہ ہے کہ سالک جمیع صفات اپنے کو اور
صفات کو دوسرونکے صفات حق سے جانے یعنے ہر صفت صفتہاے
اپنے کو اور صفتان کو دوسرونکے کہ علم اور ارادت و مشیت
و قدرت وغیرہ کا ہووے جیسا کہ پہلی بخود اور دوسرون سے
نسبت کیا تہا اوسے اپنے اور دوسرے سے جاننا تہا وہ تمامی کو

حضرت حق کے نسبت کرے اور صفت حضرت حق جانے اصلاً
اور مطلقاً اپنے اور دوسرون کے نسبت نکرے کسلئے کہ یہہ بہی
نزدیک فرقہ صوفیہ کے شرک کہلاتا ہے شعر گویم بہر زبان و
سرگوش نشنوم تو دین طرفہ تر کہ گوش و زبانم پدید نیست تو
وَمَا یُؤْمِنُ اَکْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُشْرِكُوْنَ اور فنا فی الذات
اوس سے عبارت ہے کہ سالک اپنے ذات کو اور تمام عالم کو
بذات حضرت حق کے دیکہے اور جانے یعنے یقین جانے کہ حضرت حق
مرتبہ سے اطلاق کے نزول فرماکر ساتہہ اس صورت واشکال کے
ظاہر ہوا ہے تمام وہی وہ ہی غیر نہین ؎ ہر چہ بینی یار ست
اغیار نیست تو غیر او خبر وہم و خبر نیدار نیست تو اور بزرگون سے
منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ عَرَفَ
نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ پس جسنے پہچانا اپنے نفس کو کہ مین حق کن
ساتہہ اس شکل و شمائل کے جو ظاہر ہوا پس تحقیق شناخت کیا
پروردگار عالم کو اور یہی آنحضرت نے فرمایا ہے عَرَفْتُ رَبِّیْ
بِرَبِّیْ یعنے تا انکہ مین ہون حق کو نہین شناخت کرسکتا ہون
جسوقت کہ خود کو گم کردیا حق جانا ہے ؎ تا توی از خدا
نیابی بو تو خود نباشی خدا نماید رو تو لیکن اس فنا کو ترتیب ہے
اگر سالک اس ترتیب سے سلوک طے کرے تو البتہ مقصود اعظم
کہ خداشناسی اور وصول الٰہی ہے حاصل ہوگا اسی سالک اول جا

کہ تمامی عالم کو ایک آئینہ فرض کر لیوے اور اوسمین مدام حال حق
دیکھتا رہے اور اس نسبت مین ایسا مقید ہو رہے کہ ایک لحظہ
ولمحہ دل سے اور دیدہ سے فوت نہونے پاوے اور اس خیال مین
مدام مستغرق رہے مصرع ای خنک حالی کہ در آئینہ دیدی روی
یا مثل اس حال کی تجلیات مین طرح طرح کی چیزین نمودار ہونگے
اور بہت لذت میسر آئیگی بعد ازان اوس سے ترقی کرے
اور تمام عالم کو حق جانے اور حق دیکھے اور ایسا تصور کرے
کہ تمام حق ہے کہ ان صورتون اور شکلون مین ظاہر ہے
ھُوَ الظَّاھِرُ ھُوَ الْبَاطِنُ رباعی ای غیرتر البسوے تو سیری نہ
خالی ز تو ہیچ مسجد و دیری نہ ؛ دیدم ہمہ طالبان و مطلوبا نم
کان جملہ توئے و درمیان غیرے نہ ؛ اس خیال مین ایسے
مداومت کرے اور غرق ہو جاے کہ کوئی ساعت اس خیال اور
تصور سے خالی نرہے اثنای اس تصورات مین چیزہاے عجب
دکھلائی دینگے اور لذتین گوناگون پاجائینگے بعدہ ترقی کرے اور
اپنے کو درمیان سے اوٹھا دیوے اور نفی اور نیستی مین اپنے کو
اثبات کرے یعنے چشم پوشیدہ ایسا تصور کرے کہ جسکو کہ مین جانا
مین نہین ہون حق ہی حق ہے کہ اس صورت مین ظاہر ہوا ہے
اور اس ہی تصور مین مداومت اور مواظبت کرے تاکہ خود کو
فراموش کرے اور اپنے کو اور تمام عالم کو حق جانے اور حق دیکھے

ز انراکہ من تکلیفتش اکنون نمی دانم چہ شد تو بسیار رو بدر استبش
اکنون نمی دانم چہ شد تو جبکہ یہ تصور غالب آیا پس اپنے کو فراموش
کر دیا اب بینندہ اور دیدہ شدہ ایک ہوگیا اور حجاب برخاست اور
حضور حق حاصل ز کہ ہمون شاید و ہمون مشہود تو غیر او نیست
در جہان موجود تو روز آن تو بودیم نمی دانستیم تو شب با تو غنودیم
نمی دانستیم تو گفتم مگو از سعی بجا بر سم تو خود تفرقہ آن بود نمیدانستیم تو
تو مباش اطلاکمال اینست ویس تو رو در رو گم شو وصال اینست ویس
پس بیخود ہونا اور محو ہے جانا یہ ہی ہے اور فنای قلبی اور نفسی
اسی مقام سے اشارہ ہے رباعی انراکہ فنا شیوہ و فقر آئین ست تو
نے کشف و یقین نہ معرفت و نے دین است تو رفت او زمیان ہمین خدا
ماند و خدائی تو اَلْفَقْرُ اِذَا تَمَّ هُوَ اللّٰه اینست تو بزرگون نے فرمایا کہ صوفی
وہ نہین ہے جو جلسہ ہائے ریائی کھینچے اور خلوۃ واسطے نمایش کے اور ریاضت
واسطے شہرت کے بقول حضرت شاہ بوعلی قلندر قدس سرہ ز نفس کا
کیش و زدی در کمین تو بہر شہرت نشینی اربعین تو بلکہ صوفی وہ ہے
خود درمیان نہ ہے اس جا سیر کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۔ اور
کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِهٖ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ظاہر ہو و واللہ علم بالصواب
شعر شایقان راہمین قدر است کافی تو مریض راہ دین راہست شافی تو

مناجات منظومہ مولف

بسم الله الرحمن الرحیم

الٰهی انت مولی انت معبود — الٰهی انت باقی انت موجود
الٰهی انت خالق انت خلاق — الٰهی انت رازق انت رزاق
الٰهی انت خالق جمله مخلوق — الٰهی انت رازق کل مرزوق
بحق باعث ایجاد عالم — که آمد نور پاکش فخر آدم
بحق موجب تخلیق آدم — که ذاتش گشت اصل جمله عالم
محمد سرور دین صاحب تاج — مکن جز خویش سوی غیر محتاج
بجاه آن علی شاه مردان — تو نفس سرکشم را زیر گردان
به آن خواجه حسن بصری آلهی — بردن کش کشتیم را از تباهی
به عبد الواحد آن خواجه دین — به محشر کن جنیم نور آگین
به آن خواجه فضیل ابن عیاضم — رهای ده ز مرض القباضم
به آن سلطان ابراهیم ادهم — بگردان از غرق بحر درد عشقم
به آن خواجه حذیفه قطب عالم — ترقی ده به عالم حال و قالم
به آن خواجه امین الدین هبیره — نگاهم را کن اندر خویش خیره
به آن خواجه علو ممشاد دینور — مکن ما را ز لطف خویش مهجور
به قطب الحق ابو اسحاق شامی — شراب بی خودی نوشان مدامی

بحق خواجه بو احمد ابدال | بدار از فکر غیرم فارغ البال
به خواجه ناصح الدین بو محمد | بکن روزی مرا دیدار احمد
بحق خواجه یوسف ناصر الدین | دعایم باد رزق مرغ آمین
بحق خواجه قطب الدین مودود | ز عشق خویش دارم درد آمود
به آن حاجی شریف قطب برحق | کنم روزی وصال ذات مطلق
بحق خواجه عثمان هارونی قطب دوران | دلم معمور کن از نور عرفان
به آن خواجه معین الدین آلهی | بده شوق جمال خود کماهی
به خواجه قطب دین و قطب اقطاب | نهال درد ما را دار شاداب
به آن خواجه فرید الدین آلهی | کنم در ملک عرفان پادشاهی
نظام الدین محبوب آلهی | بحقش وه الهم دین پناهی
به آن خواجه نصیر الدین محمود | مرا در ذات مطلق ساز نابود
به جاه گیسوی سید محمد | عطا کن دولت عشق محمد
به آن سید محمد شاه اصغر | بکن شمع رهم دین پیمبر
به سید شاه من الله شاه عالم | بکن بنده نوازی در دو عالم
بحق خواجه سید شاه احمد | نگهداری مرا از شر هر بد
به آن سید محمد صوفی سلطان | بجوش عشق چشم دار گریان
به سید شاه سرمند ورخدایا | بکن دور از درون من انا را
به آن سید من الله شاه ثانی | بکن آگه ز اسرار نهانی
بحق خواجه سید شاه محمد | مشرف کن مرا با سر امجد

به آن عبد اللطیف شاهِ شاهان ... ز عشقت سینهٔ ما گرم گردان

بحق خواجه سید شاه حیدر ... ز نورت باطنم را کن منور

به شه عبد اللطیف شیخ ثانی ... دلم را بخش درد جاودانی

به ثانی خواجه سید شاه حیدر ... امانم ده خدایا روز محشر

به آن سید محمد شاه علی پیر ... خدنگ عشق خویشم ساز نخچیر

بحق شاه قطب الدین احمد ... بگردانم فنا فی النور سرمد

به آن نصیر الدین احمد خواجهٔ ما ... شوم در دین احمد جاده پیما

بحق شه معین الدین ذیشان ... مرا کن محرم اسرار عرفان

بحق آن شه مرزا حسن نام ... حسن کن خاتمه با نور اسلام

بذات بدر الدین شاه عرفان ... الٰهی عاقبت ما خیر گردان

انا عاصی الٰهی انت غفار ... ندارم جز توئی حافظ مددگار

خداوندا توئی کشاف اسرار ... با نوار تجلی معرفت کار

قلوب مومنان را زان تجلی ... مجلی کردهٔ چون نور بینی

کریما پے نیاز اکار سازا ... تو بر ما فضل کن بندہ نوازا

نداری یا الٰهی نا امیدم ... همائی اوج عرفان با دصیدم

حسینؔ عاجز مسکین گدا ام ... غریبم بیکسم پے آشنا ام

بروز حشر با این خواجگان دار ... طفیل مقبلان زیر امان دار

تمت

قطعہ تاریخ طبع از نتائج طبع وقاد جناب مولوی محمد عبدالحق صاحب طالب مدرس مدرسۂ منصبداران صرف خاص

کتابی خان ذی شان کرد تالیف — چو شاہد دلکش است تحریر عارف
مضامینش صفای دل بہ بخشد — سراپایش بود تصویر عارف
پئے طبعش مدد کردہ ابوالخیر — کہ عارف میکند توقیر عارف
بہ بزم سال طالب آمد و گفت — سن تالیف او تقریر عارف

۱۳۰۳ ۲۶۱

قطعہ تاریخ طبع اوشاعر باکمال منشی امداد حسین صاحب عازم

میرے مخدوم خان صاحب نے — کیا ہے بہتر لکھا ہے یہہ نسخہ
جسکی مدت سے ایک تمنا تہی — للہ الحمد وہ طبع ہوا
اپنے تالیف سے لکھی وہ کتاب — جسکے ہر حرف مین ہے ایک نکتہ
معنی و مطلب و عبارت کو — دیکھکر خوش ہر ایک شخص ہوا
سال کی فکر تہی جو عازم کو — ہاتف غیب سے یہہ آئی صدا
کہدے تاریخ از سر عجبت — خوب نادر کتاب ہی لکھا

۱۳۰۳

ولہ

میرے مخدوم خان صاحب نے — کی ہے تصنیف ایک کتاب عجیب
جسکے دیکھے سے نور دل مین آئے — جس سے ملجائے دین کی راہ قریب
سال تاریخ کی تہی فکر بہت — طبع کے دن بہی آگئے تہی قریب

اتنے مین دل سے یہہ کہا عازم
کہدے نسخہ ہے یہہ (عجیب و غریب)

۱۳۰۳

اعلان

مولف نے اس کتاب کا حق تالیف من

مشتہر کو بخشدیا ہے اسلئے اسکا حق تالیف

ہر طرح پر محفوظ ہے کوی صاحب اسکو بلا اجازت

مولف نہ چھاپین نفع کے بدلے نقصان اوٹھاوین

المشتہر

ابو الخیر محمد علی

مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

بہ عون جوہر افروز سخن پرگوہر وقایع نادرہ الوا

موسوم بہ

ارژنگ بجنارہ

مصنفہ شیخ محمد مخدوم تحصیلدار بجنارہ ساکن تھانہ

بہون ضلع مظفر نگر

اہتمام سے مولوی خواجہ یوسف علی و منشی محمد امیر الدین کے

مطبع آگرہ اخبار میں چھپا

فہرست کتاب ارزنگ تجارہ

نمبر شمار	نام صفحہ	ذکر بیان
۱	۱	دیباچہ کتاب
۲	۳	حال آبادی قصبہ تجارہ
۳	۶	ذکر حکومت راجہ تیجپال جادوے
۴	۷	ذکر احوال خانزادہ ہا
۵	۱۸	ذکر حکومت افغانان
۶	۳۳	ذکر حکومت خاندان تیموریہ
۷	۳۵	نام موضع اصلی و داخلی و رقبہ برد و پیمایش اکبر شاہ مع جمع سنہ ۱۲ فصلی
۸	۴۴	ذکر طوائف الملوکی
۹	۵۷	بیان حصول سروت مہاراجہ پرتاب سنگھ جیو بہادر
۱۰	۶۱	ذکر حکومت مہاراجہ بختاور سنگھ جیو بہادر
۱۱	۷۱	بیان حال بلونت سنگھ جیو
۱۲	۷۹	بیان فرخندہ فال مہاراو راجہ سوائی بنے سنگھ جی صاحب بہادر دام اقبالہ
۱۳	۸۲	حال خیریت اشتمال مہاراجہ سوائی شودان سنگھ جیو بہادر دام اقبالہ
۱۴	۹۴	ذکر انتظام جناب فیضمآب مسٹر طامس کیڈل صاحب بہادر ولیسی
۱۵	۹۷	خاتمہ کتاب مشتمل باحوال متفرق ہمطرز جغرافیہ
۱۶	۱۰۲	نام موضع اصلی داخلی و قوم بسوہ داران و تعداد رقبہ بجریب دہ گز

نمبر شمار	نام صفحہ	ذکر بیان
۱۷	۱۰۹	تعداد کل مردمان پرگنہ تجارہ حسب تفصیل ذیل
۱۸	۱۱۴	شہر الور
۱۹	۱۱۷	قصبہ پرگنہ رام گڑھ
۴۰	۱۱۹	قصبہ پرگنہ گوبند گڑھ
۴۱	۱۲۱	قصبہ پرگنہ کٹھور
۴۲	۱۲۳	قصبہ پرگنہ لچھمن گڑھ
۴۳	۱۲۵	قصبہ پرگنہ راجگڑھ
۴۴	۱۲۹	پرگنہ تھانہ غازی
۴۵	۱۳۲	پرگنہ قصبہ بانسور
۴۶	۱۳۵	پرگنہ قصبہ بھروڑ
۴۷	۱۳۸	پرگنہ قصبہ منڈاور
۴۸	۱۴۱	پرگنہ قصبہ کشنگڑھ
۴۹	۱۴۳	سپاس خدا
۳۰	۱۴۴	ملتمس
۳۱	۱۴۵	تاریخ طبع زاد مؤلف



بسم اللہ الرحمن الرحیم

عندلیب زبان کو ستایش و نیایش چمن آرائے جہان کی مجال نہین بلبل
دستان سرا بیان کو حمد و ثنا گلشن پیرائے گیہان مین طاقت مقال نہین
گلستان ناطقہ ترشح سحاب قدرت اوسکی سے سرسبز و شاداب اور
بوستان مکالمہ چکید گی ابر صنعت اوسکی سے نزہت افزا و سیراب نخل
سخن کو جو وہ قوت نامیہ نہ بخشتے بڑھنے سے رہ جاے اور نہال معنی کو
اگر وہ تر و تازگی مدے برگ و بار نہ لائے شاخ سطور مضامین رنگین اوسکی
عنایت سے گلدستۂ گل ہے اور پھول مطالب تازہ اوہی کی لطف سے
غارتگر متاع دل بلبل سبحان اللہ ریاض روشن بیانی کیا باغ ہے جسکی
فضاے پُر بہار سے دل خزان داغ داغ ہے نسیم خوشگوار اس حدیقہ

جنت نظیر کی آبجیات سے ہے مردون کا زندہ ہونا اوسکی فیض سے ادنی بات
ہے دارا کی دارائی سکندر کی کشور کشائی نوشیروان کی عدالت حاتم کی
سخاوت اوسی کے ذریعہ بر صفحہ اعلان ورنہ صدہا برس کے مردون
کا کہان نشان ہے الحق سخن جان ہے اور معنی روح روان ؎

سخن گر نہ جانست بنگر بہوش چرا مردم مردہ ماند خموش

لیکن جوہری ہی اس جواہر کو پہچانے اور قدردان ہی اوسکی قدر جانے
جب تک کوئی قدر کرنیوالا ہی نہ پائے جوہر معنی کسکو دکھلائے ہزار
ہزار شکر خدا نے یہہ دن دکھلایا کہ جوہر شناس فضل وہنر کا دامن ہاتھہ آیا
جس قدر طالع رسا پر ناز کرون بجا ہے اور جہان تک بخت بلند پر فخر
کرون روا ہے کہ ارسطوے دوران بقراط زمان مرکز دائرہ فہم وفراست
قطب سمار دانش و بلاغت گوہر شبچراغ بحر حلم معدن جواہر زواہر علم
نکتہ سنج دقیقہ آشنا کنہ رس عقدہ کشا جناب فیض مآب مسٹر طامس کیڈل
صاحب بہادر وسی پولیٹیکل ایجنٹ راج الور ہنر پرور جوہر فروشان اور
جواہر شناس ہنر پروران ہے آفتاب اوسکے دل روشن سے اقتباس
ضیا کرتا ہے اور ماہتاب ضمیر پر تنویر اوسکے سے دامن نور بھرتا ہے
دانش مین وہ عاقل فرزانہ ہے اور حکمت مین افلاطون زمانہ میدان دلاوری

کارستم دستان ارکیہ عدل پر نوشیروان زمان سخاوت مین حاتم طے ہے
خلق مین حضرت مسیح کی پے بہ پے نظم ونسق مین ثانی اکبر اور حکمرانی مین
ہمصولت نادر آوازہ قدرشناسی اوسکا آویزہ گوش جہان ہے اور شہرہ
ہنرپسندی شہرت افزاے جہان وجہانیان جو اوسکی طبع دانش کو طرف
سخن کی لگاو ہے اور زبرکی سے دریافت حالات کا دل مین ازبس چاہ
بنابران یہہ ہیچمدان محمد مخدوم تھانوی کہ پرورش کریمانہ اوس حضور سے
بعہدہ تحصیلداری مامور واسطے ہدیہ نذر کے احوال نادر پردہ خفا سے
باہر لایا اور نام اس نگارستان مانی کا ارژنگ تجارہ رکھا ؎

گر قبول افتد زہے عز وشرف

ناظرین باتمکین ہمت مردانہ سے عیب پوشی مین سعی کرین اور سمند زبان کو
آہوگیر نفرماوین طعنے سے زبان نکتہ چین روک ✤ رکھ لے میری الہنامہ مین نوک ✤

حال آبادی قصبہ تجارہ

مدت آبادی قصبہ تجارہ مین روایات مختلف ہین اہل ہنود یقین رکھتے ہین
کہ پانچہزار برس سے اوس نے صورت ظہور پائی ہے اور اپنے اعتقاد کو وہ
یون ظاہر کرتے ہین کہ عہد سلطنت جرجودھن ولد دھرت راشٹر مین سرجیت
اس ملک کا راجہ تھا اور موضع سرہٹہ کو جو تجارہ سے دو کوس جانب

مشرق زیر کوہ آباد ہے دارالحکومت اپنا رکھتا تھا تیج پال خلف الرشید اوسکا
ایک روز شکار کنان اس نواح سے گذرا وہ کہ یہہ ویرانہ سرسبزی اور شادابی
سے باکیفیت نظر آیا بنا بر آن اوسکو خیال آبادی پیش نہاد ہوا چنانچہ ساعت سعید
مین اوسنے طرح آبادی ڈالی اور نام اسکا ترگزنگ رکھا شاستر مین ترتین
کو کہتے ہین اور گزنگ گڑہ کو وہ کہ اوسوقت مین یہان بھی تین گڑہ واقع
تھے اسلئے ساتھہ اس نام کے موسوم کیا مدت مدید گذرنے اور کثرت
استعمال زبان خلائق سے ترگزنگ کا نجارہ مشہور ہوگیا اور مہابھارت
تاریخ ہندی سے آشکار ہے کہ عہد سلطنت جرجودھن کا آخر دواپر مین ہوا ہے
جوکہ دور کلیگ کے اسوقت سمت ۳۰ ۱۹ بکرماجیت تک چار ہزار نوسو تہتر برس
سپری ہوئے لہذا حکومت سمرماجیت کو مدت پانچہزار برس گذرتے ہین شک
نہین اسوجہہ سے آبادی نجارہ کو بھی پانچہزار برس ہوتے ہین لیکن اہل اسلام
اسمین اعتراض رکھتے ہین کہ طوفان نوح علیہ السلام کے صدمہ سے
جسکی طغیانی کو قریب پانچہزار برس کے ہوئے کسی آبادی یا عمارت کا نشان
باقی نہین رہا نظر بران کیونکر یقین کیا جاوے کہ آبادی نجارہ پانچہزار برس
کی ہے اور علاوہ اسکے مدت پانچہزار برس کی کوئی عمارت یا علامت
یہان نظر نہین آتی یہہ بھی اوسکے عدم صحت کی دلیل اور تاریخ مرات مسعودی

مین حوالہ قلم ہے کہ وقت یورش ہند سلطان محمود سبکتگین کے سنہ چارسو بیس
ہجری مین سید ابراہیم بارہ ہزاری صاحب اوستاد حضرت سید سالار مسعود
غازی کے دھندگڑہ متصلہ قصبہ ریواڑی پر تشریف لاکر عازم غزا ہوئے تھے
دھندپال راجہ مقابلہ سے عاجز آکر قلعہ خام ریواڑی کو پاس تیجپال برادر خود کے
فرار ہوآیا متعاقب اوسکے لشکر اسلام بھی ریواڑی مین پہنچا وقت شب تیجپال
نے شبخون مارا بارہ ہزاری صاحب شہید ہوئے ہمراہیان اونکے نے داد
مردانگی دی کہ میدان نبرد سے موڑ نہ پھرایا بالآخر تیجپال تجارہ کو بھاگ آیا
سید دوست محمد نانا بارہ ہزاری صاحب بھی اوسکے پیچھے آئے اور
محاصرہ کرکے تیجپال کو گرفتار کرلیا اور ریواڑی لیجاکر بعد کرنے مسلمان کے
نام اوسکا جلال خان رکھا اور خانہ زاد خطاب دیا اور ہنگام گرفتاری تیجپال
کے چارسو ار لشکر اسلام سے شہید ہوئے کہ منجملہ اونکے ایک حضرت
رکن عالم شہید کہ مزار بزرگ اونکا قریب گنبد تاتار خان رقبہ موضع کالیا کے
موجود ہے دوسرے روشن شہید صاحب کہ اونکی زیارت نزدیک
درگاہ حضرت میران جی صاحب کے ہے تیسرے بھکن شہید صاحب کہ درگاہ
اونکی آبادی کے متصل طرف کربلا واقع ہے اور ایک شہید کو بحالت
زخمداری یہانسے طرف کوٹ قاسم کے لیگئے تھے چنانچہ اس حال مندرجہ

تاریخ مذکور سے ظاہر کہ آبادی تجارہ کی آٹھ سو ستر برس سے پہلے کی ہے پس
ہزار برس کا اوسکی بسگت پر گمان کرنا چاہیے صحیح دریافت نہین ہوتا کہ کسنے
اوسکو آباد کیا اور کس سال مین اور تجارہ نام کسوجھہ سے رکھا گیا ٭

ذکر حکومت راجہ تیجپال جادون

کسی تاریخ سے ظاہر نہین ہوتا کہ کبھی کوئی راجہ اس تجارہ مین ہوا ہے اس سبب
سے یقین کہ سابق مین یہہ قصبہ بطور موضع کے آباد رہا ہے مگر عوام الناس مشہور
رکھتے ہین کہ راجہ تیجپال یہان حکمران ہوا ہے اور وہ تیجپال راجپوت جادون
نژاد راجہ بجھن پال سے تھا نکہ راجہ سمر ماجیت والی سرہٹہ جب قلعہ بجھن گڑہ پر
مسلمانون کے متصرف ہونے سے راجپوت جادون ہر طرف متفرق ہوئے
اکثرون نے پیشہ قطاع الطریقی اختیار رکھا اور جس کسیکو کہین کوئی جگہہ دستیاب
ہوئی اوسنے وہان سکونت اختیار کی عجب نہین کہ اوسکی اولاد سے کسیوقت
قابو پاکر تیجپال نامی کوئی تجارہ مین آرہا ہووے جو محل کہ محلہ مردہونمین
واقع ہے اور مردہہ اور شیخ اوسمین رہتے ہین اوسکو تعمیر تیجپال سے بتلاتے
ہین اگرچہ تحقیق نہین کہ راجہ تیجپال کس عہد مین ہوا ہے لیکن قیاساً چھہ سو برس
حکومت تیجپال کو خیال کرتے ہین اور اولاد تیجپال سے کوئی شخص نامی گرامی
نہین ہوا جو معروف و مشہور ہو ٭

ذکر احوال خاندادہا

واضح ہو کہ نسل سے مہاراج سری کشن راجہ متھرا کے جو قوم سے جادون راجپوت تھے اور اوتار مشہور ہین بارہ پشت بعد تھن پال نامے ایک راجہ ہوا ہے قلعہ تھن گڑہ قریب شہر بیانہ کے اوسنے احداث کیا ۵۹۳ھ ہجری مین شہاب الدین غوری نے قلعہ تھن گڑہ کو مفتوح کیا اور حکومت وہانکی بہاوالدین طغرل کو عنایت رکھی راجہ باندپال خلف الرشید راجہ تھن پال مفرور ہو کر ایک مدت آوارہ دشت ادبار رہا ۶۰۳ھ بکرماجیت مین اوسنے اجانگڑہ جو قصبہ کامہ سے دو کوس ہے آباد کیا اور سکونت سے قرار پاکر اوس نواح مین ایک درویش حقیقت کیش شاہ الک نام رہتے تھے باندپال خدمت بابرکت اونکی مین حاضر رہا اور دعا شاہ صاحب سے فارغ البال رہکر مقاصد دلی کو پہنچا بعد انتقال راجہ باندپال کے اینتی پال اوسکا پسر اور اوسکے بھتیجے اینتی پال ولد انتی پال اجان گڑہ مین استقامت گزین رہے اوہان پال خلف اینتی پال نے بالائے کوہ موضع کلناچپور پرگنہ تجارہ موضع دورالہ بسایا کہ مکانات ویران اوسکے نشان آبادی دیتے ہین اور انسراج پسر اوہان پال نے موضع سرہٹہ مین بود و باش اختیار کی انسراج کے چند پسر حسب ذیل ہوئے ابنی - جاسی - لکھن پال - لکھن سی - دھرم سی - کونھ راج - چنانچہ دھرم سی

لاولد گیا اور ابنی وجاسی ولکھن سی و گوتھہ راج کی اولاد سیو ہوگئی کہ اب
وہ گوتوال میو مشہور ہین اولاد ابنی کی نگینہ اور جاسی کی موضع بھاوس
پرگنہ فیروزپور جھرہ مین ہے اور لکھن سی کی نیلی مین اور گوتھہ راج کی جامرودہ
پرگنہ کشنگڑہ مین اور لکھن پال بجاے پدر موضع سرہٹہ مین آباد رہا۔
لکھن پال کے دو پسر ہوئے ایک سانبھر پال دوسرا شوپر پال وہ دونون بعہد
فیروزشاہ بارہک کے ۷۵۸ھ ہجری مین شرف اسلام سے مشرف ہوئے
اور بعد داخل ہونے دائرہ اسلام کے سانبھر پال باسم ناہر بہادر اور
شوپر پال ساتھہ نام جھجو خان کے موسوم کئے گئے پوتھی جاگا خانزادہا مین
درج ہے کہ سانبھر پال نے شکار شیر کیا تھا ناگاہ سواری فیروزشاہ آگئی
بادشاہ نے بدریافت اس شجاعت کے سانبھر پال کا ناہر بہادر نام رکھا
اور اونکے مسلمان ہونیکی دو روایت ہین ایک یہہ کہ وہ برغبت دل طرف
اسلام کے مائل ہوکر مریدون مین حضرت نصیرالدین اودھی چراغ دہلوی
کے داخل ہوئے دوم جو وہ ہمیشہ پیشہ غارتگری رکھتے تھے کہ جسکی
تصدیق کتاب پیشت نامہ خانزادہا سے ظاہر اسوجہہ سرکار شاہی سے
گرفتاری اونکی عمل مین آئی اور لائق گردن زدنی قرار پائے تب حفاظت
جان کے لیے اُنھون نے اسلام قبول رکھا اور وہ کہ خانزادہا بیان رکھتے ہین کہ

باعتبار قومیت ہمارے بزرگون کو خطاب خان جادون ملا ہے نظر برآن لقب
اصلی ہمارا خان جادون ہے اور عوام غلطی سے ہمکو خانزادہا کہتے ہین
یہہ قرین راستی نہین در اصل لقب اونکا خانہ زاد ہے کہ بادشاہون سے
اکثر خطاب خانہ زادی لوگون کو ہوا ہے اور خانہ زادی بادشاہ کو ہر ایک
فخر سمجھتا تھا اور بجز اہل مراتب کے کوئی اوس سے خطاب نہین کیا جاتا
تھا اور جب کوئی ہندو مسلمان ہوتا تھا اوسکو بھی خانہ زاد قرار دیتے تھے
تاریخ فرشتہ مین زیب ارقام ہے کہ فیروز شاہ بار بک ایک لاکھہ خانہ زاد رکھتا
تھا درینصورت اصلیت یہی ہے کہ لقب خانہ زادہا کا خانہ زاد ہے چنانچہ
چھجو خان نے سکونت موضع گھاگس متعلقہ پرگنہ فیروزپور جھرا اختیار کی اور ناہر
بہادر سرہٹہ مین رہا اور عنایت شاہی کے سبب معزز و رئیس ہوات ہوا اور
قلعہ کوٹلہ جسکا نشان بالاے کوہ واقع قبض و دخل ناہر بہادر مین تھا چنانچہ
سنہ ۹۳۰ ہجری مین ابوبکر شاہ بن ظفر خان بن سلطان فیروز شاہ بار بک نے
خوف سے سلطان ناصر الدین محمد شاہ عم خود کے فرار ہوکر قلعہ کوٹلہ مین
پاس ناہر بہادر کے پناہ پکڑی تھی اور ہنگام رونق افروزی امیر تیمور صاحب
قران کے بمقام فیروزآباد اوسی قلعہ سے ناہر بہادر نے جوڑہ طوطی سفید
بطریق تحفہ نذر بھیجا کہ منظور نظر امیر تیمور ہوا مگر ہر کمالے را زوالے بقا بجز

ذات باری کے کسی کو نہین ہے کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْت کے ہر ذی روح کو
صلاء عام ہے فقیر ہو یا بادشاہ موت سبکے ساتھہ لگی ہوئی ہے جب پیمانہ
عمر ناہر بہادر کا لبریز ہوا قضا کشان کشان جھامو واس مین لیگئی آشکارا ہووے
کہ جھامو واس ایک موضع ہے پرگنہ کشنگڑہ مین قریب فتح آباد کے اور جھامو رانا
قوم ٹھاکر چوہان نے اُسکہ آباد کیا تھا اور رانا مذکور کی دختر رشک قمر ناہر بہادر
سے کنخدا تھی مسلمان ہونے ناہر بہادر سے جھامو رانا آتش کینہ مجمر سینہ مین
مشتعل رکھتا تھا یعنی ہلاکت ناہر بہادر کی درپے تھا جو ناہر بہادر بنظر قرابت
اوسکے گھر گئے اوس نامرد نے مدارات سے غافل کر کے ناہر بہادر کو
شہید کیا قبر ناہر بہادر کی جھامو واس مین موجود ہے اور ناہر بہادر نو پسر
مفصلہ ذیل رکھتا تھا شاہ محمد بہادر خان ملک علاو الدین شہاب خان اہرود
سورج خان نور خان نظام خان فتح خان بعد شہادت ناہر بہادر کے تقسیم ملک
مقبوضہ کی اوسکی اولاد مین بدین تفصیل عمل مین آئی شاہ محمد کو پرگنہ جھجھر و
ربواڑی ملا اور بہادر خان کو الور بہروڑ و اسمٰعیل پور و کھلورہ و بھرکول
و بالٹیہ و حسن پور و بڑودہ میو اور بہادر پور کو بہادر خان نے آباد کیا
اور جہار محال مصرحہ ذیل حصہ ملک علاو الدین مین آئے تجارہ رسکن ہرسولی
بھٹیانہ ظاہر ہو کہ ملک علاو الدین نہایت جری و شجاع تھا بدریافت حال

قتل ناہر بہادر پدر اپنے کے جھانسو واس مین جاکر اوسنے جھانسو رانا کو قتل
کیا اور محفوظ و سلامت واپس آیا تجارہ مین ملک علاوالدین مسکن گزین
رہا متصل تحصیل جوگنبد ہے وہ مقبرہ ملک علاوالدین ہے اور خانزادہا
سکنائے تجارہ و شاہ آباد و بھڈوسی و سوراواس و کلگانو و موسی پور و
اودے پور و بیگن ہیڑی و خضر پور و پاٹن اولاد ملک علاوالدین سے
ہین اور ساکرس و پہاڑی و کھوہ کلان و نگر حصہ شہاب خان مین آئے اور
شہاب خان عارف باللہ ہوئے مزار اونکا واقعہ پہاڑی راج بھرت پور مین واقع
ہے تاریخ شہادت شہاب خان کی بہہ ہے ✣ قطعہ تاریخ

برمزار شہاب خان شہید — میرسد صبح و شام خلق خدا
جست سال شہادت او شعیب — گشت از غیب ذوالجلال ندا ۸۰۱


اور اہرودکے ایندور و ناوڑو و پاٹودی اور سورج خان کی شہنہ اور
نورخان کے بروجی و اوجنہ و کریڑہ اور نظام خان کے مانڈی کھیڑہ و
نگینہ و ساٹھاواڑی اور فتح خان کے سونکھ سونکھری و کٹومر قسمت مین
آئی سابق خانزادہا معزز و تامور رہے اور جاگیرات بھی اونکی قایم تھی الحال
کوئی جاگیردار نہین رہا زمینداری یا نوکری سے بسر اوقات کرتے ہین عہدہ
چودھرات زمانہ اکبر بادشاہ سے اونکے خاندان مین چلا آتا ہے کہ درینولا

امیر خان و ننھے خان چودھری مقرر قیام سلطنت تیموریہ تک بروے سند
شکر خان ملازم شاہ عالمگیر حق چودھرات بدین تفصیل مقرر رہا نانکار لماص
رسوم غلہ فی من نیم آنا ر۔ برتشخیص فصیدی ایکروپیہ۔ غلہ بھڑکہ از اسامی۔
ضبطانہ فی فصل یکروپیہ۔ فصلانہ فی فصل دوروپیہ۔ اب صرف پندرہ روپیہ ماہوار ملتے ہین اور
اطراف پورب مین جو خانزادہا یہانکے سابق سے گئے ہوئے ہین وہ اب بھی
ریاست دار ہین اور رسم ہنود جو اس قوم مین چلی آتی تھی بعض اونمین سے
موقوف ہوگئی اور بعض رایج پہلے یہہ لوگ آپسمین شادی بقاعدہ ہنود نہین
کرتے تھے اقوام میو و شادات وچوہانان مسلمان سے اونکی رشتہ داری ہوتی
تھی اب آپس مین مسلمانون کے طور پر رشتہ کرتے ہین مگر شادیون مین رسمیات
ہنود جاری ہین جب شادی دختر کی تاریخ مقرر ہوکر لکھی جاتی ہے چوک
پوراتے ہین یعنی چون باجرہ وغیرہ سے صحن خانہ مین شکل قلعہ بناکر اوسپر چوکی
بچھاکر ایک آبخورہ پانی کا اور ایک آبخورہ خالی ڈھکا ہوا مع دو ٹھال غلہ جو
چوکی پر رکھتے ہین اور دو ٹھال غلہ کے نیچے رکھے جاتے ہین برہمن پوجا
کرکے چٹھی بقید تاریخ شادی کے تحریر کرتا ہے چٹھی کی تہ مین گرہ ہلدی اور
دو فلوس رکھکے رنگین ڈورہ باندہ دیتے ہین اور جس تاریخ کا بیاہ مقرر
ہوتا ہے اُسی قدر گرہ ڈورے مین لگائی جاتی ہین یعنی اگر دس تاریخ ہے تو

تو دس گرہ اور بارہ ہے تو بارہ گرہ برہمن مع میراثی اوس چٹھی کو نوشہ
کے گھر لیجاتا ہے اور ساتھہ چٹھی کے یہہ سامان بھی دولہن کی طرف سے بھیجتے
ہین کھیل دھان کی دو تھیلی اوبٹنا دو تھیلی جیرہ و لنگی و ڈوپٹہ سفید اور رعن سیاہ
دو سیر مع کٹورہ اور ایک طباق اور حسب مقدور زر نقد بھی نوشہ
کی طرف والہ چار پانچ روپیہ اور جملہ سامان مع چٹھی کے رکھہ کر باقی روپیہ
واپس دیتے ہین اور چٹھی کے لیجانیوالون کو انعام دیکر رخصت کر دیتے ہین
تاریخ مقررہ شادی سے تین روز پہلے تیل اُبٹنے مین ملا کر دولہہ کے ملتے
ہین تب وہ چٹھی نقد رتاریخ شادی کی برہمن کھولتا ہے اور نوشہ اُسکو گود مین
لیکر اپنے گھر لئے جاتا ہے منڈھے کے روز کہ برات سے ایک دن پہلے ہوتا
ہے جانبین کونڈہ بیجل بھرتے ہین خانزادہا بیجل کو اپنا بزرگ قرار دیتے
ہین تاریخ معہودہ کو کنگنا باندہ کر مہدی لگا کر سرخ کپڑے پہن کر دولہا بیاہنے
چڑھتا ہے تا یوم رخصت برات کہ تیسرے دن معمول ہے نیگ یعنی حق چکائے
جاتے ہین چھہ نیگ سوا اسن کے مشہور ہین کہ نتھہ دولہن کی اوس سے تیار
ہوتی ہے تفصیل اونکی یہہ ہے سولھوین سہاگپوڑہ چومک سنجیری مہدی
سہرہ اور بائیس نیگ میراثی اور نو نیگ حجام پدر دولہہ سے لیتے ہین
اور چمار کہار و کھاتی ولوہار و سقہ دھوبی منھیار و دائی کے نیگ

علیحدہ ہین اور برات کو اول روز شکرانہ کھلاتے ہین بعدہ پلاؤ اور
برات کے دن قبل نکاح نوشہ دروازہ پر دولھن کے جاتا ہے چوکی پر اوسکو
کھڑا کرکے چوکھا چراغ گھی کا اور دوب وڈوری و برنج تھالی مین رکھکر
آرتا کرتے ہین یعنی سات بار سر سے دولھہ کے اُتارتے ہین دوسرے دن
نوشہ کو گھر مین بُلاتے ہین رسمیات جلوہ ادا ہوتی ہین دولھن کے جونہ پر کاجل
بناکر دولھہ کی آنکھون مین لگاتے ہین پھر نوشہ دولھن کی مانگ روپیہ اور
پیسون سے سات بار بھرتا ہے اور دایہ دولھن کے سر و شانہ اور ہاتھہ پر
چھوہارے باشیرینی رکھتی جاتی ہے دولھا اوسکو اٹھالیتا ہے یہہ عمل بھی
سات بار کیا جاتا ہے زان بعد مستورات دولھہ کے کھیلین مارتی ہین اور
دولھہ اونکے۔ تیسرے دن برات رخصت کیجاتی ہے حسب مقدور پلنگ پیڑہ
ڈولہ برتن زیور جہیز مین دولھن کے دیتے ہین جب دولھن گھر دولھہ کے
جاتی ہے نابن دروازہ پر لوٹہ پُرآب مین شاخ سبز پیپل کی رکھکر کھڑی ہوتی
ہے دولھہ دولھن کی داسن بندی کرکے دولھن کو گھر مین لیجاتے ہین اور کھیر
یا چاول پکاکر سات مستورات برادری کے دولھن کو کھلاتے ہین شب
کو دودھ مٹھائی سے گود دولھن کی بھرتا ہے صرف نکاح کا ہونا طریقہ مسلمانی
ہے ورنہ یہہ جملہ رسم ہندوانہ ہین اور کوئی عمارت خانزادہا کی بنائی

اس قصبہ بنجارہ مین نہین ہے ملک علا والدین مکانات تیجپال مین آکر رہے
اونکی اولاد سے بھی کسی نے کچھہ تعمیر نہین کی وہان بعلخان نے گنبد متصلہ مقبرہ
ملک علا والدین اور نجف خان نے گنبد ندی پار کا بنایا ہے نسب نامہ ملک
علا والدین اوپر تحریر ہو چکا شجرہ اوسکی اولاد کا یہہ ہے +


ملک علاؤالدین
حسام خان
عیسیٰ خان
خلیل خان
مہر جہان خان
جہان خان
کالیخان
امام خان
بہادر خان
عمر خان
بہیل خان
رجو خان
شملت خان
دلدار خان
عالم خان
فیروز خان
لاڈ خان
اسلام خان
محمود خان
بوڈہ خان
داؤد خان
سکندر خان
محمود خان
نور خان
نواب فیروز خان
لشکر خان
فتح نصیب خان
عظمت خان
مصاحب خان
فیض اللہ خان

اور ملک علاو الدین کی اولاد صرف اسی قدر نہین کہ جو درج شجرہ کی گئی ہے
بلکہ اوسکی کثرت بدرجہ غایت ہے خوف طوالت اوسکے سے تفصیل مین
اختصار ہوکر چودھریان تجارہ و نوابان شاہ آباد پر اختتام کیا گیا اور بیٹے
اور پوتے ملک علاو الدین کے صاحب ثروت و جاگیردار بیشک رہے
مگر کوئی اونمین نامی گرامی نہین ہوا البتہ فیروز خان نے عہد شاہ جہان مین
رسوخ حاصل کرکے خطاب نوابی پایا ہے اور شاہ آباد کو آباد کیا نواب
کامدار خان و نواب محمد حسین خان اوسکی اولاد سے ہین اور عزت و لقب
نوابی سے افتخار رکھتے ہین ہان بہادر خان برادر ملک علاو الدین کی اولاد
مین کئی شخص نامور ہوئے مثل قدر خان و جلال خان و احمد خان و ملک فخر الدین
و حسن خان کے سنہ ۹۱۹ ہجری مین سلطان ابو الفتح مبارک شاہ بن خضر خان
نے قدر خان و جلال خان پر بوجہ اونکی سرکشی کے فوج کشی کی قدر خان
و جلال خان نے گڑھ الور مین جاکر پناہ پکڑی اور مدت تک محاصرہ مین رہے
آخر عاجز آکر امان چاہی اور ملازمت اختیار کی بعد ہ قدر خان و احمد خان
و ملک فخر الدین نے قلعہ اندور مین اجتماع کیا ملک سرور الملک وزیر
ابو الفتح مبارک شاہ اونکی مدافعت کو آئے اور خراج لیکر واپس گئے اور
حسن خان ساتھ راجہ سنگا کے جمعیت دس ہزار سوار سے مقابلہ بابر شاہ

کو گیا تھا کہ بموضع کانو متصل شہر بیانہ کے ۹۳۴ھ ہجری مین مارا گیا ✤

ذکر حکومت افغانان

قادر مطلق کی قدرت کاملہ مین مجال دم زدن نہین اپنی حکمت بالغہ اور رحمت کاملہ سے بفحوائے تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ جسکو چاہے سربلندی بخشے جسکو چاہے ذلیل و رسوا کرے چنانچہ افغانان لودھی ثروت و مکنت سے متمتع نہ رکھتے تھے سوداگری سے بسر اوقات کرتے تھے ملک بہرام لودھی نے ملک مردان حاکم ملتان کی ملازمت اختیار کی اور عمر اپنی نوکری مین گذاری اوسکے پانچ بیٹے ہوئے ایک ملک سلطان شہ دوسرا ملک کالا تیسرا ملک فیروز چوتھا ملک محمد پانچوان ملک خواجہ عہد سلطنت سلطان فیروز شاہ مین جب خضر خان حکومت ملتان پر سرفراز فرمایا گیا ملک سلطان شیرین ملک بہرام اوسکا نوکر ہوا چند عرصہ بعد خضر خان کی ملو اقبال خان سے لڑائی ہوئی ملک سلطان شہ نے مقابلہ مین ملو اقبال خان کو قتل کیا خضر خان نے بجلد وے اوسکے ملک سلطان شہ کو اسلام خان خطاب دیکر حکومت سرہند پر معمور رکھا اور ذریعہ ملک سلطان شہ اپنے بھائی کے ملک کالا حاکم دوراله مقرر ہوا ازوجہ ملک کالا حاملہ تھی قریب وضع حمل کے مکان اُسپر گر پڑا اور

طائر جان قالب عنصری سے پرواز کر گیا شکم اوسکا چاک کرنے سے فرزند
زندہ برآمد ہوا غور پرداخت اوسکی عمل مین آئی اللہ تعالی نے حیات بخشی
ملک بہلول اوسکا نام رکھکر ملک کالا اوسکی پرورش مین مشغول ہوا قضارا
ملک کالا بھی لڑائی مین افغانان کے مارا گیا ملک بہلول باپس عم خود ملک
سلطان شہ کے سرہند مین چلا آیا ملک سلطان شہ نے اوسکی تربیت
کی اور اپنی لڑکی سے کنخدا کر دیا مثل ہے ۵ سال کہ نکوست از بہارش پیدا
جوکہ ملک بہلول کا نصیب یاور اور بخت مددگار تھا ابتدا سے لہو و لعب
اوسنے ترک کر کے لیاقت بہم پہنچائی حتے کہ ملک سلطان شہ نے اُسکو
لائق و فائق پاکر وقت واپسین وصیت کے کہ بجاے میرے بہلول کو
قایم مقام مقرر کیا جاوے مطابق اوسکے بعد رحلت ملک سلطان کے ملک بہلول
حاکم سرہند ہوا اور حسب اتفاق ایک مرتبہ اوسنے طرف سمانہ کی گذر کیا اور
سید انام درویش سے دوچار ہوا فقیر صاحب حالت جذب مین فرما رہے
تھے کہ عوض دو ہزار ٹکہ کے ہم بادشاہت فروخت کرتے ہین ملک بہلول
نے بنظر اعتقاد ایک ہزار چھ سو ٹکے کہ اُسوقت ہمراہ رکھتا تھا پیش کئے
درویش صاحب نے قبول فرماکر ارشاد کیا کہ بادشاہی تجکو مبارک ہو اونکی
دعا ایسی اثر پذیر ہوئی کہ چند عرصہ بعد سلطان محمد شاہ بادشاہ بن فرید خان

بن خضرخان فوت ہوگیا اور سلطان علاوالدین پسر سلطان محمد شاہ تخت نشین ہوا وہ کہ سلطان
علاوالدین عقل سے بہرہ نرکھتا تھا بران اوس نے اغوائے مغویان سے حمید خان وزیر
پدر خود کو مقید رکھا اس رنج سے حمید خان نے ملک بہلول کو سرہند سے بولا کر
۸۵۵ھ ہجری مین بادشاہ مقرر کیا دوسرے برس ملک بہلول نے محمد شاہ سرفی پر
فتح پاکر طرف میوات کے نہضت فرمائی احمد خان خانزادہ بن جلال خان بن
فیروز خان بن بہادر خان نے کہ میوات مین حکومت رکھتا تھا اطاعت
اختیار کی ملک بہلول نے سات پرگنے اوس سے نکالکر تاتار خان کو حکومت
اونکی بخشی کہ سنجارہ بھی اون پرگنات مین تھا اسلئے تاتار خان سنجارہ مین
برسر حکومت رہا فبر تاتار خان گنبد واقع کالیا کے مین ہے جو آبادی سنجارہ
سے جانب مشرق بفاصلہ ایک میل واقع اڑتیس ۳۸ برس آٹھ ماہ سات روز
ملک بہلول سریر آرائے جہانداری رہا ۸۹۴ھ ہجری مین اوسنے جہان
ناپایدار سے سفر آخرت اختیار کیا اور عالم ضعیفی مین مرگ سے پہلے
سلطان بہلول نے تقسیم ملک اوپر اولاد کے پیش نہاد رکھکر شہزادہ
نظام خان عرف سلطان سکندر کو ولی عہد قرار دیا اور جون پور شاہزادہ
باربک شاہ کو عنایت کیا اور کٹرہ مانک پور شہزادہ عالم خان معروف
سلطان علاوالدین کو بخشا بعد رحلت سلطان بہلول شاہ لودھی کے

سلطان سکندر نے تاج شاہی سر پر رکھا اور عالم خان المشہور سلطان
علاوالدین برادر خود کو اول اٹاوہ دیا پھر حکومت تجارہ مرحمت کی
سنہ ۹۰۰ ہجری مین عالم خان عرف سلطان علاوالدین تجارہ مین آیا اور شہر
علاولپور درمیان پہاڑ و آبادی تجارہ کے آباد کیا محل شاہانہ اور بازار
اور مساجد و چاہات تیار کئے درمیان دونون پہاڑون کے بند خام
باندھا اور متصل اوسکے باوڑی موجودہ بنائی اور قریب آبادی تجارہ
طرف شمال ندی جاتی تھی اوسکا پل باندھا کہ علامت اوسکی موجود اور
گنبد کلان جسکو ساتھ قصہ ہنزل کے گنبد بھرتھری مشہور رکھتے ہین
تعمیر کیا اور درمیان مکانات کاغذیان و برفخانہ کے بارہ بیگھہ زمین
مین باغ پختہ لگایا گو عمارت دیوار ہا و ایوان اوسکے منہدم ہوگئے
اور اراضی مین زراعت ہونے لگی تاہم علامت باغ اوس زمین
سے پیدا ہے اب وہ قطع باغ بروے بیعنامہ محررہ شہر شعبان سنہ
مطابق سنہ ۱۱۴۵ ہجری نوشتہ الہام الدین خان بن کامگار خان افغان
موسومہ بہمن یار خان بن محمد اسلام خانزادہ عوض چہار سو روپیہ کے
قبض تصرف چودھری الٰہی بخش خان مین ہے اور واسطے آبپاشی کے
بمبہ پختہ بطور نہر کے بند سے جاری کیا اور گنبد کا پنج والہ متصل عیدگاہ

مع گنبد ناتمام قریہ محل اور نو محلہ مقبوضہ ملا ولخان اور عمارت موضع سرہٹہ اور
چار دیواری پختہ موضع خلیل پور مری و بامسٹ ہیڑی امراو شاہزادہ علا والدین سے
یادگار ہے گیلا مہاجن ساکن تجارہ مودی سرکار علا والدین کا تھا شادی
کنخدائی مین جس طرح شاہزادہ علا والدین نے دریا دلی کی گیلا مہاجن نے
بھی ناموری مین اوسی صورت کوئی دقیقہ باقی نہین چھوڑا کہ روغن زرد
کی حوضین بھروادین اور میوہ مٹھائی کے انبار کر دیئے اطعمہ اقسام
رنگا رنگ کس و ناکس کو خوان بغیار کھا چنانچہ یہہ نقل آجتک مشہور ہے
کہ مال علا والدین کا جس گیلا کا قصہ کوتاہ تا حیات مستعار حکمرانی سے
علا والدین نے حظ وافی اوٹھایا اور کار خیر تعمیر سے نقش نام آوری جمایا
تاریخ وفات اوسکی باوصف تلاش دریافت نہ ہوئی مگر مدفن اوسکا گنبد کلان
ہے اور دیگر مقابر کہ اوس گنبد مین موجود وہ اوسکے اعزا کے ہین
اٹھائیس سال پانچ ماہ سلطان سکندر لودھی نے بادشاہی کی بعد
ہم آغوشی کنار لحد اوسکے سلطان ابراہیم لودھی جانشین پدر ہوا ۹۳۲ھ
ہجری مین ظہیر الدین بابر بادشاہ نے ہندوستان پر لشکر کشی کی بمقام
پانی پت باہم سلطان ابراہیم اور بابر شاہ معرکہ جدال و قتال گرم ہوا سلطان
ابراہیم قتل کو پہنچا سلطنت نے خاندان تیموریہ مین انتقال پایا ستر برس

پٹھانون کی حکمرانی رہی بعد زوال سلطنت بھی شہر علاولپور و تجارہ پٹھانون
سے خالی نہین ہوا حال مستاصل ہونے آبادی علاولپور کا آیندہ مفصل لکھا جائیگا

ذکر سلطنت خاندان تیموریہ

پوشیدہ نرہے کہ بابر شاہ پسر ابوسعید ہے اور ابوسعید بیٹا سلطان محمود کا
اور سلطان محمود ولد میران شاہ ہے اور میران شاہ خلف امیر تیمور
صاحب قران بعد قتل سلطان ابراہیم لودھی کے بابر شاہ نے تخت دہلی
پر جلوس پاکر نقارہ کشورستانی بجایا اور دوشنبہ کے دن پانچوین جمادی الاول
سنہ ۹۳۲ ہجری کو روضۂ رضوان کی طرف کوچ کیا بہشت روزی بادتاریخ
وفات اوسکی ہے شاہزادہ محمد ہمایون سریر آرائے سلطنت و کامرانی
ہوا سنہ ۹۴۸ ہجری مین ملک میوات کا محمد ہمایون بادشاہ نے اپنے
چھوٹے بھائی مرزا ہندال کو عنایت کیا اوسی سال مرزا ہندال نے
تجارہ مین تشریف لاکر سکونت اختیار کی اور آبادی تجارہ کی قریب
گوشۂ مشرق وشمال مین قصر دلکشا اور دیوانخانہ جو ساتھہ نام محل کے
مشہور ہے اور خانزادہ اونمین سکونت پذیر واسطے رہنے کے بنایا اور
حمام اور لال مسجد اور مہمان سرائے جسکو حویلی کہیو قرار دیتے ہین اور
پل جو بند قاضیون کا مشہور ہے تعمیر رکھی حمام کہ پیش مسجد تھا منہدم

ہوگیا مسجد قایم ہے لیکن وہ بہمہ وجوہ شورش شبر شاہ افغان کے باعث
تیار نہین ہونے پائی اور پل اور بند قاضیان بضرورت روکنے ندی
کے باندھا تا صدمہ ندی سے مکانات کو آسیب نہ پہنچے اور سر راہ وضع
اسلیم پور کے باغ معروفہ اندھیری اوجالی مع بنگلہ وچاہ کے چالیس بیگھہ
مین نصب کیا جو مع ساٹھہ بیگھہ اراضی و دو دہنہ چاہ متعلقہ کے ذریعہ سند
محررہ بستم شوال سنہ ۶ جلوس عالمگیر مطابق سنہ ۱۰۷۲ ہجری جانب مسماۃ
سیتی بیگم زوجہ نواب خان زمان سے عوض چودہ سو روپیہ کے پاس
قاضیان تجارہ بیع ہے اور عوام الناس کہ اوس باغ کو مرزا اسحٰق کا
قرار دیتے ہین یہہ از راہ غلطی کے ہے ورنہ مرزا اسحٰق شاہزادہ ہندال
کا ملازم تھا غالبًا معرفت اوسکے وہ بنوایا گیا ہے اس باعث مردمان
ناواقف اُسکو مرزا اسحٰق کا کہتے ہین ہان عمارات ملازمان مرزا ہندال
کی بھی کثرت سے ہے طوطو موہن داس مہاجنان اگروالہ خزانچی سرکار
مرزا ہندال کے متصل کربلا رقبہ موضع چاوٹہ مین باغ اونکا مع
باوڑی کے موجود ہے اور باغ نو محلہ بھی مع دروازہ اور احاطہ پختہ کے
اونہین کا لگایا ہوا تھا کہ ہر دو قطعہ سیتا رام ولد بجے رام بن لعلمن و
جوالا ناتھہ ولد سیتا رام بن بجے رام اولاد طوطو موہن داس کیطرف

سے از روے بیعنامہ رقمزدہ ۱۵ ماہ صفر سنہ ۳۱ جلوس شاہ عالم بادشاہ
مطابق سنہ ۱۱۷۴ ہجری بنام قاضی محمد نجیب الدین و محمد فصیح الدین و غلام قطب الدین
و محمد کمال الدین بعوض ماہ ۹ روپیہ کی بیع ہین اور قاضی تجارہ کے قبض و
دخل اونپر رکھتے ہین اور باغ ثانی متذکرہ کو واقع نو محلہ اس وجہ سے مشہور
کرتے ہین کہ قریب اوسکے نو محلہ محل امراو سرکار مرزا ہندال کا بنایا ہوا تھا
اب وہ مستاصل ہو گیا صرف ایک مسجد باقی ہے وہ نشان اوسکا دیتی ہے چنانچہ
دس برس مرزا ہندال نے بخیر و خوبی عیش و نشاط سے اوقات گذاری سنہ ۹۴۵
ہجری مین محمد ہمایون شاہ نے مع مرزا ہندال کے طرف بنگالہ کے نہضت
کی جسوقت درمیان بہاڑ و بنگالہ کے پہنچے شیر شاہ افغان نے علم بغاوت
بلند کر کے جلال خان اپنے پسر کو طرف بادشاہ کے بھیجا اور پیشگاہ
ہمایون بادشاہ سے جہانگیر بیگ مغل واسطے تسخیر گڈھی جو کنارہ گنگ تھی
اور مرزا ہندال دفعیہ فتنہ محمد سلطان مرزا کو تعینات کئے گئے جہانگیر بیگ مغل
دست جلال خان خلف شیر شاہ سے مجروح ہو کر واپس آیا بادشاہ خود
عازم گڈھی ہوا جلال خان مقام کور کو فرار ہو گیا بعد فتح گڈھی کے محمد ہمایون
شاہ بھی کور کو تشریف لیگئے شیر شاہ تاب نہ لاکر بہاڑ کی طرف بھاگ گیا چند
عرصہ بادشاہ نے کور مین قیام کیا مگر بیماری کی کثرت سے آدمی نہایت

تنگ ہوگئے اسی اثنا مین مرزا ہندال کو خیال ہوا کہ دہلی چلکر سکہ و خطبہ اپنے
نام کا جاری کیجیے پس قصد مدافعت محمد سلطان مرزا کو طاق نسیان پر رکھہ کر
مرزا ہندال دہلی کو آیا اور محاصرہ شہر کر لیا محمد ہمایون یہہ خبر حیرت اثر گوش زد
کرکے سراسیمہ متوجہ آگرہ ہوا شیر شاہ نے بدریافت حال مخالفت مرزا ہندال
جو سارپر راہ باندھی اور تین ماہ مقابل رہا مرزا کامران بھی اس حالت صعب
پر واقف ہوکر پابند ہوس بادشاہی دہلی کا ہوا اور بہانہ مدد بادشاہ کرکے
لاہور سے دہلی آیا مرزا ہندال اور مرزا کامران باہم متفق ہوکر فکر تسخیر دہلی
مین ہوئے فخرالدین علی کوتوال قلعہ سے پاس مرزا کامران کے حاضر ہوا
اور عرض رکھا کہ پایہ تخت آگرہ ہے اول اُسکو فتح کرنا چاہیئے پھر دہلی خود بخود
قبض و تصرف مین آجاویگی یہان مرزا ہندال اور مرزا کامران راہی آگرہ
ہوئے اثنا راہ مین باہم مرزا ہندال و مرزا کامران کے رنجش ہوگئی
مرزا ہندال الور چلا آیا اور مرزا کامران آگرہ پہنچا تفرقہ اونکے سے محمد ہمایون
کو زیادہ تر فکر ہوا ہرچند بادشاہ نے لکھا کہ اول شیر شاہ کو باتفاق دفع کر لیا
جاوے بعد ش قسمت ملک کی حسب مرضی تمہارے کیجاویگی مگر کسی نے
کچھہ خیال نکیا بلکہ شکست بادشاہ کو باعث بہبودی خود تصور رکھا اودھر
شیر شاہ نے بظاہر از روے قسم صلح کرکے سپاہ بادشاہی کو غافل کیا

اور دوسرے روز حملہ آور ہو کر لشکر محمد ہمایون شاہ کو فرصت ندی اور
کشتیہاے گھاٹ وغیرہ کا بندوبست کر لیا جب بھاگنے کی بھی راہ نملی
جان کے خوف سے پانی مین گر کر ہزارہا آدمی فوج بادشاہی کا ضایع
ہو گیا بادشاہ ساتھ ہزار خرابی کے آگرہ پہنچا مرزا کامران سلامتی بادشاہ
سے افسردہ خاطر ہو کر الور آگیا ۹۴۷ھ مین باہم شیر شاہ و محمد ہمایون کے
لڑائی ہوئی شیر شاہ غالب آیا بادشاہ لاہور پہنچکر عازم روڑی بھکر
ہوئے مرزا کامران کابل کو اور مرزا ہندال طرف قندھار چلے گئے
دو برس تک ہمایون بادشاہ اپنی ذات سے سرگرم فکر و تدبیر رہا مگر کچھ
نتیجہ بہبودی کا برآمد نہوا مجبور ایران کو جاتا تھا کہ منزل امرکوٹ مین شاہزادہ
اکبر تاریخ پانچوین رجب المرجب ۹۴۹ھ ہجری کو تولد ہوا محمد ہمایون شاہ
ایران پہنچکر تمناے مدد مین قیام پذیر رہے شیر شاہ کو سلطنت ہند
میسر ہوئی ۹۵۲ھ ہجری مین شیر شاہ نے قضا کی زآنش مرد تاریخ اوسکے
مرنے کی ہے سلیم شاہ پسر شیر شاہ تخت نشین ہوا اور ہیمون بقال
ساکن ریواڑی کو اوسنے شحنۂ بازار مقرر کیا بعد فوت سلیم شاہ کے
محمد شاہ سور نے تاج خسروی سر پر رکھکر ہیمون بقال کو اختیار ملک و
مال دیا اور خود عیش و عشرت مین مشغول ہوا عہد سلطنت شیر شاہ سے

تا بادشاہی محمد شاہ پٹھانون کا پھر زمانہ موافق رہا اور شب و روز ساتھہ
حکومت و کامرانی کے گذری الغرض جب دماغ محمد شاہ سور کا بادہ عیاشی
نے مخمور کیا اور بجز صحبت پری روبان و مے کشی اور تماشا رقص و سرود
کے دیگر خیال نرہا اور جہان کی پاسداری سے غفلت اختیار کی مردمان
اوباش ندیم ہوئے گفتگوے مضحک نے رواج پکڑا بھبتیان ہونے
لگین ضلع اور جگت نکیہ کلام ہوا فصاحت کو پھکڑ سے بدلا اور اس تغافل
مین جو سودا سے سخاوت متخیل ہوا داد و دہش اور اصراف بیجا کا شغل
پکڑا خزانہ خالی کر دیا ہیمون بقال کے جو دلمین آنا کرتا تھا امرا کو اوسکی
وضع ناشایستہ سے کدورت ہوئی فتنۂ خوابیدہ چونکا اسی اثنا مین
محمد ہمایون شاہ نے ایران سے مدد حاصل کر کے فوج کشی کری اور
ہندوستان پر متسلط ہوا بعد کشور کشائی سنہ ۹۶۸ ہجری مین کوٹھے سے گر کر
قرب جوار رحمت الٰہی حاصل کیا ہمایون بادشاہ از بام افتاد تاریخ وفات
اوسکی ہے چنانچہ امور سلطنت نے جلال الدین محمد اکبر بادشاہ سے رونق پائی
اور ہیمون بقال دست خاص اکبر شاہ سے قتل ہوا جو کچھہ کہ مال و اسباب اُسکا
مع اہل و عیال کے تجارہ مین تھا واسطے غارتگری اوسکے ملان محمد میر بافوج
جرار تعینات کیا گیا ملان میر محمد نے پٹھانون علاولپور تجارہ کو قتل کر کے خزانہ

واسباب ہیمون بقال کا تا راج رکھا اور ہند مین جسنے تمرد و بغاوت
سے سر اوٹھایا محمد اکبر شاہ نے گو شمالی قرار واقعی کری کسیکو مجال نرہی
کہ حرف سرتابی بھی زبان پر لائے دختر برادر حسنخان خانزادہ کو جو
رئیس میوات تھا اور لڑائی بابر شاہ مین مارا گیا تھا اکبر شاہ اپنے نکاح
مین لایا اور ارکین سلطنت ایسے جمع کئے کہ کسی بادشاہ کو نصیب
نہوئے اونکی صلاح اور اپنی رائے سلیم سے نظم و نسق ملک کا ایسا
کیا کہ شاہان سلطنت مابعد سے باب انتظام مین شہرت پائی سلسلہ
پرگنہ بندی کا قایم کیا اور عہدہ جات چودھرات اور قانون گوئی وٹوارگری
اور مردھہ گری مقرر رکھے پیمایش زمین مین کوشش بلیغ اوٹھاکر موازنہ
طیار کرائے اور انتظام تحصیل محاصل کو پرگنات مین تحصیلدار جنکو عامل
کہتے تھے اور عاملان پر افسر جو حاکم لقب رکھتے تھے مقرر کئے
چنانچہ تجارہ بھی دار الحکومت قرار پایا اور اٹھارہ پرگنہ مفصلہ ذیل متعلق
اوسکے ہوئے پرگنہ حویلی تجارہ پرگنہ ایندور پرگنہ اوجینہ پرگنہ امرا اومری
پرگنہ تھانہ کوہرہ پرگنہ نگینہ پرگنہ نیکوان پرگنہ بموہرہ پرگنہ بیرو پرگنہ
ابریز کوٹلہ پرگنہ فتح آباد پرگنہ فیروز پور جھر پرگنہ پور پرگنہ ساکرس پرگنہ
سانٹھاواڑی پرگنہ جھمراوت پرگنہ کرٹیرہ پرگنہ خانپور جو کہ حکومت گاہ

باسم سرکار نامزد ہوکر ماتحت صوبہ رہتی تھی لہذا سرکار نجارہ زیر
تحت صوبہ دہلی ہوئی اور بوجھہ بود و باش سابق مرزا ہندال کے
نجارہ کو ساتھہ لقب حویلی کے ملقب کیا نظر بران حکمرانی خاندان تیموریہ
تک کاغذات مین حویلی نجارہ لکھنے کا عمل درآمد رہا غازی گدنصاحب
بھی کہ مزار مقدس اونکا قریب مسجد نو محلہ کے ہے عہد محمد اکبر شاہ مین
خرقہ کرامت در بر رکھتے تھے اگرچہ خاندان آپکا مداریہ تھا مگر بہ نیت
حصول نعمت دربار حضرت خواجہ معین الدین چشتی مین زیر موری کہ ہنوز
آپکے نام سے مشہور ہے پڑے رہتے تھے + براحت نرسید آنکہ زحمتی
نکشید + آخر محنت شاقہ اوٹھاکر دولت نعمت سے مالا مال ہوئے
برآن خدمت ولایت نجارہ حاصل کرکے مریدون کے ساتھہ نجارہ
کو تشریف لاتے تھے موضع کانکرہ پرگنہ کشنگڑہ مین پہنچکر رفع حاجت
کو ٹھہرے تھے قضارا کسی ہمراہی نے خوشہ ہاے باجرہ ایک کھیت
سے توڑ لئے مالک کھیت کی عورت حفاظت پر تھی اوسنے جو دیکھا کہ کوئی
بال توڑ کر لئے جاتا ہے دشنام دہی کرتی پیچھے چلی آئی جب قریب سیانہ
شاہ کدن صاحب کے پہنچی اور شاہ صاحب نے اوسکا غوغا سنا پوچھا
کہ کون ہے ہمراہیان نے کہا عورت ہے اپنے فرمایا کہ اسکا کیا نام

ہے کسنے عورت سے پوچھا کہ شاہ صاحب تیرا نام پوچھتے ہین اوسنے
شاہ صاحب کو بھی صلوا تین سنائین جب مریدان شاہ گدن صاحب
نے اوسکے دریافت نام مین اصرار کیا تو اوسنے نام اپنا مان بی بی
بتلایا مریدون نے عرض کیا کہ حضرت اس عورت کا نام مان بی بی ہے
آپ نے ارشاد کیا کہ مان بی بی کیا ہے مان بابا ہے بجرد زبان زد ہونے
اس کلمہ کے علامت مردی نے اوس عورت سے ظہور پکڑا ؎

پائے مردانگی کے پر تو دامن مین سے دی چرانے لو

یہہ حال دریافت کرکے وہ گھر کو دوڑی گئی اور اپنے شوہر سے
اوسنے یہہ ماجرا نا دربیان رکھا خاوند اوسکا تیر وکمان اوٹھا کر دوڑا آیا
اس عرصہ مین شاہ صاحب سکھ پال مین سوار ہوکر تھوڑی دور چلے تھے
کہ اوس مردود نے قریب پہنچکر ایسا تیر جانگیر مارا کہ دو سار ہو گیا حضرت
نے وقت نزع مریدون کو وصیت فرمائی کہ جس جگہہ سکھ پال ہمارا بعد
رکھنے کے پھر نہ اوٹھے وہین ہمکو دفن کر دینا چنانچہ جاے مزار مقدس پر
پہنچکر مریدون نے دم لینے کو میانہ رکھا تھا پھر جو اوٹھانے لگے میانہ
نہین اوٹھا اسلئے حسب وصیت تجہیز وتکفین علمین آکر اوسی جگہہ دفن
کردیا دیوان عیدی مین تاریخ شہادت حضرت شاہ گدن کی لفظ الف

یعنی ایکہزار نوسخریر ہے اور محلہ مردہون مین جو محل پنجپال کا مشہور ہے
وہ بھی عہد اکبر شاہ مین بہ سنہ ۹۹۱ از سر نو تعمیر ہوا اب سید دن کے
قبض و دخل مین ہے سنہ ۱۰۱۴ مین اکبر شاہ نے رحلت کی مرزا سلیم
عرف جہانگیر بادشاہ ہوئے اونکے بعد شاہ جہان کے نام سکہ وخطبہ
جاری ہوا عہد شاہجہان مین خلیل اللہ خان حاکم نجارہ مقرر ہوئے
اونھون نے خانقاہ حضرت شاہ گدن صاحب کی تعمیر کرائی اور محمد شعیب
صاحب جد میان سلام اللہ شاہ نے یہہ قطعہ تصنیف کرکے گنبد دروازہ
پر ارقام کیا قطعہ

از طفیل لطف حضرت شہ گدن نیکو سیر یافتہ بانی این گنبد خلیل اللہ بود
گرچہ در دیوان عیدی آمدہ تسع الف لیکہ این دیگر شعیب ہم گفت ظل اللہ بود

فقیران درگاہ غازی گدن صاحب کے اولاد مریدان ہمراہی انکے سے
ہین اور واسطے مصارف درگاہ کے ڈیڑہ سو بیگھہ اراضی واقع سواد
قصبہ نجارہ عہد اکبر شاہ سے معافی صیغہ عطا اور روشنی درگاہ کو
سوا پیسہ سایر چبوترہ سے روزینہ ملتا ہے عرس آنکا بتاریخ ہشتم شوال
ہوتا ہے چند عرصہ شاہجہان حکمران رہا بعد اوسکو قید کرکے عالمگیر نے
تاج خسروی اپنے سر پر رکھا اکرام خان خانزادہ جوجہ دھری الہی بخش خان

نے کہ متصل باگھور کے ملک پور مین سکونت رکھتا تھا نشاء جرأت
سے کاسہ دماغ پر کرکے نقارۂ بغاوت بجایا اور غارنگری کا شیوہ
پکڑا حاکم نجارہ کو نقارہ ونشان چھین کر نکالدیا برآن عالمگیر نے اوسکے
تنبیہ کو فوج تعینات رکھی افواج شاہی نے آکر موضع باسٹہڑی پر
خیام برپا کئے اکرام خان کو جو تاب مقابلہ نہوئی حاضر ہوگیا لیکن عفو
مکافات اعمال کا مستحق ہوکر قتل کو پہنچا متعلقان اکرام خان نے
جو یہہ سنا باروت بچھاکر جوہڑ اپنا کیا محامد خان وناہر خان دو لڑکے
اکرام خان کے میانجی کے پاس پڑھتے تھے میانجی اونکو لیکر فرار
ہوگئے اور اپنے گھر مدت تک پوشیدہ رکھا بعد عالمگیر کے محمد شاہ
عرف بہادر شاہ معظم الدین کو ہاڑ اجب تاجدار ہوا محامد خان پسر
اکرام خان نے استدعاء معاش کی سند معافی موضع ملک پور محررہ
سنہ ۱۱۴۱ ہجری اوسکو مرحمت ہوئی بہادر شاہ کے انتقال پر کچھہ دنون
فرخ سیر اوسکے پیچھے رفیع الدولہ بعدہ رفیع الدرجات بادشاہ رہے
زان بعد محمد شاہ سریر آرا ہوا عیاشی محمد شاہ کی الم نشرح ہے اُسی وقت
سے سلطنت مین ضعف آیا بادشاہ کو اس صورت سے غافل دیکھکر
آصف جاہ وزیر مستعفی ہوکر دکن کو اپنی حکومت پر چلا گیا باجے راؤ پیشوا

کہ نر بدا تک دخل رکھتا تھا لوٹ مار کرتا ہوا دہلی تک آپہنچا خرپورہ کو
دیکھکر خرپورہ رنگ پکڑتا ہے چورامن جاٹ راجہ بھرت پور نے بھی اوسکو
دیکھکر غارتگری پیش نہاد رکھی اور ہر طرف لوٹنا شروع کردیا علاولپور
وبجارہ کو بھی تخت تاراج کیا اور آتش زنی سے عمارت عمدہ خراب و
برباد کردی اوس دار وگیر مین اکثر طعمہ شہباز اجل ہوئے جو بچے بیک بینی
دوگوش بھاگ کر جہان امن ملا پناہ پکڑی ایک عرصہ آبادی مین چند ویوم
اور باغون مین زراغ وزغن کے نشیمن رہے خوف سے کسیکو جرأت
وہمت آبادی نہوئی جب بادشاہ نے کسقدر انتظام کیا صورت امن
ہوئی اور اندیشہ نے لوگونکے دل کو فرصت دی بجارہ مین آدمی آکر آباد
ہونے لگے آخرش بجارہ بخوبی آباد ہوگیا علاولپور مین کسی نے سکونت
اختیار نہین رکھی قانونگویان محال بھی کہ پہلے علاولپور مین رہتے تھے بجارہ
مین آرہے علی ہذا جو عہدہ دار تھا اوسنے بجارہ مین آبادی رکھی اس حیثیت
سے بعض بعض بجارہ مین مسکن گزین ہوئے بہت آدمیون نے اور جگھہ
وطن پکڑا اوسوقت سے تاہنوز علاولپور ویران چلا آتا ہے عملداری
مہاراجہ بلونت سنگھہ صاحب مین کہ حال اوسکا آیندہ مفصل بلفظ تحریر آویگا
پتھر مکانات علاولپور کندہ ہوکر قلعہ اور دیگر عمارت مین لگائے گئے

اور تجارہ کے مکانات ابتک وہین کے پتھرون سے بنائے جاتے ہین
کہ سال حال یعنی سمت ۱۹۳۰ مین ٹھیکہ سنگ مکانات علاولپور کا ایک سو
اکتیس روپیہ سالانہ مین ہوا ہے بعد اوس کے نادرشاہ نے دہلی کو قتل تاراج
کیا کہ غم عام اوسکی تاریخ ہے جب محمد شاہ فوت ہوا احمد شاہ اور عالمگیر ثانی
مرۃً بعد اُخری تاجدار ہوئے لیکن فتنہ روز بروز زیادہ ہوتا گیا شاہ عالم
پر خاتمہ سلطنت خاندان تیموریہ ہوگیا قیام سلطنت مغلیہ تک دیہات کی
تعداد حسب ذیل رہی کہ مواضعات اصلی بتعداد مامہ تھے اور داخلی
مہ م نفصیل اونکی تحت مین ثبت ہے +

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ بروے پیمایش اکبر شاہ بادشاہ	جمع سنہ ۱۱۴۲ فصلی
۱	قصبہ تجارہ	مبارک پور	مہ مائہ کہ ۔ ۔ ۔

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ بروی پیمایش اکبر شاہ بادشاہ	جمع سنہ ۱۲ فصلی
۷	ایلاکا	.	الف ۱۰۰	۱۰۰
۸	اندھاکا	.	اسمالہ ۱۰۰	۱۰۰
۹	ابراہیم پور چھٹہ	.	حا ۸ ۱۰۰	۸۰
۱۰	ابن واس	.	لا للہ ۱۰۰	شامل ایسرودہ
۱۱	اورنگ آباد عرف منڈاہ	.	الف لا للہ ۱۰۰	۹۰ ۱۸
۱۲	بنولیہ	.	الف لا للہ ۱۰۰	۱۰۰ لا ما
۱۳	بامٹ ہڑی	.	سمہ اسمالہ ۱۰۰	حا و عصہ
۱۴	بلاسپور کلاں	.	الف حا ۱۰۰	۱۰۰ لا ما ۱۳
۱۵	بچھالہ	.	الف لا مو ۱۰۰	اسمالہ ۱۰۰
۱۶	بلاسپور خورد	.	لما ۱۰۰	مو ۱۰۰
۱۷	باگھورہ وغیرہ	پاہ ماگھور ملکپور کلاں پاہ احمد پور مالیر گوجر	سمہ ما ۱۰۰ ۱۳ البوہ ۱۸ البوہ	سالہ مو ۱۰۰
۱۸	بارکہ	سید پور	الف حا ۱۰۰	سالہ ۱۰۰
۱۹	پھرہارہ	.	سا بیگہ	مالو ۱۰۰
۲۰	بیگن ہڑی	.	الف لما لو ۱۰۰	سالو ۱۰۰ ۷

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۲۱	بالیاواس	سوک تلاو	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۲	بڑکی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۳	بچھوڑی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۴	بھوڈکی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۵	پلاسی میر	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۶	پیلانہ وغیرہ	پونجھری خورد موجدیکا	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۷	بھڈوسی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۸	برھڑہ	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۲۹	بھکول وغیرہ	ابن پور جالوندی	۱۱ بیگہ	۱۱
۳۰	بائی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۳۱	بھوجاواس	نھن واس	۱۱ بیگہ	۱۱
۳۲	بجلھڑہ	.	۱۱ بیگہ البسوہ	۱۱
۳۳	بسئی	.	۱۱ بیگہ	۱۱
۳۴	بندھرہ	پانڈیکا	۱۱ بیگہ	۱۱

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۳۵	پپپا کا ماجرہ	.	السامہ بیگہ	۰
۳۶	پاوٹی	.	لاما بیگہ ۱۵ البسوہ	۰
۳۷	بالوج	.	لما بیگہ	۰
۳۸	بلاسلی	پاہ بلاسلی دائیکا دھولی دانت لپالہ بوچپوری	سما ماسہ	اسما ۰
۳۹	پالپور عرف اکبر پور	.	اما للہ بیگہ	ما ۰
۴۰	پیلی کا ماجرہ	.	السا ماسہ	۰
۴۱	ٹوہرہ	.	ما ماسہ	۰
۴۲	پاٹن	پونا ہری	السا ما للہ ۱۳ البسوہ	ما وعصہ
۴۳	ٹھیلے گوجر	ٹھیلی اہیر	السا ماسہ	سا ۰
۴۴	ناجلکا	.	لا للہ	ما للہ
۴۵	ٹھونس	.	السا بیگہ	لما ۰
۴۶	جلالپور	.	اسا لہ	سما ۰
۴۷	جوجا کا	.	سما ماسہ	سا ۰

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۴۸	جانوندی کلان	۔	الف ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ الف ۱۰
۴۹	جانوندی خورد	۔	الف ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ الف ۱۰
۵۰	جبلولی	سبربلی۔ پاپر پکا	سمہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ سمہ ۱۰
۵۱	خضر پور	چھاجا کا جوجا کا	للعمہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ سمہ ۱۰
۵۲	جاہ پاوٹہ گوجر واڑی از قصبہ علیحدہ شدہ	۔	سمہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ اسمہ ۱۰
۵۳	ڈیوٹانہ	۔	الف اسمہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ الف اسمہ ۱۰
۵۴	خلیل پوری	مونپور	الف للہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ الف وعسہ ۱۰
۵۵	ڈھاکی عرف کمالپور	سوکیلی	الف للہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ اسمہ ۱۰
۵۶	ڈھبرہ	۔	الف سمہ ۱۰ بیگہ ۱۰ بسوہ	۱۰ سمہ ۱۰ ۱۰ ۱۰

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۶۱	شہامت نگر عرف دھول کوٹ	.	لالہ معہ	سالہ ۵
۶۲	شاہ آباد	دولموکی چھپنوکی	الف مالہ ۵	الف مالہ ۵
۶۳	سالارپور	.	الف لالہ ۵	مالہ ۵
۶۴	سرٹھہ کلان	.	الف مالہ ۵	مالہ ۵
۶۵	سرکن پور	.	الف لالہ ۵	الغام قانون گویان
۶۶	سوراواس	پلرٹھہ	الف مالہ بیگہ ۵	مالہ وعصہ
۶۷	سرولی کلان	الناکا	الف لمامالہ ۵	مالہ ۵
۶۸	سرولی خورد	گھونسلا گھونسلی	الف لامالہ ۵	سالہ ۵
۶۹	سرٹھہ خورد	بجانکی	الف لاملالہ ۵	مالہ ۵
۷۰	سوکسرائی	.	الف مالہ ۵	مالہ ۵
۷۱	علاولپور	.	الف لمہ بیگہ ۵	الہما وعصہ
۷۲	سالاہیڑہ	نانگل	الہا سے بیگہ ۵	لالہ ۵
۷۳	گوتولی	سانولا کا معلوکا دھارسی کا	سمہ لالہ ۵ الف بدہ	مالہ ۵

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۷۴	کانکر ٹپورہ	۔	۱۰ بیگھہ	۱۰
۷۵	گیدھر کا	۔	۱۰	۱۰
۷۶	کھرکھرہ	گھر بسائی بالسنول باڈہ احمد	۱۲ البسوہ	۱۰ ۸
۷۷	کھوہرہ	کرمالی	۱۰	۱۰ ۴ رام گڑہ
۷۸	مالرجٹ وغیرہ	دبئی واسکا سنہل جھاڑنی	۱۰	۱۰
۷۹	گوول	رائے پور اعلیٰ پور موسیٰ پور	۱۰ بیگھہ	۱۰
۸۰	گیل پور	بھابھر کا عالم لوہ شمشیر پور	۱۷ البسوہ	۱۰
۸۱	کلگانون	۔	۱۰	۱۰ ۵
۸۲	کالیاکی	۔	۱۰	۱۰ ۱۲
۸۳	گھن کھر	۔	۱۰	۱۰
۸۴	گوٹھرہ	۔	۱۰	۱۰

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۸۵	ککرالی	۔	الحاللہ	مالللہ
۸۶	لادھاواڑہ	۔	لما	
۸۷	لاکھنور	۔	الحا	ما
۸۸	لوہا دیرہ	شکرپور	الحما	الل
۸۹	منداندہ وغیرہ	ماجری عرف رسولپور برآمدکا	لحما بیگھہ	الحالہ
۹۰	منڈہ	اسراجنکا	الحا	الوعہ
۹۱	مونسی پور	۔	حما بیگھہ	ما
۹۲	مرادنگر عرف نصرپور	۔	حا بیگھہ	ما للہ
۹۳	ملکپوری	اولخانکا	الحا	ما
۹۴	مہناکا ماجرہ	۔	حالہ	مالوعہ
۹۵	معصوم پور	۔	الما	ما
۹۶	منیاکی	۔	ما	ما
۹۷	نوگانوہ	۔	الحالہ	حاوعہ
۹۸	نئی نگر عرف پونجھری	رفیق کا مونسی پور	الحا	حا

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۹۹	بنلی وغیرہ	پاہ بلی کالاکھورہ	الحمد للہ ۵ بسوہ	حمد للہ ۵
۱۰۰	نصیر باد	۔	لاحمد للہ	حمد للہ ۵
۱۰۱	ہنگوا ہڑہ	۔	الحمد للہ	حمد للہ ۵ ۴
۱۰۲	ہمیرا کا	دبلا ہری	الحمد للہ	الحمد للہ ۵
۱۰۳	ہادبا کی	بلڑیہ دیب	الحمد	الحمد للہ ۵ ۱۱ شاہ آباد
۱۰۴	یعقوب پور عرف روپیاس	اندکھہ گبل پور چورہ	الحمد للہ	حمد للہ ۵ ۸
۱۵۵	نکیج	۔	الحمد للہ بیگھہ	در تصرف راو راجہ پرتاب سنگھہ رام گڑہ
۱۰۶	اسمعیل پور	۔	لاحمد للہ	بمصارف تکیہ شاہ مراد صاحب
۱۰۷	حسن پور	۔	الحمد	ایضاً
۱۰۸	اجبرا کا	۔	حامد ۶ بسوہ	ویران
۱۰۹	راہ پوری	۔	ماحمد	ویران
۱۱۰	ہالیا کا	۔	حامد للہ	ویران گول

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	رقبہ	جمع
۱۱۱	حسین پور	.	حالہ للعہ	ویران
۱۱۲	دادھیا کا	.	اسماعیلہ	ویران باگھور
۱۱۳	گوٹھری	.	ماحصللعہ	ویران
۱۱۴	تاجوکی	.	ماحصلہ	ویران الیسرودہ
۱۱۵	کوکسوٹ	.	حاجیگیہ	ویران
۱۱۶	بوراکی	.	ماحصلہ	ویران
۱۱۷	روپیاس نگلہ	کربالی		
	از سواد مکمح علحدہ شدہ	.	حاجیگیہ	ماحصلہ درتصرف راو راجہ پرتاب سنگھ سنہ ۱۱۸۹ رام گڑہ
	سعہ داخلی			
۱۱۸	ببرولہ	کھورپوری	اسمالہ ۵ ایک لاکھ ۵ ۹	اسمامہ ۵

ذکر طوائف الملوکی

جب اعمال زشت سے ہندوستانیون پر خدا کی نامہربانی ہوئی علی گوہر عرف شاہ عالم جسکی
تاریخ فضل ربانی ہے تخت پر بیٹھا ہرچند اسکو لیاقت سلطنت نہ تھی لیکن
جو وہ بادشاہ نہوتا مخلوق تکلیف سے کیونکر مکافات عمل بدکو پہنچتے اس
حکمت سے تعلق داوری اوسکے تفویض رکھا گیا جب عالمگیر ثانی کی
رحلت ہوئی شاہ عالم الہ آباد مین تھا نواب شجاع الدولہ نے خبر انتقال
عالمگیر پاکر شاہ عالم کو نذر گذرانی اور بادشاہ قرار دیا ضعف سلطنت
کے باعث ہر شخص کی گردن بلند ہوئی سکھون نے سرکشی اختیار کی اور
ملک کو تخت و تاراج کرنے لگے جاٹ مزاحم حال اپنا کسیکو نپاکر ملک میوات
پر متصرف ہوگئے مہاراج سورجمل والی بھرت پور نے قلعہ کشنگڑہ تعمیر کرایا اوس
زمانہ مین بمقام بارہ حسن پور کہ نجارہ سے دو کوس ہے میان مراد شاہ
صاحب قطب وقت تھے مہاراجہ سورجمل اونکی کرامات باہرہ پر اعتقاد
کامل لاکر نہایت درجہ معتقد ہوئے اور مکان اندرونی کہ دروازہ بیرونی
تعمیر حال میان پیر بخش کے علاوہ ہے واسطے سکونت میانصاحب کے بنوایا
اور موضع حسن پور مصارف کو معافی مین دیا کہ آج تک معاف ہے سنہ ۱۱۹۵ ہجری
مین میان مراد شاہ نے وفات پائی گیارھوین رجب کو ہر سال عرس شریف
ایکا ہوتا ہے میان دایم شاہ جانشین آپکے ہوئے رفتہ بمراد دایم باروح

تاریخ رحلت اونکی ہے ناظرین تاریخ کی اگاہی کو یہہ جملہ ضبط تحریر مین آیا اصل
مطلب یہہ کہ ہنگام تخت نشینی شاہ عالم کے نجیب الدولہ روہیلہ دہلی
مین تسلط رکھتا تھا اوسکے انتقال پر بادشاہ بامداد مرہٹون کے الہ آباد
سے دہلی مین آئے اور نواب نجف خان سپہ سالار کو مہمات ملکی ومالی
سپرد کی نواب نجف خان نے انتظام ملک مین کوشش بلیغ کرکے
رفع فتنہ وفساد سے صورت امن نکالی جاٹون سے ملک میوات بھی
لے لیا اور خود متصرف رہا سنہ ۱۱۹۶ ہجری مین نواب نجف خان نے
انتقال کیا سرداران اوسکے نفاق باہمی سے خود سر ہوگئے شفیع خان
نواب نجف خان ہوبیٹھا مگر کسینے اطاعت اوسکی قبول نکی نجف قلیخان
دہلی مین قیام رکھتا تھا شفیع خان دہلی کو چڑہ دوڑا اور نجف قلیخان کو
گرفتار کرلیا پول صاحب ملازم شمرو صاحب اور لطافت خواجہ سرا
نواب وزیر شجاع الدولہ دس پلٹن جرار ہمراہ رکھتے تھے اونھون نے
بندوبست شہر کا کرلیا شفیع خان ڈیگ کو چلا آیا محمد بیگ ہمدانی کہ
سرداران نجف خان سے تھا یہہ اخبار گوش کرکے جے پور سے دہلی کو
روانہ ہوا شفیع خان نے بھی قصد دہلی کیا فرخ نگر پر باہم دونون ملگئے
اور ایک دل ہوکر دہلی پہنچے اور پول صاحب ولطافت کو پکڑکے

قید کر دیا اور شہر پر متسلط ہو گئے چند روز بعد ہمدانی اور شفیع خان
مین صورت نزاع پیدا ہوئی محمد بیگ ہمدانی کشیدہ خاطر ہو کر ڈیگ مین
آگیا دو تین ماہ پیچھے شفیع خان بھی بنظر آشتی اوسکے پاس آیا محمد بیگ
نے دغا سے بعد صلح شفیع خان کو قتل کر ڈالا نواب نجف قلیخان قید سے
رہائی پاکر قلعہ کالونڈ کو روانہ ہوا جاٹون نے اشتعالک دیکر مادھو راو
سیندھیہ اور محمد بیگ مین لڑائی کرادی محمد بیگ ہمدانی پس پا ہو کر
بھاگ گیا ملک میوات مادھو راو سیندھیہ کے قبض و دخل مین آگیا
سنہ ۹۸ ہجری مین سکھون نے آکر تجارہ کو لوٹا سنہ ۱۰۰ ہجری مین مہاراجہ
جے پور و مادھو راؤ سیندھیہ کے جنگ ہوئی محمد بیگ ہمدانی جانب دار
مہاراجہ جے پور ہو کر داد مردانگی دے رہا تھا قضارا ضرب گولی سے
کام آیا اسمعیل خان اوسکے برادر زادہ نے سیندھیہ کو ایسی شکست فاش
دی کہ گوالیار تک مادھو راو کے پانون نہ جمے اسمعیل خان نے تعاقب
اوسکا کر کے قلعہ آگرہ پر مورچال قایم کر دئے جو اسوقت کسی راجہ نے
امداد اسمعیل خان کی نکی اسوجہ سے وہ فتح قلعہ آگرہ سے محجور رہکر واپس
آیا اسطرف متصل ریواڑی بادشاہ و نجف قلیخان مین معرکہ رزم گرم تھا
راجہ ہانے تدبیر صلح اونکے مین کوئی دقیقہ باقی نرکھا الا فائدہ مترتب

نہوا بادشاہ عازم دہلی ہوئے نجف قلیخان قلعہ کالونڈ کو چلا گیا سنہ ۱۱۷۱ ہجری
مین نجف قلیخان قلعہ کشنگڑہ کیطرف آیا اور قلعہ پر مورچال لگا دیئے قلعہ
کشنگڑہ فتح نہوا تھا کہ بوجھہ نپانے تنخواہ کے سپاہ نے نجف قلیخان
کو قید کر لیا اس سبب مورچال قلعہ کشنگڑہ سے اوٹھہ گئے ریواڑی پہنچکر
نجف قلیخان رہا ہوا کچھہ فوج اوسکی پاس اسمعیل خان کی چلی گئی اور باقی
نے خطا معاف کرا کے متابعت اختیار رکھی تجارہ مین عملداری نجف قلیخان
کی سنہ ۱۱۷۴ ہجری تک رہی اور ملک محمد خان دلاور جنگ کے بہہ پرگنہ
تفویض تھا سنہ ۱۱۷۴ ہجری مین اسمعیل خان و غلام قادر بن ضابطہ خان بن
نجیب خان روہیلہ نے اتفاق کر کے بادشاہ کی آنکھین نکالین اور قلعہ کو
لوٹکر تباہ کر دیا مادھو راو سیندھیہ فوج لیکر مدد بادشاہ کو آیا اور اسمعیلخان
سے آشتی کر کے ملک مقبوضہ نجف قلیخان اوسکو لکھدیا اور غلام قادر
سے جدا کیا بعدش غلام قادر کو پکڑ کر سزاے اعمال دی جہاز بادشاہ کا
تباہی مین دیکھکر کسی شاعر نے کیا مخمس تحریر کیا ہے جسکا یہہ مطلع ہے ٭

در سر خواب و خورش شد ہمہ بیداری ما ۔۔۔ وائے صد وائے ابرین غفلت و سرشاری ما
ہیچ شد پیش قضا دانش و ہشیاری ما ۔۔۔ صرصر حادثہ برخاست پے خواری ما
داد بر باد برو برگ جہانداری ما

بادشاہ نے مادھوراو سیندھیہ کو خطاب وکیل مطلق دیکر مختار کیا
اسمعیل خان ریواڑی کو آیا اور نجف قلیخان سے سرگرم کارزار ہوا چند
عرصہ نواب نجف قلیخان محصور رہا بالآخر کچھ ملک دیکر اسمعیل خان سے
صلح کرلی مادھوراو سیندھیہ نے واسطے تنبیہ اسمعیلخان کے فوج طلب
کی تھی سنہ ۱۲۱۴ ہجری مین اوسکے آمد کی خبر پاکر اسمعیلخان پابند فکر و تردد ہوا
فوج اسمعیلخان مین ہل چل پڑگئی میر منوم صاحب اسمعیل خان نے واسطے
رفع شر فوج مرہٹہ کے چند اشخاص سے کہ منجملہ اونکے میان محمد یونس صاحب
دادا میان سلام اللہ صاحب بھی تھے یہہ سیفی شروع کرائی اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ
الْکَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۵ فوج مرہٹہ ابتر ابتر ابتر مگر مشیت ایزدی
مین کسی کو کیا دخل ہے وہ سیفی ایسی الٹی پڑی کہ فوج اسمعیلخان مین فساد
ہوگیا توپخانہ جنسی مع نواب مطلب خان وسوارانکے دنگا کرکے علحدہ
ہوگئے چند پلٹن باقی رہ گئین اسی عرصہ مین فوج مرہٹون کی متھرا سے
ریواڑی کے قریب آگئی اسمعیلخان نے ناچار کونچ کرکے پاٹن پر جاے
قلب دیکھ کے قیام کیا فوج مرہٹہ بھی پہنچ گئی اور توپ و بندوق چلنے
لگی ایک ماہ باہم اسی طرح حرب وضرب رہی اس اثنا مین سپہ دولت رام
جے پور سے بجمعیت پانچہزار سوار اور نجیبی مارواڑ ساتھہ جماعت دس ہزار

سوار کے مدد اسمعیلخان کو آگئی پہلے صلح کو اُنھون نے کوشش بلیغ کی جب
کچھہ سود مند نہ ہوئی پھر تو لڑائی کی ٹھہر گئی ایک روز اسمعیلخان کو خیال آیا
کہ نخود منگا کر کشود کار کے لئے کوئی اسم پڑھوانا چاہیئے تا اس مہم مین
فتح ہو چنانچہ بارہ سیر نخود منگائے گئے اور پرہیزگار آدمیون کو واسطے
اوراد کے بٹھلایا کچھہ نخود پڑھے گئے تھے اور کچھہ باقی تھے یکایک ہوا
نے بساط کو ایسا اوڑایا کہ نخود پڑھے ہوئے بغیر پڑھون مین ملگئے بمجانیہ
اسکے لوگون کو برہمی کار کا یقین ہو گیا چھٹی شوال کو پھر رات سے اسمعیلخان
نے طیاری سواری کی اور عزم جنگ بالجزم رکھا اور صباح سوار ہوا الّا
رئیسان مارواڑ وجے پور نے ممانعت کی کہ آج روز لڑائی کا اچھا نہین ہے
اسلئے قریب دوپہر واپس آکر کمرین کھول ڈالین اور کاروبار خورد و نوش مین
سب مصروف ہوئے ناگاہ سواران مرہٹون نے مویشی فوج پر دست
غارتگری دراز رکھا اسکا غل وشور سنکر پھر فوج کی کمربندی ہو گئی سواران
نے سواران مرہٹہ کا تعاقب کیا اور باہم لڑائی ہونے لگی ادھر سے اسمعیلخان
پلاٹن لسکر مدد کو پہنچے اودھر سے پلٹن انگریزی ڈبائیصاحب کی اونکے
امداد کو آگئی ضرب توپ انگریزی سے سواران اسمعیلخان جو گھبرائے سواران
مرہٹہ نے حملہ کر دیا پھر تو سواران اسمعیل خان کو تاب نرہی اور بے اختیار

میدان سے بھاگ آئے پر اسمٰعیلخان ساتھہ پلٹنون کے قیام رکھکر رستم و
اسفندیار کی طرح جنگ مردانہ کرتا رہا سواران مفرور اوسکا یہہ حال دیکھکر پھر
آئے اور شریک جنگ ہوئے تا غروب آفتاب جانبین سے دار و گیر مین
کد و کوشش رہی جب دن چھپ گیا اور رات ہو گئی فوج اسمٰعیلخان نے
توپخانہ ڈیرون کی طرف پھیرا اور لشکری فرودگاہ کو چلے فوج مرہٹہ نے پیچھا
نچھوڑا اور ڈیرون کے پہنچنے تک فوج اسمٰعیل خان کو درہم برہم کر دیا اور
کشتون کے پشتے لگا دئے جو بچا جان چھپا کر بھاگا بمعائنہ شکست اسمٰعیلخان
بھی جے پور کو راہی ہوا توپین اور ڈیرہ اور ہاتھی اور گھوڑہ جملہ سامان
و اسباب اسمٰعیل خان کا غارتگری مین آیا آخر سنہ ۱۲ ہجری مین پھر عملداری
مرہٹون کی ہو گئی تجارہ مین دو عامل قوم پنڈت مقرر ہوئے ایک طرف بندھیہ
سے اور دوسرا جانب پیشوا سے اور مصاحب خان خانزادہ شاہ آباد
مختار عاملان مقرر کیا گیا مصاحب خان نے واسطے انتظام کے جواہر خان
داداچودھری الٰہی بخشخان کو شریک اپنا کر کے چند روز مین بندوبست
کامل کر لیا جب تسلط بخوبی ہو گیا جواہر خان اور عاملان کو بالائے طاق
رکھکر ایسا محیط ہوا کہ بجز مصاحب خان کے کسیکا کچھہ وجود نرہا عامل بیچارے
صورت میر فرش رکھے رہتے تھے جواہر خان کو یہہ امر ناگوار گذرا قاضی

محمد سعید خان و ابو برکات خان کو اوسنے متفق کر کے معرفت لشکر خان برادر زادہ
اپنے کے میوان باگھوڑیہ کو اشتعالک دی اور ایک پنڈت عامل بھی
تجارہ سے بھاگ کر پاس میوان باگھوڑیہ چلا گیا بران میوان نے قصبہ
تجارہ پر یورش کی جہانگیر خان و دیگر خانزاد ہا مع مہاجنان کے شریک
مصاحب خان ہوئے اور مہاجنان نے مصاحب خان سے وعدہ کیا کہ اگر
چاندی سونیکی گونون کی ضرورت ہوگی ہم دیوینگے مگر شہر کا بندوبست رہے
لوٹ نہونے پاوے مصاحب خان نے جابجا مورچہ بندی کی بجز مکان جواہر خان
و محلہ قاضی واڑہ کے تمام قصبہ مین انتظام کامل ہوگیا کسیطرف سے
میوان کو آبادی مین داخل ہونیکا گذر نرہا آخرش میوان نے شہر کے باہر
ڈیرہ کر دیئے دو ماہ تک مورچہ بندی رہی اور بندوق چلا کی بعد ش
میوان نے ایک روز حملہ کر دیا اور آبادی مین گھس آئے ایک حویلی مین
پانچ چار آدمیون کو جان سے مارا اور مکانات شہر کو آگ لگا دی تمام مورچے
خالی کر ائے مصاحب خان حویلی قصبہ بازار مین شام تک لڑتا رہا ہنگام
شب نکل کر قلعہ مین چلا گیا پوشیدہ نرہے کہ گنبد کلان علا والدین کے
گرد مین سابق قلعہ خام تھا کچہری حاکمون کی اوسمین ہوتی تھی جو وہان جمعیت
مرہٹون کی تعینات تھی اس باعث مصاحب خان اوسمین پناہ لے گیا

لیکن بعد فتح شہر کے میوان نے قلعہ کا بھی محاصرہ کرلیا مصاحب خان
تاب نہ لاکر شاہ آباد کو فرار ہوگیا قلعہ کو مفتوح کرکے میوان نے تلاش مہاجنان
کی محلہ قاضی واڑہ مین جاے امن دیکھکر مہاجن پوشیدہ ہوگئے تھے دلیلخان
پسر جواہر خان خانزادہ و دیوان ہری سنگھ رئیس برہمنان نے انکو ساتھہ لیجاکر
سپرد میوان کردیا دسہزار روپیہ مصادرہ کے مہاجنان سے میوان نے
ٹھہراکر حسب حصص اسامیون کو تقسیم کرلیا اور ساتھہ لے گئے کسی مہاجن
نے بخوشی اور کسی نے تنگ طلبی سے زر زندگی اپنا ادا کردیا سرکار مرہٹہ
سے فوجداری ریواڑی و کوٹ قاسم و تجارہ کی امرت راؤ ولسواس رائے
کو تفویض ہوئی سنہ ۱۲۰۶ ہجری مین نواب نجف علیخان فوت ہوئے آپا صاحب
مرہٹہ نے چاہا کہ قلعہ کانونڈ کو جسمین متعلقان نجف قلیخان رہتے تھے خالی کرالیا جاوے
چنانچہ آپا صاحب بہراہی پیروصاحب کے فوج لیکر کانونڈ کو روانہ ہوا اور
قلعہ کانونڈ پر مورچال قایم کردیئے بیگم نجف قلیخان نے اسمعیلخان سے مدد
چاہی بمجرد اطلاع اس واقعہ کے اسمعیلخان بروقت پہنچا آپا صاحب
نے اوسکے خوف سے محاصرہ قلعہ کا چھوڑ دیا اور بصلاح پیروصاحب
پلٹن کو گھات کی جگہہ پوشیدہ رکھکر سوار طرف کانونڈ کے کچھہ فاصلہ پر
مقابل کئے صباح اسمعیلخان نے طیار ہوکر سواران مرہٹہ سے جنگ شروع

کر دی کچھہ دیر سواران مقابلہ مین رہے بعد ش طرف پلٹن کے فرار ہوئے
اسمعیلخان متعاقب اونکے چلا آیا جب قریب پلٹن کے پہنچا پلٹن نے باڑ
ماری اسمعیلخان کے مع فوج پاؤن اوٹھہ گئے توپین بھی چھوٹ گئین اسمعیل خان
قلعہ بند ہوگیا فوج مرہٹہ نے قلعہ کو محصور کرلیا گولا چلنے لگا گو کہ توپ مرہٹہ
سے بیگم نجف علی خان اوڑ گئی اور مدد دی رسد سے اسمعیلخان پر وقت
تنگ ہوگیا مجبور اسمعیل خان مورچہ ڈبائی صاحب مین قلعہ
سے نکل کر حاضر ہوگیا آپا صاحب نے اوسکو قید کرکے قلعہ آگرہ
کو بھیجدیا اور مصارف ضروری مقرر کردیا چنانچہ اوسی قید مین وہ راہی
ملک بقا ہوا سنہ ۱۱ ہجری مین میوات مرہٹون سے چھوٹ گئی جاٹ قابض و
متصرف ہوگئے پنڈت سدانند جاٹون کی طرف سے حاکم تجارہ مقرر ہوا
اور شیخ غلام حسن غلام حسین کہ ہردو برادر حقیقی تھے عہدہ عاملی پر مامور
کئے گئے اسوقت مین میوان نہایت شورش رکھتے تھے عاملان مذکور کی ہر روز
اوسنے جنگ وجدل رہتی تھی وہ دونون بھائی بڑے جری وشجاع
تھے پال گھاسیٹریون پر غلام حسن اور باگھوریہ پر غلام حسین ہر صبح چڑھ کر
جاتے تھے اور تمام روز اونسے لڑتے رہتے تھے جب شام کو واپس آکر کمرین
کھولتے تو دس دس بارہ بارہ گولیان دونون کی کمرون سے گرتین کبھی

اونکو گولی بندوق سے آسیب نہ پہنچا اور میوانکو انھون نے عاجز و زبون
کر دیا سنہ ۱۲۱۹ ہجری تک تجارہ مین جاٹون کا عمل رہا بعدش میجر جان تھیس لاف
ٹین بہادر برق جنگ فدوی شاہ عالم نے اپنا عامل بھیجدیا جاٹون کا
عمل اوٹھ گیا اس انقلاب مین شکل انتظام ماضیہ بالکل تبدیل ہو گئے یعنی
جو پرگنات تحت حکومت تجارہ تھے وہ جملہ نکل گئے اور بجاے سرکار
لقب پرگنہ کا باقی رہ گیا اور منجملہ مالے موضع اصلی و داخلی متعلقہ پرگنہ
تجارہ نگینج و کرمالی و لاکھنور و کھوہرہ ور و پیاس پانچ گانو پرگنہ
رام گڑہ مین شامل ہوئے اور اکیس موضع مفصلہ ذیل شامل دیہات ہوکر
اصلی سے داخلی قرار پائے بلاسپور خورد پھرہارا بڑکی پلاسی میر
کانکڑہورہ مینا کی نصیر باد ہادیا کی ابن واس تاجوکی بسئی پاوٹی
دھنا کی اسمعیل پور اجبرا کا راہ پوری کوسوٹ بورا کی ہالیا کی دادھبا کی
گوٹھری چنانچہ حال اشتمال اونکا آیندہ تفصیل دیہات سے اشکار ہوگا اور
موضع پہلا باس رقبہ گولمین نو آباد ہوا اور مواضعات دائیکا ولپالہ و
ابراہیم پور و راے پور و علی پور خب و شیخوخب و ماجری گوجر و شیخوراہیر
و اڑندکہ و لوگانوہ نقش داخلی سے صورت اصلی مین آئے اور موضع نانگل
و دمدمہ و کلتاجپور و ڈھاکپوری پرگنہ ایندور سے خارج ہوکر شامل پرگنہ

تجارہ کے ہوئے اس داخل خارج پر بھی مالک موضع باقی رہے از انجملہ ماسے
گانو اصلی اور چورا سی دیہہ داخلی اور اس گردی سے پہلے اکثر دیہات مین زمیندارہ
خانزادون کا تھا اور جاٹ گوجر اہیر وغیرہ بھی بعض بعض گانون مین
زمینداری رکھتے تھے میوانکا نام ونشان نہ تھا عہد شاہ عالم مین غدر دیکھکر
میوان نے دست تصرف دراز رکھا اور خانزادون سے تمامی دیہات
چھوڑا لئے اصلیت قوم میو کی کسی تاریخ سے ظاہر نہوئی مگر مدت مدید سے
ہونا اونکا بصفحہ اظہار ہے اور یہہ قوم برآمدگی اپنی راجپوتون سے بتلاتے
ہین لیکن اوسپر یقین کامل نہین ہوسکتا کیونکہ جو راجپوت مسلمان ہوئے ہین
اونکے لقب راجپوتی اور گوت مین تخلل واقع نہین ہوا اگر میو بھی راجپوت
سے نکلے ہوتے تو تبدیلی لقب وگوت کی کیا وجہ تھی اس سے پیدا کہ
برآمدگی اونکی راجپوتون سے نہین بلکہ چند وجوہ سے پایا جاتا ہے کہ
میو مینہ سے نکلے ہین اول یہہ کہ میو مینہ ہم مخرج ہین دوی گوت میوان اور
مینہا کے اکثر ایک ہین جیسے نائی سینگل دولوت پوندلوت دھنگل
بالوت کہ میو مینہ دونون یہہ گوت رکھتے ہین سومی پیشہ سرقت مین بھی
باہم متفق چہارمی رشتہ داری بھی اونکی سابق آپین ہوئی ہے کہ قصبہ
شادی شش: نی پوتی بادار او مینہ اور دریا ولد ٹوڈرمل میو طشت از بام

افتادہ ہے درینصورت آشکار کہ کسی مرد یا زن مینہ کا ساتھہ دیکر قوم راجپوت
وغیرہ کے ملا وہوکر اولاد اونکی قوم علیحدہ قرار پائی اور ساتھہ نام میو کے
موسوم ہوئی بعدش جس قوم نے ساتھہ اوسکے اتفاق کیا وہ بھی میوان مین داخل
ہوگیا عجب نہین جس طرح جادون راجپوت میوان مین ملکر گوتوال میو ہوئے
اسی طرح دیگر راجپوت بھی اونمین شامل ہوئے ہون کثرت اونکی بدرجہا
ہوئی اور اونکے نام سے یہہ ملک میوات نامزد ہوا چنانچہ میوان کے
باون گوت ہین اور بارہ پال تفصیل پال ہا یہہ ہے لنڈاوت دہنگل نائی
سنینگل چھرکلوت ڈیم روت پاہٹ دولوت ہالوت پوندلوت رٹاوٹ دھروال
اور جو میو کہ ان بارہ پال سے باہر ہین وہ نپالی کہلاتے ہین اور سمیات
ہنود ہنوز اس قوم مین جاری باہم پال مین شادی نہین کرتے ایک پال
کی دوسرے پال مین شادی ہوتی ہے اور دیگر کل طریق ہندوانہ رکھتے
ہین نام کے مسلمان ہین روزہ نماز کے بھی پابند نہین شراب خوری کو جایز
سمجھتے ہین سید سالار مسعود غازی کو بہت مانتے ہین اور ہر قوم کی عورت
گھر مین ڈال لیتے ہین کچھہ اسکا عیب نہین سمجھتے اور گھر واسی مثل جاٹ گوجرون
کے اونکے رائج ہے اور بدن بھی گودتے ہین +

بیان حصول سروت مہاراو راجہ پرتاپ سنگھہ جیو صاحب بہادر

مراورا رسد کبریا و منی که ملکش قدیم است و ذاتش غنی
یکے را بسر بر نہد تاج بخت یکے را بہ خاک اندر آرد بتخت

جیٹھ بدی تیج سمت ۱۷۹۷ کو مہاراجہ پرتاب سنگھ جیو تولد ہوئے اور تا حصول دولت ریاست کے جاگیر موضع مانچیڑی پرگنہ راجگڑہ جانب راج جیپور سے ارث مین رکھی بوجھہ نام آوری شجاعت نسبت اونکے مہاراجہ صاحب جے پور نے نیت بد کی تھی اس سبب وہ جے پور سے بھرت پور کو چلے آئے مہاراجہ بھرت پور نے واسطے مصارف ضروری اونکے کچھہ وظیفہ مقرر کر دیا جب مہاراج جواہر سنگھہ کا غبار تگری دہلی سے نشانا تکبر دوبالا ہوا تو نسبت جیپور کے وانت تیز کر کے قصد اشنان پشکر رکھا اور پرتاب سنگھہ جیو سے ایما ہمراہی کیا بپاس نمک خواری قدیم جے پور کے پرتاب سنگھہ جیو نے اوس سے برسر انکار ہو کے علحدگی اختیار کی مہاراجہ جواہر سنگھہ بہ جمعیت وافر راہی پشکر ہوئے وقت معاودت جے پور سے بمقام مانوڈہ معرکہ آرائی ہوئی طرف جیپور سے بھی راجپوتان رستم توان مجتمع تھے ہنگام مقابلہ دلاورانہ پیش آئے ہر دو جانب سے لڑائی مین کوشش ہونے لگی بازار موت کھلا متاع جان ہاتھون ہاتھہ بکنے لگا توپ و بندوق سے جب نوبت تلوار آئی راجپوتون نے خوب جوہر خون بہائی اور زمین نبرد کو لالہ زار کیا شعر زبس خون کہ گرد آمد اندر مغاک +

چو گوگرد سرخ آتشین گشت خاک ✣ آخر فوج جاٹ ضرب شمشیر راجپوتون کی
تاب نہ لاسکی سراسیمہ جنگ گاہ سے بھاگی جواہر سنگھ جاٹ بھی بھرت پور کو فرار
ہوآیا اس لڑائی مین سپاہ طرفین کی اس مرتبہ کام آئی کہ جانبین مین حوصلہ
جنگ وجدل باقی نرہا بحالت ضعف اونکے پرتاب سنگھ جیونے خالی میدان
پاکر تسخیر ملک پر کمر ہمت باندھی دوران دست بُردی ملک مین ہرچند مہاراجہ
مادھو سنگھ والی جیپور وجواہر سنگھ راجہ بھرت پور ونجف خان سپہ سالار شاہ عالم
بادشاہ سے محاربات صعب بر روے کار آئے لیکن یاوری بخت بلند
نے پایۂ ثبات قایم رکھا کہ نقشہ راج پرتاب سنگھ جی کا جم گیا سمت ۱۸۲۱ مین
مہاراجہ صاحب بہادر نے قلعہ راج پور تعمیر رکھا اور سمت ۱۸۲۳ مین راجگڑہ قدیم
آباد کردہ راجہ باگ سنگھ بڈگوجر کی جانب غرب رقبہ موضع کورنی باس و
محمد پور مین شہر راجگڑہ بسایا اور بنیاد قلعہ ڈالی اور بند دیوتی مین جسکو مہاراجہ
سوائی جے سنگھ والی جے پور نے سمت ۱۷۸۴ مین بنایا تھا جل محل احداث کیا اور
زیر پال بند کے باغ نصب رکھا اور قلعہ ٹھلہ بجاے چوبرجہ مرتبہ بھوپ سنگھ
جاگیردار کے کہ سمت ۱۸۲۲ مین بایماے مہاراجہ سوائی جے سنگھ جیو تعمیر ہوا تھا طیار کرایا
اور منگسر سُدی تیج سمت ۱۸۲۳ مطابق ۵ نومبر ۱۷۶۶ء کو قلعہ الور پر دخل
پایا پوشیدہ نرہے کہ سابق مین قلعہ الور کو رپارہ کا بنا ہوا تھا یعنی بغیر چونہ

کے صرف پتھرون سے احاطہ وسیع اوسکا کھینچکر راجپوت کچھاوہ جو بلقب
نکوم مشہور تھے رہتے تھے سمت ۱۵۴۹ مین علاول خان خانزادہ نے نکومون
کو قتل کرکے یہہ قلعہ طیار رکھا جب جسنخان پسر علاول خان مقابلہ بابر شاہ مین
مارا گیا تو اوسپر دخل مغلونکا ہوگیا پھر جبکی بادشاہی ہوئی وہ متصرف رہا ہنگام
تنزل سلطنت کے جاٹ محیط ہوگئے سپاہ جاٹون متعینہ قلعہ نے نملنے
تنخواہ سے سراسیمہ ہوکر گیارہ ماہ کی تنخواہ مہاراج پرتاب سنگھہ جیو سے
لیکر قلعہ کو خالی کردیا مہاراج پرتاب سنگھہ جیو نے دخیل ہوکر خندق و شہر پناہ
خام شہر الور کی بنائی اور تر پولیہ تعمیر سابقہ کے ہر چہار جانب بازار چوپڑ کا ترتیب
دیا اور بالاے قلعہ محل بنایا اور زیر قلعہ پرتاب بند طیار رکھا اور سمت ۱۸۲۹
مین قلعہ بالا گڑہ اور سمت ۱۸۳۳ مین قلعہ بہادر پور تعمیر کیا رفاقت مہاراجہ صاحب
پرتاب سنگھہ جیو مین ہوشدار خان و بنی بخش خان و الہی بخش خان شیخون نے
بہت کچھہ کارنمایان کئے کہ نام اونکا یادگار رہے وہ کہ مہاراجہ پرتاب سنگھہ جیو
چراغ دولت فرزندی سے کاشانہ مراد منور نرکھتے تھے اسلئے بختاور سنگھہ
جیو کو گود لیکر فرزند قرار دیا تھا پوہ بدی پنچمین سمت ۱۸۵۷ مطابق ۲۶ دسمبر
سنہ ۱۸۰۰ء کو قبل تصرف پرگنہ تجارہ و پٹوکڑہ سفر آخرت پیش پکڑا
نام جنکا رہ گیا اونکا نشان ملتا نہین قصر فغفور و درِ نوشیروان ملتا نہین

ذکر حکومت مہاراجہ بختاور سنگھہ جیو صاحب بہادر

جب مہاراج پرتاب سنگھہ جیو رگہراے عالم بقا ہوئے بختاور سنگھہ جیو نے مسند حکومت پر جلوس فرمایا تزلزل سلطنت کے باعث اوسوقت مین غدر برپا تھا عروس ملک کو بے وارث پاکر ہر جوانمرد کے مونہہ مین پانی آتا تھا بمجواے اسکے بیت ہفت اقلیم ار بگیرد بادشاہ

ہمچنان در بند اقلیم دگر بختاور سنگھہ جیو کی بھی رگ شجاعت نے حرکت کی اور دست درازی پیش نہاد رکھکر قبض وتصرف ملک کا شغل پکڑا شیوخ بہادران زمانہ کارکن مقرر تھے باہم یکدل ہوکر ہر طرف مداخلت کرنے لگے ؎

دو دل یک شود دل شکند کوہ را پراگندگی آرد انبوہ را

جہانتک دسترس پہنچا ملک کو دبا بیٹھے چنانچہ ہریانہ تک عملداری مہاراجہ صاحب ہوگئی تھی مگر اکثر پرگنات بعد مین قبض وتصرف سے نکل گئے جب مہاراجہ صاحب واسطے شادی کے کچاؤن کو تشریف لیگئے تو پرگنہ دوسہ وبسوہ وگوڈہ وستھل وتالہ دھولہ وبیراٹھہ وغیرہ ہفت پرگنہ مہاراجہ صاحب جیپور کی نذر گذرانکر خلعت ماتی حاصل کیا ہرچند ملک وافر احاطہ وتصرف مہاراجہ صاحب مین تھا لیکن خطاب راجگی سے اوسدم

تک عزو وقار حاصل نرکھتے تھے واسطے اوسکے سرگرم تدبیر ہوئے پیروی
شیخون سے خطاب مہاراوراجہ کا مع ماہی مراتب کے سرکار شاہی سے
حاصل پاکر رئیسون مین شمار کئے گئے واضح ہو کہ عہد شاہان سلف مین ماہی
مراتب اساسہ جہانداری تھا اور داخل جلوس شاہانہ بخشش شاہی سے
امرا بھی ساتھ اوسکے تفاخر اندوز ہوتے تھے رئیسان جبتک اوس سے
شرف عزت نہ پاتے پایۂ اقتدار و آرزو کو نہ پہنچتے تھے ہر رئیس کو اوسکی
آرزو رہتی تھی اور جس تدبیر سے ممکن ہوتا تھا اوسکو حاصل کرتے تھے یہہ
جملہ معترضہ تھا آمدیم برسر مدعا، الغرض دولت نام آوری تمام مہاراجہ بختاور سنگھ
جیو نے حصول پائی اس عرصہ مین تفقدات مہاراجہ صاحب سے اپنی کارگذاری
پر شیخون کو نہایت تکبر آگیا اور بزعم خود مہاراجہ صاحب کا بھی کچھہ وجود
نہ سمجھتے تھے بلک ایکروز شیخ الٰہی بخش نے گفتگو سے بے ادبانہ سے
ارتکاب گستاخی بھی کیا بران زنگ ملال آئینہ دل مہاراجہ صاحب پر بیٹھہ گیا
خدا کی پناہ آقاء نامدار کے ریجش کا تابعدار کو کہان یارائے تحمل ہے
آخرش شیخ عہدہ برا نہ ہوسکے مکافات عمل کو پہنچے یعنی زہر ہلاہل سے
مارے گئے اونکے بعد نواب احمد بخش خان خلعت وکالت راج سے سرفراز
ہوئے جوکہ اُسوقت سرکار انگلشیہ کا دہلی پر قبض و دخل ہوگیا تھا نواب

احمد بخش خان نے خدمت حکام انگریزی مین اطاعت سے رسوخ
حاصل کرکے باہم مہاراو راجہ صاحب وسرکار انگریزی کے طریقۂ اتحاد
جاری رکھا ۱۴ر نومبر ۱۸۶۳ء مطابق ۲۶ر رجب ۱۲۸۰ ہجری کو باہم
عہد نامہ بصفحہ ترقیم آیا اوسی سال مین مرہٹون سے مہاراجہ صاحب کی
بمقام کٹومر لڑائی ہوئی تفصیل اوسکی یہہ ہے کہ مرہٹون نے دانا فوجدار
سکنہ بڑہ بہ وکلان و باجی برہمن سکنہ کٹومر کو بلا وجہ قتل کرڈالا تھا اس
رنج سے اولاد اونکی حضور مین مہاراو راجہ صاحب کے مستغیث ہوئی اونکی
درخواست پر بھگواندا س ٹونگرہ مع فوج کے تعینات کیا گیا نام گرفتہ
نے ملازمان مرہٹون کو کہ تعینات قلعہ کٹومر تھے قتل رکھا اور پانسو جوان
جرار اپنے قلعہ مین چھوڑکر واپس آیا یہہ خبر مہاراج سیندھیہ نے گوشزد
کرکے ایک کمپو واسطے انتظام کے تعینات کیا فوج مرہٹون کی کٹومر
پہنچکر خواستگار قلعہ ہوئی ہرچند جوانان راج الور متعینہ قلعہ قلیل تر
تھے لیکن شجاعت سے اونکی کثرت کو خیال مین نہ لائے اور مقابلہ
آراہوکر داد مردانگی دی جوکہ اونمین اور انمین رات دن کا فرق تھا
بالآخر بوجہ قلت جوانان راج مارے گئے اور قلعہ پر تصرف مرہٹون
کا ہوگیا جو کہ شادی وغم سلف سے توام ہے عین سرور اس فتح مین

فوج مرہٹون کو خبر جانکاہ ملی کہ لارڈ لیک صاحب بہادر نے بوجہ اتحاد
راج الور کے فوج کشی کی تھی بمجرد استماع اوسکے مرغ روح اونکا
قالب عنصری سے پرواز کر گیا بران قلعہ کٹو مرہین پناہ مشکل سمجھکر راہی
قلعہ کشنگڑہ ہوئے موضع سینتھری پرگنہ رام گڑہ ہین کہ بر سر ساحل روپارہل
ندی کے ہے لشکر نے قیام کیا اور لشکری لوگ فکر خورد و نوش ہین مبتلا ہوئے
ناگاہ لارڈ لیک صاحب بہادر نے بر سر وقت پہنچکر حملہ جلو ریز کر دیا
ملک الموت کو بر سر دیکھکر حواس فوج مرہٹہ کے باختہ ہو گئے کسیکو ہوش حربہ گیری
نہوا اور سگ دشغال کیطرح جانسے مارے گئے کثرت مال اونکے لشکر ہین
بہت تھی میوات والے لطمع اوسکے جو لوٹنے پر پڑے اونکے لشکر کو تباہ
کر دیا جو قتل سے بچا عنقا کی طرح بے نشان ہو گیا پرگنہ تجارہ و کٹو مرد
ٹیوکرہ عوض پرگنات بھونکر و بوڈانہ و دادری کے پیشگاہ لارڈ لیک
صاحب بہادر سے راو راجہ صاحب کو مرحمت فرمایا گیا مہاراجہ صاحب
بہادر نے بجلدوے حسن خدمات پرگنہ لوہارو نواب احمد بخش خان کو
بخشش فرمایا بوقوع اس داخل خارج کے پرگنات مفصلہ ذیل قبض
و تصرف مہاراجہ صاحب ہین باقی رہے الور مالاکھیڑہ بہادر پور
راجگڑہ رینی ٹھلہ بلدیوگڑہ عجب گڑہ پرتاب گڑہ نراین پور تھانہ غازی

بانسوڑ حاجی پور بہروڑ بڑود نیمرانہ مانڈھن کرنیکوٹ منڈاور کشنگڑہ
فتح آباد بوہرہ اسمٰعیل پور جیدولی باگھوڑہ تجارہ پٹوکرہ رام گڑہ
مبارکپور گوبندگڑہ پیپل گڑہ کٹومر سونگھر لچھمن گڑہ بڑودہ میو موج پور
کیٹڑہ حاصل ہوئے پرگنہ تجارہ و پٹوکرہ پر سنہ ۱۱ ہجری مین بنی بخشخان
برادر نواب احمد بخش خان اور دیوان بالمکند مع فوج کے انتظام کو تجارہ
مین آئے چند عرصے پیچھے معزولی دیوان بالمکند پر بھگوانداس ٹونگرہ اور
برخاستگی بھگوانداس کے بعد دیوان رام لعل مامور ہوئے دیوان رام لعل
نے موضع سہرٹہ مین گڑھی خام طیار کی اور روپیاس کو تاراج رکھا بعد ش
کوچ کرکے قریب شاہ آباد مقیم ہوا اور نواب فیض اللہ خان سے بوجہ
عناد سابق ساتھ تنگ طلبی کے نذرانہ وصول کیا اور بجرم خلل اندازی
انتظام جہانگیر خان و ہدایت خان چودھریان اور جے سکھ رائے قانونگو
کو قید کرکے الور لیگیا چودھری زبردست خان باتفاق میوان منتظم اس
علاقہ کے رہے سنہ ۱۲۱۱ ہجری مین فوجداری کشن گڑہ اور تجارہ پٹوکرہ
کی بنام جہاز چیلہ کے تفویض ہوئی اور رسالہ مرزا مینا بیگ تجارہ مین
تعینات کیا گیا مرزا مینا بیگ نے کثرت وقوع واردات چوری کا
گشت وگرداوری سے وہ انسداد کیا کہ امن وامان ہوگیا بجلدوے

اوسکے مرزا مینا بیگ مورد مراحم ہوکر وکالت دہلی پر سربلند کیے گئے
اور جہاز چیلہ نے میوان سے پگڑی بدلکر میوان کو اپنا رام بنایا چودھری
زبردست خان کو فکر رہائی مقیدان پیش نہاد تھا میوان سے آمیزش کرکے
سلسلہ جنبان اونکا ہوا سادہ لوحی سے میوان نے ضمانت اپنی دیکر چودھریان
وقانونگوے مقیدان کو رہائی دلاکر تیشہ اپنے پاؤن پر مارا چودھریان نے
رہا ہوتے ہی دشمنی سے ایسی بیخ کنی میوان کی کہ تمام میو نمودار گرفتار ہوگئے
اور زندانخانہ الور مین پہنچے مدت پیچھے بمشکل تمام بیست ہزار روپیہ مصادرہ
کے دینے کرکے خلاص ہوئے بھگوانداس سبیل مصادرہ میوان کے
لئے تعینات کیا گیا جہاز چیلہ معزول ہوگیا سخت گیری بھگوانداس ایصال مصادرہ
مین بیان سے باہر میوان کا ناک مین دم آگیا مجبور بہرسانی زرتاوان کو
میوان نے غارتگری اختیار رکھی دنکو شہر لٹنے لگا راہ چلتے مسافر پکڑے
جاتے تھے اور ڈنڈ دیکر چھوٹتے تھے تمام علاقہ بیچراغ ہوگیا بران
جہاز چیلہ اوسکی امداد کو فوج لیکر آیا اور موضع علاپور سرگروہ مفسدان
ونمیلی و پلاسلی ولپالہ کو غارتگری وآتش زنی سے پامال کیا خوانی میو
سکنہ لپالہ کو کہ وہ سرغنہ تھا زیر و زبر رکھکر صورت انتظام نکالی سنہ ۱۱۴۳
ہجری مین نند لعل بندوبست کشن گڑھ کرکے مع فوج تجارہ آیا اور قلعہ

ایندور پر تنبیہ میوان مفسدان کو لشکر کشی کی اور داد مردانگی دیکر قلعہ کو بعد لڑائی کے مفتوح کیا۔ فیاض صاحب نے جو تاریخ مفتوح ہونے قلعہ ایندور کے لکھی ہے تحت مین ثبت ہے

قطعہ تاریخ فتح قلعۂ ایندور

چو دیوان میو در سیوات بودند — ہمی کردند با مردم بسے جور
خدا از شر ایشان نمودہ خلق میلین — بہر کس حملہ می کردند چون ثور
بغرہ پیش تظلم ہا نمودند — خدا فریاد رس شد اندرین دور
بامرش راو راجہ گشت مالک — ازان ہم کس نیاوردہ بدل غور
چو آمد فوج شیران بہر تنبیہ — ز شر دیوان تہی گشتند فی الفور
بگوشم گفت ہاتف گو براجہ — مبارکباد فتح قلعہ ایندور

پوشیدہ نرہے کہ قلعہ ایندور کچھاؤن کا بنایا ہے جو لقب اپنا نکوم رکھتے تھے انقلاب چرخ دوار سے جب وہ نیست و نابود ہوئے خانزادہ اوسپر محیط رہے بعد خانزادون کے پٹھانون کے قبضہ مین رہا عہد سلطنت مغلون مین عاملان سرکار رنجارہ وہان رہتے تھے اسی طرح منتقل ہوتا ہوا شدہ شدہ قبضہ مہاراو راجہ صاحب مین آگیا جو کہ یہہ قلعہ شکستہ ہو رہا تھا مہاراجہ صاحب بہادر نے مرمت سے درستی اوسکی کرائی اور سمت ۱۹۴۳ مین قلعہ پیپل کھڑہ فتح ہوا اور سمت ۱۹۶۲ مین قلعہ گوبند گڑہ

تعمیر کرایا اور سمت ۱۸۶۵ مین محل زنانہ جو پورانا محل مشہور ہے مع مندر واقع
الور بنایا گیا اور قلعہ سمونچی وکھمن گڑہ وکیڑہ ورام گڑہ بھی تعمیرات
مہاراجہ صاحب بختاور سنگھہ جیو سے ہین اور بند اومرن علاقہ الور کہ
اب ٹوٹا ہوا پڑا ہے طیار کیا الحاصل انتظام ملک سے اطمینان حاصل
کرکے مہاراجہ صاحب پابند ہوائے عیش وعشرت اور سیر وشکار رہوئے
ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۲۷۵ ہجری مین سیر کنان اور شکار افگنان قریب موضع علاولپور
کے جو متصل شہر الور ہے پہنچکر خیام برپا کرائے اور تماشائے کشتی پہلوانان
کو حکم طیاری اکھاڑہ نافذ فرمایا جس جگہہ اکھاڑہ بنایا گیا متصل اوسکے
مزار کسی بزرگ کا تھا لوگون نے عرض رکھا کہ پاس اکھاڑہ کے مقابر
مسلمانون کا ہونا درست نہین ہے بران تحکم سرداری سے ارشاد ہوا
کہ قبر کندہ کیجاوے حکم کی دیر تھی ملازمان نے فورًا مزار کو اوکھاڑکر
ہاتھون ہاتھہ پھیکدیا ؎ مردان خدا خدا نباشند
لیکن ز خدا جدا نباشند اُسی شب کو مہاراو راجہ صاحب
نے خواب متوحش دیکھا اور صباح بیمار ہوئے درد کی تکلیف سے طاقت
طاق ہوگئی مضطرب الور کو واپس آئے اور خدمت مین میان فدا حسین
رسول شاہی کے کہ اونسے نہایت معتقد تھے حاضر ہوئے اور استدعائے

دعاے صحت رکھی میان فداحسین نے تسلی و دلاسا دیا اور محل کے جانیکا
کا ایما فرمایا مہاراو راجہ صاحب محل مین پہنچکر شدت درد سے بیتاب
ہوگئے اور بدحواس ہوکر بالتجاے دعا پھر آدمی کو میانصاحب کے پاس
بھیجا وہ میان صاحب سے عرض حال کر رہا تھا کہ ایک فقیر میان
فداحسین کا نشۂ بنگ مین بول اوٹھا کہ راجہ ہمسے کیا کہتا ہے وہ ہمیشہ شکار
ہرن وگیدڑ کا کرتا تھا اس مرتبہ اوسنے شکار شیر کیا ہے جو کچھ ہونا ہوگا
ظہور مین آویگا ہمکو طاقت نہین کہ مدد کرین جس مزار کو راجہ نے توڑا ہے
ازسرنو اوسکی تعمیر کرے اور نذر و نیاز سے معذرت خواہ ہوتا وہ خطا معاف
کرین یہہ سُنکر بھیجا ہوا واپس آیا اور حال سن وعن عرض رکھا مہاراو راجہ
صاحب باصغاء اوسکے برسر غیض و غضب ہوئے اور قہرناکی سے حکم
سخت ناقد فرمایا میان فداحسین صاحب یہہ خبر پاکر کوٹقاسم کو
فرار ہوگئے او جابرہمن اور نجل ناتھ جوگی و پرتامینہ نے کہ سرکار مین اختیار
رکھتے تھے حسب الحکم جور بدعت کو رواج دیا اور کوئی دقیقہ ظلم و تعدی
مین باقی نچھوڑا تفصیل اونکے جور و ستم کی یہہ ہے کہ قبر شاہ رسول صاحب
چوپیشوا سے طریق رسول شاہیونکے تھے اور سنہ ۱۱ ہجری مین راہی عالم بقا
ہوئے ہین مع گور مولوی محمد حنیف مرید رسول صاحب کے کہ تاریخ فوت

اونکی چراغ احد ہی کندہ کراکے خون خوک چھڑکا اور بت اوس جگہہ قایم
کئے اور اونکی ہڈیون کو گدھے پر بار کراکے عملداری سے باہر بھیجدیا
کہ ہنوز تکیہ رنگ علی شاہ واقع فیروز پور مین دفن اور جو فقیر رسول شاہی
دستیاب ہوا گوش وبینی اوسکے کاٹ لئے اور ہر ایک مزار الور وبہادر پور
کے نقارہ وشامیانہ وغلاف اُٹھا منگائے اور مزار حضرت غالب شہید
صاحب وخانقاہ فردوس بارگاہ حضرت مخدوم کمال چشتی صاحب
ہمشیرہ زادہ حضرت سلیم چشتی صاحب مع دیگر مزارات الور ومزار
سید جلال الدین واقع بہادر پور کو منہدم کردیا اور مسجدون اور چاہات
مین سور کا لہوڈالا اور اذان ونماز وذبح کی ممانعت قطعی کردی مسلمانان
مظلومان کو نماز عید الضحی وقربانی نصیب نہوئی تجارہ مین مرزا مینا بیگ
رسالدار نے اپنی دلاوری اور سپہ گری سے نماز عید قریب درگاہ
غازی گدن صاحب ادا کی اور قربانی بھی کری اونسے کسی کو جرأت مزاحمت
نہوئی وہ کہ میان فداحسین صاحب کا بھائی وزیر بادشاہ تھا بذریعہ اوسکے
میان فداحسین نے بادشاہ سے حال مظلومی مسلمانان الور عرض رکھا بران
بادشاہ نے حکام انگریزی سے سفارش کرکے فوج کشی الور پر کرائی جب
فوج انگریزی بہادر پور پہنچی مہاراو راجہ صاحب گھبرائے نواب احمد بخشخان

نے کئی لاکھ روپیہ مہاراو راجہ صاحب سے لیکر فوج کو بہادر پور سے ساتھہ
حکمت عملی کے واپس کرادیا تاریخ پنجم رمضان المبارک سنہ ۱۲۴۶ ہجری کو
لڑائی کولانی مین مرزا مینا بیگ رسالدار مجروح ہوئے اور شروع سنہ ۱۲۴۹
ہجری مین میوان نے سرکشی سے یورش اختیار رکھی اور دیہات کو لوٹنے
لگے مسٹر مچل صاحب ملازم راج فوج لیکر تجارہ مین آئے اور گوشمالی
مفسدان کرکے خلق خدا کو مطمئن کیا پندرہ صفر سنہ ۱۲۳۰ ہجری کو مہاراو راجہ
بختاور سنگھہ جی صاحب نے دیرنا پایدار سے سفر آخرت اختیار رکھا موسیٰ
طوائف اونکی مدخولہ نے ستی ہوکر ساتھہ دیا +

بیان حال بلونت سنگھہ جیو

واضح ہو کہ مہاراو راجہ بختاور سنگھہ جیو ایک دختر موسومہ چاند بائی اور ایک پسر
بلونت سنگھہ بطن سے موسیٰ طوائف کے رکھتی تھی چاند بائی کان سنگھہ ٹھاکر
تتارپور سے بیاہی گئی بلونت سنگھہ جی وارث راج رہے بعد انتقال
بختاور سنگھہ جیو کی ٹھاکران نے مسندنشینی بلونت سنگھہ جیو کو ناجایز رکھکر
بنے سنگھہ جیو برادرزادہ مہاراج بختاور سنگھہ جیو کو راجہ مقرر کرنا چاہا لیکن
مسلمان اور چیلہ اسبارہ مین اونسے متفق نہوئے اور جانب دار بلونت سنگھہ
جیو کے رہے نظر بران واسطے رفع فساد کے بالاتفاق دونون کی مسندنشینی

پر اتفاق کیا گیا چنانچہ ماہ مذکور بتیخ سمت ۱۸۷۱ کو ہر دو مسند نشین ہوئے نواب
احمد بخش خان نے سب سے اقرار نامہ تحریر کرا لیا کہ بعد بلوغ نصف ملک و مال
باہم انکو تقسیم کیا جاوے اوس سے تین برس پیچھے پرگنہ تجارہ و پٹوکرہ
کا نواب احمد بخش خان نے ٹھیکہ لے لیا تاریخ ۱۲ ربیع الاول سنہ ۱۲۳۲ ہجری
کو دخل نواب صاحب کا پرگنہ تجارہ و پٹوکرہ مین ہوگیا کالیخان منتظم مقرر
ہوئے جس جگہہ محل سرکاری ہین سابق وہان بنیاد مسجد کی تھی کہ عہد خود
مین پٹھانون نے قایم کی تھی اوسی جاے کالیخان نے اپنے رہنے کو
بنگلہ بنایا جب ہر دو راجہ سن بلوغ سے حد بلوغ کو پہنچے شیرونکی طرح غرانے
لگے مثل مشہور ہے کہ ایک نیام مین دو تلوار نہین سمانین بقول سعدی
شیرازی ۔ دہ درویش در گلیمی خسپند ۔ دو پادشاہ در اقلیمی نگنجند ۔
قاعدہ کلیہ ہے کہ وقت نزاع کسیکے ترغیب دہندہ دونون طرف کھڑے
ہوجاتے ہین پس جملہ کسان دو فریق ہوکر اغواکوش ہوئے نواب احمد بخشخان
کو ابتدا سے جانب داری بلونت سنگھہ جیو کی ملحوظ تھی اس سبب مغویان
بنے سنگھہ جیو اندیشہ و رنج سے بیخ کنی نواب احمد بخشخان مین چارہ جو تھے
مسمیان ملا وخوشحال وجہاز چیلہ ہا اور نند رام دیوان نے ایک میو
سے کہا کہ اگر نواب احمد بخشخان کو توجان سے مار ڈالے تو چھہ ہزار روپیہ نقد

او رایک گانون ہم تجکو دین ؎ بہ وزد طمع دیدۂ ہوشمند +

لالچ سے اوسنے قبول کیا اور قتل نواب احمدبخش خان کا وعدہ حتمی رکھا

آٹھہ ماہ تک وہ داؤ گھات مین رہا مگر موقع نہ پایا بستم شعبان ۱۲۳۸ ہجری

کو بمقام دہلی قابو پاکر وقت شب خیمے مین جا گھسا اور حالت خواب مین

شمشیر آبدار کے تین وار کئے ضرب سوم مین تلوار ٹوٹ گئی تب خیمہ سے نکلکر

بھاگا اپنی دانست مین وہ کام تمام کرچکا تھا لیکن زندگی نواب صاحب

کی باقی تھی کوئی زخم کاری نہ آیا اور بچۂ قضا سے نجات پائی جراحت

خفیفہ کا ڈاکٹری علاج ہونے لگا چند عرصہ مین شفاء کلی پاکر غسل صحت کیا

میو مجرم فرار ہوکر براہ راست الور پہنچا اور خواستگار انعام مقررہ ہوا ؎

طمع راسہ حرف است ہرسہ تہی ازان نیست ہرطمعان را بہی

ترغیب دہندگان ادائے انعام مین حیلہ حوالہ درمیان لائے بران باہم

نزاع ہوئی ذریعہ اوسکے راز نہفتہ کھل گیا میو کو بلونت سنگھہ جیو نے گرفتار

کرلیا ہنگام گرفتاری اوسنے ماجرائے مفصل بیان رکھا برطبق اوسکے

ملا وخوشحال وجہاز چیلہ ہا اور نند رام دیوان بھی مقید کئے گئے رامون

خواص فرار ہوکر دہلی کو چلا آیا اور اول ڈیرہ نواب احمدبخش خان پر حاضر

ہوا نواب صاحب نے اوسکی طرف توجہ نکی اس باعث اوسنے منشی

کرم احمد سررشتہ دار جرنیل نونی اختر صاحب بہادر کو کئی لاکھ روپیہ دینا
کرکے اپنا ممد و معاون بنایا اور پیشگاہ جرنیل صاحب سے درستی مقدمہ
کی شکل نکالی جرنیل صاحب بھی اوسپر توجہ رکھنے لگے بلکہ ایک دن ہنگام
ملاقات دربارہ سفارش مقدمہ الور کے نواب احمد بخش خان کو مبالغت کلی
رکھی جب رامون خواص نے چلہ کمان خود کو چڑھا دیکھا اور تیر تدبیر کا سر آماج
پایا یا حضور مین جرنیل صاحب کے عرض پرداز ہوا کہ بعض مفسدان نے
بلونت سنگھہ جیو کو اغوا کرکے الور مین نقش فساد مرتسم کیا ہے اگر ارشاد
ہووے انسداد اونکا عمل مین آوے وہ کہ جرنیل صاحب کو پاس خاطر
اوسکا منظور تھا حکم اجازت نافذ فرمایا گیا رامون خواص نے بمجرد اس ایما
کے ہواخواہان بنے سنگھہ جیو کو تحریر رکھا کہ بیخبر بلونت سنگھہ جیو کے اور ونکا
جلد تر کام تمام کرین یہہ اشتعالک پاکر نہم ذیحجہ سنہ ۱۲۳۸ ہجری کو راجپوتون
نے مجتمع ہو دروازہ ہا شہر کا بند وبست کرلیا اور محل پر یورش رکھی
بنے سنگھہ جیو کو حویلی اکھے سنگھہ مین لے آئے اور نصف شب سے جنگ
وجدال شروع رکھا پہر دن چڑھے بلونت سنگھہ جیو حویلی زنانہ مین چلے
گئے دس آدمی جانب داران اونکے سے مارے گئے اور مابقی نے
ہتیار رکھکر امان چاہی اور جان اپنی سلامت لیگئے اور مال واسباب

اونکا غارتگری مین آیا ٹھاکر بلی جیو اور فاسٹ صاحب وٹامین صاحب
مقید ہوئے اور بلونت سنگھہ نظر بند رہے باطلاع اس واقعہ کے
جرنیل نونی اختر صاحب بہادر و ہم نواب احمد بخش خان نے صدر کو
اپنی اپنی رپورٹ بھیجی بجواب او سکے حکم صادر ہوا کہ باستر ضاے نواب احمد بخش خان
کاربندی رہے اور راضی نامہ لیا جاوے جو اوس زمانہ مین طرف کلکتہ
کے کچھہ خرخشہ تھا فوج اوس جانب جاتی تھی اس سبب فیصلہ الور مین
تعویق ہوئی نواب احمد بخش خان نے فیروز پور آکر ٹھیکہ تجارہ و پٹوکرہ سے
دست کشی اختیار کی بستم محرم سنہ ۱۲۳۹ ہجری کو بھوانی بخش عاملی تجارہ پر
جانب رامون خواص سے مقرر ہوکر آیا اور انتظام تجارہ نے راج سے
پھر تعلق پکڑا بعد چندے جرنیل صاحب جے پور کو تشریف لائے رامون
خواص و نواب احمد بخش خان بھی ہمراہ تھے خواص مذکور بھبول رخصت
الور کو آتا تھا اثناے راہ مین دریافت کو پہنچا کہ ملا و خوشحال وغیرہ
مقیدان رہا ہوگئے باستماع اسکے طائر ہوش رامون خواص نے پرواز کئے
اور الور پہنچکر لوگون کو زجر و توبیخ کر بدستور سابق رہا شدگان کو بند مین
ڈالا جرنیل صاحب بھی جے پور سے کوچ کرکے الور کو آتے تھے حال
رہائی مقیدان اصغا کرکے نہایت افسردہ اور برہم ہوئے رامون خواص

واکھے سنگھ بٹھا کر واسطے استقبال کے الور سے راہی ہو کر راجگڑہ پہنچے
خواص مذکور راجگڑہ مین مقیم رہا اکھے سنگھ نے مقام دوسہ حاضر ہو کر سلام
پیام رامون خواص پہنچایا جرنیل صاحب نے ارشاد کیا کہ ہمکو خواص بد عہد سے
کچھہ سروکار نہین الور کا جانا ہمنے موقوف رکھا کوچ ہمارے لشکر کا طرف
بھرت پور کے ہوگا اکھے سنگھ نے اس حال سے خواص کو مطلع کیا خواص
گھبرایا اور دوڑا گیا جب حاضر حضور جرنیل صاحب ہوا جرنیل صاحب نے
اوس سے فرمایا کہ رہائی مقیدان سے تمنے عہد شکنی کی اور ہمسے سروکار
نرکھا اب جو تمکو ہماری خوشی منظور ہے تو مقیدان اور اونکے رہا کرنیوالون
کو بجراست دہلی پہنچا دو اور نصف ملک ومال بلونت سنگھہ جیو کو تقسیم رکھو
ورنہ مستعد جنگ رہو خواص آرے بلے کر کے چلا آیا اور کچھہ تعمیل حکم نہ کی
ہنگام مراجعت دہلی جرنیل صاحب نے فیروزپور سے پھر الور کو تحریر رکھا کہ
اس مرتبہ اتمام حجت کیجاتی ہے حسب الحکم کاربند ہو یا سامان لڑائی مہیا کرو
جب اوسکا کچھہ جواب نہ آیا تو رپورٹ ایستادگی اونکی جرنیل صاحب نے
صدر کو روانہ کی بموجب حکم اوسکے بعد فتح بھرت پور فوج سرکاری کا طرف
الور کے کوچ ہوا ہنوز صدر راج مین نزول افواج نہوا تھا کہ زلزلہ پڑ گیا جب
کچھہ چارہ نہوا مجبور بلونت سنگھہ جیو کو رہا کر کے باساز وسامان جاہ وحشم

روانہ حضور جرنیل صاحب رکھا موضع لگڑا بیڈم علاقہ بھرت پور مین پہنچکر بلونت سنگھ
جیو نے ملازمت جرنیل صاحب حاصل کی ہرچند نواب احمد بخش خان ساعی
تھے کہ نصف ملک بلونت سنگھ جیو کو تقسیم ہوجاوے لیکن بعد رد وقدح علاقہ
راج سے جائداد چار لاکھ روپیہ سالانہ واسطے مدد معاش بلونت سنگھ جیو کے تجویز
ہوئی چنانچہ عوض پرگنہ کشنگڑہ وکٹومر کے دو لاکھ روپیہ نقد مقرر ہوئے اور
معاوضہ دو لاکھ روپیہ مین پرگنہ تجارہ و پٹوکرہ و مانڈہن وکرینکوٹ و
منڈاور دیا گیا اور یہہ شرط ٹھہری کہ جو کوئی ہر دو راجہ سے لاولد فوت ہووے
ملک اوسکا تفویض دوسرے کے کیا جاوے چنانچہ تحریرات سے بخت پز
جملہ مدارج ہوکر ماہ شعبان سنہ ۱۲۴۱ ہجری مین بلونت سنگھ جیو رونق افروز
تجارہ ہوئے اور بنگلہ مرتبہ کالیخان مین سکونت اختیار کی اور بنائے مسجد
پر تعمیر محل شروع رکھی اور قریب محل کے باغ مع بنگلہ کے طیار کرایا اوس سے
فارغ ہوکر اندھیری باغ کنارے ندی پر لگایا اور مہارانی صاحبہ نے متصل
موضع خلیل پوری لب سڑک الور تبارہ بناکر خیرات شروع رکھی اور شاہ راہ
فیروزپور پر باغ اپنا جداگانہ ترتیب دیا جب پنیا کال پڑا بنظر پرورش غربا
کے بند خام شاہزادہ علاءالدین کے پختہ بنانے کو مدد لگائی گئی تعمیر اوسکی
ہوکر تجویز قلعہ بالاے کوہ ہوئی تیاری قلعہ پر ایک مسجد قلندری اور ایک

مزار کسی بزرگ کا تھا اونکو منہدم کرکے ربیع سمت ۱۸۹۱ مین مہورت طیاری قلعہ
عمل مین آیا شب و روز طیاری قلعہ کی تاکید تھی اکثر مہاراجہ بلونت سنگھ جیو بھی خود
تشریف لیجاکر سیر تعمیر اوسکی مین تمام روز پہاڑ پر بسر کرتے تھے اور زیر کوہ تجونیر
آبادی شہر کی گئی چنانچہ مکانات امرا بننے لگے اسی اثناء مین مہاراج کنوار
شاہ خاور کی طرح بصد جاہ و جلال برج حمل سے جلوہ آرا ہوئے شرف ظہور
اونکے سے بلونت سنگھ جیو گل کی طرح خندان تھے اور ہرکہ و مہ جامہ مین پھولے
نہ سماتے تھے بزم شادی کی آرایش اگر لکھون تو مطلب سے رہ جاؤن لہذا باگ
سمند خامہ اس میدان بے پایان سے روک کر مدعا نگاری کی طرف منعطف
ہے حاصل کلام مہاراجہ بلونت سنگھ کو شب و روز شادی و سرور مین گذرتے
تھے اور مہاراجہ کنوار مہد کنار دایہ مین پرورش پاتے تھے جو کہ شادی و غم
سلف سے توام ہے عین مسرت و انبساط مین یکایک غم جانکاہ حادث ہوا یعنی
ولادت سے تیرہ ۱۳ ماہ بعد مرغ روح مہاراج کنوار نے قالب عنصری سے پرواز
کی اور شجرہ عالم جاوید مین آشیانہ پکڑا رنج و اندوہ مہاراجہ صاحب
کو حد سے فزون تھا مگر رانی صاحبہ کا درد و غم سے حال بتر ہو گیا نالۂ
شیون و شین اونکا تا فلک الافلاک پہنچا تھا اور گریہ اونکا ایکدم کم نہ ہوتا تھا
اسی سوز نہانی مین ایک سال پیچھے انتقال فرمایا مہاراجہ بلونت سنگھ جیو

صاحب مثل مجنون کے سودائے تعشق اوس لیلے کا رکھتے تھے صدمہ پر صدمہ
اوٹھانے سے گھبرا گئے برس دن مشکل سے پکڑا آخر جانبر نہوے اور قبل اتمام
کو پہنچنے کارتعمیر کے بنگلہ قلعہ مین بیمار ہوکر بنگلہ باغ مین آئے اور ۱۳ محرم ۱۲۶۱ھ
ہجری کو شربت حمات چکھا ملازمان ورعایا مین کہرام پڑگیا تیرہوین کو عشرہ
محرم دوبارہ ہوا قضا سے کسی کا کیا چارہ ہے جزع وفزع کرکے باغ مہارانی
صاحبہ مین داغ دیکر اوس ماہ سپہر اوج کو خاک مین ملا دیا +

بیان حال فرخندہ مال مہاراو راجہ سوائی بنے سنگھ صاحب بہادر بیکنٹھ باشی

احوال مسند نشینی مہاراو راجہ سوائی بنے سنگھ صاحب بہادر ماسبق اسکے مفصل
ومشرح حوالہ قلم ہوچکا ہے اوسکے اظہار مکرر کی ضرورت نہین چنانچہ روز
مقیدی بلونت سنگھ جیو سے مہاراو راجہ صاحب ممدوح بلامشارکت غیرے
برسر حکمرانی ہوئے مگر اوس زمانہ مین اہلکاران ازبس محیط تھے کارخانہ راج
کا زمیندارانہ طور تھا ملازمان اپنی اپنی فلاح کے خواہان تھے بہبودی کارخانجات
وخزانہ راج کا کسیکو کچھ خیال نہ تھا مہاراج بنے سنگھ صاحب بڑے
صاحب دانش تھے ہرچند اونکے حالات دیکھتے تھے مگر کچھ نہ کہتے تھے
اور منتظر وقت تھے آخر قابو پاکر ملاچیلہ کا اس طرح استیصال
کیا کہ اوسکے مارے جانیکا راز کسیکو ظاہر نہوا اور اکثر دخیل کارون کو بیدخل

محض ساتھ حسن تدبیر کے رکھا کہ خلش باقی نہ رہا لیکن اسپر بھی شکل بہتری کی
برآمد نہوئی خارہ کا عالم بدستور رہا چنانچہ عہد دیوان جگناتھ بیجناتھ مین
بعض اوقات کارخانجات مین نوبت فاقہ کی گذرتی تھی تب بوساطت آغا صاحب
خوش نویس شاگرد رشید میان میرپنجہ کش کے منشی اموجان کو دہلی سے بلا کر خلعت
دیوانی مرحمت فرمایا مرزا اسفندیار بیگ نائب دیوان مقرر ہوا وہ کہ مرزا
میدان دانشمندی مین اسم بامسمی یعنی اسفندیار زمانہ تھا پس دورے
کے اتفاق سے انتظام ملک نے بدرجہ غایت رونق پائی فوجداری کا سررشتہ
قایم ہوا تھا نجات مقرر کئے گئے بندوبست مال و فوجداری و دیوانی کا بتقرر
عدالت کے قرار واقعی فرمایا آسودگی راج سے صورت عسرت بدل گئی پھر
تو مہاراج صاحب بہادر نے بفراغ دل درستی کارخانجات مین توجہ کی اس
اثنا مین حسب شرایط علاقہ اور سامان مہاراج بلونت سنگھ مرحوم سے بیشی خداداد
ہوئی شکریہ اوسکا بجالاکر مہاراج بنے سنگھ صاحب بہادر مراد دلی کو پہنچے
اور جلوس سرداری کا جملہ سامان مہیا رکھا عمارات عالی ایسی دلکشا بنائی کہ
جسکا شیش محل نگارخانہ چینی ہے اور منزل سینل نواس ارم ترین مکان
اجلاس گویا بادشاہونکا دیوان خاص ہے اور موتی ڈونگری کا محل اور باغ
زینت اور فضا مین نظیر نہین رکھتا اور بند سیلی سیڈہ طیار کرکے سمت ۹۰۶ امین

نہر نکالی اور رفاہ عام رعیت کو طیاری بندات سے علاقہ الور کو کشمیر بنا دیا
اور نصب باغ بنے بلاس و بجے باٹ اور تعمیر گھوگس لال دروازہ حضوری دروازہ
اور احاطہ گھوڑا پھیرا اور چھتری لب ساگر اور فیلخانہ و رتھ خانہ و جیلخانہ سے
رونق سواد الور بڑھائی اور مردمان اہل کمال اس مرتبہ کے بہم پہنچائے کہ
کسی ریاست و راج مین نہ تھے چنانچہ مولانا فضل حق خیرآبادی آفتاب ہند
مشہور تھے اور ممن و میانجان چابک سوار کہ منتخب روزگار تھے اور
تانرس خان کلانوت دامرت سین و رحیم سین ستاریہ و سکھدیو و صدیق
پہلوان جیوا نجار میر باقر علی پٹہ باز و میان میر و آغا صاحب خوشنویس
مرزا اسفند یار بیگ دیوان شیخ ابراہیم شمشیر ساز عبداللہ کتھک کہ
ہر ایک اپنے اپنے ہنر اور فن کے وحید عصر اور یکتائے روزگار تھے اسی
سرکار مین ملازم تھے معاصران مہاراجہ صاحب کو یہان کے اجتماع
اہل ہنر کا رشک تھا اور واقعی ہے کہ قدردانی و خوش نصیبی مہاراجہ
صاحب بہادر سے یہہ لوگ جمع ہو گئے تھے اور پٹوارگری کا سلسلہ
مہاراجہ بنے سنگھ جی سے ہی جاری ہے پٹوارہ سمت ۱۹۰۶ مین تقرر فرمایا
گیا تھا اور قلعہ خوشحال گڑہ بھی تعمیرات مہاراجہ صاحب ممدوح ہے گھوڑے
ایسے نایاب جمع کئے تھے کہ آسمان نے بھی ساتھ گردش لیل و نہار کے

ندیکھے ہونگے جس قدر عروج کارخانجات ریاست ہے یہہ سب عہد
مہاراج بنے سنگھہ جی صاحب سے ہے مہاراجہ صاحب بڑے دانشمند
تھے اپنی دانائی سے ہر کام کی نگرانی رکھتے تھے کسی ملازم کے محتاج و
دست نگر نہ تھے تمام عمر عیش و عشرت اور عدل و داد مین گذاری غدر
۱۸۵۷ء مین قلعہ نوگانوہ طیار کیا اور امداد سرکار انگریزی کو فوج طرف
آگرہ بھیجی تھی کہ اچنیرے پر ہاتھہ باغیان سے کام آئی بہت نقصان راج کا
اوس فوج کی تباہی سے وقوع مین آیا اور انتظام پرگنہ فیروزپور کو منشی اموجان
تعینات کئے گئے تھے سرکشی میوان سے انتظام ممکن نہوا اور بہت صرف
پڑا آخر وقت مین مہاراجہ صاحب بہادر نے مرض فالج سے بہت اذیت
اوٹھائی اور شعبدہ بازی مرزا اسفندیار بیگ سے باشتباہ کرنے
جادو کے ممن چابک سوار اور بلدیو چتیری وگنیش چیلہ کو بلا وجہ قتل رکھا
اور چند کس پر بیداد کی سمت ۱۹۱۴ مین با یام غدر نقد حیات کف اجل کو سونپ کر
بیکنٹھہ باشی ہوئے ؎

درپیش سبکو یہہ سفر ناگزیر ہے　　یکسان اسی سفر مین امیر و فقیر ہے

حال خیریت اشتمال مہاراجہ سوائی شودان سنگھہ بہادر دام اقبالہ

مہاراجہ سوائی شودان سنگھہ بہادر دام اللہ اقبالہم نے ساعت سعید سے

بھادون سدی چودس سمت ۱۹۱۰ مین بطن مہارانی صاحبہ معظمہ شاہ پورہ والی
سے شرف ولادت پاکر کنار دایہ کو زینت کونین بخشی اور تیرہ برس
مہد شفقت مہاراج بنے سنگھہ جیو مین پرورش پائی بعد بیٹھہ باشی ہونے
مہاراجہ بنے سنگھہ بہادر کے ساون بدی نو مین سمت ۱۹۱۴ کو سریر حکومت
راج پر نزول اجلال فرمایا منشی اموجان اور مرزا اسفندیار بیگ عہدہ جات
دیوانی پر مامور و سرفراز تھے اور بوجہ رنجش باہمی ایک دوسرے کی بیخ کنی
کو موقع وقت دیکھتا تھا ایکدن موقع پاکر منشی اموجان مکان اکھے سنگھہ والہ
کے جسمین مرزا رہتا تھا اپنی سکونت کو سائل ہوئے مہاراجہ صاحب بہادر
نے بنظر التفات استدعا اونکے قرین اجابت فرماکر مرزا کو حکم خالی
کر دینے مکان کا دیدیا چند عرصہ مرزا نے لیت ولعل کی جب منشی
اموجان نہایت متقاضی ہوئے تو مرزا نے شعبدہ اوٹھایا کہ اموجان
و برادران اوسکے قصد مسلمان کرنے مہاراجہ صاحب کا رکھتے ہین
اور ٹھاکران کو ایسا اغوا کیا کہ وہ بلا تحقیق و تصدیق شب کو مکانات
منشی اموجان و فضل اللہ خان و انعام اللہ خان پر چڑھگئے اور محمد نصیر
خلف فضل اللہ خان و عارف علی خدمتگار منشی اموجان کو قتل رکھا اور
بدرالدین چوبدار کو مجروح کیا منشی اموجان و فضل اللہ خان و انعام اللہ خان

نے بھاگ کر جانین اپنی بچائین تمام رات ہنگامہ برپا رہا صباح مہاراجہ
صاحب نے معرفت ریوت سنگھ ٹھاکر لاوہ والہ کے مفسدہ کرنیوالون
کو اس امر پر رضامند کیا کہ اموجان کو مع برادران ومتعلقان اوسکے
دہلی کو جانے دین معترض نہون چنانچہ اوسی طرح عمل مین آیا اطلاع اس
وقوعہ کی پاکر نکس صاحب بہادر ایجنٹ بھرت پور الور مین تشریف لائے
اور بعد تحقیقات تقرر ایجنٹی کے صاحب ایجنٹ گورنر بہادر سے درخواست
رکھی برطبق اوسکے سمت ۱۹۱۵ مین کپتان امپی صاحب بہادر ایجنٹ مقرر ہوئے
نظم ونسق ملک کا ایجنٹی کے تفویض مین آیا اسفندیار بیگ نکالا گیا کپتان
امپی صاحب بہادر نے ایسا اچھا انتظام کیا کہ تعریف نہین ہوسکتی من
ابتدائے سمت ۱۹۱۶ لغایت سمت ۱۹۱۸ بندوبست سہ سالہ مقرر رکھا بعد اختتام
اوسکے سمت ۱۹۱۹ سے لغایت سمت ۱۹۲۸ بندوبست دہ سالہ فرمایا موضع تولاڑی
اسی بندوبست مین پرگنہ پٹوکرہ سے اخراج ہوکر داخل پرگنہ تجارہ ہوئے
زمیندار لوگ بندوبست سے آسودہ ہوگئے اور زر سرکاری بلا وقت
وغبن کے خزانہ مین جمع ہونے لگا لاکھ روپیہ پس انداز رکھکر خزانہ قلعہ مین
پہنچایا گیا اور تالاب وسیع متصلہ گھوڑا پچھیر ونہر بند سیلی سیڈہ اور
مکان کچہریات بیرون دروازہ محل سرکاری وفرش بندی بازار و

وکونچہ ہاے شہر الور وشفا خانہ اور سڑک الور وتجارہ تعمیر امپی صاحب بہادر
سے یادگار ہین اور شادی مہاراجہ صاحب بہادر بڑی دھوم دہام سے
جھالرا پاٹن مین بوقوع آئی بعد تبادلہ کپتان امپی صاحب بہادر ہملٹن صاحب
بہادر رونق افروز ہوئے کوٹھی ایجنٹی کی ہملٹن صاحب بہادر کی بنائی ہوئی
ہے اسپر چند روز گذرے تھے کہ سمت ۱۹ مین مہاراجہ صاحب بہادر
کو اختیار ملگیا پنڈت روپ نراین صاحب کہ ممبر پنچایت تھے گرداور مقرر
کئے گئے اور پنڈت رام نراین صاحب بعہدہ ڈپٹی کلکٹری اور منشی رنگ لال
صاحب منصرمی فوجداری پر بدستور مامور رہے مہاراجہ صاحب ہمیشہ
اجلاس فرماکر دادگستری کرتے تھے اسی اثنار مین بمقدمہ مقتولی میان جان
چابک سوار ایجنٹی برخاست ہوگئے حضرات دہلی کی کچھہ روک ٹوک نرہی
ہرچند مہاراجہ صاحب عقل کامل سے بہرہ وافی رکھتے تھے اور دانشمندی
مین افلاطون کو درس حکمت دیتے تھے مگر آدمی کا شیطان آدمی ہوتا ہے
صحبت ناقص نے مزاج کو جادہ راستی سے منحرف کر دیا لہو ولعب
کیطرف میلان طبع ہوا سمت ۲۲ ۱۹ مین مہاراجہ صاحب شاہ پورہ کو تشریف
لیجاتے تھے اثنار راہ مین ایڈن صاحب بہادر ایجنٹ گورنر سے بعلاقہ
جے پور ملاقات ہوئی صاحب ممدوح نے سفارش بٹھاکر لکھدیا سنگھ

صاحب فرمائی کہ انکو اپنے ساتھہ لیجاؤ مہاراجہ صاحب بہادر نے پذیرا
نرکھا برآن ٹھاکر لکھدھیر سنگھہ نے جمعیت بہم پہنچا کر بلوہ آرائی علاقہ راج
پرکری پوشیدہ نرہے کہ ٹھاکر لکھدھیر سنگھہ مہاراجہ بنے سنگھہ بہادر
بیکنٹھہ باشی کے ہمزلف ہین اور ہنگامہ منبشی اموجان مین وہ شریک مرزا
اسفندیار بیگ تھے عہد انچیٹی مین کپتان امپی صاحب بہادر نے اونکو
افسر محکمہ پنچایت مقرر کیا تھا لیکن بنظر دوراندیشی وخوف سوے مزاجی
مہاراجہ صاحب بہادر سے وہ جے پور کو چلے گئے تھے تنخواہ مقررہ
پاتے تھے اور تدبیر صفائی رکھتے تھے جب کوئی صورت اوسکی برآمد
نہوئی تب وہ مرتکب ہنگامہ پردازی کے ہوئے پنڈت روپ نراین
صاحب سرگرم انتظام ہوئے مگر جبتک بندوبست قرار واقعی ہووے
ٹھاکر لکھدھیر سنگھہ نے قلعہ لالپورہ لے لیا لچھمن سنگھہ قلعہ دار قلعہ مذکور
کہ مرد مردانہ تھا حق نمک خواری کا جان اپنی دیکر ادا کر گیا بعد فتح قلعہ
لالپورہ کے نراین پور کو تاراج رکھا فوج سرکاری نے لڑ بھڑ کر
قلعہ لالپورہ چھوڑا لیا اور ایک لڑائی گھاٹہ باندرول پر ہوئی کہ بہت
آدمی مارے گئے بعدہٗ گولا کے باس پر ٹھاکر لکھدھیر سنگھہ نے جنگ
مردانہ کیا اور سپاہ راج ہتیار چھوڑ کر بھاگ آئی اسی اثنار مین مہاراجہ

صاحب بہادر تشریف لے آئے پھر بخوبی انتظام ہوگیا کسی قدر اس
خرخشہ مین اصراف زیادہ ہوا کچھ اخراجات فضولی آمدنی سے بڑہ گئے
خزانہ قلعہ کا روپیہ صرف مین آنے لگا خرچی کو گنج قارون بھی وفا
نہین کرسکتا چند عرصہ مین وہ بھی خرچ مین آیا + شعر

بر احوال آنکس ببا ید گریست کہ آمد بود نوزدہ خرچ بیست

پھر تو قرض پر نوبت پہنچی سمت ۱۹۳۵ مین کفایت خرچ کو تخفیف کی گئی
تنخواہ ملازمان کو گھٹایا چندہ بند کیا گیا خیرات یک قلم موقوف ہوئی
اکثر جاگیرات کی ضبطی عمل مین آئی مگر اس سے کیا ہوتا تھا کہ مصارف بیجا
برمسر ترقی رہے چنانچہ بوڈی گارد اور رجمنٹ کے بھرے جانے سے
اور بھی صرف انتہا زیادتی کو پہنچا پنڈت روپ نراین صاحب یہہ حال
دیکھکر کنارہ کش ہوئے عہدہ گردآوری پر منشی رشک لال جیو اور
فوجداری پر شیخ عبدالرحیم اور ڈپٹی کلکٹری پر شمشاد علی بیگ سرفراز
کئے گئے منشی رشک لال صاحب نے بڑے جوڑ توڑ سے انصرام
اخراجات انجام دیا اور ننگنام رہے اسی ضمن مین بار داری نہال امید
مہارانی جہانی جی صاحبہ سے غنچہ خاطر ہرکہ ومہ کو اہتزاز نسیم شادمانی نے
شگفتگی بخشی اونگلیون پر دن شمار ہونے لگے بعد مدت معہودہ گوہر شبچراغ

سروری و جہانداری یعنی سری مہاراج کنور صاحب صدف بطن سے باہزاران
انوار و بخت بلند رونق افروز آغوش شہود ہوئے خوشی نے ادنی و اعلی
کا دماغ انتعاش دوبالا کیا مہاراو راجہ صاحب فرط نشاط سے پیراہن مین
نہ سماتے تھے اور دریادلی جبلی سے دست داد و دہش کھولا غریبون کو
تونگر کر دیا دعوتہاے طعام گوناگون کا سفرہ عام بچھایا سنا ہے کہ
ہندوان کو شیرینی انواع و اقسام دی گئی اور مسلمانون کو بائیس طرح کا
کھانا کھانے مین آیا اور محل مین چار جگہ محفلین رقص کی برپا تھین پہر دن
باقی رہے سے صبح تک ناچ بند نہوتا تھا جسکا جی چاہے بے تکلف دیکھے
اور جلسہ روشنی کیواسطے محل سے تا موتی ڈونگری دو رویہ ٹٹیان نصب
ہوگئین اور مقابل موتی ڈونگری اور برابر کمیٹی باغ کے نقارخانہ چوبی کپڑے
سے منڈھے کہ نقش و نگار سے نگارخانہ چین کا تماشا دکھاتے تھے بنائے
گئے یہہ طیاری ہو رہی تھی کہ بوجہ قصد رونق افروزی ہند شاہزادہ
صاحب ڈیوک آف ایڈن براحسب الطلب مہاراجہ صاحب بہادر کلکتہ تشریف
لیگئے خزانہ پہلے ہی خالی ہوچکا تھا وام سے کام چلتا تھا حین ملاقات
مہاراجہ صاحب بہادر علو ہمت شاہزادہ صاحب بہادر سے مستدعی سیر
و شکار رفواح الور ہوئے اور استرضا پاکر معاودت فرمائی جلسہ کی طیاری

ہونے لگے بعد سیر ڈیگ کے شاہزادہ صاحب بہادر موضع سالپور مین شب باش
رہ اول سیلی سیڈہ تشریف لائے وہانکے تماشا اور شکار شیر سے فراغ
پاکر رونق افزاے الور ہوئے پہلے دن بوے روغن سے متنفر ہوکر روشنی
بند کرادی روز دوم موتی ڈونگری سے تامحل اور بالاے قلعہ روشنی
چراغان کی جو کیفیت وقوع مین آئی تحریر نہین ہوسکتی دامن سواد الور رشک
افزاے چرخ چنبر تھا گردون تماشاے کثرت چراغان سے سرگردان
نجم اپنی قلت پر ندامت سے حیران سر بہر شمع رونق تجلے کی دھوم پروانون
کی طرح آدمیون کا ہجوم سڑک کو پرتو نجوم سراج نے وہ نمو داری دی کہ
کہکشان فلک کو شرمساری تھی نقار خانون مین کوس کی سوز انگیزی
گوش فلک تک بلند رقص ولوامہ رویون سے زہرہ کا دم بند تھا محل کی
آرایش قابل ستایش تھی ہر مکان شیشہ آلات سے سجا آئینہ بندی خوشنما
سے اندر کے اکھاڑہ کا سامان نظر آتا تھا پہر رات گئے شاہزادہ صاحب
بہادر دعوت کھانیکو محل مین رونق بخش ہوئے مہاراجہ صاحب بہادر نے
تذر انواع اقسمہ نفیسہ پیش کئے ازانجملہ تلوار عجیبہ ساخت شیخ ابراہیم شمشیر ساز
بھی تھی جسکی گل کاری دورویہ اور جال کمر مین موج دریا کی طرح
موتی روان تھے بعد تناول طعام رقص ولواے نازنینان کبک خرام سے

حظ اوٹھایا پرتماشاے آتشبازی کی کیفیت غریبہ مشاہدہ فرماکر خیام فلک
احترام کو چلے آئے صباح کو پخ ہوگیا بڑودہ میوین مقام کرکے شاہزادہ
صاحب بہادر تشریف لیگئے مہاراج صاحب بہادر واپس آکر جلسہ مین کہ جسکا جملہ
سامان مہیا تھا مصروف ہوئے وہ کہ اس اصراف مین تنخواہ فوج چڑھ
گئی تھی اور ملازمان جنگی تکلیف پاتے تھے بران رسالہ والون نے ایک
روز واسطے تنخواہ کے عرض کی مہاراجہ صاحب بہادر یقین اونکی سرکشی پر لیگئے
اور جملہ رسالہ جات کو برطرف رکھا ٹھاکر منگل سنگھ رئیس گڑھی اور دیگر
ٹھاکران جنکی جاگیر ضبط ہوگئی تھی پہلے ہی سے کشیدہ ہورہے تھے
معزولی بارگیران کو لطیفہ غیبی سمجھے اور باہم اتفاق سے ایکدل ہوگئے یہہ
حال دیکھکر برانگیختگی جواہر سنگھ ٹھاکر کھڑلی سے تمامی ٹھاکران کہ دغدغہ
ضبطی جاگیرات خود ہاسے اندیشہ مند تھے اور مہاراجہ صاحب بہادر سے
کشیدہ خاطر ہورہے تھے اونسے متفق ہوئے اور سب نے بلوہ آرائی
پیش نہاد رکھی بدریافت اسکے کپتان جی بلیر صاحب بہادر پولیٹیکل ایجنٹ
ایجنسی راجپوتانہ شرقی رونق افروز ہوئے اور بمقام راجگڑہ ٹھاکران کو
جمع کرکے طرح صفائی ڈالی لیکن مہاراجہ صاحب بہادر فہمائش صاحب ممدوح کو خیال
مین نہ لائے مجبور کپتان جی بلیر صاحب واپس گئے اور ٹھاکران نے حصول

مطالب دلی کو دست تظلم بڑھایا اور غارت گری پیش نہاد رکھی اونکی دست درازی
سے اودھر جہاز ملک کا تباہی مین تھا ادہر خوشی کے چھچھے ہو رہے تھے
موتی ڈونگری مین اجتماع ارباب نشاط تھا شام سے صبح تک اور صبح سے تا
شام ناچ و رنگ کے چرچے تھے یا روشنی اور آتشبازی کا تماشا ہر چند
خیر خواہان سرکار نے واسطے انتظام فتنہ مفسدین کے عرض رکھا مگر
اراکین بدخواہ نے کہ مونہہ لگے ہوئے تھے ہرگز مہاراجہ صاحب بہادر کو
اوس طرف متوجہ نہونے دیا بلکہ تخویف دہ ہوئی کہ فساد کرنے سے
لوٹنک کا سا حال ہو جائیگا سچ ہے تجربہ کاری بھی کچھ چیز ہے امور ریاست
کی سرانجام دہی آسان نہین مہمات ملکی کا انصرام وہی شخص کر سکتا ہے جو
آزمودہ کار ہو اسکام کو ہر وقت نرمی زیب نہین دیتی ریاست کو سیاست
درکار ہے بعض اوقات کام جہانداری کا بردباری اور دانائی سے
نظام پاتا ہے کبھی واسطے اوسکے دلیری و مردانگی ضرور ہی ہوتی ہے
چنانچہ حضرت سعدی صاحب فرمائے ہین ٭ شعر

نہ ہر جاے مرکب توان تاختن کہ جا ہا سپر باید انداختن

جو عقل کاردانی سے بہرہ رکھتے ہین موقع پر جہالت سے بھی کبھی نہین
چوکتے اور اس قول پر عمل رکھتے ہین ؎ کارے کہ بصلح برنیاید٭

دیوانگئے در و بیاید + یہان شیخ ابراہیم سوداگر اور شیخ عبدالرحیم
اور شمشاد علی بیگ مدار المہام تھے کہ عمر بھر اُنہون نے کبھی نوکری تک
بھی نہین کی تھی وہ کہان اور امر خطیر مہمات ریاست کہان + ۵

قابل دولت نبود ہر سرے بار مسیحا نکشد ہر خرے

پھر وہ مادہ اس کام کا کہان سے لاتے بُزدلی نکرتے تو کیا کرتے
زبانی جمع خرچ سے مہاراجہ صاحب کو سبز باغ دکھاتے رہے کہ آپ چپ بیٹھے
رہین دیکھئے کیا ہوتا ہے مفدون کی بیخ بنیاد کندہ کرکے پھینکدیتے
ہین اور عورتون کی طرح خدمت حکام والا مین گریہ وبکا پیش رکھا بران
جناب مستطاب مسٹر طامس کیڈل صاحب بہادر ولیسی دام اقبالہم
انداد شروفساد کو متعین ہوئے جناب ممدوح رونق افروز ہوتے ہی اپنی
دانائی وذکا سے مغز سخن کو پہنچ گئے اور فہمایش مہاراجہ صاحب بہادر مین
کوئی دقیقہ باقی نرکھا لیکن یار لوگون نے بخیال کاسد بازاری اپنی کے راہ
راستی پر ہونے ہی نہدیا صاحب والاشان نے مجبور بطور خود طرف انتظام
کے توجہ رکھی اول جلسہ کو جو سال بھر سے تھا مسدود کردیا بعد شن رجمنٹ
بوڈی گارڈ کو موقوف فرمایا اور کمی اخراجات غیر واجب اور ادائے قرضہ
وتنخواہ ملازمان پر میل کیا یہہ حال دیکھکر شیخ عبدالرحیم وابراہیم سوداگر

وشمشاد علی بیگ خوف مواخذہ تصرف خود ہلسے گھبرائے ابراہیم سوداگر تو
چلدئے شیخ عبدالرحیم اور شمشاد علی بیگ مستعفی ہوکر جانے کو تھے کہ
حال اونکا ظاہر ہوگیا مگر واہ ری مروت وچشم پوشی مہاراجہ صاحب بہادر کہ
اونکے اعمال پر ذرہ خیال نفرمایا اور مواخذہ سے اونکو بری کراکے بہ آبرو
جانے دیا اور اپنی بے اختیاری باعث اونکے گوارا کی اسی صورت سے
ٹھاکران نے شاہد مراد کو ہم آغوش پاکر اتفاق رکھا کہ بجاے مہاراجہ صاحب
بہادر مہاراج کنوار شیو پرتاب سنگھ جیو کو مسند نشین ریاست کرین غالبًا تیر
تدبیر اونکا آماج تمنا پر نہ پہنچا مگر مشیت ازلی سے چارہ نہین چند روز نگذرے
تھے کہ نخل حیات اوس گل رعنا چمن سروری کا تہ تیشہ قضا ہوا ایک عالم
بلبل کی طرح نوحہ خوان تہا مہارانی صاحبہ نے سوز نہان اوس سرو بستان
خوبی مین قمری وار طوق رنج والم گردن جان مین ڈالا اور چند روز پیچھے
ہواے محبت طوطی شکر خارا خود مین باز و مرغ روح کے طرف روضۂ
جاوید کے کھولے مہاراجہ صاحب بہادر کو قلق پر قلق تھا خدا دشمن کو
نہ دکھائے اوس سے افاقہ نہ پایا تھا کہ حکم تقرر ایجنٹی آگیا مہاراجہ صاحب
بہادر بے اختیار محض ہو بیٹھے اور کاروبار ریاست پھر ایجنٹی سے
نظام پایا صرف کمپنی باغ تعمیرات مہاراجہ صاحب سے ہے کہ چندہ سے بنایا گیا

ہے اور جل محل بند سیلی سیڈہ اور مندر بنارس کی تعمیر شروع کی تھی
مگر یہہ دونون مقام ناتمام رہے ہے ٭

ذکر انتظام جناب فیضماب مسٹر طامس کیڈل صاحب بہادر ویسی

جناب فیضماب مسٹر طامس کیڈل صاحب بہادر ویسی کے تشریف لاتے ہی
دست مفسدہ کوتاہ ہوگیا تھا مگر صفائی ٹھاکران وجناب مہاراجہ صاحب بہادر
کی گرہ کشائی جو خلل اندازی شیخ عبدالرحیم سے ممکن نہ ہوئی اور حالات
مذموم اظہر من الشمس سے صورت خرابی ریاست نظر آئی بران صاحب والاشان
نے سرپرستی حاکمانہ فرمائی اور طرف انتظام کے باختیار خود توجہ رکھی چنانچہ
واسطے انسداد خرچ بیجا کے خزانہ جات تحصیلات صدر کو ممانعت قطعی کی
کہ بغیر اجازت ہمارے کسیکے حکم سے یک حبہ ندیا جاوے اور دس لاکھ روپیہ
بینک سرکار انگریزی سے پانچ آنے سیکڑہ سود پر اور ڈیڑھ لاکھ روپیہ ٹھیکہ جی
متھرا سے قرض لیکر تنخواہ ملازمان تقسیم فرمائی اور بوڈی گارڈ و رجمنٹ
وشودان پلٹن کو جو نئی بھرتی سے تھی اور رنڈیون بھڑوون وغیرہ فضول
آدمیون کو موقوف کرکے دادرسی رعایا پر توجہ رکھی پرگنات بالنسور و تھانہ غازی
و پرتاب گڑہ و راج گڑہ و لچھمن گڑہ و کنٹومرمین جس جس کی غارتگری
ہوئی تھی راضی نامہ جات اونکے مفسدون سے کرائے گئے اسی اثنار

مین بعد اختتام ۱۸۷۰ء حکم تقرر ایجنٹی نافذ فرمایا گیا اور صاحب بہادر ممدوح
پولیٹکل ایجنٹ مقرر ہوئے پھر تو انتظام نے وہ رونق پائی کہ دیدہ ہے نہ شنیدہ
ہے مصارف جناب مہاراجہ صاحب بہادر کو پندرہ ہزار روپیہ ماہوار مقرر
کر دئے اور ہر ایک کارخانہ سے صرف زاید مسدود ہوا جاگیرات و معافیات
و خیرات قدیمی کہ عہد جناب مہاراجہ صاحب بنے سنگھ جیو بہادر بیٹھہ باشی سے
عطا و اجرا تھے واگذاشت ہوئے تنخواہ ملازمان بقدر واجب بڑھائی گئی اور
تحصیل پٹوکرہ و مانڈھن و پرتاب گڑھ و جیند و لی و بہادر پور کو شکست رکھکر
شامل دیگر تحصیلات کے فرمایا اور تخفیف واجب سے لاکھون روپیہ کی بچت
نکالی اور اوس سے قرضہ راج کو کہ قریب سولہ لاکھ روپیہ کے تھا ادا کر دیا
خدا تعالیٰ کو اسلوبی مکرر اس ریاست کی منظور تھی کہ ایسا حاکم منتظم و مدبر یہان
کا ناظم ہوا وگرنہ تباہی اس ریاست مین کچھہ باقی نہ تھا یقین کہ ابتک تمامی پرگنات
ساہوان قرضخواہان کے رہن ہو گئے ہوتے دیکھو انتظام کے یہہ معنی ہین
کہ وہی آمدنی ہے خرچ واجب مین کوتاہی نہین ہوئی اور سب قرض ادا ہو گیا
بلکہ لاکھون روپیہ اب خزانہ مین موجود ملازمان ماہ بماہ مواجب پاتے ہین
کارخانجات مین کمال رونق و افزایش ہے ترقی علم و سوداگری کو مدرسہ
و کٹرہ اور رفاہ بیماران کو ہسپتال بیرون لال دروازہ شہر الور کے طیار ہوتا ہے

اور آرام مسافرون کے لئے سڑک بھرت پور پختہ بن رہی ہے اور الور
سے کشنگڑہ ہو کر تجارہ کو ایک سڑک بنائی جاتی ہے کہ سڑک فیروزپور جھر
سے ملجاویگی اور کشنگڑہ سے ایک ٹکڑہ اوس سڑک کہ اسٹیشن ریل واقع
ہرسولی تک بنیگا کہ مال سوداگران تجارہ و فیروزپور بلا دقت ریل تک
پہنچ جایا کرے اور بیشی آمدنی خراج ملک واسودگی زمینداران کو بندوبست
قانون نہم باہتمام جناب مسٹر پالٹ صاحب بہادر جاری ہے رعایا
پنجۂ ظلم وستم سے آسودہ اور شیر وبکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہین
اور واسطے اسلوبی اجراء کار و رفع تکلیف کس وناکس کو اختیارات
دیوانی وفوجداری وسرسری تحصیلدارون کو تفویض کئے گئے اور یکم ستمبر
سنہ ۱۸۷۳ء سے نزول بھی بتعلق تحصیلات کیا گیا اور گزٹین فٹا اور سیر
پچیس ٹکے بھر کا جاری ہوا پہلے اس سے گزا ایک گرہ بڑا تھا اور سیر دو فلوس
زیادہ اور انتظام ڈاک ایسا اچھا فرمایا گیا کہ ڈاک علاقہ کی جو تین دن مین الور
پہنچتی تھی نیمروزہ پہنچتی ہے اور جو تجویز لئے جانے محصول خط فرمائی گئی
ہے ذریعہ اوسکے چند روز مین آمدنی محصول خرچ ڈاک سے بڑھ جاویگی
اور بہت کفایت راج ہوگی الغرض جناب صاحب بہادر محتشم الیہ شبانہ روز
طرف آسودگی عامہ خلائق وترقی راج کے ہمہ تن مصروف ہین حضور گورنمنٹ

ہند جسقدر کارگذاری جناب صاحب بہادر کی داد دین لایق ہے الٰہی ایسے حاکم
قدردان اور دادگر کو تادیر باسلامت رکھے اور مراتب اعلی پر فایز کرے آمین

خاتمہ کتاب مشتمل باحوال متفرق ہم طرز جغرافیہ

ناظرین باتمکین اس کتاب کو واضح و لایح ہووے کہ تاریخ کے لغوی معنی
پیدا کرنے کسی چیز کے ہین اور اصطلاح مین یقین رکھنے مدت کسی امر عظیم
قدیم مشہورہ کو تاریخ کہتے ہین اور جغرافیہ وہ علم ہے کہ جس سے علم
ہیئت ارض و اشکال اقالیم جانتے ہین درینصورت فرق ہین تاریخ و
جغرافیہ کا عیان و آشکار چنانچہ ساتھہ اس فصل کے اشتراک دونون کا
ہونہین سکتا اور یہہ کتاب نسخہ تاریخ ہے جغرافیہ کا اوسمین درج ہونا روا نہین
لیکن وہ کہ احوال متعلق تاریخ اختتام کو پہنچا اور فائدہ عام پیش نہاد مولف
ہے براں واسطے سیر نظارگیان اس گلشن فیض کے حالات متعلقہ جغرافیہ
بھی کہ ہم مضمون تاریخ ہین جداگانہ خاتمہ کتاب مین بصفحہ ترقیم پوشیدہ
نہ رہے کہ قصبہ تجارہ الور سے طرف شمال کے بفاصلہ تیس ۳۰ میل واقع ہے
اور آبادی اوسکی شرقاً غرباً طویل بہت ہے عرض اوسکا کم اور
الماے گھر پختہ خام اور ماہی دو کانات واقع اور معمالے ہزار آدمی
سکونت پذیر اور بجز کھتری وجاٹ و ڈھوسر و کشمیری کے جملہ قوم ہندی

ہین اور ہر فریق ہنود کے اقسام مختلف مہاجنان کی چھہ قسم ہین اگروال
اوسوال سراوگی کھنڈیل وال ماہور دسی اور مہاجنان اگروال کے ہوے
گوت ہین اوسمین سات گوت والے کہ مسکن گزین تفصیل اونکی یہہ ہے گرگ
گویل بانسل سنگل متل کاسم منگل اور سراوگی وکھنڈیل وال و
دسی اگروالون سے نکلے ہین جو کوئی جین مت رکھتا ہے اور پرستش
پارسناتھ ونیم ناتھ ومہابیر سامی کرتا ہے وہ سراوگیون مین داخل ہے
اور تفریق کھنڈیل والون کی یہہ وجہ ہے کہ جو اگروال ہم گوت ہین
باہم شادی نہین کرتے برخلاف اوسکے سابق مین کسی شخص نے اپنے
گوت مین شادی کرلی تھی اس باعث اگروالون سے اوسکا اخراج ہوکر
کھنڈیل وال لقب ہوگیا اور دسی نصفی کو کہتے ہین اگروال نے خلاف
رسم ازدواج کوئی عورت گھر مین ڈال لی تھی اوسکی اولاد ہی قرار پاکر
دسی مشہور ہوگئے اور گوت سراوگیون وکھنڈیل والون و دسون کے
مثل اگروالون کے ہین اور سنہل والون کا ایک گھر رہتا ہے اور
ماہورا باو کے گوت حسب ذیل ہین مہاونی کھچلیا سلیٹ وال بیت پوریہ
منڈلس منڈیکا پچلیس ملیا برہمنان باشندگان تجارہ بھی چھہ قسم کے
ہین گوڑ پاریکھ چورا سیہ سناوڑ بڑہ گوجر مہابرہمن اور کایتھہ

صرف ماتھر یہان ہین لیکن باہم اونمین بھی تفریق ہے ایک بیسی کہلاتے ہین
اور دوسرے دسی وتیسرے پنالیسی اور قانون گوئی بھی کایتھون کی
ہے لالہ پیارے لال عہدہ قانون گوئی پر مامور پندرہ روپے ماہوار تنخواہ کے
اونکو ملتے ہین علی ہذا ہر ایک فرقہ وگوت جداگانہ رکھتا ہے سراوگیون مین
بلی رام ڈالو رام وتھانا اور اگروالون مین شادیرام وتیجا و ماہور ونمین موتی رام
ساہوان ہین تحفہ جات تجارہ سے ایک مٹی ہے کہ بہت خوشبودار ہوتی
ہے دومی مرچ سرخ کہ وہ بھی بہ نسبت دیگر جگھہ کے بہتر ہے سومی کاغذ
سفید دیسی اچھا بنتا ہے اور رنتا جٹہ جو تاہر قسم کا اچھا بناتا ہے مگر ساتھہ
اس کاری گری کے جھوٹا بھی نہایت درجہ کا ہے اور بہاری نجار
بھی بہت دستکار ہے اور درویشون مین میان سلام اللہ شاہ صاحب
یہان غنیمت ہین کہ تھوڑی عمر مین نہایت متقی اور باوقات ہین اَلْوَلَدُ سِرٌّ
لِاَبِیْہِ کیون نہون اونکے باپ میان روح اللہ شاہ صاحب اور دادا
محمد یونس صاحب اور بڑ دادا محمد شعیب صاحب کامل ترین سے ہوئے
ہین اور حکیم نوربخش حکمت مین لایق و فایق ہین رعایاے علاقہ کو اونسے
بڑی تقویت ہے چند دیہات سے وہ تنخواہ پاتے ہین رفاہ عام
اونکی ذات سے متصور اور بیشونکو طرف رونق مذہب کے توجہ نہین ہے

ہرچند گیارہ مندر اونکے بنے ہوئے ہین مگر کوئی ایسا مندر نہین کہ عمارت
عمدہ سے شمار کیا جاوے البتہ سراوگی شوکت اپنے دین کے ترفیخواہ پس
مہان سے اشہر ہین اونکا مندر بہت نادر بنا ہوا ہے کہ سمت ۱۹۵۵ مین دولترام
وغیرہ نے بنایا تھا ہمیشہ مدد اوسکی جاری رہتی ہے اندر سے تمام مکان
مطلا ہے اور معابد سلمانونسے گیارہ مسجدین طیار ہین از انجملہ مسجد
واقع تحصیل تعمیر سنہ ۱۲۳۰ ہجری ہے چودھری ہدایت خان نے اوسکو بنایا
تھا اور مفاد عام خلایق کو ہسپتال اور مدرسہ انگریزی وفارسی وہندی
راج سے اور ڈاکخانہ سرکار ابقرار انگریزی سے مقرر اور آب وہوا
تجارہ کی عمدگی مین معروف ومشہور ہے باغات کی کثرت سے نواے تجارہ
سرسبز ہے جانب مشرق اور شمال مین اراضی زرعی بہت خراب کہ رہ وہاٹ
سے تمام زمین کٹ گئی ہے غرب اور جنوب مین سطح زمین ہموار ہے اور
اجناس فصلین کی اوسمین پیداوار زمینداری خاص تجارہ مین نصف کے
مالی اور ایک چوتھائی کے میوا ور ایک چوتھائی کے خانزادہ حصہ دار
خانزادہا کے حصہ چہارمی مین شمشیر خان اور آبدار خان لمبردار مقرر اور
مالی ومیوا اپنے اپنے حصہ جات کے مالگذار اور رسالہ لوم متعلقہ پرگنہ
تجارہ مین ایکسو چھہ گانون اصلی ہین اور رسالہ لوم داخلی منجملہ دیہات اصلی

کے تین گانون معافی کے ہین باقی خالصہ تفصیل دیہات معافی یہہ ہے
ابراہیم پور چپٹ وحسن پور بارہ وگکرالی چنانچہ حال حسن پور بارہ کا
سابق تحریر ہوچکا موضع ابراہیم پور چھپٹ عہد مرہٹون سے بنام گلزار شاہ
فقیر تکیہ پلڑیہ کی معاف ہے اور موضع گکرالی مہاراج صاحب بختاور سنگھ
جیو نے پنتھ دیوانند کو مرحمت فرمایا تھا اور دیہات خالصہ سے پانچ
گانون مفصلہ ذیل کلان ہین شاہ آباد ایسرودہ بھڈوسی جیرولی
بنلی اور شاہ آباد قصبہ لکھا جاتا ہے دیگر دیہات ہین اور سابق
مین شاہ آباد ساتھہ اسم سیملی کے موسوم تھا کہ ہنوز معروف ہے
اور قبل نامزد ہونے شاہ آباد کے سیملی مین دو پٹی تھی ایک اخنو کی
دوسری چھتو کی اور زمیندار اوسکے قوم سائنی تھے عہد مین شاہ جہان
بادشاہ کے فیروز خان خانزادہ نے اقتدار حاصل کرکے خطاب نوابی
پایا اور سیملی کو جاگیر مین لیکر بنا ے آبادی بطور خود ڈالی اور نام اوسکا قصبہ
شاہ آباد رکھا یہہ قصبہ تجارہ سے بفاصلہ تین میل طرف مغرب کی ہے
حا = گھر اور ل = دوکان اوسمین ہین اور ا = آدمی آدمی اور آٹھہ باغ
نصب اور ب = دہنہ چاہ جاری اور پرگنہ تجارہ کی جمیع مالگذاری تعداد
لاکھ روپیہ کی ہے تفصیل دیہات اصلی و داخلی مع حال زمینداری و

رقبہ کے تحت مین ثبت ہے

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم بسوہ داران	تعداد رقبہ بجریب ۳۰ گز
۱	قصبہ تجارہ	مبارک پور	خانزادہ میواتی	صمہ ماہ لگے ۴ بسوہ
۲	ابراہیم پور	۔	اہیر	ماہ لگے ۱۱ بسوہ
۳	ابراہیم پور چھٹ	۔	فقیر	یہہ گانو معافی ہے
۴	ارنڈکہ	۔	میو	لاہ لگے ۳ بسوہ
۵	البسرودہ	ملک پور خورد ابن واس تلجو کی	اہیر	للحمد اہمالہ لگے ۱۰ بسوہ
۶	اودے پور	۔	خانزادہ	لاہ لگے ۷ بسوہ
۷	اہملاکا	۔	میو	لاہ لگے ۸ بسوہ
۸	اسلیم پور	عیسی پور نالگل	اہیر	الہ لگے ۲ بسوہ
۹	اعلی پور میو	بیریا کا	میو	الہ لاہ لگے
۱۰	اعلی پور جٹ	۔	میو	ماہ لگے ۱ بسوہ
۱۱	اندھا کا	۔	میو	الحمد اہمالہ لگے ۶ بسوہ
۱۲	اہملاکا	۔	میو	ماہ لگے ۴ بسوہ
۱۳	بچھالہ	۔	اہیر	الہ لگے ۸ بسوہ
۱۴	بنولیہ	۔	اہیر	الہ لاہ لگے ۵ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم بسوہ داران	تعداد قبہ بحساب جریب گز
۱۵	باگھور	پاہ باگھور ملک پور کلان پاہ احمد پور مالیر گوجر وادھیا کا	میو	۱۷ مکان کے
۱۶	بیرلہ	کھور پوری	میو	۱۴ مکان کے ۱۴ بسوہ
۱۷	بیجلہڑہ	۔	میو	۲ مکان کے ۲ بسوہ
۱۸	بامٹ ہیڑی	۔	میو	۱ مکان کے ۱ بسوہ
۱۹	بائی	۔	میو	۲ مکان کے ۲ بسوہ
۲۰	بیگن ہیڑی	۔	خانزادہ	۵ مکان کے ۵ بسوہ
۲۱	بندھڑہ	پاندا کا	اہیر	۱۸ مکان کے ۱۸ بسوہ
۲۲	بلاس پور	۔	میو	۱۱ مکان کے ۱۱ بسوہ
۲۴	بالیاواس	سوک تلاو	میو	۲ مکان کے ۲ بسوہ
۲۵	برہڑہ	۔	میو	۵ مکان کے ۵ بسوہ
۲۶	بچھوڑی	۔	میو	۱۰ مکان کے ۱۰ بسوہ
۲۷	بھوڈکی	۔	میو	۱۶ مکان کے ۱۶ بسوہ
۲۸	بھٹکول	ابن پور چاپانومدی	میو	۲ مکان کے ۲ بسوہ
۲۹	بھوجاواس	ابن واس	اہیر	۱۰ مکان کے ۱۰ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم داران بسوہ	تعداد رقبہ
۳۰	بھڈوسی	۔	خانزادہ	الحاصلہ ۶ بسوہ
۳۱	ٹھیلی	ٹھیلی اہیر	گوجر	سمالو میں ۱۶ بسوہ
۳۲	ٹوہرہ	۔	خانزادہ	مامے ۱۳ بسوہ
۳۳	تاجلکا	۔	میو	لاوسکہ ۵ بسوہ
۳۴	تھونس	۔	میو	الملاملکہ ۴ بسوہ
۳۵	پاٹن	نو پاہیڑی بھابڑا کا	خانزادہ	الماملکہ ۷ بسوہ
۳۶	پالپور	کھیر بسائی	میو	الملالوملکہ ۳ بسوہ
۳۷	پلاسلی	پاہ پلاسلی بھوج پوری	میو	الماملکہ ۱۶ بسوہ
۳۸	پہلا باس	۔	میو	الماملکہ ۴ بسوہ
۳۹	پیلانہ	پونچھڑی خورد موجد یکا	میو	الماملکہ ۴ بسوہ
۴۰	جلال پور	۔	گوجر	الملکہ ۱۱ بسوہ
۴۱	جوجو کا	۔	میو	سمالوملکہ ۴ بسوہ
۴۲	حسن پور	اسمعیل پور	میو	معافی
۴۳	حسین پور	۔	میو	لاملکہ ۴ بسوہ
۴۴	جیرولی	بیرلی پاپر کا اجیر کا لاڈپوری کوکسوٹ بورا کی	میو	مہمالوملکہ ۱۶ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم وداران بسوہ	تعداد رقبہ
۴۵	خلیل پوری	بلاسپور خورد انور	جاٹ	الحاصل ۱۴ بسوہ
۴۶	خضر پور	چاچا کا جھوٹا کا	خانزادہ	سمیت ۵ بسوہ
۴۷	چاہ پاوٹہ	۔	خانزادہ	سامک ۱۰ بسوہ
۴۸	چانونڈی خورد	۔	میو	لامک ۱۲ بسوہ
۴۹	چانونڈی کلان	۔	میو	الحاصل ۱۲ بسوہ
۵۰	ڈیوٹانہ	۔	میو	الملک ۹ بسوہ
۵۱	ڈبھڑہ	۔	میو	لاحک
۵۲	ڈھاکپوری	۔	میو	اسمالوحک ۳ بسوہ
۵۳	ڈھاکی	سونکھر	اہیر خانزادہ	اسمالوحک
۵۴	دمدمہ	سرہٹہ خورد بچانکی	میو	الاسمالحک ۸ بسوہ
۵۵	دائی کا	۔	میو	اسمالوحک ۸ بسوہ
۵۶	رام باس	۔	میو	الاسماحک ۱۸ بسوہ
۵۷	روپباس	گیل پور خورد	میو	الحاصل حک ۱ بسوہ
۵۸	راجدوکی	دھناکی	اہیر	مالوحک
۵۹	رائی کھیڑہ	کبیر پور	اہیر	الحک ۱۸ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام موضع داخلی	قوم بسودہ داران	تعداد رقبہ
۶۰	رام نگر	۔	میو فقیر برہمن	السامعہ ۱۶ البسوہ
۶۱	رائے پور	۔	میو	السامعہ ۱۱ البسوہ
۶۲	ربہانہ	پاوٹی ناگ ہیڑی بیروکی	میو	السامعہ ۱۱ البسوہ
۶۳	قصبہ شاہ آباد	پھرہارا بڑکی پلاسی مینا کا ماجرا دو ملکیلی چھتو کی پھرہارا کا ٹکر موڑہ مینا کی نصیر باد ہاویا کی	خانزادہ	سمامعہ السبوہ
۶۴	شہامت نگر	۔	خانزادہ	سمامعہ ۱۹ البسوہ
۶۵	سرولی خورد	گھونسلا گھونسلی	میو	السامعہ ۱۱ البسوہ
۶۶	سرولی کلان	النا کا	میو	السامعہ ۹ البسوہ
۶۷	سالاہیڑہ	نانگل	ٹھاکر	السامعہ ۱۸ البسوہ
۶۸	سرہٹہ	دھولی وانت	میو	السامعہ
۶۹	سرکن پور	۔	اہیر	سامعہ ۲ البسوہ
۷۰	سالار پور	۔	میو	سامعہ ۲ البسوہ
۷۱	سورا واس	۔	خانزادہ	سامعہ ۵ البسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم بسوہ داران	تعداد رقبہ
۷۲	بارکہ	سیدپور	کایتھ ثانی	لمالکے
۷۳	شیخپور جٹ	۔	میو	حامکے ۱۹ بسوہ
۷۴	شیخپور اہیر	۔	میو	حاللہ لکے ۱۸ بسوہ
۷۵	علاول پور	۔	میو برہمن	سمالکے ۷ بسوہ
۷۶	کھرکھڑی	باڈہ احمد	میو	لمامکے ۹ بسوہ
۷۷	کلتاجپور	۔	میو	لامکے ۷ بسوہ
۷۸	کالیاکی	۔	خانزادہ	اسمالہ لکے ۱۳ بسوہ
۷۹	کلکالون	بسئی	خانزادہ	الف اسمامکے یکہ ۴ بسوہ
۸۰	گیل پور	عالم پور شمس پور	اہیر میو	سامکے ۲ بسوہ
۸۱	ککرالی	۔	اہیر	معافی
۸۲	گیدھرکا	۔	خانزادہ	اسمالکے ۸ بسوہ
۸۳	گوٹھرہ	گوٹسری	اہیر	الحامکے ۵ بسوہ
۸۴	گوتولی	ساتولاکا دھارسی کا مغولاکا تولاہڑی	خانزادہ	سمالمامکے ۲ بسوہ
۸۵	گھن کھر	۔	گوجر	الکامکے ۷ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم وساکنان بسوہ	تعداد رقبہ
۸۶	گول	ہالیاکی	میو	المالالیہ ۸ بسوہ
۸۷	لوہادیرہ	شکرپور	اہیر میو	الاسمامیہ ۱۶ بسوہ
۸۸	لادھاواڑہ	.	گوجر	حاصلیہ ۷ بسوہ
۸۹	لپالہ	.	میو	الساسیہ ۹ بسوہ
۹۰	مونسی پور	.	خانزادہ	سماسیہ ۳ بسوہ
۹۱	ملک پوری	اولنخانکا	میو	لاالعیہ ۱۹ بسوہ
۹۲	ماجرہی گوجر	.	گوجر	الکمکان ۴ بسوہ
۹۳	مالیرجٹ	اپنی واس کا سنبل جھاڑنی	میو جاٹ	سمحاعیہ ۱۳ بسوہ
۹۴	مرادباس	.	فقیر میو	سمالمیہ ۱۳ بسوہ
۹۵	منڈہ	اسراجکا	سید	الیہ ۷ بسوہ
۹۶	محسم پور	.	اہیر میو	الیہ ۱۶ بسوہ
۹۷	ماجرہ پیلی کا	.	میو	سماعیہ ۱ بسوہ
۹۸	ماجرہ مہنا کا	.	اہیر	اسمامیہ ۵ بسوہ
۹۹	منڈانہ	برآمد کا	ٹھاکر	الالامیہ ۱۸ بسوہ
۱۰۰	نورنگ آباد	.	خانزادہ اہیر	سالیہ ۱۶ بسوہ

نمبر	نام موضع اصلی	نام دیہات داخلی	قوم وارکان بسوداگران	تعداد رقبہ
۱۰۱	بنے نگر	رفیق کا	میو	الف للہ ۴ بسوہ
۱۰۲	نانگل	۰	میو	لا للہ ۴ بسوہ
۱۰۳	نیملی	پاہ نیملی کالا کھوہ	میو	للعلما ۰
۱۰۴	نوگانوہ	۰	خانزادہ میو	الساکن ۴ بسوہ
۱۰۵	ہمیرا کا	بانسولی و ملاہڑی	میو	الساکنان ۷ بسوہ
۱۰۶	ہیگوا ہڑہ	۰	اہیر	الملا للہ ۰

اور موضع سرہٹہ مین ایک چاہ ہے پانی اوسکا ایسا اچھا ہے کہ دور دور تک نہوگا اور بروے خانہ شماری ۱۸۵۲ء تعداد کل مردمان پرگنہ تجارہ حسب تفصیل ذیل ہین ؎

۱۸۵۲ء نفر

ہندو		مسلمان	
کاشتکار	غیر کاشتکار	کاشتکار	غیر کاشتکار
۱۰۰۰۰	۱۰۰۰۰	۱۰۰۰۰	۱۰۰۰۰

اور علاقہ تجارہ مین تین روندہ ہین ایک قصبہ تجارہ کی دوسری موضع ماجرہ کی تیسری گول کی گھاس روندہ کا باجرت فی من ڈیڑھ فلوس

زمینداران سے دروکرایا جاتا ہے جینی لال ولد رام بخش مہاجن ساکن تجارہ
متصدی روندہ ہے اور ۱۸۱۰ء سے پرگنہ ٹپوکرہ بھی شامل تحصیل
تجارہ ہے تحصیل ٹپوکرہ تنکست ہوگئی صرف ایک پیشکار وہان رہتا ہے
اور تھانہ قایم پہلے اس سے شروع سلطنت شاہ عالم بادشاہ تک قصبہ
ایندور ساتھہ نام پرگنہ کے نامزد تھا ہنگام تزلزل سلطنت سمت ۱۸۱۴ مین
مرہٹہ قابض ہوگئے تھے جب نجف قلیخان نے زور کیا اور انتظام مرہٹون
مین تخلل واقع ہوا میوان نے سرکشی اختیار کی اور قصبہ ایندور کو تخت وتاراج
رکھا سمت ۱۸۱۷ مین بعہد دخیل کاری نواب نجف قلیخان موضع جھوانہ مین تحصیل
قایم کی گئی اور پٹہ جھوانہ بجاے پرگنہ ایندور لکھا جانی لگا سمت ۱۸۴۵ مین راو
گھاسیڑہ والہ پٹہ جھوانہ پر متصرف ہوگیا آٹھہ برس اوسکی عملداری رہی سمت ۱۸۵۳
مین جاٹون اور راو گھاسیڑہ کے باہم لڑائی ہوئی میوان نے اونکو سرگرم
کارزار دیکھکر میدان خالی پایا اور جھوانہ کو غارت رکھا بعد فتح یابی جاٹون
نے ٹپوکرہ کو پرگنہ قرار دیا اور تحصیل بمقام ٹپوکرہ مقرر کی قصبہ ٹپوکرہ
تجارہ سے طرف شمال کے بفاصلہ بارہ میل ہے سمت ۱۷۱۰ مین بٹھاکر
بھیم سنگھہ نروکہ ساکن گڑھی نے اوسکو آباد کیا تھا وہ کہ وقت آبادی
ٹپریا ڈاکر مردمان وہان آباد ہوئے اسوجھہ سے عوام الناس اسکو

ٹہیرپا کہتے رہے شدہ شدہ ٹہیرپا کا ٹپوکرہ نامزد ہوگیا گڈھی ٹپوکرہ
جسمین تحصیل ہے ٹھاکر بھیم سنگھ نے بنائی ہے سمت ۱۸۵۹ مین اہیرون نے
پرگنہ ٹپوکرہ سرکار رجاٹ سے ٹھیکہ لے لیا تھا تین برس اونکے ٹھیکہ مین رہا
بعد ش عملداری راج الور ہوگئی کہ حال اوسکا مہاراجہ بختاور سنگھ جیو سے
عیان خاص قصبہ ٹپوکرہ مین پانسو چھیاسٹ گھر اور لالہ آدمی اور زمیندار
مہاجنان گوجران کی ہے دوسو چھ گانون اس پرگنہ مین ہین اونمین سے
۱۰۰ گانون اصلی ہین اور بالہ ۶ داخلی اور دیہات کلان پرگنہ ٹپوکرہ
حسب ذیل ہین جھوانہ ملک پور ترک سارین کلان مہسرہ اور موضع
دھولی پہاڑی وموضع گندھولہ مین مکانات بنائے ہوئے خواجہ سرایان
بادشاہی کے بہت عمدہ ہین یہہ دریافت نہین ہوتا کہ وہ کس عہد مین
بنائے گئے اور پرگنہ ٹپوکرہ مین ۱۰۰۰ آدمی شمار ہوئے ہین زمیندارہ
میوان کا اس علاقہ مین زیادہ ہے تین گانون خانزادون کے ہین
اور ڈھائی ٹھاکران کے اور جاگیر ومعافی کا کوئی گانون پرگنہ ٹپوکرہ
مین نہین مع دیہات پرگنہ ٹپوکرہ دوسو ایک گانون اصلی تحصیل تجارہ
کے متعلق اور ایک لاکھ ۱۰۰۰۰۰ روپیہ کی جمع سالانہ ہے جو دیہات
کہ قصبہ تجارہ وٹپوکرہ کی جانب مشرق ہین زمین اونکی اکثر ناقص ہے

رو پہاڑنے بہت زمین کو کاٹ دیا ہے اور جو باقی اوسمین ریت کی کثرت
ہے باجرہ موٹھ گوار کی اوسمین پیداوار ہوتی ہے اور جو دیہات کہ
طرف شمال وغرب کے ہین زمین اونکی دومٹ مٹیار ہے اور تمام سطح
زمین ہموار ہے فصلین کی وہان پیدائش اور چاہات وبندات سے
آبپاشی ہوتی ہے تفصیل بندات یہہ ہے بندات پرگنہ تجارہ یہہ ہین بند
قلعہ سیدپور بارکہ بھندوسی وغیرہ جلالپور رام باس نیلی ڈوٹھانہ
چانونڈی کلان پاٹن بندات پرگنہ ٹپوکرہ حسب ذیل نوگانوہ املاکی
اور علاقہ تجارہ مین کان کسی قسم کی نہین خاص تجارہ مین جانب مشرق
ایک فرلانگ کے فاصلہ پر چند ٹیکڑہ ہین وہان سے برسات مین مردمان
کوڈیلہ لوبان کے ملتے ہین نہین معلوم کہ کوئی کان ہے یا دفینہ ماسبق
اور کوئی منڈی بھی اس علاقہ مین نہین ٹپوکرہ سے آمد ورفت مال کی
ریواڑی کو اور تجارہ سے فیروزپور جھرکو رہتی ہے اور علاقہ تجارہ مین
مقام بارہ حسن پور یازدہم رجب کو عرس میان مراد شاہ ہوتا ہے میو
اور رہبونی شب بھر جمع رہتے ہین اور کوئی میلہ بڑا نہین ہوتا اور پرگنہ
ٹپوکرہ مین بجادون سدی چھٹہ کو بموضع کیرانی میلہ ظاہر پیر کا ہوتا ہے
اور مدرسہ جات حسب ذیل ہین قصبہ تجارہ قصبہ شاہ آباد قصبہ ٹپوکرہ

موضع جھوانہ موضع کمالپورا اور کوئی ندی ایسی نہین کہ ہمیشہ جاری رہتی ہو
پہاڑ سے جو رو برسات مین آتی ہے وہ ندی صاجی مین جا ملتی ہے
اور حدود اربعہ اس علاقہ کی بدین تفصیل کہ حد شرقی پرگنہ فیروزپور جھرو پرگنہ
نوح ضلع گوڑگانوہ سے ملحق اور ایک پہاڑ کہ پارہ کوہ اراولی سے ہے
حد فاصل صرف موضع بالوج پرگنہ تجارہ حد پہاڑ سے باہر نکلا ہوا ہے
اور حد شمالی پرگنہ تاوڑو و ریواڑی سے ملحق اور حد غربی علاقہ ریواڑی
و پرگنہ کوٹقاسم و پرگنہ کشنگڑہ سے پیوستہ اور حد جنوبی پرگنہ کشنگڑہ
سے ملی ہوئی فقط پس میدان وسیع الفضا حالات تجارہ طے ہوا اور سین
قلم کو روکتا ہون کہ ٹھیرے اور دم لے پرگرم عنانی سے وہ جولانیون پر
ہے منزل احوال دارالحکومت و دیگر علاقہ جات متعلقہ ریاست کو بجلی
کی صورت رہ نورد ہر چند یہہ کتاب واسطے تجارہ کے مخصوص ہے لیکن
شاخ کو درخت سے اور درخت کو شاخ سے پیوند نظر برآن و واسطے
فوائد عوام ضمن تجارہ مین حال علاقہ راج الور کا لکھنا معیوب نہین کہ
تجارہ متعلقات ریاست الور سے ہے باعتبار ہم علاقہ ہونے کے
وہ باہم ایک ہین اور حال تاریخی مین ذکر خیریت اشتمال رئیسان الور
سے احوال تمامی علاقہ ریاست مشتمل اسوجہ سے حالات دیگر علاقہ جات

کو جغرافیہ مین بھی ساتھہ اختصار کے شامل رکھا جاتا ہے + فقط

شہر الور

مخفی نرہے کہ شہر الور دامن کوہ مین آباد ہے اور سلسلہ اس پہاڑ کا کوہ
ارا ولی سے ملا ہوا ہے قلعہ شہر کی فصیل و خندق خام ہے پانچ
دروازے مع گھوگس پختہ بنے ہوئے ہین نام دروازہ ہا یہہ ہین لادیہ
دروازہ مالاگھڑہ دروازہ لال دروازہ دہلی دروازہ حضوری دروازہ اور ہر دروازہ
پر توپخانہ ہے بیرون حضوری دروازہ کے شیر پلے ہوئے ہین ایک شیر سیاہ
مطلق ہے کہ جناب مہاراجہ صاحب بہادر نے کئی ہزار روپیہ کو خرید کیا تھا
اور آبادی شہر بہت گنجان ہے چوسر کا بازار ہے بیچ مین تر پولیہ واقع
محل سرکاری پہاڑ کے نیچے لب ساگر تالاب ساتھہ رفعت کے بنے ہوئے
ہین صدر دروازہ محلون کا شرقرویہ ہے اور محل کی جانب شمال ایک
مختصر پائین باغ ہے اور اوسمین کرکری خانہ ہے ہر قسم کا جانور عجائب
غرائیب اور رنگین خوش آواز وہان موجود طرف جنوب محل کے اصطبل ہے
کہ بنظر شوق گھوڑون کو زیر نظر رکھا ہے اور پہاڑ کے اوپر قلعہ پختہ بہت
وسیع ہے اٹھارہ ہاتھہ فصیل قلعہ کی بلند اوسکو بالا قلعہ کہتے ہین چار دروازے
اوسکے ہین ایک سورج پول دومی لچھمن پول سومی چاند پول چہارمی

اندھیری دروازہ اور قلعہ مین محل عالیشان بنے ہوئے ہین چار کنڈ
اور ایک تالاب اندر قلعہ کے واقع ہین ایک کنڈ کا نام ٹونڈیا ہے اور
دوسریکا چاندپول اور تیسرے کا سورج پول چوتھے کا مٹیا اور تالاب
باسم سلیم ساگر مشہور ہے اور قریب سلیم ساگر کے چھتری مہاراجہ
پرتاب سنگھ جیو کی ہے اور پاس ہی باوڑی بنی ہوئی ہے اور اندھیری
دروازہ قلعہ کا بہت نشیب مین ہے اوسکے دونون بازو مین
فصیل قلعہ اسقدر بلند ہے کہ سات سو سیڑھی چڑھکر ڈنڈے پر
پہنچتے ہین اور درمیان بالا قلعہ و شہر الور کے فراز کوہ پر دو برج بنے
ہین ایک کا نام چھٹکی دوسرے کا نام کابل خوزد ہے اور شہر پناہ
الور کے باہر ہر طرف آبادی ہے مہان سراے بھی شہر کے باہر طرف
لعل دروازہ کے ہے اور کثرت باغات نے نواح الور کو سرسبز کر رکھا
ہے پانی البتہ مرطوب ہے للک جاوک گھر اور لڑکا ساوے آدمی الور مین ہین
پہاڑ الور مین ہر قسم کا درخت اور شکار موجود واسطے شکار شیر کے
بمقام بنیک و مادھوگڑہ و سیلی بیری و چاند پہاڑی و بھانکڑہ دکھڑہ
و کالی کھوہ و بخت پورہ اودیان بنی ہوئی ہین اور حضور تحصیل الور مین
تین پرگنات حسب ذیل شامل مالاکھڑہ و ڈہرہ و بہادر پور اور مع

دیہات ہر سہ پرگنات مشمولہ کے مالکم اس تفصیل سے ہین خالصہ کے
مالکم جاگیر کے لکم اودک کے ۔۔۔م اور جمع سالانہ علاقہ
تحصیل الور بتعداد ایک لاکھ ۔۔۔ روپیہ ہے اور مالاکھڑہ مین
مثل تجارہ کارخانہ برف جاری اور قلعہ مالاکھڑہ پختہ بنا ہے سمت ۱۷۳۳
مین مہاراجہ پرتاب سنگھہ جیو نے گڑھی بانمولی کی بخت سنگھہ ٹھاکر سے
چھین کر تو پین وکواڑا وسکے قلعہ مالاکھڑہ مین چڑھائے تھے اور بہادرپور
مین بھی قلعہ پختہ واقع سمت ۱۷۴۴ مین غلام حسین چیلہ نواب میر خان نے
اسکو محصور کیا تھا مہاراج پرتاب سنگھہ جیو نے ساتھہ جنگ مردانہ کے
اوسکو شکست دیکر قلعہ محفوظ رکھا اور علاقہ الور مین پانچ میلے بڑے
ہوتے ہین کوہستان ایندوک مین بھادون بدی آٹھہ کو میلہ بھرتھری جی
کا اور بیساکھہ بدی اشٹمین کو بندسیلی سیڈہ پر میلا سیتلا اور بیساکھہ بدی
چودس کو پہاڑشاہ پور مین میلہ چوہڑسدہ کا اور بسنت پنچمین کو بجے باٹ
پر میلہ بسنت اور اساڑہ بدی نومی کو بمقام روپباس میلہ جگناتھ جی اور
مواضعات سیلی سبری و شاہ پور و سوٹھہ کھرپٹہ و سیراواس و کالی کھوہ
و ڈھاڈھولی و پتروڑہ مین روندہ ہاے سرکاری ہین کہ گھاس بکثرت
ہوتی ہے اور موضع سوٹھہ کھرپٹہ کا تمباکو نوشیدنی مشہور ہے اور

مواضعات گپلولی و چھلوری وکھریڑہ مین چکی وکونڈی پتھر کی بنتی ہین اور
دیولہ وکمالپور و ڈھاڈھولی مین آگر کھاری نمک کی ہین اور موضع پرتھی پورہ
واکبرپور و بالیٹہ و دادیہ مین کارخانہا ماندری جاری کہ لوہا بنایا جاتا
ہے مگر کان بوری کی نہین اس علاقہ مین پہاڑ بکثرت ہین اور زمین
مٹیار ہے پیداوار خوب ہوتی ہے تعداد مردمان کل علاقہ کی ایک
لاکھ موالی ہے حد شرقی علاقہ تحصیل الور کی علاقہ لچھمن گڑہ و رام گڑہ
سے ملی ہے اور حد شمالی پرگنہ کشنگڑہ و منڈاور سے اور حد غربی علاقہ
بانسوڑ و تھانہ غازی سے اور حد جنوبی پرگنہ راج گڑہ سے مرزا علی نقی خان
صاحب تحصیلدار الور نہایت ہوشیار و کارگذار ہین توصیف اونکے
حسن اخلاق کی بیان سے باہر وہ کہ راج الور مین بارہ تحصیل ہین از انجملہ
حال حضور تحصیل الور اور تحصیل تجارہ کا ہوچکا دس تحصیل مفصلہ ذیل
باقی رام گڑہ گوبند گڑہ کٹومر لچھمن گڑہ راجگڑہ تھانہ غازی بانسور بھبروڑ
منڈاور کشنگڑہ چنانچہ احوال مختصر اونکا بھی تحت مین ثبت ہوا فقط

رام گڑہ ۔ یہہ قصبہ الور سے جانب مشرق ہے اور بارہ میل کا
فاصلہ رکھتا ہے آبادی رام گڑہ کی مدتور ہے مکانات خس پوش زیادہ
الحالت گھر اور صاحب آدمی شماری ہین قلعہ آبادی سے ملا ہوا ہے بازار

بہت ناقص ہے گرما مین پانی چاہات کا خشک ہوجاتا ہے مولی رام گڑہ مین
اچھی پیدا ہوتی ہین اور مامہ سم تحصیل رام گڑہ کے متعلق از انجملہ مامہ سم
خالصہ کے ہین اور مامہ سم جاگیر کے اور پانچ گانون معافی کے اور
قصبہ جات اسعلاقہ مین یہہ ہین مارکپور نوگانوہ کھلورہ ملک پور رگھناتھ گڑہ
زمین دیہات علاقہ کی مٹیار و بھوڑ و دومٹ ہے ندی چوہڑسدہ
اور لسڈھو ہا سے ڈہر بہت بھرتا ہے اور اتریا کے بند سے بھی سیرابی
زمین حاصل نیشکر اکثر دیہات مین ہوتا ہے اور گندم نخود و جو کی
پیداوار زیادہ ہے اور سوائے قلعہ خاص رام گڑہ کے ایک قلعہ نوگانوہ
مین ہے اور ایک قلعہ رگھناتھ گڑہ مین اور ایک بجرنگ گڑہ مین
اور کھڑلی و مارک پور مین گڑھی بنی ہوئی ہین پور نماشی مہینے ماہ و جیٹھہ
اور نیز دسہرہ کو میلہ لال داس بمقام شیر پور باندھولی ہوتا ہے اور
بھادون سدی چھٹہ کو میلہ پیلاسن کا موضع پوٹھی دیہہ جاگیر مین ایک پہر
رہتا ہے اور خاص رام گڑہ مین بمقام باغ سرکاری بھادون سدی تین کے
دن میلہ ہنومانجی ہوتا ہے اور جاڈولی مین ایک روندہ ہے رسالہ
متعینہ رام گڑہ کو گھاس اوس سے آتی ہے اور پولہ بکثرت ہوتا ہے
اور تمامی علاقہ مین [illegible] آدمی ہین حد شرقی رام گڑہ جانب مشرق

علاقہ گوبند گڑہ اور گوپال گڑہ متعلقہ راج بھرت پور سے ملی ہے اور
حد غربی پرگنہ کشنگڑہ والور سے اور حد جانب شمال علاقہ فیروزپور
ضلع گوڑگانوہ و دیہات کشنگڑہ سے ملحق ہے اور حد جنوب ساتھہ
پرگنہ لچھمن گڑہ اور نگر راج بھرت پور کے ملصق ٭ فقط
گوبند گڑہ - یہہ قصبہ رام گڑہ سے گیارہ میل اور الور سے بائیس میل
کا فاصلہ رکھتا ہے اور جانب مشرق واقع بازار اوسکا بہت کشادہ
ہے اور بارونق مکانات پختہ وخام ہین اور خس پوش زیادہ الحاللوے
گھر ہین اور صاحب آدمی بالوشاہی یہانکا مشہور ہے اور واقعی اچھا
ہوتا ہے آبادی سے شمال مین کچھہ فاصلہ پر قلعہ خام مہاراجہ بختاور سنگھہ جیو
کا بنایا ہوا ہے اور قریب قلعہ کے ایک باغ سرکاری ہے اور یہہ
قصبہ بھی عہد مہاراجہ بختاور سنگھہ جیو سے آباد ہوا ورنہ سابق گھوسا ولی
آبادی گوبند گڑہ سے طرف جنوب کے بستا تھا نواب ذوالفقار خان
خانزادہ کا گھوسا ولی مین قلعہ بنایا ہوا ہے اور یہہ شخص جری اور بہادر
تھا اپنی شجاعت کے سامنے کسیکو خیال مین نہین لاتا تھا سنہ ۱۱۷۶ھ مین
مادھوراو سیندھیہ وکیل مطلق شاہ عالم بادشاہ نے فوجداری پرگنہ
گھوسا ولی پر ذوالفقار خان کو مقرر کیا تھا جب فوج مرہٹہ کی طرف دہلی

سے شکست کھاکر آئی ذوالفقار خان نے پھر فوج کو لوٹ لیا اس رنج سے
مرہٹون نے مہاراج بختاور سنگھ جیو سے اتفاق کرکے ذوالفقار خان
کو شکست دی اور گھوساولی سے نکالدیا تب سے گھوساولی ویران اور
گوبندگڑہ بجاے اوسکے آباد ہوا اور پرگنہ قرار دیا گیا نواب ذوالفقار خان
کے دو بھائی تھے ایک ناہر خان کہ وہ بہراوت مین رہتا تھا
دوسرا ثابت خان وہ تالڑا مین مسکن گزین تھا اولاد ناہر خان سے
جواہر خان نامے ایک شخص نجارہ مین رہتا ہے علاج گھوڑون کا خوب
جانتا ہے اور اولاد ثابت خان سے بندہ علیخان ہے کہ سرکار الور
مین نوکر اور ذوالفقار خان لاولد گیا پرگنہ گوبندگڑہ مین بانون گانون خاصہ
کے ہین اور ایک معافی کا کل ۵ م ہین پرگنہ پیل کھڑہ تحصیل گوبندگڑہ
مین شامل ہے پیل کھڑہ مین بھی قلعہ ہے اور مدرسہ جات اس علاقہ
مین یہہ ہین گوبندگڑہ پیل کھڑ بھس راوت اور زمین علاقہ کی اچھی ہے
زمیندارہ میوان کا ہے ندی گھاٹ سے جسکو رو پاریل بھی کہتے ہین
بہت گانون اس علاقہ کے بھرتے ہین اور پیداوار کامل ہوتی ہے تمامی
علاقہ مین للوک ماہی آدمی ہین اور حد شرقی وجنوبی وشمالی علاقہ بھرتپور
سے اور حد غربی پرگنہ رام گڑہ وبچھمن گڑہ سے ملحق ہے ✤ فقط

قصبہ کھٹومر - یہہ قصبہ گوبند گڑہ سے گیارہ میل جانب دکھن اور لچھمن گڑہ
سے گیارہ میل طرف شرق کے واقع ہے حویلی رام لال ساہ کی تمام
آبادی مین بڑی ہے وگرنہ اکثر مکان خس پوش ہین آٹھ سو برس سے
اس قصبہ کی آبادی ہے لاکھا سنگھہ ٹھاکر کٹاریہ نے اوسکو آباد کیا تھا
مردمان باشندہ کٹومر متعداد ۴۰۰ ہین اور ۴ گھر تحصیل و
تھانہ وچھاونی رسالہ کی ایک ہی جگہہ ہے اور مدرسہ بھی اوسکے قریب
بازار بہت ناقص ہے اور سواد آبادی نہایت غلیظ ایک باغ رام لال
ساہ کا اس قصبہ مین پرانا ہے اور ایک باغ لالہ دیوکرن مہاجن نے
سرشاہراہ ڈیگ بنا لگایا ہے باغبان نے اس باغ مین ایک درخت
لہسوڑہ خورد پر پیوند گوندی اور لہسوڑہ کلان کا چڑھایا ہے کہ ایک
درخت مین تین قسم کے درخت ہین ہر جمعہ کو اس قصبہ مین بازار ہوتا ہے
برتن وکپڑہ وغیرہ کی خرید و فروخت ہوتی ہے اور منڈی کٹومر سے
غلہ علاقہ جے پور و بہرت پور کو جاتا ہے اور پرگنہ سونکھر متعلق اس
تحصیل کے ہے سمت ۱۳۴۰ مین ٹھاکر جیت سنگھہ چوہان نے قصبہ سونکھر کو
آباد کیا ہے اور دونون پرگنہ مین ۴۰ گانون ہین از انجملہ ۳۰ خالصہ
اور ایک موضع باڑ کا کہ عوض تنخواہ کے سپاہ کو دیا ہوا ہے اور ایک

گانون جاگیر کا ہے اور چھہ گانون معافیات کے اور منجملہ دیہات خالصہ کے
ایجنٹی سابق مین بسمت ۱۹۱۶ بارہ گانو مفصلہ ذیل پرگنہ لچھمن گڑہ سے شامل اس
تحصیل کے ہوئے ہین ٹٹ پوری بسیٹھہ سندمانہ رانولی بسئی سموچی
دانتا پیل کھڑہ نونیا کھڑلی بنوکھر کالواڑی اور موضع سٹاہرہ و
متھراہٹرہ سمت ۱۹۱۷ مین پرگنہ لچھمن گڑہ سے اس تحصیل مین آئے ہین اور
دیہات علاقہ کھٹومر کے ایک حلقہ مین ساتھ بسط کے نہین وسط اس علاقہ
مین موضع مان کھڑہ ولاٹھکی وکھڑہ دیہات راج بھرت پور واقع اور
اسی طرح موضع تلچڑہ وگھڑی دیہات تحصیل کٹومر علاقہ بھرت پور کے بیچمین
ہین قصبہ سونکھر مین مدرسہ مقرر اور قلعہ کٹومر منہدم ہوگیا صرف ایک
قلعہ خام سموچی مین ہے اور بندات علاقہ کٹومر مین حسب ذیل ہین بند بچنہ
کالا کھڑہ بند ٹیٹلپوری بند ذاتیہ بند سموچی بند بسئی یہہ چارون بند
خام ہین اور قسم زمین اس علاقہ کی مٹیار و دومٹ ہے اجناس خریف
اچھی پیدا ہوتی ہے جو زمین زیر بندات ہے اوسمین ربیع خوب ہوتی ہے
اور مواضعات دانتا وسونکھری و مدپورہ وسالواڑی و کالواڑی وبنوکھر
مین چھوٹی چھوٹی پہاڑیان ہین اور پہاڑی دیہہ بنوکھر مین کان کشنا ابرک
کی ہے اور کوئی میلہ کلان اس علاقہ مین نہین ہوتا موضع بسئی مین ایک

مندر بہت پورانا بنا ہوا ہے اوسکے دروازہ کی دیوار پر پتھر مین بخط ہندی
کچھ لکھا ہوا ہے مگر وہ پڑھنے مین نہین آتا معلوم کس خط مین وہ تحریر ہے
تماحی علاقہ مین مت ۱۸۴۵ آدمی ہین اور مدرسہ جات حسب ذیل قصبہ کنڈمر
قصبہ سونگھر بنوکھر حد شرقی وشمالی علاقہ کھنڈمر کی دیہات راج بھرت پور سے
ملحق ہے اور حد جنوبی علاقہ بھرت پور و جے پور سے ملی ہوئی اور
حد غربی پرگنہ لچھمن گڑہ سے پیوستہ ہے ٭ فقط
قصبہ لچھمن گڑہ - یہہ قصبہ الور سے لوے میل طرف گوشہ شرق وجنوب
کی ہے اور کنڈمر سے بفاصلہ بارہ میل جانب غرب قصبہ لچھمن گڑہ کی
آبادی دلچسپ نہین اور نہ بازار کچھ اچھا ہے مکان خس پوش بہت
ہین قلعہ پختہ آبادی سے قریب ہے اور بند بھی نزدیک اور ایک
باغ سرکاری نصب ہے مگر بے مرمت البتہ باغ دیوبخش کوٹھاری کا
سرسبز و شاداب ہے قصبہ لچھمن گڑہ مین لعا ۱۱۴ گھر ہین ۵۱۱ آدمی
اور تحت تحصیل لچھمن گڑہ مین ما ۱۱ گانون ہین اونمین سے ما ۴ م
خالصہ کے ہین اور ۷ موضع جاگیر کے اور تین گانون معافی کے ہین
اور قصبہ موجپور وہرسانہ قصبہ لکھے جاتے ہین اس علاقہ مین بموضع
کھڈیانہ دو کنڈ اچھے بنے ہوئے ہین اور کیڑہ مین قلعہ خام ہے

موضع دھولاگڑہ مین میلہ دیبی کا بیساکھہ سدی اشٹمین کا اچھا ہوتا ہے
آمدنی چڑھاوہ وہانکی سرکاری ہے اور بہتون خورد مین ظروف گلی
اچھے بنتے ہین اور متصل موضع کھڑہ درجن سال کے پہاڑ پر ایک کنڈ
ہے موسومہ کروڑی کنڈ اور ایک کنڈ پہاڑ کھڑہ سارنگ پوری وجاہرو
مین واقع اور کھوہرہ ملاولی دیہہ جاگیر ٹھاکر مہتاب سنگھہ مین چکی و
کونڈی پتھر کی بنتی ہین اور وہ پتھر بہت کم گھستا ہے اور نوٹبولی مین
بھی کونڈی وغیرہ بنائی جاتی ہین مگر پتھر وہان کا گھستا بہت ہے اور
لچھمن گڑہ خاص وکھڑلی لودھا ورونیجہ جات وکنواڑہ مین اگر نمک کھاری
کی ہین اور قصبہ موجپور مین ایک روندہ ہے اور روندہ موضع سیدکا
مین خس بہت نکلتا ہے اور مدرسہ جات حسب ذیل ہین لچھمن گڑہ خاص
قصبہ موجپور قصبہ ہرسانہ ٹرودہ میوگنڈورہ زمین اس علاقہ کی بہت
اچھی ہے اقسام اوسکی مٹیار ودومٹ ہے اور بند لچھمن گڑہ سے
بہت دیہات بھرتے ہین نیشکر کی پیداوار کثرت سے ہے اور زمیندارہ
میوان کا زیادہ تر اور تمامی علاقہ مین مالک آدمی ہین حد اس پرگنہ کی
شرق پرگنہ کٹومر وراج بھرت پور سے اور غرب مین پرگنہ الور وراجگڑہ
سے اور شمال مین پرگنہ گوبندگڑہ ورام گڑہ سے اور جنوب مین علداری

جے پور سے ملی ہے +

راج گڑہ - یہہ شہر الور سے بفاصلہ ۱۰ میل طرف جنوب کی واقع اور بجز الور کے تمام قصبہ جات متعلقہ راج سے بڑا اور بہتر ہے شہر پناہ مع خندق خام ہے مکانات و دوکانات پختہ بازار بارونق وکیفیت ہے مہاجنان آسودہ حال اور کئی آدمی بہت دولتمند ہین اندر شہر کے ایک پہاڑی خورد ہے اوسپر چھوٹا سا قلعہ بنا ہے اندر اوسکے محل سرکاری نہایت عمدہ اور خوشنما ہین اور اوس چھوٹی پہاڑی سے کہ جسپر محل واقع دیگر پہاڑ بلند ملا ہوا ہے اور اوس پہاڑ پر قلعہ سنگین اور مستحکم ہے سمت ۱۷۳۹ مین مہاراجہ پرتاب سنگھہ والی جے پور اور سمت ۱۷۴۷ مین دکھنیون نے اس قلعہ کو محصور رکھا تھا مگر دست تصرف اونکا نہین پہنچا شہر پناہ کے تین دروازہ ہین ایک بسوہ دروازہ دوسرا بانجھری دروازہ تیسرا الور دروازہ اور ایک کھڑکی ہے اوسکو پیٹی راٹھورون کی کہتے ہین ٹکسال راج بھی اسی شہر مین واقع اور دو ہزار چار سو اٹھارہ گھر اور گیارہ ہزار سات سو ستر آدمی ہین کام رنگ وحزا دلکڑی کا وہان خوب ہوتا ہے بندرون کی اس شہر مین بڑی کثرت تھی رعایا کا اونسے ناک مین دم آرہا تھا بہت نقصان اوٹھاتے تھے تھوڑے عرصہ سے

بندروں کے پکڑنیکا ایک شخص نے ٹھیکہ لیکر تمام بندر پکڑکے دور نر چھوڑدئے
رفاہ رعایا کو مدرسہ فارسی وانگریزی وہندی و فارسی اور شفاخانہ
مقرر ہے اور باغات کی بڑی کثرت میوہ ہر قسم کا وہان ہوتا ہے
اور رنگترہ مشہور ومعروف ہے شہر سے نصف میل جانب مشرق
پرانے راجگڑہ کے پاس بند یا گھولا ہے کہ راجہ باگ سنگھ بڑگوجر نے
سمت ۱۰۰۰ مین ساتھ آبادی کے بنایا تھا اور مشرق کی طرف پہاڑ سے
بوری بھی نکلتی ہے جس سے لوہا بنتا ہے عہد سلطان علاوالدین غوری
سے اس کان آہن کی نمود ہے اور کان معروف جیوالہ سے پٹی
چھتون مکانات کی اچھی نکلتی ہین اور موضع کھوہ دریبہ مین کان نحاس
یعنی تانبے کی ہے مس اوسکا دارالضرب راجگڑہ مین مسکوک ہوتا ہے
اور بوجھ کھودیجانے کے اس کان مین چشمہ ہاے پانی جابجا نکل
آئے ہین اوس پانی سے طوطیا وکسیس وپھٹکری وسیتا جس سے
کاچ رنگا جاتا ہے بنتا ہے اور موضع بجالی مین سنگ قلعی بہت تحفہ نکلتا
ہے اور شہر راجگڑہ وقصبہ بٹھلہ ومواضعات کھوہ وبہادری ونیاگانون
مین کارخانجات ماندری کے جاری اور لوہا بنایا جاتا ہے پہاڑ علاقہ
راجگڑہ مین بہت ہین اور جو دیہات اندر حلقہ پہاڑون کے بستے ہین

وہ چھنڈ کے گانو کہلاتے ہین اور پوشش مکانات اون دیہات کی
برگ درختون سے ہے اور پرگنات قصبہ راجپور و قصبہ بینی و قصبہ
ٹھلہ و مانچڑی تحصیل راج گڑہ کے شامل اور دیہات متعلقہ بتعداد
مالکوم ہین ازانجملہ مالکوم خالصہ کے اور مالکوم جاگیر اور معدوم
معافی کے ہین زمیندارہ اقوام ملینہ کا بہت اور برہمن ٹھاکر کمتر ہین زمین
دیہات کی مٹیار و دومٹ ہے پیداوار اوسط درجہ کی ہوتی ہے
پہاڑون مین گھاس اور بانس پیدا ہوتا ہے کانکواڑی کا بانس مشہور
ہے ڈانڈ برچھے اور لاٹھی کے کام کا ہوتا ہے اور قلعہ کانکواڑی بالائے
کوہ ہے ہر چہار طرف قلعہ کے بانس کا بن ہے درندگان کا یہہ صحرا مسکن
ہے بجز ایک راہ کے دوسری راہ قلعہ کی نہین اور جس پہاڑ پر یہہ قلعہ
ہے وہ پہاڑ بہت وسیع ہے اوپر پہاڑ کے زراعت ہوتی ہے اور
جابجا چشمہ پانی کے جاری اور اس پہاڑ کے دو درے ہین ایک کا
نام اساوری ہے دوسری کا کاکڑی مہاراجہ جے سنگھ والی جے پور کے
وہ بنائے ہوئے ہین اور قریب قلعہ کانکواڑی کے ایک چوبرجہ ہے
اور اوسکے پاس محل روسی رانی کا واقع کہ مہارانی جے پور خفا ہوکر
چلی آئی تھی اوسنے اوس محل کو بنایا تھا اور زیر کوہ مندر سری بیل کنٹھ جی

کا ہے موضع دیونی مین ایک بند ہے اسکو رام ساگر وبند دیوتی کہتے
ہین پال اس بند مین شیشہ پلایا گیا ہے حال اس بند کا احوال مہاراجہ
پرتاب سنگھہ جیو مین تحریر ہو چکا ہے آب وہوا کانکواڑی کی بہت ناقص ہے
خصوص مرد کو بہت نقصان کرتی ہے وہانکے باشندگان کی عمر بہت
تھوڑی ہوتی ہے اور موضع نالاب مین ایک بڑا تالاب ہے راجہ مین
بڈہ گوجر نے سمت مین تعمیر کیا تھا اور بوجہ برآمد ہونے پانی سرخ اوسکے
حسب ایماے منجان چتر سال پسر خود کو مع زوجہ اوسکے راجہ مذکور نے نا
تالاب مین زندہ دفن کر کے اوپر اوسکے مکان بنوا دیا تھا کہ علامت
اوسکی موجود ہے اور دیہات رہنی سے ایک نالہ موسوم ٹھیری پرگنہ
لچھمن گڑہ وکٹومر کو جاتا ہے برسات مین اوسکے پانی سے بند ات
کالا کھڑہ وسموچی ودانیا پرگنہ کٹومر بھرتے ہین اور کھڑہ راجوڑ پرگنہ ٹھلہ
سے ایک نالہ جاری ہوکر بان گنگا مین جا ملا ہے اس علاقہ مین قلعہ جات
بہت ہین تفصیل اونکی حسب ذیل راج گڑہ راجپور قصبہ ٹھلہ قصبہ رہنی
جاٹرولی بھوڈہ اوکیری رام پورہ کانکواڑی گڑھی پلوہ بجاری گڑہ دولہ
بجالی اور مدرسہ حسب ذیل ہین راجگڑہ مانجھڑی دھمریڑ راجپور ٹھلہ رہنی
جاٹرولی اور تمامی علاقہ مین ایک لاکھہ اسی ہزار آدمی ہین حد شرقی

اس علاقہ کی پرگنہ لچھمن گڑہ سے اور حد غربی علاقہ تھانہ غازی و پرتاگڑہ
سے اور حد جنوبی علاقہ جے پور و حد شمالی علاقہ الور سے ملحق ہے ✤
تھانہ غازی - یہہ قصبہ الور سے بفاصلہ للہ میل گوشہ مغرب وجنوب
مین ہے اور نیچے ایک پہاڑی کے آباد فصیل وخندق خام سے احاطہ آبادی
ہو رہا ہے شہر پناہ کے دو دروازے ہین اور ایک کھڑکی مہمان سرائے
اور چھاونی رسالہ کی شہر کے باہر ہے اور بالاے پہاڑی قلعہ پختہ
بنا ہوا ہے مکانات و بازار واقع شہر پختہ ہین اور عامہ گھر اوسط حالے
آدمی شماری ہین علاقہ تھانہ غازی تمام کوہستان ہے تحصیل پرتاگڑہ
شکست ہوکر شامل تھانہ غازی کے ہوگئی ہے اور پرگنہ نزاین پور تھانہ غازی
سے خارج ہوکر تحت بالنسوڑ مین آگیا قصبہ تھانہ غازی سے پرتاب گڑہ
گوشۂ غرب وجنوب مین بفاصلہ تیرہ میل ہے آبادی اوسکی چھوٹی پہاڑی
کے نیچے واقع اور پہاڑی پر قلعہ بہت اچھا بنا ہوا ہے قلعہ کے دو دروازہ
ہین ایک غرب رویہ دوسرا شرق رویہ اور اندر آبادی سے قلعہ کا راستہ
ہے اور قلعہ کے ہر چہار طرف بنی ہے آبادی قلعہ کے گرد شہر پناہ پختہ
ہے اور خندق خام علاوہ کھڑکی دو دروازہ ہین ایک بسوہ کی طرف
دوسرا تھانہ غازی کی طرف جو دروازہ جانب تھانہ غازی کے ہے

اوس جانب شہر کے باہر بھی آبادی ہے اور پرگنہ عجب گڑہ و بلدیو گڑہ
شامل علاقہ پرتاب گڑہ ہین عجب گڑہ قصبہ پرتاب گڑہ سے آٹھ میل طرف
گوشۂ مشرق و جنوب کے ہے درمیان پرتاب گڑہ و عجب گڑہ کے موضع
جھری واقع ہے جہانسے پتھر سفید جھری کا کہ مشابہ ساتھہ مکرانہ کے ہے نکلتا
ہے اور عجب گڑہ درمیان پہاڑون کے آباد ہے آبادی کے قریب
ایک پہاڑ ہے اوسپر گڑھی پختہ بنی ہوئی ہے اور اس قصبہ مین ایک باغ
سرکاری نصب آم کے درخت اوسمین بہت ہین اور آم وہانکا نامی ہے
اور قصبہ عجب گڑہ سے جانب بلدیو گڑہ کے ایک بڑا تالاب پختہ بنا ہوا ہے
اوسکو سوم ساگر کہتے ہین اور سمت ۱۶۵۴ مطابق ایکہزار اراڑتیس ہجری مین بعہد
محمد جلال الدین اکبر شاہ کے سوما حجام ملازم مادھوسنگھہ برادر راجہ مان سنگھہ
والی جے پور نے باہتمام جگدیو معمار کے تیار کیا تھا اور قصبہ عجب گڑہ سے
بلدیو گڑہ جانب مشرق ہے اور آٹھہ میل کا فاصلہ رکھتا ہے اور
درمیان عجب گڑہ و بلدیو گڑہ کے بھانگڑہ واقع مادھوسنگھہ برادر
راجہ مانسنگھہ والی جے پور نے اوسکو آباد کیا تھا لیکن ایک مدت سے
بھانگڑہ ویران مطلق ہے صرف ایک بیراگی استھل مین رہتا ہے اور عمارت
بھانگڑہ کی پختہ بنی ہوئی ہے محل عالیشان اور بہت عمدہ ہے سامنے

محل کے بازار ہے مگر دوکانین سب خالی پڑی ہوئی ہین اور شہر پناہ پختہ
ہے زیر محل کچھہ درخت آم وکیوڑہ کے لگے ہوئے اور بھانگڑہ کے
قریب موضع گولا کا باس مین کان بوری کی ہے جس سے لوہا نکلتا ہے
اور قصبہ بلدیوگڑہ کو جاتے ہوئے راستہ سے کچھہ فاصلہ پر ایک باغ
ہے اوسکو نرائنی نائن کا باغ مشہور کرتے ہین اندر اوس باغ کے چھوٹا سا
منڈہ پختہ اوسی نائن کا بنا ہوا ہے اور سامنے اوسکے کنڈ ہے اوسکا
پانی گرم رہتا ہے اور جاری چند دیہات کی آبپاشی اوس سے ہوتی
ہے اور کیوڑہ اس باغ مین بکثرت ہے قصبہ بلدیوگڑہ میدان مین
آباد قلعہ خام زمین دوز آبادی سے تھوڑے فاصلہ پر ہے پہاڑ قصبہ
بلدیوگڑہ کی چہار جانب محیط لنگورون کی کثرت ہے اور درمیان بلدیوگڑہ
وکھوہ دریہ پرگنہ راجگڑہ کے پہاڑ حائل تحصیل تھانہ غازی مین ماٹ گانون
ہین اونمین سے ماٹ موضع خالصہ کے ہین اور ۴ جاگیر کے اور ہفت
معافی کے ایک لاکھ لاموجہ روپیہ کی جمع سالانہ ہے اور زمینداری
مینہ وٹھاکرون کی زیادہ ہے ہرچند پہاڑ اسعلاقہ مین کثرت سے ہین
مگر زمین اچھی ہے نیشکر بہت پیدا ہوتا ہے اور دیتھل کا قند سیاہ
مشہور ہے اور تھانہ غازی سے بفاصلہ پانچ میل طرف غرب کے

باندرول کا گھاٹہ ہے کھولہ پہاڑ مین ایک برج بنا ہوا ہے اور ایک باوڑی
ہے سپاہی راج کے وہان تعینات رہتے ہین آدمی اس علاقہ مین
بتعداد مالوے ہین اور مدرسہ جات حسب ذیل تھانہ غازی عجب گڑہ
پرتاب گڑہ صورت گڑہ گولا کا باس اگر جیت پورہ اور شہد اس علاقہ
مین ارزان ملتا ہے اور علاقہ تھانہ غازی غرب وجنوب مین راج جے پور
سے اور شرق مین پرگنہ راجگڑہ سے اور شمال مین پرگنہ بانسور سے ملتا ہے
بانسور۔ یہہ قصبہ الور سے طرف غرب کے چوبیس میل اور تھانہ غازی سے
طرف شمال کے سولہ میل ہے وہان ایک پہاڑی ہے اوسکے اوپر قلعہ
پختہ بنا ہے اور نیچے قصبہ بانسور آباد اور یہہ قصبہ بہت بڑا نہین نہ کچھ اچھا
تھوڑی سی دوکانین ہین اور چھوٹی سرائے مالوے گھر واقع ہین اور
سمے سمے آدمی سکونت پذیر ہوتے ہین قصبہ بانسور مین ریت بہت ہے اور پرگنہ
رام پور وہمیر پور وہرسورہ وزاین پور وگڑھی ماموڑ اس تحصیل سے
متعلق اور چار گانون پرگنہ بڑود کی بھی شامل جملہ مالوے گانون ہین ازانجملہ
مالوے م خالصہ کے اور گیارہ گانون جاگیر کے اور ایک معافی کا ہے
قصبہ زاین پور قصبہ بانسور سے بفاصلہ آٹھ میل طرف دکھن کے ہے
زاین پور سے الور کو جاتے ہوئے سرراہ بفاصلہ پانچ میل پہاڑ مین

ایک مقام ہے جسکو تال برجھپہ کہتے ہین وہان تین کنڈ ہین ایک گرم
پانی کا دو ٹھنڈے کے اور کئی چھتریان و مینارہ پختہ بنے ہوئے ایک
مندر ہے اوسمین ہیراگی رہتا ہے اور درخت ہر قسم کے وہان خود رو
اوگے ہوئے کھجور کے درخت بہت کثرت سے ہین ایک کھجور مین بخلاف
درختان کھجور کے سات شاخین نکلی ہوئی ہین اور کول پرگنہ نراین پور
مین باغ سرکاری ہے وہان کیوڑہ اور کیتکی بہت کثرت سے ہے
غدر ٹھاکر لکھدھیر سنگھہ جی مین کسی نے اوس پیڑکو جلا دیا تھا اب
جڑین اوسکی ہری ہوئی ہین موضع بسئی متعلقہ نراین پور مین چٹائی کھجور
کی اچھی بنتی ہے اور موضع بلالی مین چیت بدی اشٹمین کو سیتلا کا بڑا
میلہ ہوتا ہے بعد اختتام میلہ کے نراین پور خاص مین کئی روز دوکاندار
قیام رکھکر اسباب فروخت کرتے ہین اور رامپور و حاجی پور و ہمیرپور
دامن کوہ مین قریب قریب آباد ہین بانسور سے رام پور تین کوس جانب
شرق ہے اور حاجی پور چار کوس طرف گوشہ شرق و شمال کے میل
کئی ہوئے اور ہمیرپور پانچ کوس گوشہ شرق و شمال مین اور ہر قصبہ جات
باہم ڈیڑہ ڈیڑہ دو دو کوس کا فاصلہ رکھتے ہین سوا دان قصبہ جات
مین ہنگام برسات ایک جڑ زمین سے اوگتی ہے اوسکو سرا کہتے ہین

اور اوس ایک جڑ مین سات قسم کے غلہ کے درخت نکلے ہوتے ہین
یعنی بن ومکا باجرہ تل مونٹھ چولا مونگ یہہ چیز عجائبات سے ہے
اور قصبہ حاجی پور مین قلعہ پختہ مہاراج بختاور سنگھ جیو کا بنایا ہوا ہے
اور موضع کھوہری پرگنہ بانسور کے پہاڑ مین ایک قسم کا پتھر ہے کہ
وقت بنانے کے تماکو نوشیدنی کو اگر اوس سے کوٹا جاے تو وہ
مثل خمیرہ کے خوشبودار ہوجاتا ہے لیکن زیادہ کوٹنے سے تماکو ہلکا
ہوجاتا ہے کڑوا نہین رہتا قصبہ ہمیر پور مین لوہا بنتا ہے اور قصبہ رامپور
کی چھنڈ مین روندہ سرکاری ہے اور اس علاقہ مین بند موضع بابریہ
اچھا ہے اور لعلپورہ مین قلعہ خام بنا ہے اور قصبہ ہرسورہ بانسور سے
طرف شمال کے بفاصلہ دس میل ہے یہان جاجم و توشک وغیرہ بہت
عمدہ چھاپی جاتی ہین زمین علاقہ بانسور کی دومٹ و بھوڑ ہے تمام علاقہ
کے باشندے بتعداد ایک لاکھ لعمالوف ہین اور مدرسہ جات
حسب ذیل بانسور خاص ہرسورہ نزاین پور ہمیر پور حاجی پور موروی
وہین پور اور قصبہ رام پور وہرسورہ وہمیر پور ولعلپورہ و نزاین پور
مین چوکیات پولیس مقرر حد شرقی علاقہ اس تحصیل کی پرگنہ الور سے
ملتی ہے اور پہاڑ حد فاصل ہے اور حد غربی پیوستہ ہے ساتھہ

علاقہ کیتھری وجے پور کے کسی جگہ ندی صاحبی سرحد پر واقع اور
حد جنوبی علاقہ تھانہ غازی سے ملحق اور حد شمالی پرگنہ منڈا ور وبھروڑ
سے ملحق ہے +

بھروڑ۔ یہہ قصبہ الور سے طرف گوشہ مغرب وشمال کے تیس ۳۰ میل
ہے اور بہت آباد مکانات سکنی دوکانات بازار پختہ ہین گھر بہ تعداد
الماہ ۱۰۰ اور آدمی صماہ ۵۰۰ اور آبادی قصبہ سے علحدہ کچھ فاصلہ پر
دو محلہ بستے ہین ایک چیت پورہ اور دوسرا سبل پورہ اور اون
دونون مین کسیقدر فاصلہ اور آبادی قصبہ سے پورب کی جانب قلعہ
خام جدا ہے اور اسی طرح سمت اوتر مین چھاونی رسالہ ہے اور غرب
مین تین باغ اور باوڑی واقع باغ بنسی دھر مین چھتری اچھی بنی ہوئی
ہے اور مہابخش پر وہت بہت آسودہ وشخص نامی ہے اور خاص قصبہ
بھروڑ مین بماہ بھادون ظاہر پیر کا میلہ ہوتا ہے اور پرگنہ مانڈھن
وبڑود شامل علاقہ بھروڑ ہین اس تحصیل مین مالگانون ہین اونمین
سے مالم خالصہ کے ہین اور للوم جاگیر کے اور چار موضع معافی
کے ماہ اسوج وچیت مین دھمی کا میلہ ہوتا ہے مویشی کی خرید وفروخت
اوسمین ہوتی ہے اور بھادون مین بمواضعات حمیدپور ونانگل و

و مہراج باس میلہ جات ظاہر پیر کے ہوتے ہین اس علاقہ مین زمین اچھی
ہے اجناس فصلین کی پیداوار اور بڑود قصبہ بہروڑ سے جانب مشرق
بفاصلہ پانچ میل واقع روند بڑود کی بہت بڑی ہے شکار ہرن و روجھ
کا اس روندہ مین ساتھہ کثرت کے ہے رانا بڑود رئیس نمیرانہ کا یکجدی
ہے اور ماندھن بھروڑ سے موضع میل طرف شمال کے ہے مکانات
پختہ بنے ہوئے ہین اور چھوٹا سا قصبہ ہے پہاڑی پر قلعہ پختہ ہے
اور درمیان بھروڑ و ماندھن کے علاقہ نمیرانہ حائل دس گانو پرگنہ نمیرانہ
کے ہین سابق مین بجے سنگھہ رئیس نمیرانہ نے مرہٹون کو امداد دی تھی برآن
پیشگاہ لارڈ لیک صاحب بہادر سے مہاراج بختاور سنگھہ جیو کو حکم اخراج
رئیس نمیرانہ دیا گیا جب راج سے فوج کشی ہوئی رئیس نمیرانہ تاب نلاکر
فرار ہوگیا بعد فتح گڑھے کا اہل نمیرانہ مین پھر ایا گیا لارڈ صاحب ممدوح
نے ہمراہ دیگر پرگنات کے نمیرانہ بھی مہاراجہ پرتاب سنگھہ جیو کو مرحمت
رکھا بارہ برس رئیس نمیرانہ خارج رہا بعد شش حکام انگریزی سے حکم
آبادی نمیرانہ کا رئیس بجے سنگھہ کو دیا گیا بموجب اوسکے مہاراج بختاور سنگھہ
جیو نے بجے سنگھہ جیو کو پھر آباد نمیرانہ کیا عہد ایجنٹی سابق مین بمقدمہ فوجداری
کچھہ اسامیان مع وکیل کے نمیرانہ سے طلب ہوئی تھین اسیری سنگھہ

رئیس نے اونکے بھیجنے مین تامل رکھا برطبق اوسکے طلبی رئیس عمل مین آئی رئیس
نیمرانہ نے حاضری مین بھی تمرد وسرکشی کی تب فوج بھیجی گئی ایسری سنگھ رئیس
نیمرانہ نے خبر پاکر قبایل اپنے شاہجہان پور بھیج دیئے اور خود دہلی کو چلا گیا
اخراج رئیس پرتھانہ وتحصیل راجگا نیمرانہ مین قایم ہوگیا و برس بعد متعلقان
رئیس نیمرانہ مین آکر آباد ہوئے اور ایسری سنگھ رئیس مدت مدید کلکتہ مین
بحضور جناب صاحب گورنر بہادر داد خواہ رہا سنہ ۱۸۶۹ع مین جناب صاحب
ایجنٹ گورنر بہادر نے باستر ضاے جناب مہاراجہ صاحب بہادر علاقہ نیمرانہ
رئیس کو دلا دیا اور تین ہزار روپیہ نذرانہ راج کے سالانہ مقرر ہوگئے اور
رئیس نیمرانہ کو واسطے لینے محصول سارکے ممانعت فرمائی گئی اور فوجداری
سرکار انگریزی نے باختیار خود رکھی محل رئیس نیمرانہ کے بالاے پہاڑ
ہین اور نیچے اوسکے آبادی قصبہ ہے پانی اس علاقہ مین نو ہاتھ پر نکلتا
اور نیمرانہ وبھروڑ کے علاقہ کو راٹھ کہتے ہین نرگا وہان کا بہت مضبوط
ہوتا ہے علاقہ بھروڑ مین ۱۵۰۰ آدمی ہین اور زمین اس علاقہ کی
دومٹ وبھوڑ ہے مانڈھن مین تھانہ مقرر اور بڑود وسینگ دیہہ
جاگیر و زین پور باس و دوگھڑہ مین چوکیات پولیس ہین اور مدرسہ جات
حسب ذیل بھروڑ ماندھن بڑود و سود گونتی حد علاقہ بھروڑ کی

جانب شرق پرگنہ منڈاور سے ملی ہے اور غرب مین علاقہ کھیڑی ونارول
وکانٹی سے اور شمال مین پرگنہ ریواڑی وکانٹی سے ملحق اور جنوب مین
علاقہ کوٹ پوتلی و پرگنہ بالسور سے پیوستہ ٭

منڈاور ۔ یہہ قصبہ الور سے بفاصلہ ۱۰ میل گوشہ شمال ومغرب مین
واقع ہے اوسکی آبادی کے تین طرف پہاڑ محیط ہے شمال کی جانب
کھلی ہوئی ہے اوس سے آمد ورفت ہے اور اس سمت شمال مین آبادی
سے ملی ہوئی ایک چھوٹی پہاڑی ہے کالیخان شہید کی اوسپر درگاہ
واقع مکانات قصبہ منڈاور کے پختہ ہین لیکن شکستہ پڑے ہین جس
جگہہ اب آبادی ہے سابق وہان ویرانہ تھا اور جانب مشرق اوس سے
دامن کوہ مین خانزادہ رہتے تھے راو مدن سنگھہ چوہان پسر راجہ سنکٹ
رئیس نمیرانہ نے خانزادون کو قتل کرکے طرح آبادی کی ڈالی اور سکونت
اختیار کی پہلے اوس سے راو مذکور بموضع لاہرو مسکن گزین تھا ایکروز
شکار افگنان اس نواح مین آیا ہنگام شکار ایک گیدڑ نے اوسکا مقابلہ
کیا سون والے ہمراہ تھے اونھون نے مدن سنگھہ سے ابمار آبادی وہان کا
کیا اور ظاہر رکھا کہ اگر اسوقت آبادی کی بنا ڈالی جاوے تو یہہ جگہہ
تمھاری اولاد سے کبھی خالی نہو چنانچہ راو مدن سنگھہ نے اوسوقت رسم

تھونی نالگل جو شروع آبادی دیہہ مین ہوتی ہے ادا کی کہ ہنوز اولاد اوسکی
قابض ومتصرف ہے زمان شاہی مین چوہانون نے سرکشی اختیار کی تھی
بران وہ علاقہ سے خارج کئے گئے راور اجدی سے سرکار شاہی مین کچھہ
کارنمایان ہوا اوسکے جلدومین راور اجدی نے درخواست واگذاشت
علاقہ اپنے کی پیش رکھی بران حکم ہوا کہ بشرط مسلمان ہونے کے علاقہ
تمھارا تمکو مل سکتا ہے تب راوچاند برادرزادہ راور اجدی مسلمان ہوا
اور علاقہ منضبطہ اپنا واگذاشت پایا راوچاند منڈاور مین اور راور اجدی
نیمرانہ مین اور راجدی کا چھوٹا بھائی بڑود مین سکن گزین ہوئے اور
یہہ مقرر ہوا کہ نیمرانہ مین جب کوئی رئیس مسند نشین ریاست ہووے
اولاد راوچاند کی انگوٹھے پائون سے ٹیکا کرے چنانچہ راو گلاب خان
رئیس منڈاور تک یہہ رسم جاری رہی اب موقوف ہوگئی راوچاند کی
کی اولاد سے راو اکبر علیخان پسر راو گلاب خان مسند ریاست پر متمکن
سات سو روپیہ نانکار کے سرکار سے انکو مقرر ہے اور موضع ہاڈاہیڑی
کا نصہ خرچ مین اور موضع باود استمرار ہے اور سرکار سے اونکی تعظیم
بھی ہے پیشتر سامان وآبرو اپنی وہ سردارانہ رکھتے تھے اب بے انتظامی
کی وجھہ سے اسقدر جائداد پر حال اونکا ابتر ہے کہ محتاجون سے بدتر

آبادی قصبہ منڈاور کے غرب مین پہاڑی پر حویلی راو صاحب کی ہے
اور راو سکی برابر جنوب کی طرف بند ہے تین طرف بند کے پہاڑ ہے اور
ایک جانب پال پختہ عہد مہاراج سنگھ جیو سے بنے ہوئے اس بند
مین ایک مندر سراوگیون کا بہت پُرانا ہے لیکن ویران پڑا ہے اور جو
پہاڑ آبادی کی جانب دکھن ہے اوسکی چوٹی بہت بلند ہے اوسکو ماہ
روشن کہتے ہین اور قریب اوسکے ایک کھولہ ہے اوسمین سے پانی جھرتا
ہے اور چند درخت خودرو اوگے ہوئے ایک فقیر کا تکیہ بنا ہے مگر کوئی
اوسمین سکونت نہین رکھتا ہے اور قریب آبادی ایک تکیہ رسول شاہیون
کا ہے وہ جگہ پرفضا ہے نزدیک اوسکے ایک باوڑی پختہ ہے عہد
راو فیروز مین بیدھا مہاجن نے مفلسی مین خزانہ پاکر اوسکو بنایا تھا اور
باوڑی کے نزدیک باغچہ راو جیو کا ہے وہم درگاہ رنگ راجو شاہ صاحب
اور ایک باغ بڑا قصبہ سے باہر سمت مشرق واقع ہے پانی قصبہ منڈاور
کا بہت شیرین ہے اور مٹکہ گلی یہان اچھے بنتے ہین وقت گرمی کے
پانی کے وہ جھرتے رہتے ہین اس وجہ سے پانی اونمین بہت ٹھنڈا ہوجاتا ہے
مگر گرما مین اونکی بہار ہے زمیندار قصبہ کے چوہان مسلمان ہین سات گھر
اور ایک سو اللے آدمی اس قصبہ مین ہین پرگنہ جید ولی وکرنیکوٹ و دربار پور

مع چھہ گانؤن پرگنہ مانڈھن کے شامل علاقہ منڈاورین اور اس تحصیل مین
مامے گانؤن ہین منجملہ اونکے مامے م خالصہ کے اور للوے گانؤن
جاگیر کے اور للوم معافی کے قصبہ جیدولی منڈاور سے آٹھہ میل سرراہ
الور ہے اور قصبہ کرنیکوٹ بفاصلہ آٹھہ میل طرف مغرب کے لب ندی
صاجی واقع کرنیکوٹ مین قلعہ خام آبادی سے بفاصلہ نصف میل
ہے اور کنارہ ندی صاجی کے روندہ سرکاری ہے موضع کرواری
پرگنہ منڈاورین پٹی چھت وٹوڈہ کی کان ہے تمام علاقہ منڈاورین
مامے آدمی ہین اور مدرسہ جات اس تحصیل مین حسب ذیل منڈاور خاص
پھل قصبہ کرنیکوٹ قصبہ جیدولی مین پور بھانوت مانکہ جوناسچہ
زمین اس علاقہ کی مٹیار ہے پیداوار اچھی ہوتی ہے اجناس فصلخریف
کی پیداوار زیادہ ہے اور حدود اربع یہہ ہین کہ مشرق مین
پرگنہ کشنگڑہ اور غرب مین علاقہ نیمرانہ وبھروڑ شمال مین علاقہ بانسور
وکوٹقاسم وجنوب مین پرگنہ پالسور +
کشنگڑہ - یہہ قصبہ الور سے لگے میل طرف شمال کے ہے شہرپناہ
قصبہ کی خام ہے اوسکے تین دروازہ ہین اور قلعہ پختہ آبادی کے
اندر ہے اور ایک دروازہ شہرپناہ قلعہ کا طرف باس کے ہے

دوسرا جانب بمبوہرہ کے تیسرا دروازہ طرف نجارہ اور یہہ قلعہ
جاٹونکا بنایا ہوا ہے شہر پناہ کے باہر بھی آبادی ہے موضع کرپالنگر
جسکو باس کہتے ہین اس قصبہ سے طرف جنوب کی بفاصلہ ایک میل ہے
وہان آبادی بہت ہے اور بازار نہایت اچھا مکانات پختہ ہین اور مہاجنان
آسودہ حال خاص قصبہ کشنگڑہ مین پانصد ویک گھر اور ۱۱۰۰ آدمی
علاقہ تحصیل کشنگڑہ مین جو دیگر پرگنات شامل تفصیل اوسکی یہہ ہے
بمبوہرہ فتح آباد پور ہرسولی اسمعیل پور باگھوڑہ قصبہ فتح آباد مین
برتن مٹی کے اچھے بنائے جاتے ہین اور ہرسولی وگھاسولی مین
چوکیات پولیس مقرر گھاسولی مین میلہ صاحب جی کا بماہ بھادون اور
قریب موضع پالپور کے جیٹھہ سُدی دوج کو میلہ بی بی رانی کا ہوتا
ہے ۱۱۱ گانو متعلق اس تحصیل کے ہین اونمین سے ۱۱۱ مالگزم خالصہ
کے ہین اور نو موضع جاگیر کے اور پانچ موضع معافی کے زمینداری
میوان کی زیادہ ہے زمین اس علاقہ کی دومٹ و مٹیار ہے پیداوار
کامل ہوتی ہے تمامی علاقہ کشنگڑہ مین ۱۱۱ آدمی شمار ہوئے
ہین مدرسہ جات حسب ذیل ہین کشنگڑہ خاص باس فتح آباد نانگل
سالیا کا پور بمبوہرہ ہرسولی اسمعیل پور اور اس علاقہ کی حد شرقی

پرگنہ فیروزپور جھرو تحصیل تجارہ سے اور حد غربی پرگنہ منڈاور سے
اور حد شمالی علاقہ کوٹقاسم راج جے پور سے اور حد جنوبی پرگنہ الور
ورام گڑہ سے ملحق ہے ٭

پوشیدہ نرہے کہ دوازدہ تحصیل کے ایکہزار سات سو تینتالیس موضع
ہین چودہ سو انیس موضع خالصہ کے اور دو سو چوالیس موضع جاگیر
اور اسّی موضع معافی کے اور اٹھارہ لاکھ ساٹھ ہزار تین سو اکیانوے
روپیہ کی جمع سالانہ اور سات لاکھ اٹھتر ہزار پانسو چھانوے آدمی سکونت پذیر ٭

سپاس خدا

اگر ہر موے زبان ہو اور عمر نوح حاصل تو بھی شکر احسان خداوند
کریم کا ادا نہین ہوسکتا ظاہر ہے کہ آدمی مٹی کا پتلا حس رکھتا ہے
نہ حرکت گویائی اور بینائی اور توانائی اس مشت خاک کو اوسکی قدرت
کاملہ سے ہے پس انسان ضعیف البنیان کو یارا نہین کہ بغیر امداد باری دم
مار سکے مین کہان اور مجال سخن کہان نہ جوہر قابلیت ہے نہ فصاحت
و بلاغت یہہ اوسی کی عنایت ہے کہ تالیف اس نسخہ کی زبان بیان کو
طلاقت اور دست ترقیم کو طاقت بخشے جسقدر شکریہ اوسکا کرون
تھوڑا ہے اور جہان تک سر بسجدہ ہون روا الٰہی جس طرح اس

کتاب کو حسن انجام و اختتام سے تو نے زینت دی ہے ایسی طرح اپنی
رحمت عمیم سے شرف قبولیت عطا کر کہ مقبول طبع خاص و عام اور
پسندیدہ جمہور انام ہو آمین ٭

ملتمس

ہر چند خذف ریزۂ ناہموار بیان و گفتار اس ہیچمدان کے قابل اسکے
نہین کہ ساتھ جوہر کلام جوہریان سخن کے ہمسلک ہو کر بہاے بیش اقتدار
کو پہنچین لیکن دور نہین کہ صرافان نقود گوہر معانی اور جوہر شناسان
جواہر نکتہ دانی اپنی علو ہمتی اور بلند فطرتی سے کرم کریمانہ فرما کر نظر انداز
نفرما وین یہہ ذرۂ بیمقدار تالیف اس کتاب مین دعوی زبان آوری اور
شیوا زبانی نہین رکھتا ہے جیسا کچھ رطب و یابس زبان قلم پر آیا
سپرد سپرد اور صاف صاف لکھا گیا عبارت آرائی سے بہرہ نہ تھا کہ طرف
اوسکے میل کرتا اور تحریر اس نسخہ مین اکثر بیماری عاید حال مؤلف رہے
اور کار متعلقہ نے بھی فرصت ندی اس سے شہباز فکر کو طاقت پرواز
بھی نہ ہوئی نکتہ چینون کو عیب جوئی کی عادت جبلی ہے وہ اوس سے
کب چوکتے ہین ٭ ؎ خوے بد در طبیعتی کہ نشست
نرود جز بوقت مرگ از دست ٭

پر اسقدر مہربانی ضرور ہے کہ جاے حرف اصلاح سے ممنون فرماوین
زبان طعن دراز نکریں کہ آدمی سہو خطا سے مرکب ہے ٭

تاریخ طبع زاد مؤلف

چون بپایان شد این نگارستان
بھر تاریخ سال تالیفش

باقلم کارئے سواد و بیض
ہاتف غیب گفت گلشن فیض

سنہ ۱۲۹۰ ہجری

دیگر

نگارستان چین کو کر دیا دنگ
پے تاریخ ہاتف کی صدا ہے

دیکھائے اس گلستان نے چو نیرنگ
مرقع ہنر منقوش ارژنگ

سنہ ۱۲۹۰ ہجری

تمام شد

کتبہ محمد مولی بخش بدیع رقم
غفر ذنوبہ


کتب خانہ
کلیہ جامعہ عثمانیہ